سررشتہ بندوبست کے مرتبہ ذیلی یعنے تعلقات وغیرہ کے نقشہ جات جن اغراض کے لئے مستعمل ہوتے ہیں بدستور استعمال ہوسکیں گے جہاں قصبہ واری تعلقہ داری ضلع داری نقشہ جات بندوبست اور ڈویژن کے موقع پر ترتیب دئے جاتے ہیں فقط

گشتی محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۱۹ شہریور ۱۳۳۵ف

نشان (۱۹) — نشانل (۱۶۵/۳) صیغہ کلیات ۱۳۲۹ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس — مقطعہ

منجانب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس } واپسی رقم اتلاف مواہیر و چپراس ناکارہ وکہنہ
بخدمت جمیع عہدہ داران سرکار عالی } بہ سررشتہ جات متعلقہ۔

قبل ازیں ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا نشان ۸۸۳/۸۸۴ مورخہ ۱۶ شہریور ۱۳۲۹ف یہ طے کیا گیا تھا کہ دفاتر سرکاری سے جو مواہیر و چپراس کہنہ و ناکارہ بغرض گداخت دفتر نظامت دار الضرب روانہ ہوں چونکہ اس کی دھات کی قیمت کا سررشتہ جات متعلق کے نام جمع کیا جانا طول عمل ہے لہذا گداختہ دھات کی قیمت کو صدر مد متفرق میں جمع کرلیا جایا کرے۔

چونکہ بلحاظ تواعد سہیل بندی مندرجہ گشتیات دفتر ہذا نشان (۴) ۱۳۲۳ف و نشان (۱) ۱۳۲۴ف گداختہ دھات کی قیمت کا صدر مد متفرق میں جمع کیا جانا سررشتہ جات متعلقہ کی آمدنی پر مضر اثر مرتب کرتا ہے لہذا بہ تنسیخ احکام مندرجہ مراسلہ دفتر ہذا نشان (۸۸۳/۸۸۴) آئندہ کیلئے حکم دیا جاتا ہے کہ ایسی صورت میں گداختہ دھات کی قیمت سررشتہ جات متعلق کے حق میں جمع ہوا کرے فقط

خزانہ

اعلان

نشان (۱۰) واقع ۴۰ بہمن سنہ ۱۳۳۵ف

بلحاظ ان اختیارات کے جو تحت دفعہ (۱۹) ضمن (۲) الف قانون سکہ قرطاس نشان (۱۰) بتاریخ ۱۳۲۶ف حاصل ہیں حسب الحکم سرکار عالی تنسیخ اعلان نشان (۱۰) مورخہ ۸ فروردا سنہ ۱۳۲۸ف بذریعہ ہذا اعلان کیا جاتا ہے کہ سرکار عالی کے کرنسی نوٹ آیندہ سے (الف سے) (ہا) (ہ) (صہ) اور (مہ) سکہ عثمانیہ کے ہونگے فقط

گشتی محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس واقع ۲۳ اسفندار سنہ ۱۳۳۵ف

نشان (۱۱) صیغہ کلیات نشانل (۳/۱۰) صیغہ کلیات سنہ ۱۳۳۵ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدرالمہام بہادر فینانس

منجانب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس

مقدمہ

بخدمت جمیع عہدہ داران سرکار عالی } انتظام حفاظت کلید ہائے خزائن وچک بک وغیرہ

ف ۱ تحفظ کلید ہائے خزائن کے متعلق یا (صفیکہ ذریعہ گشتی دفتر صدر محاسبی نشان (۴) مورخہ ۱۹ دے سنہ ۱۳۱۶ف بصراحت ہدایت دیجا چکی ہے کہ خزائن کی صناد یق کی دو کنجیاں رہیں جن میں سے ایک کونجی افسر متعلقہ اور دوسری اُس کے ماتحت کے تحویل میں رکھی جانی چاہئے جس نے سب سے زیادہ رقم کی ضمانت داخل کی ہو لیکن ایک سررشتہ کی کارروائی کے ضمن میں معلوم ہوا ہے کہ اس گشتی کے مندرجہ ہدایات کے خلاف کونجیاں دفتر کے میز کے خانہ میں رکھی گئی تھیں جس کی وجہ سے بذریعہ سرقہ نقصان سرکاری ہوا۔

ف ۲ اسی طرح چک بک جن کے ذریعہ سے رقوم خزائن سے حاصل کی جاتی ہیں اُنکی نگہداشت کیلئے بہ زمانہ کنٹرولر جنرل احکام جاری تھے جن کے لحاظ سے چک بک افسر اجرا کنندہ چک کے ذاتی تحویل میں رکھا جانا لازمی تھا یا یہ کہ دفتری تجوری میں حسب ضرورالعدد محفوظ رکھنا لازمی تھا تاکہ وہ ہرکس وناکس کے ہاتھوں نہ جائے لیکن اسطرح کی حفاظت نہ کی جانے کی وجہ سے ایک سررشتہ میں جعلی دستخطوں سے چک خزانہ پر پیش اور جاری ہوگیا۔

ف ۳ نیز جو برامیسری نوٹ بطور دھروٹ یا ضمانت داخل ہوتے ہیں اُن کے لئے سابق میں ہدایات تھے کہ وہ نہایت احتیاط سے محفوظ رکھے جائیں لیکن اس کے متعلق بھی احتیاط

عمل میں نہ آنے کی وجہ سے ایک سررشتہ میں کثیر تعداد کے پرامیسری نوٹس تصرف میں آچکے ہیں نظر بریں واقعات بذریعہ ہذا جملہ ایسے عہدہ داران سرکار عالی جن کا تعلق خزاین سرکاری یا دفتری سے ہے یا جن کو باجرائی چک خزانہ سے رقوم برآمد کرنیکا اختیار ہے یا جن کے پاس پرامیسری نوٹس وغیرہ بطور دھڑوت یا ضمانت داخل ہوتے ہیں اُن کو چاہئے کہ ہدایات ذیل کو ملحوظ اور اُن کے بموجب عمل پیرائی کریں۔

ف ۴ (الف)

حفاظت نقدی

(۱) نقد رقم ایسی تجوری یا صندوق میں محفوظ و مقفل رہنی چاہئے جس کے دو کونجیاں ہوں ایک کونجی اُس گزیٹڈ افسر کے ذاتی تحویل میں رہیگی جس سے نقدی کا کام متعلق ہو اور دوسری کونجی عملہ میں سے ایسے شخص کے پاس رہیگی جس نے سب سے زیادہ ضمانت داخل کی ہو۔

(۲) یہ لازمی ہوگا کہ جس وقت یہ صندوق کھولا جائے گزیٹڈ افسر اور شخص ضمانت دار ہر دو حاضر رہیں۔

ف ۵ (ب)

حفاظت چک بک

(۱) چک بک جہاں تک ممکن ہو دفتر کے تجوری یا صندوق میں رکھا جائے جو مسلح محافظ مقرر ہیگا محفوظ رہیگا۔ لیکن اگر اس میں سہولت ممکن نہ ہو تو چک بک گزیٹڈ افسر کے ذاتی تحویل میں رہیگا جس کے دستخط سے چک اجرا ہوتے ہیں۔

(۲) ایسے گزیٹڈ افسر کا فرض ہوگا کہ بوقت اجرائی چک کونٹر فائل کے پشت پر اپنی دستخط کرے اور قبل اجرائی دوسرے چک کے اس امر کا اطمینان کرلے کہ کوئی دوسرا چک گم تو نہیں ہوا ہے۔

(۳) جب پاس بک بعد تکمیل وقتاً فوقتاً خزانہ سے وصول ہو تو ایسے افسر پر لازمی ہے کہ پاس بک کا مقابلہ چک بک کے کونٹر فائل سے کرتا رہے تاکہ رقوم چک اجرا شدہ و رقوم ادائی مندرجہ پاس بک کی تطبیق ہو اور یہ بھی معلوم ہو کہ کوئی جعلی چک جاری نہیں ہوا ہے یا بعد اجرائی اُس میں تحریف نہیں ہوئی۔

ف ۶ (ج) طریقہ حفاظت پرامیسری نوٹس

(۱) پرامیسری نوٹس جو بطور ضمانت یا دھروت داخل ہوں اُن پر یہ ضروری طور پر لکھا جائے کہ وہ سرکار کے نام منتقل ہوئے ہیں بلا شرح منتقلی کوئی پرامیسری نوٹ ضمانت یا دھروت میں قبول نہیں کی جاسکتی ہے۔

(۲) ایسے پرامیسری نوٹس کی کھتاؤنی ایک رجسٹر میں ہونی چاہئے جسکا نمونہ حسب ذیل ہوگا۔

۱	۲	۳	۴
نشان سلسلہ	تاریخ	نام داخل کنندہ	تعداد رقوم مقررضہ

۵	۶	۷	۸	۹
قسم قرضہ	نمبر	دستخط افسر	تاریخ واپسی	دستخط گیرندہ

(۳) ایسے پرامیسری نوٹس دفتر کے تجوری میں اُسی طرح محفوظ ہونی چاہئے جس طرح نقد رقم ہوتی ہے۔

(۴) اگر دفتر میں تجوری وغیرہ نہ ہو تو ایسے نوٹس قریب ترین خزانہ سرکاری میں داخل و محفوظ ہونی چاہئے خزانہ سرکاری جس میں جہاں وہ داخل ہوں اُس کی رسید مندرجہ فقرہ (۲) کے مطابق دیگا۔

(۵) قبل واپسی گیرندہ کی دستخط رجسٹر مذکور میں لی جائیگی۔

ف۔ اسی طرح علاوہ پرامیسری نوٹس وغیرہ کوئی اور قیمتی اشیا کسی دفتر میں بطور دھروت یا ضمانت داخل ہوں تو وہ بھی اسیطرح ڈبل لاک کے تجوری میں محفوظ رکھی جانی چاہئے جسطرح کہ حسب مذکور الصدر پرامیسری نوٹس ہوں گے صرف اسقدر فرق ہوگا کہ پرامیسری نوٹس بدرج شرح منتقل ہونگی اور قیمتی اشیاء کی فہرست علیحدہ رہیگی۔

ف۔ اگر حسب ہدایات مذکور الصدر تعمیل نہ ہونیکی صورت میں سرکاری کوئی نقصان عاید ہو تو اُسکی ذمہ داری اُس سرکاری افسر کے ذات پر عاید ہوگی جس نے تعمیل احکام مذکور کی طرف توجہ نہ کی ہو فقط

اعلان سررشتہ فینانس مورخہ ۱۵ فروری ۱۹۳۵ء

نشان (۱۳)

ممالک محروسہ سرکار عالی کے جن اضلاع میں سکہ عثمانیہ کو معقول شرح بٹاون پر حاصل کرنے کی سہولتوں کی عدم موجودگی کے باعث سکہ مذکور کا رواج محدود ہے وہاں اسکو مقبول عام بنانیکے مدنظر ذریعہ ہذا بہ تنسیخ گشتی نشان (۷) مورخہ ۱۲ اسفندار ۱۳۲۸ف پبلک کو اطلاع دیجاتی ہے کہ سکہ کلدار کے معاوضہ میں خزائن سرکار عالی سے سکہ عثمانیہ کے دئے جانیکی نسبت جو قید تھی کہ ایسا تبادلہ مطالبات سرکاری کی حد تک محدود ہوگا وہ بروئے اقتدارات محصلہ تحت دفعہ (۲۱) ضمن (۵) قانون سکہ جات سرکار عالی نشان (۳) باتبہ ۱۳۲۱ف اٹھالی جاتی ہے اور تاحکم ثانی جملہ تبادلہ جات کے واسطے نرخ منظورہ ایک سو کلدار معادل ایکسو سکہ عثمانیہ کے عوض ایکسو کلدار معادل ایکسو چودہ روپیہ سکہ عثمانیہ مقرر کیا جاتا ہے۔ عامہ رعایا میں سے اگر کسی کی جانب سے سکہ کلدار کو سکہ عثمانیہ سے تبدیل کئے جانیکی درخواست پیش ہو اور رقم کی مقدار دو ہزار روپیہ کلدار سے متجاوز نہو تو ایسی صورت میں حتی الوسع جملہ مطالبات کی تکمیل کیجائیگی لیکن اگر کسی کی جانب سے دو ہزار کلدار سے زیادہ رقم کے تبادلہ کی درخواست پیش ہو تو ایسی صورت میں ایک ہفتہ قبل اطلاع دیجانی ضروری ہوگی۔ تاکہ اسکی تکمیل کیلئے دوسرے خزائن اضلاع یا مستقر سے عثمانیہ سکون کی روانگی کے انتظامات عمل میں آسکیں واضح ہو کہ اس کے بالعکس یعنے سکہ عثمانیہ کے معاوضہ میں سکہ کلدار کے اجرا کئے جانے کی کسی صورت میں بھی اجازت نہوگی فقط

موازنہ

گشتی محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۱۶ آبان سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۲۲) مجاریہ صیغہ کلیات — نشانمثل (۴۷) کلیات سنہ ۱۳۳۲ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس
منجانب نواب نصیر یار جنگ بہادر معتمد فینانس | سبیل بندی گزشتہ کے آخری بچت کا نصف حصہ
بخدمت جمیع عہدہ داران سرکار عالی | بطور بچت محفوظ متصور ہوگا۔

مقدمہ

گشتی دفتر ہذا نشان (۱) بابتہ سنہ ۱۳۳۳ف کے فقرہ (۳) میں یہ صراحت کی گئی تھی کہ اُن رقوم کی اجرائی کے متعلق جس کے گنجائش کی تبدیلی سررشتہ جات کی اقداری ہے صدر محاسبی سے تا بحد بچت اجرائی کرکے سررشتہ کو مابقی بچت سنہ گزشتہ کی اطلاع دیجایا کریگی۔

ایک کارروائی کے ضمن میں معلوم ہوا کہ سررشتہ متعلقہ نے دفتر صدر محاسبی سے ہر ایک مد کی بچت کو تصدیق کا مطالبہ کیا اور صدر محاسبی میں ہر ایک مد کے بچت کی چونکہ ترتیب وتبویب علیحدہ نہیں ہوتی لہذا اجملہ بچت کی مقدار لکھدی گئی اور سررشتہ متعلقہ نے بیابندی گشتی نشان (۱) اس مسلہ کو دفتر ہذا پر رجوع کیا۔

واضح رہے کہ سہ سالہ سبیل بندی سابق میں ابتدائے سنہ ۱۳۳۲ف لغایتہ سنہ ۱۳۳۴ف کے اختتام جو نصف حصہ بچت بحق سررشتہ برآمد ہوتی ہے اُس کی تجزی تنخواہ وصادر وبھتہ وغیرہ میں اسوجہ سے ناممکن ہے کہ ایک مد کے زائد خرچ کی سبیل دوسرے مد سے سہ سالہ سابق میں ہوتی رہی اور اسطرح سے ایک مد کا زائد خرچ دوسرے ابواب کی بچت میں مجرا جاکر خالص بچت نمودار ہوئی جس کا نصف حصہ بحق سرکار اور تتمہ نصف بحق سررشتہ جمع رہا ہے اس لئے سبیل بندی گزشتہ کے آخر کی نصف حصہ بچت بطور بچت زر رو (محفوظ) متصور ہونی چاہئے اور اس لحاظ سے تخفہ جات کی ترتیب وتصدیق صدر محاسبی سے سررشتہ جات کے مطالبہ پر اجمالی حیثیت سے کیجاسکتی ہے کیونکہ نصف حصہ بچت آخر سنہ ۱۳۳۴ف مشخص ہونیکے بعد سنین ماضیہ سنہ ۱۳۳۲ و سنہ ۱۳۳۳ف کی تفصیل یا تجزی کی کوئی ضرورت نہیں رہتی۔ حسبہ عمل فرمایا جاسکتا ہے فقط

ہدایات حساب

اعلان سررشتہ فینانس سرکار عالی — مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۵ف

نشان (۷)

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر سرکار عالی

بربنائے اقتدارات جو بردئے دفعہ (۲۱) ضمن (۵) قانون سکہ جات حیدرآباد نشان بابتہ ۱۳۳۱ف حاصل ہیں ذریعہ ہذا جمیع خاص و عام کو آگاہ کیا جاتا ہے کہ بہ تنسیخ اعلان واقع ۱۹ اسفندار ۱۳۲۸ف مطبوعہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی مجریہ ۲۴ اسفندار ۱۳۲۸ف سرکار بہ صیغہ فینانس یہ قرار دیتی ہے کہ تاحکم ثانی۔

(۱) حیدرآباد میں سرکار عظمت مدار کے کرنسی نوٹ اور بمبئی پر معتبر درشنی ہنڈیون کے معاوضہ میں سکہ عثمانیہ بحساب (مالوجہ) معادل یکصد روپیہ سکہ کلدار ادا کئے جائینگے۔

(۲) سکہ عثمانیہ حیدرآباد میں ادا ہونے پر بمبئی پر درشنی ہنڈیان بحساب (مالوجہ) سکہ عثمانیہ معادل یکصد روپیہ سکہ کلدار جاری کی جائینگی فقط

اعلان فکہ سرکار عالی صیغہ فینانس — مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۵ف

نشان (۸)

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر

مقدمہ۔ عطائے اقتدار بہ نائب ناظم آبکاری نسبت انتقال پرامیسری نوٹ

بربنائے اقتدارات جوازروئے دفعہ (۹) ضمن (۱) قانون کفالت نامجات سرکاری نشان (۲) بابتہ ۱۳۳۰ف حاصل ہیں سرکار بہ صیغہ فینانس حکم دیتی ہیں کہ اعلان نشان (۷) مورخہ ۳۱ اردی بہشت ۱۳۳۳ف کے آخر میں الفاظ مندرجہ ذیل کا اضافہ کیا جائے۔

"۱۳۔ نائب ناظم صاحب سررشتہ آبکاری سرکار عالی" فقط

اعلان محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس واقع ۵ شہریور ۱۳۳۵ش

نشان (۱۸)

مقدمہ

تحریک دفتر چیف انجنیر ومعتمد تعمیرات عامہ نسبت طریقہ منتقلی
پرامیسری نوٹس سرکار عالی منتقل شدہ بعہدہ نظامت ترقیات عامہ

بربناء اقتدارات جوازروئے دفعہ (۶) قانون کفالت نامجات سرکار عالی مت باتبہ ۱۳۳۰ش سرکار عالی کو حاصل ہیں اور جس کے تحت اعلان مت مورخہ ۳۰ ہ اردی بہشت ۱۳۳۳ش مجریہ دفتر فینانس کی اشاعت جریدہ نشان (۲۷) مطبوعہ ۷ تیر ۱۳۳۳ش میں ہوئی ہے اس کے عہدہ ہائے نمبر (۱) میں عہدہ کمشنر ترقیات عامہ بھی شامل تھا جو حسب تحریک دفتر چیف انجنیر ومعتمد تعمیرات عامہ باقی نہ رہا اور یہ دفتر معتمد چیف انجنیر صاحب تعمیرات عامہ میں ضم ہوجانیسے سرکار بہ صیغہ فینانس حکم دیتے ہیں کہ بجائے کمشنر ترقیات عامہ جناب چیف انجنیر ومعتمد صاحب تعمیرات عامہ منتقل شدہ برامیسری نوٹس سرکار عالی بعہدہ کمشنر ترقیات عامہ پر دستخط فرمانیکے مجاز متصور ہوں فقط

ہدایات عام

گشتی محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۳۰ ربہمن ۱۳۳۵ف
نشان (۹) — نشانمل ۱۳۱/۳ صیغہ کلیات باتبہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

منجانب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس
بخدمت جناب معتمد صاحبان نظام، سررشتہ جات سرکار عالی } تعین اوقات دفاتر و مدارس بوجہ اشاعت پلیگ

بصدور فرمان واجب الاذعان مصدرہ ۱۴ ر جمادی الثانی ۱۳۴۴ھ نگارش ہے کہ بارگاہ جہاں پناہی سے بفور مراحم خسروانہ اس کی اجازت مرحمت ہوئی ہے کہ پلیگ کی وجہ سے بلدہ کے جملہ دفاتر و مدارس کا وقت تا آغاز موسم گرما (۱۰ تا ۴) مقرر کیا جائے پس حسب عزت تعمیل حاصل فرمائی جائے فقط

اعلان محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۴ ر فروردی ۱۳۳۵ف
نشان (۱۵)

بتابعت فرمان واجب الاذعان
مترشدہ ۳۰ ر رجب المرجب ۱۳۴۴ھ دفتر مال کے متعلقہ صیغہ جات مناصب و خطابات و مواہیر وغیرہ بھی دفتر دیوانی سررشتہ فینانس میں منتقل کرلئے گئے۔ ان صیغہ جات کے متعلق آئندہ دفتر دیوانی و مال سرکار عالی سررشتہ فینانس سرکار عالی سے کارروائی کی جائے فقط

فہرست نوعیت وار متعلقہ مراسلات مجریہ محکمۂ سرکار عالی صیغہ فینانس بابت سنہ ۱۳۳۵ف

نمبر شمار	نشان مجاریہ بصراحت تاریخ	خلاصہ مقدمہ	نمبر صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
		اقتدارات		
۱	۴۷۴/۴۷۵ مورخہ ۴ امرداد ۱۳۳۵ف	اقتدارات صدر نظامت کو توالی اضلاع دربارہ منظوری برآوردات تعمیر و ترمیم خفیف تا بحد صہ ۱ میں ترمیم کی ضرورت نہیں ہے کہ دیگر نظامات سرشتہ جات کے مقابلہ خلاف مساوات و مصلحت ہے۔	۹	(اخراجات صادر)
		قواعد ملازمت و ایصال ماوجب		
۲	۵۴۲/۵۴۳ ،، ۲ امر اسفندار	کسی ایسے وکالت پیشہ شخص کا جو ابتداً منصفی پر مامور ہوا ہے نظامت ضلع پر تقرر ہوا ہو تو اُسے حقیقی زمانہ وکالت تا بحد شش سال گریڈ نظامت کیلئے شمار کرنیکی اجازت دینی واجبی ہوگی۔	۱۱	
۳	۱۱۱۴/۱۱۱۵ ۸ امرداد	عطائے وظیفہ بہ پسماندگان ملازمین جمعیت نظام بموجب منصوبہ		(وظیفہ)
		نذری باغ و عدن باغ۔	۱۱	
۴	۱۲۲۴/۱۲۲۵ ،، ۲۴ امر شہریور	منظوری ملازمت دوجائے عباس خان ولد نواز خان سلحدار ملازم جمعیت بقاعدہ۔	۱۲	
۵	۸۰۷/۸۰۸ ،، ۱۹ امر مہر	تخفیف مصارف۔	۱۴	
		رخصت		
۶	۳۵۳ ،، ۹ امر اسفندار	تنسیخ رخصت بارہ یوم مس لولو بائی لیڈی کشنرہ جنتاکل		(اقتدارات)

		صدر محاسب صاحب بہ کارعالی۔	۱۵	
		وظیفہ		
۷	۳۲۲۸/۳۲۲۹ مورخہ ۲ مئی	عطائے وظائف عائلی بہ پسماندگان نان کمیشنڈ ملازمین فوج	۱۶	
۸	۴۲۹ ؍ ۱۱ تیر	عدم وضعات رقم کرایہ مکان متعلقہ ارائش بلدہ از وظیفہ خواران حسن خدمت۔	۱۷	
		قواعد سفر خرچ		
۹	۵۴۳/۵۴۴ ؍ ۲۲ شہریور	عدم ضرورت تعین حدود ارضی ناظران خطوط رسانان پیہ خانجات بلدہ۔	۱۹	
		قواعد نسبت صادر ہمہ اقسام		
۱۰	۱۳۸۹/۱۳۹۰ ؍ ۲۳ امرداد	منظوری جزئیات برائے جملہ مدارس تحتانیہ و کلکٹنڈ از مطبع خانگی۔	۲۱	
۱۱	۵۹۹ ؍ ۲۵ مہر	اجرائی بلز مطابع خانگی حسب نرخہائے مجوزہ متعدی عدالت بسال ۱۳۲۹ف تا تصفیہ نرخہائے مجوزہ سرگیدیشن	۲۱	
		معاشہائے نقدی از قسم رسوم منصب یومیہ وغیرہ		
۱۲	۱۰۹۴ ؍ ۲۹ تیر	مقدمات انعامی کی تحقیقات کی تکمیل ڈیویژن و تعمیلات سے کی جاسکتی ہے۔	۲۳	(ہدایات عام)
		ہدایات حساب		
۱۳	۱۲۲۵/۱۲۲۶ ؍ ۱۳ آبان	عدم ضرورت افتتاح کھاتہ انامتی خزائن تحصیلات و قرارداد طریقہ اجرائی رقوم باغراض سررشتہ انجمن ہائے اتحادی از صدر خزانہ ضلع۔	۲۵	(خزانہ)

ہدایات عام

۱۴	۵۰۱ مورخہ ۲۲ ماہ امداد	عدم وضعات رقوم کرایہ مکان متعلقہ آرائش منصبداران وظیفہ خواران وغیرہ۔	۲۰	(وظیفہ معاشہائے نقدی وغیرہ)
۱۵	۸۲۸ مورخہ ۲۱ فروری ۱۹۲۳ء	صداقتنامجات وراثت مصدقہ عدالت ہائے سرکار عالی کی موجودگی میں پرامیسری نوٹس قیمتی زائد از صد (پانچہزار) وارث کے حوالہ کی جاسکتی ہیں (موقوف منسوخ)	۸	(خزانہ)
۱۶	۳۳۳ ،، ۲۰ شہریور	عدم اجرائی اخراجات نقل مقام دارڈوز بلا منظوری سرکار۔	۳۰	(سفر خرچ)

فہرست مراسلات مجریہ محکمہ فینانس

بابتہ سنہ ۱۳۳۵ ف
بمطابق نشان سلسلہ

نمبر شمار سلسلہ	نمبر و تاریخ مجاریہ	تاریخ مجاریہ	خلاصہ مقدمہ	صفحات نشان شدہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
۱	۵۴۲/۵۴۳	۲ مرداسفندار	کسی ایسے وکالت پیشہ شخص کا جو ابتداً منصفی پر مامور ہوا ہے نظامت ضلع پر تقرر ہوا ہو اسے حقیقی زمانہ وکالت تا بحد شش سال گریڈ نظامت کے لئے شمار کرنے کی اجازت دینی واجبی ہوگی۔	۱۱	
۲	۳۵۳	۹ مر اسفندار	تسبیح رشصت بارہ یوم مس لو بائی لیڈی کشنہ۔	۱۵	
۳	۴۴۵/۴۴۶	۳ مر اردی بہشت	عطائے وظائف رعایتی بہ پسماندگان کمپنڈ ملازمین	۰	
۴	۴۴۰	۱۱ مر تیر	عدم دضعات رقوم کرایہ مکان متعلقہ آرائش بلدہ از وظیفہ خواران حسن خدمت۔	۱۷	
۵	۱۰۹۴	۲۹ مر تیر	مقدمات انعامی کے تحقیقات کی تکمیل ڈویژن و تحصیلات سے لی جاسکتی ہے۔	۲۶	
۶	۴۴۵/۴۴۶	۴ مر امرداد	اقتدار ناظر نظامت کو توالی ضلاع در بارہ منظوری برآوردات تعمیر و ترمیم خفیف تا بحد ہزار میں توسیع کی ضرورت نہیں ہے کہ دیگر نظار سررشتہ جات کے مقابلہ میں خلاف مساوات و مصلحت ہے۔	۹	
۷	۱۱۱۴/۱۱۱۵	۸ مر امرداد	عطائے وظیفہ بہ پسماندگان ملازمین جمعیت نظام محبوب متعینہ نذری باغ و عدن باغ۔	۱۱	
۸	۵۰۱	۲۲ مر "	عدم دضعات رقوم کرایہ مکان متعلقہ آرائش بلدہ از منصداران وظیفہ خواران وغیرہ۔	۲۴	
۹	۱۳۸۹/۱۳۹۰	۲۳ مر "	منظوری خریدی رجسٹرات برائے جملہ مدارس تحتانیہ و کلفنڈ از مطبع فلکی۔	۲۱	

۱۰	۸۲۸	۲۱ر فروری ۱۹۲۳ء	صدا قتضا مجات دراشت مصدقہ عدالت ہائے کار اعلیٰ کی موجودگی میں پرامیسری نوٹس ثمینی زائد از حصے وارث کے حوالہ کی جاسکتی ہیں۔ (موہ منسلکات)	۲۸	
۱۱	۷۳۳	۲۰ر شہریور	عدم اجرائی اخراجات نقل مقام وارڈز بلا منظوری سرکار	۳۱	
۱۲	۵۴۳/۵۴۴	۲۲ر ر	عدم ضرورت تعیین حدود اراضی ناظران خطوط ارسالان ٹیہ خانجات بلدہ۔	۱۹	
۱۳	۱۲۲۴/۱۲۲۵	۲۴ر شہریور	منظوری ملازمت دوجائے عباس خاں ولد نواز خاں سلحدار ملازم جمعیت بیقاعدہ۔	۱۲	
۱۴	۸۰۷/۸۰۸	۱۹ر مہر	تخفیف مصارف	۱۴	
۱۵	۵۹۹	۲۵ر مہر	اجرائی بلز مطابع خانگی حسب نرخہائے مجوزہ مقننہ عدالت بسال ۱۳۲۹ف تا تصفیہ نرخہائے مجوزہ مسٹر جلدیشن۔	۲۱	
۱۶	۱۲۳۵/۱۲۳۶	۱۳ر آبان	عدم ضرورت افتتاح کھاتہ امانتی بخزائن تحصیلات قرار داد طریقہ اجرائی رقوم باغراض سرکشتہ انجمن آتشزدگی از صدر خزانہ ضلع۔	۲۵	

اقتدارات

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۴ امرداد ۱۳۳۵ف

نشان ۲۴۷۵ صیغہ کلیات — شمول مثل ۱۴ کلیات ۱۳۳۵ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر — صدگابی ۲۳ ۱۳۳۵ف صیغہ ب، مال متفرق شاخ اضلاع

منجانب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس بخدمت معتمد صاحب سرکار عالی عدالت و کوتوالی } توسیع اقتدار صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع دربارہ منظوری برآوردات تعمیر و ترمیم خفیف

بذریعہ مراسلہ آنریبل نمبر ۱۰۴۷ صیغہ کوتوالی اضلاع واقع ۱۰ امرداد ۱۳۲۹ف کو توالی اضلاع کے اقتدارات منظوری برآوردات مرمت خفیف بجائے (حصار) کے (الف ہزار) تک توسیع کرنیکے احکام منظوری سر علی امام صاحب صدر اعظم وقت جاری کئے گئے تھے۔

چونکہ یہ اقتدارات بلا اخذ رائے سررشتہ فینانس دئے گئے تھے لہذا سررشتہ فینانس کے رائے کے مدنظر پیشگاہ صدارت عظمی سے جملہ نظماء سررشتہ جات کے اقتدارات کیا تھے اس مسئلہ پر غور کرنیکی منظوری صادر ہونے پر جملہ سررشتہ جات سے دریافت کیگئی اور معلوم ہوا کہ کسی ناظم سررشتہ کو مرمت خفیف کیلئے ایکہزار الف تک کا اقتدار حاصل نہیں ہے حتی کہ نظماء سررشتہ تعمیرات کو بھی اس خصوص میں (حصار) سے زیادہ کی برآورد کی منظوری کا اقتدار نہیں ہے لہذا بعد غور مکرر باتفاق رائے سررشتہ فینانس عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر ارشاد فرماتے ہیں کہ صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع کو (حصار) تک کا جو اقتدار حاصل ہے اس میں کسی توسیع کی ضرورت ہے اور نہ ایسی توسیع مناسب ہوسکتی ہے جو دیگر نظماء سررشتہ جات کے مقابلہ میں خلاف مساوات و مصلحت ہے پس احکام مندرجہ مراسلہ اندفتر ۱۰۴۷ منسوخ متصور ہوں۔ مثل آنریبل ۱۱۴۵ کو توالی اضلاع ۱۳۰۵ف واپس مرسل ہے۔

ع ثمنے بحوالہ مراسلہ ۳۳ واقع ۸ امرداد ۱۳۳۵ف مشمولہ مثل ۳۳ صیغہ ب ۱۳۲۹ف بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے فقط

قواعد ملازمت و ایصال ماوجب

مراسلہ دفتر معتمد سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲ر اسفندار ۱۳۳۵ف

۵۴۲ صیغہ عدالت

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس

منجانب ..... معتمد فینانس — شمولہ مثل کاتب (۱۳۳۳) عدالت ۱۳۳۳ف

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی — اجرائی گریڈ مولوی سعد الدین خانصاحب ناظم دوم فوجداری بلدہ

تعارف کارروائی کے لئے ملاحظہ مراسلہ دفتر معتمد فینانس نمبر ۱۳۳۴ف موسومہ معتمد صاحب مجلس عالیہ عدالت سرکار عالی بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ مقدمہ ہذا میں جو امر قابل تصفیہ ہے وہ یہ ہے کہ اگر کسی وکالت پیشہ شخص کا تقرر زمرہ منصفی میں کیا جائے تو کیا اسے نظامت میں اسکی خدمت پر ترقی پانے کے بعد حقیقی مدت وکالت تا بحد شش سال گریڈ نظامت میں اضافہ تنخواہ کے لئے شمار کرنے کا استحقاق ہوگا۔ سلریز کمیشن نے چونکہ وکالت پیشہ اشخاص کی خدمت منصفی پر مامور کی صورت میں تین سو (۳۰۰) تنخواہ پر مامور اور چھ سال تک زمانہ وکالت کے احتساب کی سفارش کی تھی (ملاحظہ ہوں ترمیمات باب حکومت برگزیٹیڈ رپورٹ) نیز زمانہ منصفی کے نظامت ضلع کے گریڈ میں احتساب کا تصفیہ کیا تھا (ملاحظہ ہو نمبر ۳۰ باب عدالت گزیٹیڈ رپورٹ) اسلئے جب کبھی کسی ایسے وکالت پیشہ شخص کا جو ابتداً منصفی پر مامور ہوا ہے نظامت ضلع پر تقرر ہوا ہو تو اوسے حقیقی زمانہ وکالت تا بحد شش سال گریڈ نظامت کے لئے شمار کرنے کی اجازت دینی واجبی ہوگی۔ لہذا بسبب اس ضمن میں مولوی سعد الدین صاحب کے معاملہ میں آپ کے دفتر سے جو اعتراض ہوا ہے وہ واپس لیا جائے اور بعد تنقیح ضابطہ عمل فرمایا جائے

۲ ثانی بخدمت جناب معتمد صاحب عدالت آنوالی سرکار عالی بجواب مراسلہ ۱۹۵۵ سورخہ ۱۹ر بہمن ۱۳۳۵ف مرسل نگارش ہے کہ حسب تصفیہ مجلس عالیہ عدالت منظوری دی گئی ہے فقط

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۸ر امرداد ۱۳۳۵ف

نشان ۱۱۱۴/۱۱۱۵ صیغہ فوج

مشمولہ مثل محکمہ فینانس ۳۴ فوج ۱۳۳۵ف
صدر محاسبی ۳۴ فوج

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر — مقدمہ

منجانب ..... معتمد فینانس } عطائے وظیفہ پسماندگان ملازمین جمعیت نظام محبوب

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی } متعینہ نذری باغ وعدن باغ۔

معتمد صاحب فوج کی تحریک سے واضح ہے کہ جمعیت نظام محبوب کے بعض منتخب جوان جو کہ پیشی حضرت اقدس واعلیٰ میں نذری باغ وعدن باغ پر متعین ہیں انکی اولاد کی پرورش وغیرہ کے متعلق بارگاہ خسروی سے حسب ذیل فرمان مبارک شرف صدور پایا ہے کہ۔

"یہہ معلوم ہوا ہے کہ جو جوان فوت ہوگئے ہیں ان کی اولاد بیکسی و بے بسی کی حالت میں ہے ایسی صورت میں خاص طور پر یہہ انتظام ہونا چاہیئے کہ ہر ایک جوان کی جو ماہوار تھی اسکا نصف حصہ حذف ہوکر نصف بغرض پرورش متعلقین دیا جائے جبتک یہہ اولاد آئندہ اس قابل نہو کہ متوفی کی جائداد پر اسکا تقرر ہو سکے یہہ قاعدہ تمام رجمنٹ سے متعلق نہوگا بلکہ جو آئندہ خدمت منتخب جوانان ادا کررہے ہیں اسکے لحاظ سے یہہ خاص رعایت اونکی اولاد کیساتھ جائز رکھی جائیگی۔

باتباع فرمان اقدس آئندہ یہ عمل کیا جائیگا کہ جمعیت نظام محبوب کے منتخب جوانان متوفی کی جائداد کی نصف تنخواہ اُن کے متعلقین کی پرورشی کیلئے دیجائیگی اور بقیہ نصف تنخواہ بجیت سرکار کی جائیگی تا آنکہ متوفی جوانان کی اولاد کو قابل ملازمت ہونے پر متوفی کی جائداد پر مامور نہ کرلیا جائے اسطرح گویا پرورش متعلقین کیلئے جو نصف ماہوار دیجائیگی وہ متوفی کے اولاد کے مامور کرئے جانے پر مسدود ہو جائیگی اور بشرکت نصف تنخواہ بچیت شدہ بحق سرکار متوفی کی سالم تنخواہ اسکی اولاد پر بعد اموری جاری کردیجائیگی۔

ف مثنےٰ بجواب مراسلہ ۳۱۲۱ مورخہ ۲۷ تیر ۱۳۳۵ف بواپسی مثل وگذارش بخدمت جناب معتمد صاحب فوج سرکار عالی مرسل ونگارش ہے کہ براہ کرم وصول منسلکات سے ایما فرمایا جائے فقط

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۴ شہریور ۱۳۳۵ف

نشان ۱۲۲۴/۱۳۳۵ صیغہ فوج — مشمولہ مثل فینانس ۲۱/۲ فوج ۱۳۳۵ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر سرکار عالی — صدر محاسبی ۵۹/۰ بیتقاعدہ شاخ فوج ۱۳۳۵ف

منجانب ..... معتمد فینانس — مقدمہ

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی — منظوری ملازمت دوجائے عباس خاں ولد نواز خاں

بمقدمہ مندرجہ صدر نگارش ہے کہ (عباس خاں ولد نواز خاں سلحدار) کو باخذ کنٹربیوشن ملازمت دوجائے کی اجازت بہ پابندی احکام ذیل دیجاتی ہے۔

دفعہ ۸۴۔ دفعہ ۷۵۔ عموماً جمعیت بیقاعدہ سے بھی متعلق رہیگی بریں ہم حاکم مجاز تقرر کو یہہ اختیار حاصل رہیگا کہ جب اصلی شخص ناقابل کار ہو جائے یا رخصت پر جائے یا صرف جہانتک جائداد ہائے موروثی کا تعلق ہے کم سن ہو تو عوض خدمت کی حیثیت سے کسی اور کو مامور کرے عوض خدمت حاکم مذکورۂ بالا ہی کی اجازت سے الونس منصرمی بھی پا سکے گا مگر شرط ہمیشہ یہہ رہیگی کہ اس انتظام سے سرکار پر کسی مزید خرچ کا بار عاید نہونے پائے۔ توضیح (۱) جائدادہائے موروثی کی صورت میں عوض خدمت کی حیثیت سے ورثار میں کسیکا انتخاب ہونا چاہئے توضیح (۲) عموماً الونس منصرمی کی مقدار اصلی شخص کی تنخواہ کے دو ثلث کے برابر ہوگی۔

دفعہ (۸۵) محکمۂ نظم کا کوئی ماہوار یا الونس یاب ملازم خواہ وہ مشروط الخدمت ہو یا غیر مشروط الخدمت کسی علاقہ سرکاری یا غیر سرکاری میں سرکار کی اجازت خاص کے بغیر ملازمت اختیار نہ کر سکیگا۔ البتہ اگر ایسے ملازم کو بلا ادائی خدمت ماہوار ملتی ہو یا حسن خدمت کے انعام ہی کے معاوضہ میں اسکو ماہوار ملرہی ہو وہ سرکار کے نزدیک ایسی ہو کہ سرکاری کام میں ہرج ہونیز کسی خدمت عوض کی تفویض کیجا سکتی ہو تو حسب تصریح مندرجہ دفعہ بالا کنٹربیوشن داخل کرنے پر شخص مذکور کو سرکار کی تحریری اجازت سے دوسری ملازمت اختیار کرنیکی اجازت ہو سکیگی توضیح (۱) خدمت عوض کے تقرر اور ماہوار نیز سپردگی سپہ کا دبشرطیکہ تقرر میں ماہوار سپہ شامل ہو) قرار داد تحت نشار دفعہ (۸۴) (۱۱۲) ہوگا۔

توضیح (۲) قاعدہ مندرجہ ذیل ہذا ان جملہ ملازمین پر بھی موثر ہوگا جو قبل نفاذ ضابطہ ہذا دوسری ملازمت اختیار کر چکے ہوں۔

استثنار۔ اگر کسی ملازم محکمہ نظم کے نام محکمہ نظم ہی کے ایک یا متعدد سلحداریاں ہوں یا محکمہ نظم کا کوئی غیر ملازم سلحدار محکمہ نظم یا کسی اور علاقہ میں ملازمت اختیار کرے تو ایسے ملازم کی بچت سلحداری مستلزم وضعات کنٹربیوشن نہوگی۔

دفعہ (۸۶) باغراض دفعہ بالا وضعات کنٹربیوشن کا عمل بموجب شرح مندرجہ ضمیمہ (ب) ضابطہ ملازمت سیول سرکار حالی اس ماہوار پر کیا جائیگا جو خدمت عوض اور گھوڑے کی ماہوار جانیکے بعد اصل ملازم کو دستیاب ہوتی ہو۔ "

۔ مثنی ہذا بخدمت شریف جناب معتمد صاحب فوج بواپسی مثل وگزارش بجواب مراسلہ نشان ۱۱۹ مورخہ ۲۲ مرداد ۱۳۳۵ف اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس
نشان ۸۰۰۸ صیغہ مال
حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس
منجانب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس
بخدمت جناب ناظم صاحب جنگلات سرکار عالی

واقع ۱۹ مہر ۱۳۳۵ف ۱۰ صفر ۱۳۴۵ھ
نشان مثل محکمہ ہذا ۹۱ صیغہ مال ۱۳۳۵ف
دفتر صدر محاسبی ۱۷۷ حصہ اول شاخ بلدہ گروپ اول ۱۳۳۵ف

مقدمہ

تخفیف مصارف

بجواب مراسلہ نشان (۱۳۲۵) واقع ۲۴ شہر یور ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ صدر نگارش ہے کہ فہرست محکمہ ہذا میں بجائے عملہ دفاتر اُمناء کے دفاتر نائب امناء لکھدیا گیا ہے تو بتصحیح فرمائی جائے فہرست محکمہ ہذا میں بھی ضروری صحت کر لیجائیگی۔

۲ دفتر ہذا کی فہرست میں (۶) ملازمین مواجبی (۱۰۰ تا ۱۰۵) کی جو تخفیف تجویز کیگئی ہے اور جسکا اوسط ماہانہ (۱۰۰) ہوتا ہے اسکی بجائے (۵) ملازمین یعنے ۳ (۱۰۰ تا ۱۰۲) اور ۲ (۱۰۴ تا ۱۰۵) کے تخفیف شدنی مراسلہ آندفتر میں مندرج ہیں لیکن ان (۵) کا اوسط خرچ ماہانہ (۱۰۰) ہوتا ہے یعنے کمیٹی تخفیف کی مجوزہ تخفیف سے (۱۰۰) زائد اور یہ تحریک فینانشیل نقطہ نظر سے قابل قبول تو ہے لیکن چونکہ جو احکام اجرا ہوئے ہیں وہ بمنظوری بندگان حضوری ہیں ایسی صورت میں تعداد قرار دادہ ماقبل میں ترمیم نامناسب ہے اب رہا تجویز کار ملازمین جنکی مفید خدمات سے سررشتہ مستفید ہونا چاہتا ہے اور جنھیں ختم ملازمت پر توسیع دیجانی چاہیئے یا نہیں اس کے متعلق ترقیم ہے کہ منشاء احکام تخفیف اسی صورت میں حاصل ہوسکتا ہے کہ جبکہ ایک سررشتہ کے تحت جہاں کہیں جائداد خالی ہو تخفیف کردی جائے اور تا تکمیل تخفیف کسی کی توسیع منظور نکیجائے خواہ اُس خاص دفتر میں تخفیف تجویز کی گئی ہو یا نہو جہاں جگہ خالی ہو یا جہاں کسی کی عمر ۵۵ سال ہوجائے اگر اس دفتر میں کوئی تخفیف تجویز نہیں ہوئی ہے تو جہاں جائداد تخفیف کرکے دوسرے دفتر سے جہاں تخفیف تجویز کیگئی ہو اس دفتر میں جائداد منتقل کر لیجاسکتی ہے بہر حال منشاء تخفیف کسی خاص دفتر کے نام سے محدود نہیں بلکہ پورے سررشتہ سے ہے۔

۳ مثنی بخدمت جناب صدر محاسب صاحب سرکار عالی اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے فقط

رخصت

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۹ اسفندار سنہ ۱۳۳۵ ف
نشان (۳۵۳) — مسودہ مثل ۲۹ شاخ انتظامی سنہ ۱۳۳۳ ف

جناب نواب فخر یار جنگ بہادر معتمد فینانس
بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی

مقدمہ

تنسیخ رخصت بارہ یوم مس لوبائی لیڈی کمشنر

بجواب مراسلہ ۹۹ مورخہ ۲۵ بہمن سنہ ۱۳۳۵ ف شاخ انتظامی نگارش ہے کہ ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا نمبر ۱۵۰ واقع ۱۱ امردے سنہ ۱۳۳۲ ف منظوری رخصت کا جو اقتدار جناب کو دیا گیا تھا اسکی توضیح ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا ۱۰۹۲/۱۰۹۳ مورخہ ۱۲ آبان سنہ ۱۳۳۴ ف گیگئی ہے بہرحال لیڈی کمشنر کی رخصت کی منظوری چونکہ صدر محاسبی سے ہوئی تھی اسلئے بعد واپسی بغیر محصلہ رخصت کی تنسیخ بھی جناب فرمائیں فقط

نوٹ: محولہ مراسلہ ۱۰۹۲/۱۰۹۳ واقع ۱۲ آبان سنہ ۱۳۳۴ ف محولہ تمسک توضیحاً ذیل میں موجود ہے۔

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۱۲ آبان سنہ ۱۳۳۴ ف
نشان ۱۰۹۲/۱۰۹۳ صیغہ حساب — مسودہ مثل ۱۲ شاخ انتظامی سنہ ۱۳۳۴ ف

جناب نواب صدر المہام بہادر فینانس
جناب نواب فخر یار جنگ بہادر فینانس

مقدمہ

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی شاخ تنقیح تعمیرات — انتظام منظورانہ رخصت مسٹر سید علی رضا منتظم شاخ تنقیح تعمیرات

بجواب مراسلہ ۷۰۶ واقع ۱۴ امرداد سنہ ۱۳۳۴ ف بمقدمہ مندرجہ صدر نگارش ہے کہ ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا نمبر ۱۵۰ واقع ۱۱ امردے سنہ ۱۳۳۲ ف اہلکاران درجہ اول اور نیز مہتمان خزائن اضلاع کے رخصتوں کے منظوری کا جو اختیار جناب صدر محاسب صاحب کو دیا گیا ہے اسکے لحاظ سے اہلکاران درجہ اول کے رخصت خاص کی منظوری اقتداری جناب صدر محاسب ہے دفتر ہذا پر منظوری کیلئے بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔

دے مثنی خدمت جناب صدر محاسب صاحب سرکار عالی اطلاعاً مرسل ہے فقط

وظیفہ

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۳ مہر اردی بہشت ۱۳۳۵ف

نشان ۳۲۲۸/۳۲۲۹ صیغہ وظیفہ

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر

منجانب نواب ..... معتمد فینانس

بخدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ فوج

مشمولہ شمل ۳۵ وظیفہ ۱۳۳۱ف
نشان دفتر صدر محاسبی انعام شاخ امانت ۱۳۳۵ف

عطاے وظائف رعایتی بہ پسماندگان نان کمیشنڈ ملازمین فوج

بسلسلہ مراسلہ ۳۰۵۲ مورخہ ۲۰ فروردی ۱۳۳۵ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ آئندہ سے نان کمیشنڈ ملازمین علاقہ فوج کی بیوگان رعایتی کی شرح حسب ذیل قرار دی جاتی ہے۔

ہسپتال اسسٹنٹ۔ سارجنٹ میجر ڈرزی سرجن کی بیوگان کو تحت قواعد سیول (اگر ان ملازمین کی موت بحالت ملازمت یا تاریخ وظیفہ یابی سے اندرون ایکسال وقوع میں آئے) متوفی ملازمین کے وظیفہ حسن خدمت کا ربع حصہ بطور وظیفہ رعایتی دیا جائے جسکی اقل مقدار ماہانہ (۵) ہوگی۔ بیرقدار دفعدار۔ حوالدار۔ مڑچیٹ میجر فرائر میجر کی بیوگان کو ماہانہ (للہ) اور دیگر ملازمین ونایک کی بیوگان کو ماہانہ (۴) وظیفہ رعایتی دیا جائیگا۔ پسماندگان ملازمین سیول کیلئے یہ قاعدہ مقرر ہے کہ اگر ملازمین درجہ ادنی کی بیوگان کی عمر اندرون (۴۵) سال اور متوفی ملازمین کی مدت ملازمت اندرون (۱۵) سال ہو تو ان ملازمین کی بیوگان کو کوئی وظیفہ یا انعام رعایتی نہیں دیا جاتا ہے یہ قاعدہ علاقہ فوج کے نان کمیشنڈ ملازمین کی بیوگان کے ساتھ بھی (باستثناء ہسپتال اسسٹنٹ سارجنٹ میجر ڈرزی سرجن) متعلق کیا جاتا ہے۔

ف مثلی بخدمت جناب صدر محاسب صاحب سرکار عالی شاخ امانت اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۱۱ تیر ۱۳۳۵ف

نشان ۴۲۹ صیغہ کلیات

مسمولہ شمل محکمہ فینانس ۲ کلیات ۱۳۳۵ف
مسمولہ دفتر صدر محاسبی ۹۱ تنقیح منصب شاخ امانت ۱۳۳۵ف

منجانب ..... معتمد فینانس

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی

تحریک سوپرنٹنڈنگ انجینیر صاحب آرائش بلدہ نسبت عدم دضعات کرایہ رقم مکان آرائش از وظیفہ رعایتی

بجواب مراسلہ ۵۳۱۱ صیغہ تنقیح منصب واقع ۳ تیر ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ

اس خصوص میں سوپرنٹنڈنگ انجنیر صاحب آرائش بلدہ کو ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا نشان ۲۶۱ واقع ۲۶ر اسفندار ۱۳۳۵ف جو جواب ادا کیا گیا ہے اسکی نقل اطلاعاً مرسل خدمت ہے۔

نقل

حسب الحکم عالیجناب نواب صدرالمہام بہادر فینانس

بجواب مراسلہ ۲۹۲۷ واقع ۸ر آبان ۱۳۳۵ف تفتا مراسلہ آنذ فرمہ ۲۷ واقع ۲ر آذر ۱۳۳۵ف موسومہ دفتر صدر محاسبی سرکار عالی بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ چونکہ ضابطہ دیوانی کے روسے پہلے تو وظیفہ ناقابل ترقی ہے اور اگر اس وظیفہ کو تنخواہ بھی فرض کیا جائے تو اندرون (سہ) ماہانہ ہونیکی وجہ سے ناقابل وضعات ہے اسلئے سید حسین صاحب کے وظیفہ سے (عیال) بقایا کرایہ کی بابتہ وضع نہیں کیا جا سکتا۔ فقط

سفر خرچ

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۲ ر شہریور ۱۳۳۵ اف
نشان ۵۴۳ صیغہ کلیات — نشان مثل کاتب ۱۳ کلیات ۱۳۳۵ اف
حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر — نشان مثل دفتر ہذا ایلچ شاخ ٹپہ سنی آرڈر ۱۳۳۵ اف
منجانب ..... معتمد فینانس — مقدمہ

بخدمت جناب معتمد صاحب عدالت و کوتوالی امور عامہ تعیین حدود اراضی ناظران و حفظوط رسانان ٹپہ خانہ جات بلدہ بجواب مراسلہ ۱۴۸۲ صیغہ ٹپہ واقع ۵ ر شہریور ۱۳۳۵ اف بوا پسی اصل گزارش وثیل ۲۲۸ ٹپہ بابتہ ۱۳۳۵ اف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ پیشگاہ صدارت عظمی سے سررشتہ فینانس کی اس رائے سے اتفاق فرمایا گیا ہے کہ بروے دفعہ (۴۵۹) و ضمیمہ (ھ) ضابطہ ملازمت ناظر حفظوط رسانان بلدہ و ناظر ٹپہ خانہ جات بلدہ اندرون حدود اراضی سفر کرنے کی صورت میں بھتہ نہیں پا سکتے ہیں اور حدود اراضی کی حقیقی حد کے خلاف باغراض ایصال بھتہ پانچ میل کے مفروضہ حد کا قائم کیا جانا کسطرح درست ہے اور نہ بلحاظ مقصود مصارف تخفیف بھتہ ایسے زائد مصارف عاید کرنیوالی تجویز سے اتفاق کیا جا سکتا ہے۔ براہ کرم سررشتہ متعلقہ کو مطلع فرما دیا جائے۔

ف ثنی اعلاعا بخدمت جناب صدر محاسب صاحب سرکار عالی مرسل ہے۔

صادر

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۳ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف

نشان ۱۳۸۹/۱۳۹۰ عدالت — شمول شمل فینانس ۱۲۹ عدالت سنہ ۱۳۳۴ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر — صدر محاسبی ۲۰ عام سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب ..... معتمد فینانس — مقدمہ

بخدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ تعلیمات — منظوری خریدی رجسٹرات برائے جلد ادارس تحتانیہ و کلفٹڈ

بجواب مراسلہ نشان ۱۱۵۴ واقع ۱۱ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ چونکہ دار الطبع سرکار عالی کے قیام پر سرکار عالی کی کثیر رقم صرف ہو چکی ہے اور ہو رہی ہیں اسلئے یہ نہایت ضروری ہے کہ طبع رجسٹرات وغیرہ کا کام دار الطبع ہی سے لیا جاے نہ کہ مطبع خانگی سے البتہ خاص صورتوں میں اور شدید ضرورت کے وقت تحت گشتی صدارت عظمی (۱۲) بابتہ سنہ ۱۳۲۹ف بیرونی مطابع سے کام لیا جا سکتا ہے لیکن اس عمل کی عمومیت دینی یا معمولی ضرورت کے وقت بھی بیرونی مطابع سے کام لینا خلاف منشاء سرکار ہوگا۔ سنہ ۱۳۳۵ف کے متعلق جو اجازت دیجا چکی ہے اسکی تو تعمیل کیجاتی ہے نیز مدارس کلفٹڈ کے سنہ ۱۳۳۶ف کے رجسٹرات کے متعلق اگر باہر آرڈر دیا جا چکا ہے تو اسکی بھی تکمیل کرائی جا سکتی ہے لیکن آئندہ کیلئے اگر ایسی عام صورتوں میں بیرونی مطابع سے کام لینے کی تحریک ہو تو سررشتہ فینانس سے قبل از قبل استصواب مناسب ہوگا مثل آندفتر نشان ۶۲۰ سنہ ۱۳۳۴ف واپس ہے۔

۲ مثنی ہذا بحوالہ مراسلہ آندفتر ۴۹۱ شاخ تدوین مورخہ ۱۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف موسومہ دفتر معتمدی عدالت وغیرہ مشمولہ شمل ۲۰ عام سنہ ۱۳۳۵ف بخدمت جناب صدر محاسب صاحب بسرکار عالی اطلاعاً مرسل ہے فقط

---

۵۹۹ — واقع ۲۵ مہر سنہ ۱۳۳۵ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس — شمل محکمہ فینانس ۳۵ کلیات سنہ ۱۳۳۲ف

منجانب ..... معتمد سرکار عالی صیغہ فینانس — شمل فتر صدر محاسبی ۳۴ صیغہ متفرق شاخ اصلاح کلیات سنہ ۱۳۳۴ف

بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی — مقدمہ

تصفیہ اجرائی بلز مطابع خانگی بلحاظ نرخہائے مجوزہ مسٹر جگدیشن

بجواب مراسلہ ۲۲/۳۴ صیغہ متفرق مورخہ ۱۹ امہر ۱۳۳۵ف بوصول نیم سرکاری ۱۹/۳۵ صیغہ تلنگانہ واقع ۱۹ امہر ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ یہ بات نہایت واضح ہے کہ اجرت طبع وجلد بندی دارالطبع کے نرخوں پر مسٹر جگدیشن نے نظر ثانی کی تھی اور نہ انکی رپورٹ کا تعلق کارہائے دارالضرب ومطابع خانگی کے نرخوں سے تھا اور نہ گشتی معتمدی عدالت ذکوتوالی ۱۱۶۵ مورخہ ۱۰ امرداد بہشت ۱۳۳۵ف کے ذریعہ سے نرخہائے مطابع خانگی میں کوئی ترمیم عمل میں آئی ہے پس بموجودگی نرخنامہ منسلکہ مراسلہ معتمدی موصوفہ ۳۶۸ مورخہ ۱۳ امہر ۱۳۲۹ف تاوقتیکہ اوسکی تنسیخ یا ترمیم کسی حکم کے ذریعہ سے ہو غیر سرکاری مطابع کے بلز کی اجرائی میں بتابعیت نرخنامہ منسلکہ مراسلہ ۳۶۸ تامل کرنیکی کوئی وجہ نہ ہونی چاہیئے۔

دارالطبع سے ترمیم نرخ کا جو مشورہ دیا گیا ہے اسکے متعلق علیحدہ کارروائی جاری ہے سردست حسب نرخنامہ منسلکہ مراسلہ معتمدی عدالت ذکوتوالی ۳۶۸ مورخہ ۱۳ امہر ۱۳۲۹ف جب تک اس میں ترمیم نہ ہو مطابع خانگی کے بلز کی اجرائی کی جاسکتی ہے فقط

معاشہائے نقدی وغیرہ

مراسلہ محکمہ فینانس سرکار عالی صیغہ (عطیات) واقع ۲۹ تیر ۱۳۳۵ف
نشان (۱۰۹۴) نشان مثل محکمہ فینانس ۳۳ عطیات ۱۳۳۵ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس
منجانب معتمد فینانس مقدمہ تحقیقات وراثت حبیب حسین یومیہ دار مکتھل
بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی بدفاتر ڈویژن وتحصیل

بجواب مراسلہ نشان (۲۴۰) واقع ۵ فروردی ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ گشتی معتمدی مال نشان (۳۴) بابتہ ۱۳۳۱ف نظامت عطیات کے مقدمات اراضی سے متعلق ہے جسکو مقدمات انعامی متعلقہ فینانس سے کوئی تعلق نہیں پس جسب تحریک ضلع و نائید آنمد فتر تحقیقات کی تکمیل بموجب عملدرآمد ڈویژن اور تحصیلات میں ہی کیجانیکی اجازت دیجاتی ہے۔

نوٹ نقل مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی شاخ تصفیہ مقدمات نشان ۲۴۰ مورخہ ۵ فروردی ۱۳۳۵ف موسومہ محکمہ فینانس مراسلہ نشان (۳۶۵) مورخہ ۲۳ بہمن ۱۳۳۴ف کے حوالہ سے تبریل نقل مراسلہ دفتر اول تعلقدار صاحب ضلع مہیسنگر نشان (۱۷) مورخہ بہمن ۱۳۳۵ف گذارش ہے کہ اگر ابتدائی تحقیقات ڈویژن اور تحصیل سے غیر متعلق کردیجائے تو فریق مقدمہ بیحد پریشان و زیر بار ہونگے اسلئے حسب عملدرآمد حالیہ تحقیقات ہونی مناسب ہے براہ کرم حسب تحریک ضلع اسکے متعلق اجازت صادر فرمایکائے تو مناسب ہے فقط

ہدایات حساب

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۱۳ آبان سنہ ۱۳۳۵ ف

نشان ۱۲۳۵/۱۲۳۹ صیغہ حساب — مسؤل مثل صدر محاسب ۱۲ شاخ امانت ومبادلہ ۱۳۳۵ ف

حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس

منجانب ..... معتمد فینانس

خدمت معتمد صاحب صنعت وحرفت سرکار عالی — مقدمہ

افتتاح کھاتہ امانتی بخزانہ اضلاع سرکار عالی

بجواب مراسلہ آندفتر ۱/۳۵ انجمن مورخہ ۱۴ مہر سنہ ۱۳۳۵ ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ عام طور پر تحصیلات میں امانتی کھاتہ کھولنے کی اجازت دیجانا مناسب نہیں ہے کیونکہ بہت دقتیں ہیں البتہ جو شکل سررشتہ انجمن اتحادی کی ضرورت کو رفع کرسکتی ہے وہ یہ ہے کہ انجمن اتحادی کے چک صدر خزانہ ضلع کے نام جاری ہوں اور اسمیں کس تحصیل سے رقم وصول ہوتی ہو وہ درج ہو صدر خزانہ بعد تصدیق سلک امانتی تحصیل کو ادائی رقم کا مجاز گردان سکتا ہے۔

ف مبنی خدمت جناب صدر محاسب صاحب سرکار عالی بجواب مراسلہ نشان ۹/۸۹ صیغہ امانت ومبادلہ مورخہ ۲۶ مہر سنہ ۱۳۳۵ ف اطلاعاً مرسل ہے۔

ہدایات عام

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۲ مرداد ۱۳۳۵ف
نشان ۵۰۱ صیغہ کلیات — منسوخ بمثل صدر محاسب ۱۱۴ تنقیح منصب شاخ امانت ۱۳۳۵ف
حسب الحکم نواب صدر المہام بہادر فینانس
منجانب ..... معتمد فینانس
بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی

مقدمہ

تحریک صدر محاسب صاحب سرکار عالی نسبت قرارداد قاعدہ وضعات کرایہ آئندہ بلدہ از منصبداران و وظیفہ خواران

بجواب مراسلہ نشان ۵۶۱ صیغہ تنقیح منصب مورخہ ۶ تیر ۱۳۳۵ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ تحریک زیر جواب کے نفاذ کی صورت میں کام بہت بڑھ جائیگا۔ احکام فینانس کی رو سے وظیفہ یا بان حسن خدمت سے صرف اون ہی مطالبات کے وضعات کا عمل کیا جا سکتا ہے جو بہ حیثیت ملازم سرکاری اون سے قابل وصول ہوں۔ مگر دیگر مطالبات جنکی نسبت علیحدہ قواعد و قوانین موجود ہیں وظیفہ یا بان حسن خدمت سے مجرا نہیں لیے جا سکتے ہیں۔ سٹی امپرومنٹ بورڈ کے رزولیشن میں ملازمین کے جو الفاظ استعمال کیگئے ہیں وہ ملازمین مامور بکار سے متعلق ہیں اون کو وظیفہ خواران اور منصبداران سے متعلق نہیں کیا جا سکتا ہے۔ سٹی امپرومنٹ بورڈ اگر یہ طے کر سکے کہ ہر کرایہ دار سے معتد بہ ضمانت لے لیجائے تو یہ جھگڑے ہی پیدا نہوں غرض ضابطہ دیوانی کے موجودگی میں ان ماہوار داروں سے جنکی ماہواریں اندرون (بند) ہیں وضعات کا عمل بھی خلاف قواعد ہوگا۔

سررشتہ برقی کے مطالبات کے وضعات کا عمل بھی طبقہ ملازمین تک محدود ہے اور وہ ایک باضابطہ اقرارنامہ پر مبنی ہوتی ہے۔ بحالت موجودہ قواعد موجودہ مین کسی ترمیم کی ضرورت معلوم نہیں ہوتی ہے فقط

Copy of the letter No. 828 of 21st February 1923, from the Financial Secretary, Hyderabad Deccan, to the Accountant-General, Hyderabad-Deccan.

ENCLOSURES (4)

Forwarded for information in continuation of this Office letter No. 340 dated 21st January 1923.

List of papers forwarded

Copy of F. O. letter No. 338 dated 21st January 1923.
Copy of Legal Adviser's letter No. 14 dated 29th January 1923.
Copy of F. O. letter No. 643 dated 10-2-23.
Copy of Legal Adviser's D. O. No. 23 dated 15-2-23.

Copy of enclosure (i)

Copy of enclosure (1)

No. 888. *Dated* 21-1-28.

To

THE SECRETARY TO GOVERNMENT,
LEGISLATIVE DEPARTMENT,
Hyderabad-Deccan.

SIR,

With reference to your letter No. 78 of 1922, dated 7th December 1922, I am directed to inform you that while the letter of the payment of interest in the case referred to in Finance Office No. 6836 dated the 21st November 1922, as stated therein was comparatively a simple one, and, has been disposed of on the lines your letter suggests, this office continues to remain in some doubt as to what should be the procedure to adopt in those cases, in which holders of our Pro-Notes of the aggregate value of *over* Rs. 5,000 residing in the British India, die and succession certificates of a British India Court is presented by the party desiring to draw the interest thereon. In view of the fact that the Pro-Notes of H.E.H. the Nizam's Government are held to a considerable extent by residents in the Administered A reas, the contingency referred to above might arise at

any moment, and this office therefore thinks that delay would be saved if it is placed in a position to deal with reference on the point from the Accountant-General. I am accordingly to request that you will kindly give the inquiry from the standpoint and favour this office with your advice thereon at an early date so as to help it to come to a decision on the question.

(Sd.) A. C. BERTIE,

ASSISTANT SECRETARY.

Copy of enclosure (2)

Copy of the letter No. 114 dated 29th January 1923, from the Secretary to Government, Legislative Department and Legal Adviser, to the Financial Secretary, Hyderabad Deccan.

In reply to your letter No. 338, dated 21-1-23, I have the honour to state that succession certificates granted by British India Courts to the heirs of deceased holders of Pro-Notes of the aggregate value of over Rs. 5,000 cannot be accepted. Only those granted by competent courts of our Government can be accepted.

Copy of enclosure (3)

No. 643. *dated 10th February* 1923.

MY DEAR KRISHNAMA CHARI,

Kindly refer to your No. 14 of the 29th January 1923. The particular point on which I should like to have your opinion is whether we should not as a special case, in order to make our Pro-Notes more popular, accept by such special provision as you may consider desirable, succession certificates granted by courts in the Administered Area to the heirs of deceased holders of Pro-Notes of the aggregate value of over Rs. 5,000 or do you think that policy requires that we should adhere to the present strict law on the subject of not recognizing certificates of any court except our own.

(Sd.) HYDER NAWAZ JUNG,

LEGAL ADVISER'S OFFICE,

Hyderabad-Deccan.

COPY OF ENCL. No. 4.

D. O. No. 23. *Dated 15th February* 1928.

LEGAL ADVISER'S OFFICE.

Hyderabad-Deccan.

MY DEAR HYDER NAWAZ JUNG,

In reply to your No. 643, dated 10th instant, I consider that "Policy requires that we should adhere to the present strict Law on the subject of not recognizing certificates of any court except our own," as that policy is based upon approved principles of International Law so far as I understand them.

(Sd.) KRISHNAMA CHARI.

ہدایات عام (سفرخرچ)

مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس — واقع ۲۰ شہریور سنہ ۱۳۳۵ ف
تا ن ۷۳۳۲ صیغہ تنقیح کورٹ — مشمولہ مثل صدر محاسبی ۴۲ صیغہ کورٹ سنہ ۱۳۳۵ ف

منجانب ..... معتمد فینانس
بخدمت صدر محاسب صاحب سرکار عالی

مقدمہ
عدم اجرائی اخراجات نقل مقام وارڈز بلا منظوری سرکار

بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ اجرائی اخراجات نقل مقام کے متعلق پیشگاہ ملازان جہاں پناہی سے فرمان واجب الاذعان متر شدہ ۱۹ ذیحجہ سنہ ۱۳۴۴ ہجری جو شرف صدور لایا ہے اسکی نقل نقل ذریعہ ہذا اطلاعاً و تعیلاً مرسل ہے امید ہے کہ بہ تعمیل ارشاد خداوندی حسبہ عمل آوری ہوگی۔

(فرمان)

مجھے معلوم ہوا ہے کہ محکمہ کورٹ آف وارڈز میں جتنے وارڈز ہیں یہ بے ضرورت تبدیل مقام کے اسکے مصارف کا بار اپنے اسٹیٹوں پر ڈالتے ہیں حالانکہ ایسا نہونا چاہیے یعنے جبتک کہ کسی وارڈ کو ڈیکل طور پر رائے نہ دیجائے بغرض صحت مزاج یا کوئی خاص وجہ اسکے لیے پائی نہ جائے کبھی تبدیل مقام کی اجازت نہونی چاہیے اور اگر ایسا موقع کبھی پیش آجائے تو پہلے ڈاکٹر کے سرٹیفکٹ کیساتھ عرضداشت بتوسط باب حکومت میرے ملاحظہ میں پیش ہو معہ برآورد اخراجات سفر اور بعد حصول اجازت رقم کی منظوری دیجائے۔

۲ اگر وارڈ بطور خود اپنی ذات سے تبدیل مقام کے مصارف برداشت کرکے کہیں جانا چاہیں تو جاسکتے ہیں کسی قسم کی روک نہیں۔

اس حکم کی نقل ناظم صاحب کورٹ آف وارڈز کے ہاں اطلاعاً بھیجدی جائے فقط

فہرست نوعیت وار گشتیات مجریہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

نمبر شمار	نشان مجاریہ گشتی بقید تاریخ و سنہ	خلاصہ مقدمہ	نشان صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
		اقتدارات		
۱	نمبر ۳ مورخہ ۲ر اسفندار	ترمیم دفعہ (۵۰) ض۔م۔س دربارہ تقرر جمعیت عروب وسکھ و روہل غیر ملکی بلا تعین تعداد باجازت صدر المہام بہادر علاقہ کو توالی بلدہ۔	۱۵	قواعد ملازمت
۲	نمبر ۲۲ ۱۷ر اردی بہشت	صراحت اقتدار دربارہ تقررات و تبدلات عاملانہ خدمات زاید از یکصد روپیہ متعلقہ سررشتہ جات آبکاری و کروڑگیری وغیرہ۔	۱۵	ایضاً
		قواعد ملازمت و ایصال ماوجب		
۳	نمبر ۲۷ ۲۶ر آذر	تصحیح گشتی نمبر ۳۳ سنہ ۱۳۳۴ف نسبت اضافہ تدریجی عمال۔	۱۷	
۴	نمبر ۵ ۷	طلبی صداقت نامہ کامیابی امتحان متعلق اشخاص جدید مامور شدہ بعد انقضائے سنہ ۱۳۳۵ف بر نمونہ مقررہ۔	۱۷	
۵	نمبر ۶ ۹ر بہمن	ایصال سالم ماہوار بزمانہ معطلی بمنظوری محکمہ فینانس بصورت انقضائے مدت زاید از شش ماہ وغیرہ۔	۱۸	
۶	نمبر ۲۹ ۱۲ر امرداد	ترمیم توضیح دفعہ نمبر ۹۶ ض۔م۔س متعلق اجرائی اضافہ جات جائداد ہائے قائم شدہ قبل نفاذ ٹائم اسکیل۔	۱۹	
۷	نمبر ۴۰ ۲۹ر آبان	عروب قدیم کو توالی بلدہ کے حقوق رضا و رخصت کا ضابطہ فوج بیقاعدہ سے متعلق کیا جانا۔	۱۹	

رخصت

۸	۹ مورخہ ۱۷ اسفندار	ترمیم توضیح دفعہ (۵۸) ض۔م۔س متعلق جائزہ وہی اصورت وقوع رخصت (سلسلہ گشتی ۳۹/۳۴ ۱۳۳۴ف)	۲
۹	۱۵ ،، ۲۱ فروردی	صحت ترجمہ دفعہ ۱۸۰ ض۔م۔س محولہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف متعلقہ رخصت۔	۲
۱۰	۱۸ ،، ۳۱ ،،	توضیح تحت وقعات ۲۱۰ و ۲۱۱ ض۔م۔س نسبت رخصت اساتذہ۔	۲۰
۱۱	۲۷ ،، ۷ امرداد	بسلسلہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف منظوری رخصت خاص بغرض حج وزیارت معہ تنخواہ پیشگی کے معاملات اقتداری صدارت عظمےٰ ہیں۔	۲۲
۱۲	۳۳ ،، ۳ مہر	پیشگی تنخواہ کی ادائی صرف زمانہ رخصت خاص ہی تک محدود متصور ہے دوسری متصلہ رخصتوں کے زمانہ میں پیشگی تنخواہ کی ادائی جائز نہ ہوگی (بسلسلہ گشتی ۲۰ بابتہ سنہ رمضان)	۲۳

وظیفہ

۱۳	۴ ،، ۲۶ آذر	قیام توضیح تحت دفعہ ۲۸۷ ض۔م۔س۔	۲۵
۱۴	۱۶ ،، ۲۱ فروردی	ترمیم استثناء تحت دفعہ ۳۲۵ ض۔م۔س۔	۲۵
۱۵	۲۱ ،، ۱ اردی بہشت	عدم لحاظ کسرات آنہ بوقت منتقلی وظائف بعلاقہ سرکار عظمت مدار وقیام توضیح تحت دفعہ ۳۰۹ ض م س۔	۲۶
۱۶	۲۵ ،، ۲۱ تیر	تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف تکمیل تخفیف درخواست وظیفہ کیلئے جو خوشی ورضامندی سے پیش ہو ڈاکٹری سارٹیفکیٹ وغیرہ کی قید دافع نہ ہوگی اور ملازم کی عمر (۵۵) سال کی ہونے یا توسیع منظورہ کے اختتام پر کوئی مزید توسیع نہ دیجائیگی۔	۳۰

قواعد ملازمت ۱۰ زینب

۱۷	۳۲ مورخہ ۳۰ ر امرداد	توضیح اس امر کی کہ رعایت مندرجہ گشتی ۲۵ سنہ روان ملازمین اعلےٰ و ادنےٰ ہر دو سے متعلق ہوگی اور ان سررشتہ جات و دفاتر میں تکمیل تحقیقات مجوزہ مرعی رہیگی جہاں تخفیفات تجویز کی گئی ہیں۔		
۱۸	۴۱ ۔ ۲۹ ر آبان	قیام استثنا تحت دفعہ ۳۵۴ ض و م۔ س درباره حصول ثمنی وثیقہ وظیفہ۔	۲۸	قواعد ملازمت ایصال واجب
		قواعد سفر خرچ		قواعد ملازمت ایصال واجب
۱۹	۱۹ ۔ ۳۱ ر فروردی	ترمیم دفعہ ۵۱۷ ض۔ م۔ س۔	۲۵	
۲۰	۲۰ ۔ ۱۷ ر اردی بہشت	ترمیمات قواعد بحتہ و سفر خرچ مندرجہ ض۔ م۔ س۔	۲۶	
۲۱	۳۵ ۔ ۲۶ ر مہر	تبدیل نام الونس اسپ انسپکٹران و سب انسپکٹران کو توالی از الونس سواری۔	۲۶	
		قواعد نسبت صادر ہمہ اقسام		
۲۲	۹ ۔ ۹ ر بہمن	اجرائی ڈیمرج سیلون و پارسلز اسٹیشنری ڈپو بصورت ہائے غیر اختیاری از گنجائش صادر تحت احکام نافذہ سررشتہ فینانس	۳۰	
۲۳	۱۴ ۔ ۲۱ ر فروردی	صداقت نامہ اسٹیشنری ڈپو کے ادخال پر بازار سے خرید شدہ اشیاء کا مطلوبہ اجرا ہو سکے گا۔	۲۷	
۲۴	۲۶ ۔ ۲۱ ر تیر	لزوم خریدی ٹائپ رائٹر و اشیاء متعلقہ از ریمنگٹن ٹائپ رائٹر کمپنی لمیٹڈ تحت معاہدہ از کمپنی مذکور باستثناء ممالک سیاسیات پابندی ہدایات متعلق خریداری صادر از موجودات اسٹیشنری ڈپو۔	۳۰	
۲۵	۳۱ ۔ ۲۶ ر امرداد	قرارداد کرایہ اگر چہ جبکہ ایک حصہ دفتر کے اور ایک حصہ عہدہ دار کے قبضہ میں بغرض رہائش ہو۔	۳۶	

		خزانہ		
۲۶	۱۰ مورخہ ۱ سر اسفندار	سالانہ تکمیل و تجدید ضمانت نامجات متعلقہ خدمات مشروط الضمانت بصورت تبادلہ۔	۴۱	قواعد ملازمت
۲۷	۲۵ ؍ ۷ سر امرداد	بسلسلہ گشتی ۹ سنہ ۱۳۲۹ف اعلان نسبت داد و ستد کرنسی نوٹس سرکار عالی از قسم الف بلاعذر و تامل۔	۴۱	
۲۸	۲۴ ؍ ۹ سر مہر	انسلاک مختار نامہ اختیار فروخت کفالت نامجات سرکار عالی بصورت منتقلی و حصول سود (پرامیسری نوٹس) بذریعہ مختار۔	۴۲	ہدایات عام و حساب
		موازنہ		
۲۹	۱۱ ؍ ۲۴ سر اسفندار	ترتیب و ترسیل موازنہ سنہ ۱۳۳۶ف	۴۳	
۳۰	۱۲ ؍ ؍	ترتیب موازنہ صرف خاص مبارک مفوضہ دیوانی بابتہ سنہ ۱۳۳۶ف۔	۴۵	
		ہدایات حساب		
۳۱	۱ ؍ ۷ سر آذر	تنسیخ طریقہ تصفیہ مطالبات قوت برقی مندرجہ گشتی ۹ سنہ ۱۳۲۵ف۔	۴۹	قواعد ملازمت
۳۲	۳۰ ؍ ۲۷ سر آبان	ترمیم تنخواہ برآیندگی و اضافہ تدریجی و ٹائم اسکیل۔	۵۱	ایضاً
		ہدایات عام		
۳۳	۲۷ ؍ ۲۶ سر آذر	تعین میعاد برائے درخواست ہائے مرافعہ باجلاس باب حکومت سرکار عالی	۵۲	

۳۴	۱۳ مورخہ ۱۷ فروردی	بسلسلہ گشتی ۶ سنہ ۱۳۳۳ف صراحت اُن اشکال کی جن میں ٹکٹ رسیدی کا ثبت کیا جانا ضروری نہیں ہے۔	۵۵	بعاشہائے نقدی وظیفہ صادر
۳۵	۲۴ " ۵ سر تیر	بسلسلہ گشتی ۱۳ سنہ روان ایضاً۔	۵۶	" - "
۳۶	۳۶ " ۲۶ مہر	بسلسلہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف عطائے تنخواہ پیشگی شش ماہ بغرض حج وزیارت حرمین شریفین بہ منصبداران و وظیفہ خواران وغیرہ۔	۵۷	" - وظیفہ
۳۷	۳۷ " "	انتظام طبع سیول و فوجی لسٹ بمعاوضہ دو مرتبہ بیک مرتبہ بدوران سال برآغاز سال۔	۵۷	
۳۸	۳۸ " یکم آبان	تبدیل نمونہ جات سیول لسٹ اُردو و انگریزی وقیام یکسانی بجملہ اندراجات آنہا۔ واندراج شہور فصلی واعداد رقمی بجائے الفاظ بہ اعداد شمار ۱ و ۲ و ۳ - وغیرہ	۵۸	

متفرق

۳۹	۱۷ " ۳۰ مہر فروردی	تقسیم تنخواہ پیشگی ماہ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف بوجہ تعطیلات ماہ صیام۔	+	موقت
۴۰	۲۳ " ۱۷ مہر خورداد	اعلان نسبت قرارداد تاریخ امتحان سررشتہ حساب بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف۔	+	"
۴۱	۳۶ " ۱۲ مہر امرداد	بسلسلہ اعلان نمبر ۲۳ سنہ روان صراحت نمونہ درخواست شرکت امتحان سررشتہ حساب۔	+	"

نوٹ - خ - م - س = ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

فہرست سلسلہ وار گشتیات مجریہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

نمبر شمار گشتی	تاریخ مجاریہ گشتی	خلاصہ مقدمہ	نمبر شمار صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
۱	۷ مہر آذر	تنسیخ طریقہ تصفیہ مطالبات قوت برقی مندرجہ گشتی ۲۰ سنہ ۱۳۲۵ف	۱	
۲	۲۶ مہر "	تعین میعاد برائے درخواست ہائے مرافعہ بہ اجلاس باب حکومت سرکار عالی۔	۵۵	
۳	" "	تصحیح گشتی ۳۳ بابتہ سنہ ۱۳۳۴ف نسبت اضافہ تدریجی عمال۔	۱۷	
۴	" "	قیام توضیح تحت دفعہ ۲۸۷ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی۔	۲۵	
۵	" "	طلبی صداقت نامہ کامیابی امتحان متعلق اشخاص جدید مامور شدہ بعد انقضائے سنہ ۱۳۳۵ف برنمونہ مقررہ۔	۱۶	
۶	۹ مہر بہمن	ایصال سالم ماہوار بزمانہ معطلی بمنظوری محکمہ فینانس بصورت انقضائے مدت زاید از شش ماہ وغیرہ۔	۱۸	
۷	" "	اجرائی ڈیمرج سیلون و پارسلز اسٹیشنری ڈپو بصورت ہائے غیر اختیاری از گنجائش صادر تحت احکام نافذہ سررشتہ فینانس۔	۳۷	
۸	۲ مہر اسفندار	ترمیم دفعہ (۵۰) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی دربارۂ تقرر جمعیت عروب و سکہ ورواہل غیر ملکی بلا تعین تعداد باجازت صدر المہام بہادر علاقہ کو توالی بلدہ۔	۱۵	
۹	۱۷ مہر "	ترمیم توضیح دفعہ (۵۸) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی متعلق جائیزہ وہی بصورت وقوع رخصت (بسلسلہ گشتی ۲۰ سنہ ۱۳۳۴ف)	۲۱	
۱۰	ایضاً	سالانہ تکمیل و تجدید ضمانت نامجات متعلقہ خدمات مشروط الضمانت بصورت تبادلہ۔	۴۱	
۱۱	۲۴ مہر "	ترتیب و ترسیل موازنہ بابتہ سنہ ۱۳۳۶ف۔	۴۰	

۱۲	۲۴ ہر اسفندار	ترتیب موازنہ صرفخاص مبارک مفوضہ دیوانی بابتہ ۱۳۳۶ف	۰	
۱۳	۱۷ ہر فروردی	بسلسلہ گشتی ۶ سنہ ۱۳۳۳ف صراحت اُن اشکال کی جن میں ٹکٹ رسیدی ثبت کیا جانا ضروری نہیں ہے۔	۵۵	
۱۴	۲۱ ہر "	صداقتنامہ اسٹیشنری ڈپو کے ادخال پر بازار سے خریدشدہ اشیاء کا مطلوبہ اجرا ہو سکے گا۔	۴۴	
۱۵	" "	صحت ترجمہ دفعہ ۱۸۰ ضابطہ ملازمت (محولہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف) متعلقہ رخصت۔	۲۱	
۱۶	" "	ترمیم استثناء تحت دفعہ ۳۲۵ ض م س متعلقہ باب وظیفہ۔	۴۷	
۱۷	۳۰ ہر "	تقسیم تنخواہ پیشگی ۱۵ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف بوجہ تعطیلات ماہ صیام	+	موقت
۱۸	۳۱ ہر "	توضیح تحت دفعات ۲۱۰ و ۲۱۱ ض م س متعلق باب رخصت	۲۱	
۱۹	" "	ترمیم دفعہ ۵۱۷ ض م س متعلق باب قواعد سفر خرچ۔	۲۸	
۲۰	۱۷ اردی بہشت	ترمیمات قواعد بصیغہ وسفر خرچ مندرجہ ض م س۔	۲۹	
۲۱	" "	عدم لحاظ کسرات آنہ بوقت منتقلی وظائف بعلاقہ سرکار عظمت مدار وقیام توضیح تحت دفعہ ۳۰۹ ض م س۔	۲۶	
۲۲	" "	صراحت اقتدار درباره تقررات وتبدلات عاملانہ خدمات زاید از یکصد روپیہ متعلقہ سررشتہ جات آبکاری وکروڑگیری وغیرہ۔	۱۵	
۲۳	۱۷ ہر خورداد	اعلان نسبت قرارداد تاریخ امتحان سررشتہ حساب بابتہ ۱۳۳۵ سنہ ۱۳۳۵ف۔	+	موقت
۲۴	۵ ہر تیر	بسلسلہ گشتی ۱۳ سنہ ۱۳۳۵ف صراحت اُن اشکال کی جن میں ٹکٹ رسیدی کا ثبت کیا جانا ضروری نہیں ہے۔	۵۶	
۲۵	۲۱ ہر "	تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف تکمیل تخفیف درخواست وظیفہ کیلئے جو خوشی ورضامندی سے پیش ہو ڈاکٹری سرٹیفکٹ وغیرہ کی قید رافع نہ ہوگی اور ملازم کی عمر (۵۵) سال کی ہونے یا تو سیع منظورہ کے اختتام پر کوئی مزید توسیع نہ دیجائیگی۔	۴۰	

۲۶	۲۱ سر تیر	لزوم خریدی ٹائپ رائٹر واشیاء متعلقہ از ریمنگٹن ٹائپ رائٹر کمپنی لیمیٹڈ تحت معاہدہ از کمپنی مذکور باستثناء محکمہ سیاسیات بپابندی ہدایات متعلق خریدی مصادر از موجودات اسٹیشنری ڈپو۔	۲۸	
۲۷	۷ سر امرداد	بسلسلہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف منظوری رخصت خاص بغرض حج وزیارت معہ تنخواہ پیشگی کے معاملات اقتداری صدارت عظمےٰ ہیں۔	۲۰	
۲۸	〃 〃	بسلسلہ گشتی ۴ سنہ ۱۳۲۹ف اعلان نسبت داد وستد کرنسی نوٹس سرکار عالی از قسم الـــــ 〃 بلاعذر وتامل۔	۴۱	
۲۹	۱۲ سر 〃	ترمیم توضیح دفعہ ۹۶ ض م۔س متعلق اجرائی اضافہ جات جائداد ہائے قائم شدہ قبل نفاذ ٹائم اسکیل۔	۱۹	
۳۰	〃 〃	بسلسلہ اعلان ۲۳ بابتہ سنہ روان صراحت نمونہ درخواست شرکت امتحان سررشتہ حساب		
۳۱	۲۶ سر 〃	قرارداد اکرا بہ امکنہ جبکہ ایک حصہ دفتر کے اور ایک حصہ عہدہ دار کے قبضہ میں بغرض رہائش ہو۔	۳۹	موقت
۳۲	۳۰ سر 〃	توضیح اس امر کی کہ رعایت مندرجہ گشتی ۲۵ سنہ روان ملازمین اعلےٰ وادنےٰ ہر دو سے متعلق ہوگی اور اوس سررشتہ جات و دفاتر میں تاتکمیل تخفیفات مجوزہ مرعی رہیگی جہاں تخفیفات تجویز کی گئی ہیں۔	۲۰	
۳۳	۳ سر مہر	بسلسلہ گشتی ۲۷ بابتہ سنہ روان پیشگی تنخواہ کی ادائی صرف زمانہ رخصت خاص ہی تک محدود ومقصور ہوگی دوسری متصلہ رخصتوں کے زمانہ میں پیشگی تنخواہ کی ادائی جائز نہ ہوگی۔	۲۳	
۳۴	۹ سر 〃	انسلاک مختار نامہ اختیار فروخت کفالت نامجات سرکار عالی بصورت منتقلی وحصول سود (پرامیسری نوٹس) ذریعہ مختار	۴۲	
۳۵	۲۶ سر 〃	تبدیل نام الونس اسپ انسپکٹران وسب انسپکٹران کوتوالی از الونس سواری۔	۲۶	

۳۶	۲۶ سر مہر	بسلسلہ گشتی ۵ سنہ ۱۳۳۴ف عطائے تنخواہ پیشگی شش ماہ بغرض حج و زیارت حرمین شریفین بہ منصبداران و وظیفہ خواران وغیرہ۔	۵	
۳۷	〃 〃	انتظام طبع سیول و فوجی لسٹس بعاوضہ دو مرتبہ بہ یکمرتبہ بدوران سال بر آغاز سال۔	۵	
۳۸	یکم آبان	تبدیل نمونہ جات سیول لسٹ اردو و انگریزی و قیام یکسانی بجملہ اندراجات آنہا و اندراج شہور فصلی و اعداد رقمی بجائے الفاظ بہ اعداد ۱ و ۲ و ۳ وغیرہ۔	۸	
۳۹	۲۷ سر 〃	ترمیم تنخواہ برآیندگی و اضافہ تدریجی و ٹائم اسکیل۔	۵	
۴۰	۲۹ سر 〃	عروب قدیم کو توالی بلدہ کے حقوق رضا رخصت کا ضابطہ فوج بیقاعدہ سے متعلق کیا جانا۔	۱	
۴۱	〃 〃	قیام استثنار تحت دفعہ ۳۵۲ ض م۔ س۔ نسبت حصول مثنیٰ وثیقہ وظیفہ۔	۲	

اقتدارات

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۸)
منجانب مرزا نصراللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

واقع ۲ سر اسفندارماہ الٰہی بابتہ ۱۳۳۳ف
نشان مثل (۲۹) تدوین صیغہ عام ۱۳۳۶ف

مقدمہ

ترمیم دفعہ (۵۰) ضابطہ ملازمت سرکار عالی

بتوثیق مراسلہ محکمۂ سرکار عالی صیغۂ فینانس ۱۸۵/۱۸۹ مورخہ ۲۷ سر بہمن ۱۳۳۳ف ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ (۵۰) کے تحت مندرجۂ ذیل توضیح قائم کی جاتی ہے۔

"توضیح۔ کوتوال بلدہ باجازت صدر المہام بہادر علاقہ کوتوالی بلدہ کی جمعیت عروب وسکھ و رواہل میں بلاتعین تعداد غیر ملکیوں کا تقرر کر سکیں گے۔

ف۲ پرچۂ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا۔ فقط

"Note to Article 50

This limit of 5 p.c. will not apply to Arabs, Rohillas and Sikhs in the City Police Force where with the permission of the Sadrul Moham, Police Dept., the Commissioner of Police can employ outsiders without any particular limit."

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان
(۲۲)
منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

واقع ۱۷ اردی بہشت ۱۳۲۵ف
نشان مثل ۴۳ بابتہ ۱۳۲۹ف
عام
شاخ (تدوین)

مقدمہ

صراحت اقتدار دربارہ تقررات و تبدلات عاملانہ خدمات زائد از یکصد روپیہ متعلقہ سرشت جات آبکاری و کروڑگیری وغیرہ

ذریعہ گشتی باب حکومت نشان (۱۲) بابتہ ۱۳۲۹ف فقرہ (۲) عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر نے صرف عملہ دفتر کے خدمات تا (سہ ماہ) کے تقررات وغیرہ کو کلا صدر المہامان متعلقہ کے تفویض فرمایا تھا۔ اور تمام عاملانہ خدمات زائد از یکصد کے تغیرات و تبدل مثلاً

انسپکٹران آبکاری - کروڑگیری وغیرہ کو حسب تنظیم باب حکومت اپنے اقتدار میں رکھا تھا۔
لیکن ایک کارروائی کے ضمن میں معلوم ہوا کہ بخلاف منشاء سرکار عالمانہ خدمات کے
تقررات و تبدلات کو بھی بلا حصول منظوری عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر جائز رکھا گیا
ہے - جو بالکل احکام سرکار کے خلاف ہے - لہذا بدنظر نیم سرکاری باب حکومت
نشان (۲۶) واقع ۱۲ امرداد ۱۳۳۴ف و نشان (۱۱۲) واقع ۴ مہر دے ۱۳۳۵ف
ہدایت دیجاتی ہے کہ تمام عالمانہ خدمات کے قائم مقامانہ مستقلانہ و امتحاناً تقررات و تبدل
جن کی ماہوار زائد از یکصد ہو (چاہے وہ ابتدائی ہو یا انتہائی) ہر حالت میں محتاج توثیق
صدارت عظمیٰ ہونگے - اور بلا حصول منظوری صدارت عظمیٰ ایسے تقررات و تبدلات
ناقابل قبول ہونگے - اور صیغہ تنقیح حساب سے انکی تنخواہیں ہرگز اجرا نہونگی - واضح باد کہ
یہ توثیق محض خالیہ جائیدادوں کے امتحاناً قائمقامانہ اور مستقل تقررات و تبدلات سے
متعلق ہے نہ کہ زمانہ رخصت کے انتظام منصرانہ یا تعیناتی سے جس کا اقتدار حسب گشتی
محولہ صدر فقرہ (۴) اقتداری نواب صدر المہام بہادر علاقہ ہے - پس براہ کرم آئندہ سے
حسبہ عمل ہو فقط

قواعد ملازمت وایصال ماوجب

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۶ آذر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
نشان (۳) — نشان مثل (۱۸) بابتہ ۱۳۳۴ف
منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار اصاحبان ملک سرکار عالی
مقدمہ
تصحیح گشتی ۳۳ بابتہ ۱۳۳۴ف

بسلسلہ گشتی دفتر ہذا نشان ۳۳ مورخہ ۳ مہر ۱۳۳۴ف ترقیم ہے کہ گشتی مذکور کی تمثیل میں بجائے (۱۰۰) کے سہو کتابت سے (۱۰۰۰) طبع ہوئے ہیں۔ براہ کرم اس کی صحت فرمالیجائے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۶ آذر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
نشان (۵) — نشان مثل (۱۰) صیغہ عام بابتہ ۱۳۳۵ف
منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ممالک محروسہ سرکار عالی
طلبی صداقت نامہ کامیابی متعلق امتحانات جدید مامورشدہ بعد انقضائے ۱۳۳۵ف۔

تعارف کارروائی کے لئے ازراہ کرم قواعد عام مسلکہ گشتی دفتر ہذا نشان ۲ مورخہ ۲۴ آذر ۱۳۳۱ف کا فقرہ (۵) اور رپورٹ کمیشن قرارداد تنخواہ عمال وملازمین کا فقرہ (۱۶) ملاحظہ فرمائی۔ بمتابعت فقرہ (۱۶) رپورٹ مذکور وحسب مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ فینانس نشان ۱۲ صیغہ کلیات مورخہ ۶ آذر ۱۳۳۵ف کم آذر ۱۳۳۶ف سے تیس اور اوس سے بالاتر تنخواہ کی جائداد پر جو تقرر عمل میں آئے گا۔ شخص مامور کے لئے میٹریکیولیشن یا اوس سے مساوی درجہ کے امتحان کی سند کامیابی لازم آئے گی اور برآورد آذر ۱۳۳۶ف میں جن نو مامور اصحاب کی تنخواہ شریک ہوگی۔ صیغہ تنقیح اون کی تنخواہ اوسی حالت میں جاری کرسکے گا کہ برآورد کے ساتھ صداقتنامہ دستخطی افسر مجاز تقرر اس مضمون کا منسلک رہے کہ۔

"مسمی ولد نے
امتحان میں یونیورسٹی"
سے
سنہ میں
"کامیابی حاصل کی ہے اصل سند کے دیکھنے کے بعد یہ صداقتنامہ مرتب کیا گیا"

امید ہے کہ یکم آذر ۱۳۳۶ف سے افسران مجاز تقرر کی تو جسبۂ عمل ہونیکے متعلق معذول ہوگی تاحوقواعد بارگاہ شاہی سے شرف قبولیت حاصل کر چکے ہیں اونکی تعمیل ہو اور نو ماسورا صحاب کی تنخواہ حسب ضابطہ بروقت صیغہ تنقیح سے اجرا ہو سکے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۹ بہمن ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف

نشان (۶) — نشان مثل (۲۴) صیغہ عام ۱۳۳۲ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

ایصال سالم ہوار بزمانہ معطلی

ذریعہ مراسلہ فینانس ۱۹۴/۱۹۵ مورخہ ۲۶ بہمن ۱۳۳۰ف (مندرجہ مجموعہ مطبوعہ احکام سررشتہ حساب و فینانس بابتہ ۱۳۳۰ف) یہ تصفیہ کیا گیا تھا کہ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ (۱۴۰ و ۱۴۱) ایک دوسرے سے متحد ہیں۔ صورت متذکرہ دفعہ (۱۴۱) ضمن الف سے استفادہ کے لئے جائداد میں سالم الونس کی ادائی کے لئے گنجائش کا ہونا لازمی ہے۔ گنجائش نہ ہونے کی صورت میں دفتر فینانس کی منظوری لازمی ہے۔ اب ذریعہ مراسلہ فینانس ۱۵۲۵/۱۵۲۵ مورخہ ۱۹ امرداد ۱۳۳۲ف یہ تصفیہ کیا گیا ہے کہ وہ احکام محض اس نظر سے جاری کئے گئے تھے کہ تصفیہ مقدمات معطلی میں طوالت نہ ہو جس سے سرکار پر بقایا وغیرہ کا کثیر بار عائد ہو۔ چونکہ توضیح دفعہ (۱۳۹) ضابطہ ملازمت میں تصفیہ مقدمات معطلی کی انتہائی مدت چھ ماہ مقرر کر دیگئی ہے۔ اس لئے صرف انہیں مقدمات میں منظوری فینانس پر اصرار کیا جائے جن کے تصفیہ میں زائد از شش ماہ کی مدت گزری ہو لیکن دفعہ (۱۴۱) ضابطہ ملازمت میں اس قسم کی کوئی شرط ادائی تنخواہ کے لئے عائد نہیں کی گئی ہے۔ اور دفعہ (۱۳۹) ضابطہ مذکور سے تجاوز کی صورت میں بلحاظ اس کے کہ کثیر رقم بقایا کی ادائی لازم آنی ممکن ہے اور نیز اس خیال سے کہ تحقیقات ختم ہونے کے ایک عرصہ کے بعد عہدہ داران بالادست کے تغیر و تبدل کی وجہ سے کوئی شخص سابقہ تصفیہ کو بلا اذن فینانس منسوخ نہ کرا سکے اس لئے اس امر کی ضرورت ہے کہ محکمہ فینانس کی منظوری پر اصرار کیا جائے۔ پس آئندہ ازراہ کرم حسب صراحت بالا عمل فرمایا جائے مخفی نہ رہے کہ وضاحت بالا تنخواہ بزمانہ معطلی سے متعلق ہے شخص معطل شدہ کے الونس گرانی کے متعلق جو احکام ذریعہ مراسلہ محکمہ فینانس

۸۵۶ صیغہ کلیات مورخہ ۳ر امرداد ۱۳۳۲ف اجرا ہوئے ہیں وہ حسب حال بحال رہیں گے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۲ر امرداد ۱۳۳۵ف

نشان مجاریہ (۲۹) — نشان مثل (۱۰۵) بابتہ ۱۳۳۲ف شاخ عام

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

ترمیم توضیح دفعہ ۹۶ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی متعلق اجرائی اضافہ جائداد اکتساب شدہ قبل نفاذ ٹائم اسکیل

سلسلہ گشتی دفتر ہذا نشان (۲۳) مورخہ ۲۶ر امرداد ۱۳۳۲ف جو بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس ۲۵۲/۱۳۳۲ مجریہ صیغہ کلیات مورخہ ۲۳ر اسفندار ۱۳۳۵ف

عبارت توضیح دفعہ (۹۶) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے خاتمہ پر الفاظ ذیل اضافہ کئے جاتے ہیں:۔

"بشرطیکہ عہدہ دار متعلق اس کو پسند کرے"۔

Add the following words to the end of the note to Article No. 96 H. C. S. R. "Provided he prefers it."

ف ۲ پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۹ر آبان ۱۳۳۵ف

نشان (۴۰) — نشان مثل ۱۴۲ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی


خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

عروب قدیم کو توالی بلدہ کے حقوق رضا و رخصت کا ضابطہ فوج بیقاعدہ سے متعلق کیا جانا۔

بارگاہ خسروی سے ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس ۵۹۶/۵۹۸ مورخہ ۲۲ر مہر ۱۳۳۵ف مجریہ صیغہ کلیات یہ حکم شرفصدور پا چکا ہے کہ کوتوالی بلدہ کے عروب کو وہی حقوق حاصل رہیں گے جو علاقہ نظم کے عروب کو علاقہ مذکور میں حاصل ہیں مگر اون کو سیول ملازمین کے مانند وظیفہ پانے کا استحقاق نہ ہوگا۔ لہذا ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ (۹) ضمن (ب) میں بجائے الفاظ عروب جمعیت بیقاعدہ متعینہ کوتوالی بلدہ" کے الفاظ "عروب علاقہ کوتوالی اضلاع و بلدہ" ذریعہ ہذا قایم کئے جاتے ہیں۔

ف ۲۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا فقط



رخصت

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۹)

واقع ۱۷ر اسفندار ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۳۲) صیغہ عام ۱۳۳۴ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

ترمیم توضیح دفعہ (۵۸) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی۔
مقدمہ

بسلسلہ گشتی دفتر ہذا ۳۸ مورخہ ۱۶ر مہر ۱۳۳۴ف نگارش ہے کہ گشتی مذکورہ کے توضیح اول سطر دوم میں بجائے "وہ اس صورت میں عمل میں نہ آسکیگی" کے تبرک لفظ "نہ" الفاظ "وہ اس صورت میں عمل میں آسکیگی" طبع ہوگئے ہیں چنانچہ اسکے مقابل کی انگریزی عبارت صحت کے ساتھ طبع و موجود ہے۔ پس براہ کرم حسبہ اصلاح فرمالیجائے۔

ت۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۵)

واقع ۲۱ر فروردی ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ۹ صیغہ عام بابتہ ۱۳۳۲ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

صحت ترجمہ دفعہ (۱۸۰) ضابطہ ملازمت
مقدمہ

بحوالہ گشتی دفتر ہذا نشان (۵) مورخہ ۷ر بہمن ۱۳۳۴ف بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس ۴۷ صیغہ کلیات مورخہ ۲۲ر آذر ۱۳۳۵ف

انگریزی ترجمہ استثنا ردفعہ (۱۸۰) ضابطہ ملازمت سیول سے عبارت مصرحہ حاشیہ حذف کی جاتی ہے فقط

Omit the words "Since his last return from Privilege leave" from the Exception to Artiele 180 H. C S. R.

ت۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۸)

واقع ۳۱ر فروردی بابتہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۶۴) صیغہ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

توضیح تحت دفعات ۲۱۰ و ۲۱۱ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

بتوثیق مراسلہ محکمۂ فینانس نمبر ۲۶۲ مورخہ ۲۶ اسفندار ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ ضابطۂ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعات (۲۱۰ و ۲۱۱) کے تحت مضمون ذیل کی توضیح ذریعہ ہذا قائم کی جاتی ہے :-

توضیح - "پرائمری کے جماعت اعلیٰ کے یکسالہ نصاب اندرون ممالک محروسہ سرکار عالی کے لئے جو مدرسین منتخب کئے جائیں اونکی رخصت کے متعلق بھی وہی رعایت مرعی رہیگی جو دفعات (۲۱۰ و ۲۱۱) مرقوم الصدر میں بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کے لئے جائز رکھی گئی ہے" فقط

Note

"The concession allowed under Articles 210 and 211 above for training outside the Dominions will also be applicable to those teachers who are selected to undergo one year's course of Higher Primary Training within H. E. H.'S. Dominions"

و ۲ پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
(۲۷)
نشان

واقع ۷ سرامرداد ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل نمبر ۹ بابتہ ۱۳۳۳ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

عطائے رخصت ماہوار پیشگی برائے حج و زیارات

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس نشان (۳۴۵) مورخہ ۱۳ اردی بہشت ۱۳۳۵ف و بہ توضیح گشتی دفتر ہذا نشان (۵) مورخہ ۷ بہمن ۱۳۳۴ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ منظوری رخصت خاص بغرض حج و زیارت مع تنخواہ پیشگی کے معاملات اقتداری عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر ہیں۔ پس براہ کرم بپابندی ہدایات مندرجہ گشتی محولہ صدر تعمیل فرمائی جائے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۳ سر مهر سنہ ۱۳۳۵ف


نشان (۳۳) — نشانشل ۹ عام سنہ ۱۳۳۳ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

عطائے رخصت و اجرا پیشگی برائے حج و زیارات

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس نمبر ۴۷۰ مورخہ ۳ سر امرداد سنہ ۱۳۳۵ف و بہ توضیح گشتیات دفتر ہذا نمبر ۵ مورخہ ۱ سر بہمن سنہ ۱۳۳۴ف و نمبر ۲۷ مورخہ ۱ سر امرداد سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ بروئے احکام نافذہ پیشگی تنخواہ کی ادائی صرف زمانۂ رخصت خاص ہی تک محدود متصور ہوگی۔ دوسری متصلہ رخصتوں کے زمانہ میں پیشگی تنخواہ کی ادائی جائز نہ ہوگی پس حسبہ تعمیل فرمائی جاوے فقط



وظیفہ

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴)

واقع ۲۶ سر آذر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۲۱) بابتہ ۱۳۳۶ف
عام
مقدمہ

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

قیام توضیح تحت دفعہ (۲۸۷) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

بتوثیق مراسلہ محکمۂ فینانس سرکار عالی نشان ۹۰۹ صیغۂ کلیات مورخہ ۱۶ سر آبان ۱۳۳۴ف دفعہ (۲۸۷) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے تحت حسب ذیل توضیح قائم کیجاتی ہے۔

توضیح "۔ اگر کوئی ملازم بحالت اقامت بیرون ممالک محروسۂ سرکار عالی وظیفہ معذوری کی درخواست پیش کرے تو بہ مماثلت برٹش انڈیا حاکم مجاز منظوری وظیفہ برٹش انڈیا کے سیول سرجن یا کمیشنڈ میڈیکل افسر کا معطیہ صداقتنامہ معذوری بغرض عطائے وظیفہ قبول کر سکتا ہے بشرطیکہ صداقت نامہ مذکور دفعہ (۲۸۶) ضابطۂ ملازمت کے مندرجہ نمونہ کے مطابق ہو اور جبکہ گزیٹیڈ ملازم کے بیرون ملک سرکار عالی رہنے کی وجہ سے یہاں میڈیکل بورڈ کا قیام دشوار ہو یا وظیفہ خواہ کو میڈیکل بورڈ میں حاضر کرنا خالی از دقت نہ ہو"۔

۲۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شائع کیا جائیگا۔

"If any officer staying outside the Dominions applies for invalid pension, the authority which sanctions the pension may, as in British India, accept a certificate given by a Civil Surgeon or Commissioned Medical officer of British India, provided it is in the form prescribed in Article 286 H. C. S. R. and it is not possible to convene a Medical Board owing to a Gazetted officer staying outside the Dominions or cause him to appear before a Medical Board on account of his health."

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان بمباریہ (۱۶)

واقع ۲۱ سر فروردی ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ۹۳ بابتہ ۱۳۳۶ف
شائع (تدوین) صیغہ عام

بجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی	مقدمہ ترمیم استثنار تحت دفعہ (۳۲۵) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

بوصول مراسلہ محکمہ فینانس نمبر ۱۱۶ مورخہ ۲۶ مہ دے سنہ ۱۳۳۵ف حسب الحکم جناب نواب صدر المہام بہادر فینانس بمقدمہ مندرجہ صدر نگارش ہے کہ استثنار دفعہ ۳۲۵ ضابطہ ملازمت سرکار عالی میں حسب ذیل ترمیم کیجاتی ہے۔

بجائے "ضمن (ھ) دفعہ (۱۰)" کے "ضمن (د) دفعہ (۱۰)" پڑھا جائے فقط

Article 325 Exception
For " clause (e) " read " clause (d)"

۲۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شائع کیا جاویگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی	واقع ۱۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف
(۲۱) نشان	مشمولہ مثل (۶۰) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف شاخ (تدوین) عام
منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی	مقدمہ عدم لحاظ کسرات آنہ بوقت منتقلی وظائف بعلاقہ سرکار عظمت مدار۔

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس نشان ۲۶۸۳/۲۶۸۴ مورخہ ۳۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۲ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ ۳۰۹ کے تحت میں توضیح ذیل قائم کی جاتی ہے۔

توضیح۔ "بصورت منتقلی وظیفہ بعلاقہ سرکار عظمت مدار سکہ شمانیہ سے سکہ کلدار میں بھی وظیفہ کا تعین تحت قاعدہ مندرجہ دفعہ مذکورہ بالا عمل میں آئیگا" فقط	Insert the following as note to Article 309 H. C. S. R. "A pension which is transferred to British India is converted from O. S. to B. G. Rupees also under the principle laid down in the Article mentioned above."

۲۔ پرچہ ترمیمی متعاقب شائع ہوگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۰ تیر ۱۳۳۵ف
نشان (۲۵) — نشانی شمل ۹۲ عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی — مقدمہ
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی — منظوری تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف

بوصول مراسلہ محکمہ فینانس ۴۵۴ (مجریہ صیغہ تخفیف مصارف) مورخہ یکم تیر ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہیکہ بضمن منظوری تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف ارشاد مبارک خسروی ہوا ہے کہ

"جو ملازمین اپنی عمر (۵۵) سال ہونیکے قبل ہی اپنی خوشی و رضامندی سے حسب ضابطہ وظیفہ کی درخواست کریں تو اوسکی منظوری کیلئے ڈاکٹری سرٹیفکٹ وغیرہ کی قید مانع نہوگی"

بناءً علیہ ذریعہ ہذا مطلع کیا جاتا ہے کہ اعلیٰ اور ادنیٰ ملازمین سرکار کے متعلق ضابطہ ملازمت بیصول سرکار عالی کے دفعات (۳۰۲ و ۳۰۳) میں ضروری ترمیم ہونے تک جن دفاتر میں جائدادین تخفیف شدنی قرار دیجاچکی ہیں وہاں خلوئے جائداد پر مہربانی سے تخفیف عمل میں لائی جائے۔ نیز ایسے دفاتر میں تاتکمیل تخفیف ملازمین کی عمر (۵۵) سال کی ہوجانے یا توسیع منظورہ کے اختتام پر کوئی مزید توسیع نہ دیجائے۔

ف ۲ اسبارہ میں جملہ صیغہ ہائے تنقیح حساب بلدہ و انضلاع پر بھی واجب کیا جاتا ہے کہ حسب صراحت صدر عمل آوری کی کماحقہ نگرانی کریں فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۳۰ امرداد ۱۳۳۵ف
(۳۲) — نشانی شمل (۹۲) مابتہ ۱۳۳۵ف
نشان — شاخ (تدوین) صیغہ عام

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی — مقدمہ
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی — منظوری تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس نشان (۴۰۰) مورخہ ۲۰ تیر ۱۳۳۵ف بمقدمہ مذکورہ عنوان نگارش ہے کہ رعایت مندرجہ گشتی دفتر ہذا نشان (۲۵) مورخہ ۲۱ تیر ۱۳۳۵ف کی

نسبت حسب ذیل وضاحت کیجاتی ہے:-

(۱) یہہ رعایت ملازمین درجہ اعلیٰ و ادنےٰ ہر دو سے متعلق ہوگی۔

(۲) یہہ رعایت صرف انہیں سررشتہ جات و دفاتر میں مرعی رکھی جائیگی جہاں جائدادہائے عہدہ داراں یا عملہ یا ملازمین کی تحقیقات تجویز کی گئی ہیں تاکہ تخفیف شدنی جائدادوں کا عمل زود تر ہو سکے اور صرف اوسی وقت تک نافذالعمل رہیگی جب تک کہ تحقیقات مجوزہ کی تکمیل نہ ہو جائے۔ براہ کرم حسبۂ تعمیل و پابندی فرمائی جائے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۱)

واقع ۲۹ ہر آبان ۱۳۳۵ف
نشان مسل ۱۴۲ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

منجانب ذوالنصرالله خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

قیام استثنار تحت دفعہ ۳۵۴ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس ۵۹۶ مورخہ ۲۳ ہر مہر ۱۳۳۵ف مجریہ صیغہ کلیات بمتابعت منظوری صدارت عظمیٰ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ ۳۵۴ کے تحت استثنار ذیل قایم کیجاتی ہے۔

استثنار:- جو عہدہ دار (صار) یا اس سے زیادہ تنخواہ پاتے ہیں وہ اپنے مختار کے ذریعہ سے اپنا شخصی وثیقہ وظیفہ حاصل کر سکیں گے اور اپنا نمونۂ دستخط اپنا مصدقہ علیحدہ کاغذ پر خزانہ متعلقہ پر بھیجدینگے۔ جو وثیقہ وظیفہ پر چسپان کر لیا جائیگا۔" فقط

Exception to Article 354

An officer drawing a salary of Rs. 500 and above can obtain through his Agent the duplicate of the permanent payment order and he will send to the treasury concerned his specimen signature duly certified by him on a separate sheet of paper which will be pasted to the permanent payment order.

۲۔ یہ حکم بھی مناقب متابع ہوگا۔

سفر خرچ

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۹)
منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

واقع ۳۱ سر فروردی بابتہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۱۰) صیغہ عام بابتہ ۱۳۳۳ف

مقدمہ

ترمیم دفعہ ۵۱۷ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی

بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس نشان ۲۸۰ صیغہ کلیات مورخہ ۸ مرفروردی ۱۳۳۵ف ضابطۂ ملازمت سیول کے دفعہ (۵۱۷) کی توضیح میں بجائے "یکم فروردی ۱۳۳۲ف" کے "یکم فروردی ۱۳۳۵ف" درج کیا جائے۔

Substitute " First Farwardi 1335 F "
for " First Farwardi 1332 F "in the note
to Article No. 517 II. C. S. R.

ع پرچہ ترمیمی متعاقب شایع ہوگا۔

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
(۲۰)
نشان
منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

واقع ۱۷ اردی بہشت ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ۱۷۲ بابتہ ۱۳۳۲ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

مقدمہ

ترمیمات قواعد بھتہ و سفر خرچ مندرجۂ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی۔

بتوثیق مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس نشان (۳۸۸) مورخہ ۱۱ اردی بہشت ۱۳۳۵ف بہ تعمیل فرمان خسروی ضابطۂ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعات مندرجۂ ذیل میں ذریعۂ ہذا ضروری اضافہ۔ ترمیم و تنسیخ کیجاتی ہے نیز ایما کیا جاتا ہے کہ جملہ سرشتہ جات کی مجموعی گنجایش دورہ و بھتہ مشترکہ موازنہ ۱۳۳۴ف رقمی (سولہ لکھ عدد) میں سے بھتہ مدامی کی منہائی کے بعد جو گنجایش دورہ و بھتہ باقی رہتی ہے اوسمیں بلحاظ قواعد مرمہ صرف ۱۳۳۵ف کیلئے (۲۰) فیصدی کی کمی کرکے باقی گنجایش کی حد تک سرشتہ جات کے

مطالبہ پر اجرائی ہوا کریگی اور سررشتہ کو توالی اضلاع و خفیہ پولیس اضلاع (جنکو اس سے قبل ذریعہ مراسلہ محکمہ فینانس ۲۵۷/۲۵۸ مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۵ف جملہ رقم مشترکہ موازنہ ۱۳۳۴ف کی حد تک صرف کرنے کی اجازت دیگئی تھی) کے نسبت بھی یہی عمل ہوگا۔ کہ قواعد مرقمہ سررشتہ جات مذکورسے بھی متعلق ہونگے"

مدارج افسران دفعہ (۴۴)

درجہ اول - بجائے "انتہائی تنخواہ (اما صہ) یا اوس سے متجاوز" کے "حقیقی تنخواہ (صمار) یا اوس سے زیادہ" درج ہو۔ اور ضمیمہ (د) منسوخ متصور ہو۔

درجہ دوم - بجائے "انتہائی تنخواہ (مار) یا اوس سے متجاوز" کے "حقیقی تنخواہ (ماصہ) یا اس سے زیادہ" درج ہو۔

شروح کرایہ ریلوے دفعہ (۴۵۱)

دفعہ (۴۵۱) سے الفاظ "ملازم درجہ اول دوم یا سوم ..... سفر کرنے کا مستحق ہو" حذف کئے جائیں اور عبارت ذیل قائم کیجائے۔

(۱) آیندہ سے ملازمین درجہ اول کو درجہ اول کا (۱ ۱/۲) گنا کرایہ ریل دیا جائے گا۔ مگر درجہ دوم کو (۱ ۲/۳) درجہ دوم کا کرایہ ریل ایسال ہوگا۔

(۲) (مار) روپیہ یا اس سے زیادہ ماہوار پانے والے ملازمین درجہ سوم کو سفر ریل کی صورت میں انٹرمیڈیٹ گاڑی کے کرایہ کا (۱ ۳/۵) دیا جائیگا جب تک انٹرمیڈیٹ گاڑیاں نہ چلیں اوسوقت تک وہ سکنڈ میں سفر کرسکینگے اور سکنڈ کے کرایہ کا (۱ ۳/۵) پاسکینگے بشرطیکہ وہ صداقت نامہ پیش کریں کہ اوں کے ساتھ خانگی نوکر بھی تھا ورنہ اُن کو ونیز ایسے ملازمین درجہ سوم کو جنکی تنخواہ (مار) سے کم ہو درجہ سوم کا ایک کرایہ اور علاوہ اس کے معمولی بھتہ روزانہ دیا جائیگا۔ لیکن درجہ سوم کا ایک کرایہ اور معمولی بھتہ روزآنہ پانیکے عوض میں عمال ذیل کو باوجود انکی ماہوار (مار) سے کم ہونے کے بلحاظ عہدہ انٹرمیڈیٹ میں سفر کی اجازت ہوگی اور وہ انٹرمیڈیٹ کا کرایہ (۱ ۳/۵) بطور سفر خرچ پاسکینگے جب تک انٹرمیڈیٹ گاڑیاں نہ چلیں وہ انھیں شرائط پر درجہ سوم میں سفر کرسکینگے

جو دوسرے ملازمین درجہ سوم کیلئے مقرر کئے گئے ہیں۔

(۱)۔ میر منشی یعنے نائب منتظم دفاتر اول تعلقداران۔

(۲)۔ پیشکار دفاتر تحصیلات۔

(۳)۔ سرویرز بندوبست۔

(۴)۔ رینجر سررشتہ جنگلات۔

(۵)۔ ناظران سررشتہ پٹہ۔

(۶)۔ سررشتہ داران دفاتر نظامت عدالت ضلع۔

(۷)۔ وٹرنری اسسٹنٹ سررشتہ علاج حیوانات۔

(۸)۔ سینٹیری انسپکٹر سررشتہ طبابت۔

(۹)۔ اوورسیرز سررشتہ تعمیرات۔

نوٹ۔ سب انسپکٹر پولیس اس فہرست میں اسلئے شامل نہیں کئے گئے کہ ریلوے سے معاہدہ کے مطابق وہ پہلا درجہ کا کرایہ دیکر اوپر کے درجہ میں سفر کر سکتے ہیں۔

میلانہ بصورت سفر بذریعہ سڑک دفعہ (۴۵۵)

ضمن (الف)

عہدہ داران درجہ اول و دوم کو "سفر زاید از بست میل کے بابتہ میلانہ علی الترتیب بحساب ۸ ر و ۴ ر فی میل ایصال ہوگا" کے سلسلہ میں بقیام نوٹ عبارت ذیل اضافہ کیجائے۔

"پہلے بست میل کے بابتہ معمولی روزانہ بھتہ ایصال ہوگا۔ اور اس کے علاوہ اوس فاصلہ پر جو پہلے بست میل کے اخراج کے بعد برآمد ہوتا ہو موجودہ شرح کے لحاظ سے میلانہ ادا ہوگا۔ مثلاً اکیس (۲۱) میل کے سفر کے بابتہ روزانہ بھتہ اور اس کے علاوہ صرف ایک میل کے بابتہ میلانہ ایصال ہوگا۔ تیس میل کے سفر کے بابتہ روزانہ بھتہ اور صرف دس (۱۰) میل کے لئے میلانہ ایصال ہوگا"

کرایہ کی سواری پر سفر دفعہ (۴۵۵)

ضمن (ب)

موجودہ عبارت ضمن مذکور میں سے الفاظ "کرایہ کا المضاعف ایصال ہوگا" حذف کئے جائیں اور الفاظ "اور روزانہ بھتہ ایصال ہوگا" اضافہ کئے جائیں۔

بھتہ روزانہ دفعہ (۴۸۱)

دفعہ مذکور کی جملہ ضمنوں میں باستثناء ضمن (ز) حسب ذیل ترمیم و اضافہ ہو اور ضمیمہ (ح) منسوخ متصور ہو۔

(الف) بجائے (عہ) کے (ہے)

(ب) بجائے (ہے) کے (لئے) اور بجائے (الـــہ) کے (آلے)

(ج) بجائے سابقہ ضمن (ج و د) کے "دیگر جملہ افسران درجہ اول (صدر)"

(د) ضم بضمن (ج)

(ہ) بجائے "انتہائی تنخواہ کے" الفاظ "حقیقی یافت (جس پر بھتہ کا حساب لگایا جائیگا)"

(و) 〃 〃 〃 〃

اخراجات نقل و حرکت اسباب دورہ واپسی وغیرہ دفعہ (۴۸۱)

دفعہ مذکور کے تحت بقیام توضیح نمبر (۳) عبارت ذیل اضافہ کیجائے۔

توضیح:۔ ملازمان سرکاری مجاز ہیں کہ وہ اپنے گھوڑے۔ یابو۔ بیل۔ ٹانگہ۔ موٹر کار موٹر سیکل۔ بائیسکل یا اسباب دورہ بذریعہ ریل بھیجنے کی صورت میں وزیر صیغہ کے خاص حکم کے تحت اپنے معمولی بھتہ وغیرہ کے علاوہ مذکور الصدر اشیاء کا ریلوی کرایہ بھی بشرائط مندرجہ دفعہ ہذا حاصل کریں۔

نوٹ۔ جبکہ گھوڑے۔ ٹانگہ۔ موٹر کار وغیرہ کا بذریعہ ریلوئے ہمراہ ملازم لیجانا صدر المہام سررشتہ کی رائے میں ضروری متصور ہو تو ملازم کو یہہ اجازت دیجاسکتی ہے کہ وہ مقام فائزہ میں ایسی سواری کرایہ پر لے بشرطیکہ ایسی سواری کے اخراجات کرایہ کسی صورت میں ذاتی سواری وغیرہ کے کرایہ ریل سے زیادہ نہوں صدر المہامان علاقہ ایسی اجازت خاص صورتوں میں باظہار وجوہ دیا کریں گے۔"

پہاڑی مقامات کا سفر دفعہ (۴۹۹)

موجودہ عبارت دفعہ مذکور کے تحت عبارت ذیل بقیام توضیح اضافہ کیجائے۔
توضیح:۔ ہر صورت میں خاص احکام کے تحت تصفیہ ہوگا۔"

پریسیڈنسی ٹاؤن کا سفر دفعہ (۵۰۱)

دفعہ مذکور کی عبارت "حسب شرح ذیل روزانہ بھتہ ادا کیا جائیگا" و "ضمن الف تا د" حذف ہوں اور عبارت ذیل قائم کی جائے۔
"اور ایسے سفروں کی بابتہ کل ملازمین کو معمولی بھتہ کا دوچند سکہ کلدار میں ادا ہوگا"

قواعد سفر خرچ بحالت تبادلہ دفعہ (۵۰۴)

دفعہ مذکور کے تحت بقیام توضیح عبارت ذیل اضافہ کی جائے۔
توضیح:۔ ملازمین سرکاری کو تبادلہ کی صورت میں حسب ذیل اخراجات سفر ادا ہوسکینگے بشرطیکہ اس کے خلاف از روئے قواعد یا احکام خاص کوئی دوسرا تصفیہ نہ ہو۔ ہر سرکاری ملازم کو ایسے سفر کے بابتہ جو بربنا تبادلہ لاحق ہو مندرجہ ذیل سہولتیں عطا ہوسکیں گی۔

جزو اول سفر بذریعہ ریل

(الف)۔ بصورت سفر بذریعہ ریل ملازم سرکار کو اوس درجہ کا المضاعف کرایہ دیا جاسکے گا جس میں وہ سفر کرنیکا مجاز ہے۔

(ب)۔ متعلقین کو لیجانے کی صورت میں حقیقی خرچ دیا جاسکتا ہے بشرطیکہ وہ کسی صورت میں اس درجہ کے دوہرے کرایہ سے زیادہ نہ ہو جس میں ملازم سفر کرسکتا ہے۔

(ج)۔ اثاث البیت کو بذریعہ گوڈس ٹرین لیجانیکی صورت میں حقیقی کرایہ دیا جاسکے گا جسکا وزن انتہائی حسب ذیل ہوگا۔

انتہائی وزن

	اگر تنہا سفر ہو	اگر مع عیال و اطفال ہو۔
درجہ اول۔	۱۵ من	۲۵ من
" دوم۔	۱۰ من	۱۲½ من
" سوم۔	۵ من	۸ من

سررشتہ متعلقہ کے صوابدید پر اس سے بھی کم انتہائی وزن خاص افسروں کے لئے مقرر کیا جا سکتا ہے۔

نوٹ۔ اگر کوئی ملازم بجائے گوڈس ٹرین کے بذریعہ پاسنجر ٹرین اپنا اثاثہ لیجائے تو وہ اسکے متعلق حقیقی کرایہ پا سکتا ہے بشرطیکہ اوس کی رقم مندرجہ صدر وزن کے مال کو بذریعہ گوڈس ٹرین لیجانے میں جو صرفہ ہوتا ہوا وس سے کسی صورت میں زاید نہ ہو۔

(ج)۔ گھوڑا یا دیگر سواری بذریعہ ریل ہمراہ جانیکی صورت میں جسکے نفع و نقصان کے خود مالک ذمہ دار ہونگے اوس کا حقیقی کرایہ ریل بموجب اسکیل مندرجہ حاشیہ ادا ہوسکیگا بشرطیکہ

(۱) سفر بحالت تبادلہ (۵۰) میل سے زاید ہو
(۲) سفر ایسے مقام پر ہو جہاں گھوڑا یا دیگر سواری کا رکھنا اغراض سرکاری کیلئے مفید ہو
(۳) گھوڑا یا دیگر سواری بذریعہ ریل ہمراہ رکھی گئی ہو

(۱) ملازم درجہ اول۔ دو گھوڑے و گاڑی یا ایک موٹر کار یا موٹر سیکل
(۲) ملازم درجہ دوم۔ ایک گھوڑا و گاڑی یا موٹر سیکل
(۳) ملازم درجہ سوم۔ ایک گھوڑا یا موٹر سیکل یا بائیسیکل۔

نوٹ۔ موٹر کار لے جانے کی صورت میں شوفر یا کلینر کا اور گھوڑا لے جانیکی صورت میں ہر ایک گھوڑے کے بابتہ ایک سائیس کا کرایہ حقیقی ایصال ہو سکے گا۔

جزو دوم سفر بذریعہ سڑک

(الف)۔ اگر سفر بذریعہ سڑک ہوا ہو تو ایک زاید میلانہ اوس شرح سے جسکا وہ مستحق ہو اوسکو ایصال ہو سکے گا یعنے المضاعف میلانہ دیا جا سکے گا۔

(ب)۔ اگر دو متعلقین اوسکے ہمراہ ہوں تو (الف) کے علاوہ مزید ایک میلانہ اوس کو

ایصال ہو سکیگا اور دو سے زاید متعلقین ہمراہ ہوں تو (الف) کے علاوہ دو مزید میلانے ایصال ہوں گے۔

(ج)۔ اثاث البیت کے لئے جو حقیقی بنڈیاں لگائی گئی ہوں اونکا حقیقی کرایہ سرکار سے دیا جا سکے گا بشرطیکہ ایسا کرایہ اسکیل ذیل سے زاید نہ ہو۔

	بحالت تنہا۔	بحالت سفر مع عیال
ملازم درجہ اول۔	۲ بنڈی	۳ بنڈی
ملازم درجہ دوم۔	۱ بنڈی	۲ بنڈی
ملازم درجہ سوم۔	۱ کھاچر	۱ بنڈی

تصریحات

(الف)۔ موٹر سیکل میں سائیڈ کار بھی شامل ہوگی۔

(ب)۔ ملازم کے متعلقین میں سے جو کوئی شخص ایک ماہ قبل تبادلہ یا ایک ماہ بعد تک سفر کریگا وہ ملازم کا ہمراہی متصور ہوگا۔ اگر ایسا شخص ملازم متبدلہ کے مقام متبدل علیہ کو مقام متبدل منہ کے کسی مغائر مقام سے سفر کرے تو اوسکو مقام متبدل منہ یا مقام مغائر کے سفر کے وہ اخراجات دئے جائینگے جو دونوں میں نسبتاً کم ہوں۔

(ج)۔ اگر کوئی ملازم معمولی سفر خرچ سے زاید رقم کا مطالبہ اس بنا پر کرے کہ اوس کے متعلقین اوسکے ہمراہ تھے تو اوسکو چاہیئے کہ اپنے مطالبہ کے ثبوت میں ایک صداقتنامہ پیش کرے جس میں متعلقین ہمراہی اور اون کے رشتہ کی صراحت ہو۔

(د)۔ اگر کوئی ملازم اپنے اثاث البیت یا سواری یا گھوڑا وغیرہ لے جانیکے اخراجات کا مطالبہ کرے تو اوسکو چاہیئے کہ اپنے مطالبہ کی تصدیق میں ایک سرٹیفکٹ اس امر کا پیش کرے کہ حقیقی اخراجات رقم مطالبہ سے کم نہ تھے ایسے صداقتنامہ میں گھوڑا و سواری وغیرہ کی پوری صراحت ہونی چاہیئے۔

نوٹ۔ ملازمین متبدلہ کے متعلق ضابطہ میں پہلے سے جو شرط ہے کہ "ذاتی درخواست یا بدروشی کی وجہ اگر تبادلہ ہو تو سفر خرچ نہیں ملے گا" وہ تو بحال رہیگی لیکن ترقی مستقلانہ یا قائم مقامانہ کی صورت میں جو ایک درجہ سے دوسرے درجہ پر نہیں بلکہ

ایک عہدہ سے دوسرے زیادہ تنخواہ کے عہدہ پر ہو دورہ کے معمولی قواعد بھتہ کے تحت ہی سفر خرچ ایصال ہوگا البتہ ترقی منصرمانہ کیلئے یہہ قید عاید نہ ہوگی"

ف:- پرچہ جات ترمیمی متعاقب شایع ہونگے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۵)

واقع ۲۶ مہر ۱۳۳۵ف
نشانمثل ۱۳۴ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

منجانب ذوالنصرالله خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ داران صاحبان ملک سرکار عالی

تبدیل نام الونس سپ انسپکٹران و سب انسپکٹران کو توالی

بہ توثیق مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس ۵۸۱/۵۸۲ (مجریہ صیغہ کلیات) مورخہ ۱۰ مہر ۱۳۳۵ف بمنابعت منظوری صدارت عظمیٰ ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے ضمیمہ (ط) محولہ دفعہ (۴۹۰) میں اندراجات متعلقہ سلسلہ نمبرات ۲۹ تا ۳۴ کے محاذی خانہ (۴) میں بجائے "الونس اسپ" کے "الونس سواری" کے الفاظ قائم کئے جائیں اور انسپکٹران و سب انسپکٹران کو توالی کو گھوڑا یا دو بیل کی بندی رکھنے پر حسب ضابطہ الونس ایصال ہوا کرے۔

ف:- پرچہ جات ترمیمی متعاقب شایع ہونگے فقط

صادر

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۷۷)

واقع ۹ سر بہمن ماہ الٰہی سنہ ۱۳۳۵ف
نشانمثل (۷۲) صیغہ عام سنہ ۱۳۳۰ف

منجانب ذوالنصرالله خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

عدم اجرائی ڈیمرج سیلون وغیرہ

بسلسلۂ گشتی دفتر ہذا ۱۸ مورخہ ۱۷ سر شہریور سنہ ۱۳۳۰ف بمقدمہ مندرجہ صدر نگارش ہے کہ بر بناء تحریک اول تعلقدار صاحب ضلع نظام آباد محکمۂ فینانس سے اس امر کا تصفیہ چاہا گیا تھا کہ حالیہ فرامین مبارک کی رو سے مقامی یا غیر مقامی دوکانوں سے صادر کی خریدی موقوف کر دیگئی ہے اس سے اب ہر ایک دفتر کو لازم ہے کہ دار الطبع سرکار عالی کے اسٹیشنری ڈپو سے صادر منگوائے ایسی صورت میں سرکاری اسٹیشنری ڈپو سے پارسلوں کے اجرائی کا سلسلہ برابر جاری رہیگا اور ممکن ہے کہ جانبین سے تاخیر ہو اور پارسل ایسے وقت ڈپو سے روانہ کی جائے کہ اس کے پہنچنے تک کوئی تعطیل شروع ہو جائے یا بر وقت ڈپو سے اطلاع نہ ملے یا رسید نہ پہنچے لہذا جس طرح سیلوں کے ڈیمرج یعنے تاوان کا تصفیہ عمل میں آیا ہے اوسی طرح اس مسئلہ کا بھی تصفیہ ہو کہ جو حالات مندرجہ صدر کے تحت تاوان کا مطالبہ ہو تو آیا اوسے اجرا کیا جائے کہ نہیں۔

بناءً علیہ بتوثیق مراسلہ محکمۂ سرکار عالی صیغہ فینانس ۳۷ مورخہ ۱۹ سر آذر سنہ ۱۳۳۵ف اطلاع دیجاتی ہے کہ صورت زیر بحث میں ڈیمرج کی ادائی صورت ہائے غیر اختیاری میں گنجائش صادر سے جائز ہوگی۔ آیندہ اگر کوئی ایسا مطالبہ صورت ہائے غیر اختیاری کے موجودگی میں پیش ہوگا تو صیغہ تنقیح حساب سے تحت نشان سر رشتۂ فینانس محولہ صدر اوسکی اجرائی بعد تصدیق و تنقیح ضابطہ عمل میں آئیگی فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان مجاریہ (۱۴)

واقع ۲۱ سر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۳۴ نمبر ۳ بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصراللہ خان ہیرسرائیٹ لاء محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ
خریدی اشیائے صادر از اسٹیشنری ڈپو سرکار عالی

محکمۂ فینانس سے ذریعہ گشتی نشان ۱۵ مورخہ یکم امرداد ۱۳۳۴ف یہ امر لازم کروانا کیا ہے کہ سامان نوشت وخواند و دیگر اشیائے ضروری جو اسی نوعیت میں داخل ہوں اور جن کی تفصیلی فہرست گشتی مذکور الصدر کے ساتھ منسلک کی گئی ہے اسٹیشنری ڈپو (محکمہ صادر وارالطبع سرکار عالی) سے خرید کئے جائیں اور اگر اس کے علاوہ کوئی اور اشیاء جو فہرست مذکور الصدر میں شریک نہیں ہیں۔ بازار سے خرید کئے جائیں تو اُن کی اجرائی صیغہ جات تنقیح سے اسیوقت ہوگی کہ مہتمم صاحب اسٹیشنری ڈپو کا صداقت نامہ (عدم موجودگی وسربراہی از اسٹور اشیاء مطلوبہ کے متعلق) منسلک رہے لیکن چونکہ اس سے اکثر غلط فہمی ہو رہی تھی اور بوجہ عدم انسلاک صداقت نامہ دوسرے مطلوبجات صادر بھی صیغہ جات تنقیح سے واپس ہو رہے تھے اس لئے محکمہ فینانس سے ذریعہ مراسلہ نشان (۸۵۷-۸۵۹) مورخہ ۱۶ آبان ۱۳۳۴ف یہہ وضاحت ہوئی ہے کہ "جن اشیاء کا تعلق ضروریات نوشت وخواند و اسٹیشنری سے نہیں ہے اونکی خریداری بازار سے بلا استمزاج مہتمم صاحب وارالطبع سرکار عالی کیجا سکتی ہے مثلاً روغن گیاس۔ روغن کنجد۔ چربی۔ جاروب۔ ریٹہ۔ لکڑی۔ دیاسلائی۔ وسبوچہ آب۔ وگیاس۔ بیانڈج وغیرہ۔ لیکن جو اشیاء اسٹیشنری کی تعریف میں داخل ہیں اور فہرست منسلکہ گشتی مذکور الصدر میں شریک نہیں ہیں اونکی خریداری بازار سے کئے جانے سے پہلے حسب ہدایات گشتی مذکور مہتمم صاحب وارالطبع سے اس امر کا صداقت نامہ حاصل کیا جانا چاہئے کہ ان اشیاء کی سربراہی اسٹور سے ممکن نہیں ہے" پس ایسے صداقتنامجات وصول ہونے پر دفاتر متعلقہ کے مطلوبجات کی نقد ادائی صیغہ جات تنقیح سے ہو سکیگی فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۶)

واقع ۱۱ تیر ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۹۱ عام بابتہ ۱۳۳۴ف
ومثل نشان ۱۵۹ گروپ اول
تنقیح بلدہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
بخدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ
لزوم خریدی ٹائپ رائٹر واشیاء متعلقہ از رمینگٹن ٹائپ رائٹر کمپنی لمیٹڈ۔

ذریعہ مراسلہ محکمہ فینانس سرکار عالی نشان ۲۴۰۹ تا ۲۴۱۴ مورخہ ۱۷ جنوری ۱۹۲۶ء اطلاع وصول ہوئی ہے کہ بجز محکمہ سیاسیات کے کل سررشتہ جات حکومت سرکار عالی اس معاہدہ میں شریک ہیں جو سرز رمینگٹن ٹائپ رائٹر کمپنی لمیٹڈ سے۔

Messrs. Remington Type-Writer Co., Ltd.

خریدی ٹائپ رایٹر واشیاء متعلقہ ٹائپ رائیٹر کے متعلق عمل میں آیا ہے کہ آئندہ سے رمینگٹن ٹائپ رائیٹر اور دیگر اشیاء متعلقہ کمپنی مذکور کے ہی ساختہ خریدے جائینگے۔ پس توقع کیجاتی ہے کہ تحت شرائط معاہدہ مذکور ٹائپ رائیٹر مشین واوس کے دیگر اشیاء ضروری باستثناء اُن اشیاء کے جو اسٹیشنری ڈپو سے مل سکتے ہیں یا عدم دستیابی اشیاء کی صورت میں صداقت نامہ اسٹیشنری ڈپو سے حاصل کرکے لازماً کمپنی مذکور کے ہی ساختہ لیجائینگی ورنہ دفتر ہذا کو اونکی اجرائی میں تعذر ہوگا فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۱)

واقع ۲۶ امرداد ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۹۹ عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سرکار عالی

مقدمہ
قرارداد کرایہ امکنہ جبکہ ایک حصہ دفتر کے اور ایک حصہ عہدہ دار کے قبضہ میں بغرض رہایش ہو۔

باستناد مراسلہ معتمدی تعمیرات ۱۳۲۵ مورخہ ۱۴ فروری ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف بتوثیق مراسلہ فینانس ۴۴۲۱ مورخہ ۱۱ تیر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف گشتی دفتر فینانس ۱۸۰ مورخہ ۲۷ فروری ۱۳۰۶ف و گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی ۱۵ مورخہ ۲۶ اردی بہشت ۱۳۲۷ف کی حسب ذیل توضیح و ترمیم کیجاتی ہے۔

کہ جن امکنہ سرکاری میں دفاتر یا مدارس قائم ہیں اگر عہدہ داران سرکار اُسکے کسی حصۂ زائدہ میں ذاتی سکونت اختیار کریں تو ایسی صورت میں بلا لحاظ قبضہ یا تو کرایہ مشخصہ مکان کا نصف عہدہ دار متعلقہ کو ادا کرنا ہوگا یا اسکو اپنی تنخواہ پر (۸) فیصدی کے حساب سے کرایہ ادا کرنا ہوگا یا دونوں جو کم ہو۔

آئندہ حسبۂ عمل ہو فقط

خزانہ

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۰)
واقع ۷ اسفندار سنہ ۱۳۴۵ف
نشانمنٹ (۹۴) صیغہ عام سنہ ۱۳۳۳ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سرکار عالی

مقدمہ
سالانہ تکمیل و تجدید ضمانت نامجات متعلقہ خدمات مشروط الضمانت صورت تبادلہ۔

بوصول مراسلہ دفتر اول تعلقداری ضلع اورنگ آباد (صیغہ حساب) ۱۳۳۔ مورخہ ۴ بہمن ۱۳۳۵ف بتوضیح گشتی دفتر ہذا نمبر ۱ مورخہ ۲۱ بہمن ۱۳۳۴ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ مشروط الضمانت ملازم کا تبادلہ جب ایک دفتر سے دوسرے دفتر پر عمل میں آئے تو افسر متعلقہ کے پاس ضمانت نامہ بھی مثل حاضری وصول کے التزاماً روانہ ہوا کرے اور تاوقتیکہ برآمد کے ساتھ اوسکی تصدیق نہو کہ ضمانت نامہ ملازم متبدلہ کا وصول ہو چکا ہے اوسکی تنخواہ ہی اجرا نہ کیجائے گی کہ اول تعلقدار صاحب ضلع اورنگ آباد کے مراسلہ مذکور الصدر سے پایا جاتا ہے کہ موجودہ صورت میں ملازمین متبدلہ ضلع مذکور کے ضمانت نامجات دیگر اضلاع میں موجود ہیں اور اسوجہ سے مشروط بہ ضمانت جائداد و نکی ضمانت کی تکمیل اور سالانہ تجدید میں دشواری لاحق ہے۔

پس جملہ صیغہ ہائے تنقیح حساب ضلع و دفتر ہذا سے حسبہ حین تنقیح برآمدات تنخواہی تعمیل و نگرانی ہوا کریگی فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۸)
واقع ۷ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف
نشانمنٹ (۱۲) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
کرنسی
(۱۰۸) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف شاخ عام

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب و ناظم مسکہ قرطاس سرکار عالی
خدمت جملہ عہدہ دار صاحبان خزائن ملک سرکار عالی

مقدمہ
اجرائی کرنسی نوٹس سرکار عالی از قسم (الف)

سرکار عالی کے سکہ قرطاس از قسم (الف) کے اجرائی کی اطلاع بذریعہ اعلان

محکمہ فینانس نمبر ۱۰ مورخہ ۱۰ بہمن ۱۳۳۵ف مندرجہ جریدہ اعلامیہ ۱۴ مورخہ ۹ اسفندار ۱۳۳۵ف دیگئی ہے بپابندی ضوابط مندرجہ گشتی دفتر ہذا ۲۴ ۱۳۲۹ف انکے داد وستد میں عذر و تامل نہیں ہونا چاہیئے فقط

اعلان۔ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان ۳۴

واقع ۹ مہر ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۱۰۳/۲ بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ امانت صیغہ قرضہ
عام ۲۸ بابتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

انسلاک مختار نامہ اختیار فروخت کفالت نامجات سرکار عالی بصورت منتقلی ذریعہ مختار مجاز۔

بمقدمہ سدر اعلان کیا جاتا ہے کہ قواعد کفالت نامجات سرکار عالی مطبوعہ جریدہ اعلامیہ نشان (۱۸) ۵ فروردی ۱۳۳۱ف کے فقرہ (۳) ضمن (ہ) میں صراحت ہوئی ہے کہ دستاویز انتقال کی تکمیل بذریعہ مختار ہو تو مختار نامہ اختیار فروخت بھی شریک رہنا چاہیئے چونکہ بعض اوقات پرایسری نوٹوں کی منتقلی کا عمل ذریعہ مختار ہوتا ہے اس لئے بغرض اطلاع خریداران کفالت نامجات سرکار عالی وعہدہ داران ادا کنندہ سود ہدایت کیجاتی ہے کہ کفالت نامجات سرکار عالی کے اغراض کیلئے بصورت منتقلی ذریعہ مختار صرف ایسے مختار نامجات تسلیم کئے جائینگے جن میں بالصراحت منتقلی کفالت نامجات کا اختیار دیا گیا ہو فقط

موازنہ

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۱)

واقع ۲۴ اسفندارماہ الٰہی بابتہ ۱۳۳۵ف
مثل ۱۹ موازنہ بابتہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۵۴) صیغہ عام ۱۳۳۵ف

جناب مرزا نصراللہ خان پیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ممالک محروسۂ سرکار عالی

مقدمہ

ترتیب و ترسیل موازنہ بابتہ ۱۳۳۶ف

موازنہ جمع و خرچ سرکار عالی ۱۳۳۶ف حسب قرار داد باب حکومت سرکار عالی میں یکم مہر ۱۳۳۵ف کو پیش ہوگا اس لئے مناسب ہوگا کہ ترتیب و ترسیل موازنہ جات ابتدائی و ریویوز کے لئے قبل از قبل حسب ذیل انتظام فرمایا جائے۔ تاکہ بعد ترتیب موازنہ بروقت باب حکومت سرکار عالی میں پیش ہو سکے۔

ف۱۔ جملہ دفاتر نظار سے سررشتہ جات متعلقہ کے ابتدائی موازنہ جات ۱۵ خورداد ۱۳۳۵ف تک اور دفاتر معتمدین سے ریویوز متعلقہ ۱۵ تیر ۱۳۳۵ف تک دفتر ہذا پر پہونچ جانی چاہئیں۔

ف۲۔ کوئی جدید تقرر یا رقم بلا حصول منظوری مجاز تحت قواعد سیل بندی سررشتہ داری شریک موازنہ ۱۳۳۶ف نہ ہو سکیگی۔ تاوقتیکہ گنجایش کی نشاندہی نہ کیجائے۔ اگر کسی سررشتہ کو کسی اضافۂ رقم کی موازنہ ۱۳۳۶ف میں شرکت کی ضرورت داعی ہو تو منظوری مجاز ایسے وقت تک حاصل کر لینی چاہیئے۔ کہ اس کی اطلاع دفتر ہذا پر یکم امرداد ۱۳۳۵ف کے قبل وصول ہو جائے۔ الفاظ "بامید منظوری" یا "کارروائی جاری ہے" لکھکر کوئی اضافہ شریک موازنہ نکیا جائے۔

ف۳۔ اگر کسی اضافۂ رقم کو شریک موازنہ ۱۳۳۶ف کرنے کی منظوری تاریخ مذکور الصدر کے بعد وصول ہوگی اور رقم شریک موازنہ نہ ہو سکے گی تو اس عدم شرکت سے جو انتظامی دقتیں لاحق ہوں گی ان کی ذمہ داری تمام تر سررشتہ جات متعلقہ پر عائد ہوگی۔

ف۴۔ اخراجات عارضی و ہنگامی جو کسی مدت مقررہ کے لئے منظور ہوئے ہوں وہ اوس مدت منظورہ سے زائد عرصہ تک جاری رکھنے کے لئے شریک موازنہ نہ ہو سکیں گے۔ لہذا ایسے خرچ کے لئے اگر بوقت منظوری مدت کی صراحت نہ ہوئی ہو

تو وہ سال رواں یعنے ۱۳۳۵ف کے ختم کے بعد مسدود کر دیا جائے گا اور موازنہ ۱۳۳۶ف سے رقم خارج کر دی جائے گی۔ سوائے اس کے کہ ایسے خرچ کو آیندہ کسی مدت تک جاری رکھنے کے لئے منظوری مجاز یکم امرداد ۱۳۳۵ف کے قبل دفتر ہذا پر وصول ہو جائے۔

ف۵۔ ترتیب موازنہ ۱۳۳۶ف میں فہرست صدر ذیلی وضمنی مدات موازنہ ۱۳۳۵ف کے گوشوارہ جات وضمیمہ جات وغیرہ گشتی فینانس نشان ۴۷ مورخہ ۱۵ بہمن ۱۳۳۲ف ونشان ۱۷ مورخہ ۲۴ آذر ۱۳۳۳ف کے نمونہ جات وہدایات پیش نظر رکھے جائیں۔

ف۶۔ ہر محکمہ کا تفصیلی موازنہ حسب نمونہ مندرجہ گشتی دفتر ہذا نشان ۱۶ مورخہ ۲۱ فروردی ۱۳۳۶ف مرتب ہوگا اور اس میں صرف دریافت شریک ہوگی جو عہدہ دار یا ملازم کو حقیقی طور پر یکم آذر ۱۳۳۶ف کو ایصال شدنی ہو۔ صادر وغیرہ سے وہ تمام رقمیں جو صرف موازنہ ۱۳۳۵ف میں مخصوص ابواب کے لئے منظور ہوئی تھیں ابواب متعلقہ سے خارج ہو کر بجٹ سررشتہ کے نام سے غیر معمولی مصارف کے لئے سررشتہ کے تحت رہیں گی۔

ف۷۔ افسر عملہ وملازمین کے محاذی خانہ کیفیت میں ایسی جائدادوں کا بھی نوٹ سرخی میں کیا جائے جو بروئے گشتی دفتر ہذا نشان ۲۰ بابتہ ۱۳۳۱ف وسیالر یز کمیشن رپورٹ یا کسی کمیٹی تخفیف کے تصفیہ کے بنا پر قابل تخفیف پائے ہوں۔

ف۸۔ ہر دفتر میں جس قدر سیکل سوار ہوں بصراحت تعداد سیکل درج ہوں۔

ف۹۔ ملازمین کے پیشہ کی صراحت کی جائے تاکہ بعد تصدیق ڈریس وغیرہ کے لئے حسبۂ رقم بعد نشاندہی گنجایش شریک موازنہ کی جا سکے۔

ف۱۰۔ ہر محکمہ کے مطبع کا عملہ وصادر اس محکمہ کے عملہ اور صادر میں شریک ہوگا اور خانہ کیفیت میں اس اضافہ کے متعلق صراحت کی جائے۔

ف۱۱۔ معمولات عیدین۔ اعراس ومقابر۔ تھوار اہل ہنود۔ اخراجات عشرہ شریف۔ وروانگی حجاج وغیرہ کی اجرائی جو بلحاظ ادائی شرط عطار شہور ہلالی وہندی مہینوں کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ اگر کسی سال فصلی میں دو مرتبہ آجائیں توحسبۂ موازنہ میں گنجایش شریک کی جائے۔

ف۱۲۔ اگر تاریخ مقررہ بالا پر موازنہ جات حسب نمونہ مندرجہ دفترہ ۶ محولہ بالا وصول نہ ہوں تو بجز عارضی وہنگامی گنجایش کے جو خارج کر دی جائے گی بقیہ تمام رقوم موازنہ ۱۳۳۵ف

ہی کے موافق شریک موازنہ ۱۳۳۶ف کر دئے جائیں گے۔ اور اس سے جو انتظامی دقتیں لاحق ہوں گی ان کی تمام تر ذمہ داری عہدہ داران متعلقہ پر عائد ہوگی۔ لہٰذا دفاتر متعلقہ سے توقع ہے کہ ہر مد کے متعلق ابتدائی موازنہ ۱۵ خورداد ۱۳۳۵ف تک اور ریویوز ۱۵ تیر ۱۳۳۵ف تک دفتر ہذا پر لازماً روانہ کرنے کا انتظام فرمائیں گے۔ تاکہ ترتیب و اشاعت موازنہ ۱۳۳۶ف میں تعویق نہ ہو فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۲)

واقع ۴ اسفندار ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
مشمولہ اشل ۲ و ازنہ مرفحاص مبارک بابتہ ۱۳۳۵ف
نشل ۵۴ شاخ تدویں بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹر ایٹ لا مدیر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ
ترتیب موازنہ مرفحاص مبارک منوضہ دیوانی بابتہ ۱۳۳۶ف

موازنہ صرف خاص مبارک منوضہ دیوانی بابتہ ۱۳۳۶ف اس سال یکم مہر ۱۳۳۵ف سے قبل پیش ہونا ضرور ہے۔ اس لئے مناسب ہوگا کہ ترتیب و ترسیل موازنہ جات ابتدائی و ریویوز کے لئے قبل از قبل حسب ذیل انتظام فرمایا جائے۔

ف۱ جملہ دفاتر سے سررشتہ جات متعلقہ کے ابتدائی موازنہ جات تاریخ ۱۵ خورداد ۱۳۳۵ف کے قبل اور دفاتر معتمدین سے موازنہ جات متعلقہ کے ریویوز ۱۵ تیر ۱۳۳۵ف تک دفتر ہذا پر پہونچ جانا چاہئے۔

ف۲۔ کوئی جدید تقرر یا بلا حصول منظوری مجاز شریک موازنہ ۱۳۳۶ف نہ ہو سکے گی۔ اگر کسی سررشتہ کو جدید رقم موازنہ ۱۳۳۶ف شریک کرنے کی ضرورت ہو تو منظوری مجاز ایسے وقت تک حاصل کی جائے کہ اوسکی اطلاع دفتر ہذا پر یکم امرداد ۱۳۳۵ف کے قبل وصول ہو جائے الفاظ "بامید منظوری" یا کارروائی جاری ہے" لکھکر کوئی اضافہ شریک موازنہ نہ کیا جائے

ف۳۔ جس رقم کو شریک موازنہ ۱۳۳۶ف کرنے کی منظوری تاریخ مذکور الصدر کے بعد وصول ہوگی اور وہ رقم شریک موازنہ ۱۳۳۶ف نہ ہو سکے گی۔ تو اس عدم شرکت سے جو انتظامی دقتیں لاحق ہوں گی۔ اونکی ذمہ داری تمام تر سررشتہ متعلقہ پر عائد ہوگی۔

ف۴۔ اخراجات عارضی و ہنگامی جو کسی مدت مقررہ کے لئے منظور ہوئے ہوں وہ اوس

مدت منظورہ سے زائد عرصہ تک جاری رکھنے کے لئے شریک موازنہ نہ ہو سکیں گے۔ اور نہ ایسے خرچ کے لئے اگر بوقت منظوری مدت کی صراحت نہ ہوئی ہو تو وہ سال ۱۳۳۵ف یعنی ۱۳۳۵ف کے ختم کے بعد مسدود کر دئے جائیں گے اور موازنہ ۱۳۳۶ف سے رقم خارج کر دی جائے گی۔ سوائے اس کے کہ ایسے خرچ کو آئندہ کسی مدت تک جاری رکھنے کیلئے یکم امرداد ۱۳۳۵ف کے قبل دفتر ہذا پر منظوری مجاز وصول ہو جائے۔

ف۵۔ ترتیب موازنہ ۱۳۳۶ف کے لئے یہ ضرور ہے کہ ہر ایک باب کے لئے موازنہ ۱۳۳۵ف پیش نظر رکھا جائے اور افسر عملہ ملازمیں۔ الونس مقررہ والونس غیر مقررہ وغیرہ کی ترقیات حسب ضابطہ بصراحت درجہ۔ پیشہ گریڈ و یافت حقیقی جو یکم آذر ۱۳۳۶ف کو ہوگی علیحدہ علیحدہ بتلائی جائے۔

ف۶۔ موازنہ ۱۳۳۵ف میں بھتہ واخراجات دورہ کی رقم حسب فرمان خسروی نصف کر دیگئی ہے۔ اور بقیہ نصف کو علیحدہ باب بنام بھتہ واخراجات دورہ محتاج منظوری اعلیحضرت رکھا گیا ہے۔ موازنہ ۱۳۳۶ف میں بھی حسبۂ رقم شریک کیجائے۔ یعنی نصف رقم بنام بھتہ واخراجات دورہ اور بقیہ نصف بنام بھتہ واخراجات دورہ محتاج منظوری اعلیحضرت۔

ف۷۔ موازنہ ۱۳۳۵ف میں صادر بموجب تقرر کی رقم بربنائے فرمان خسروی حسب مراسلہ صدر المہام بہادر صرفخاص مبارک و پیشی خداوندی نشان ۸۱۱ مورخہ ۴ تیر ۱۳۳۴ف (۲۵ فیصدی) فیصدی کم کر کے (۲۵ فیصدی) فیصدی قائم رکھی گئی ہے۔ موازنہ ۱۳۳۶ف میں حسب موازنہ ۱۳۳۵ف (۲۵ فیصدی) فیصدی سے زائد رقم بلا حصول منظوری مجاز شریک نہ کی جائے۔


ف۸۔ دفاتر نظار سے جو صدر موازنہ جات سررشتہ وصول ہوں گے۔ اوں کے ہمراہ لازماً ایک گوشوارہ بلدہ و اضلاع و تحتہ کمی و بیشی روانہ ہوا کرے۔

ف۹۔ معمولات عیدین۔ اعراس و مقابر۔ تھوار اہل ہنود۔ اخراجات عشرہ شریف وغیرہ کی اجرائی بلحاظ ادائی شرط عطاء شہور ہلالی و ہندی کے اعتبار سے ہوتی ہے۔ بعض دفعہ ممکن ہے کہ ایسے اخراجات سال میں دو مرتبہ عائد ہوں۔ لہذا اس امر کو ملحوظ رکھکر موازنہ مرسلہ میں گنجائش رکھی جائے۔

ف۱۰۔ اگر تواریخ مقررہ مذکور الصدر پر موازنہ جات وصول نہ ہوں گے۔ تو جو رقم موازنہ میں شریک ہونے سے رہجائیگی۔ اوس کی تمام تر ذمہ داری

عہدہ داران متعلقہ پر عائد ہوگی - دفاتر متعلقہ سے توقع ہے کہ ہر مد کے متعلق ابتدائی موازنہ جات ۱۵ اسفند ۱۳۳۵ف تک اور ریویوزہ ۱۵ تیر ۱۳۳۵ف تک دفتر ہذا شاخ موازنہ صیغہ صرف خاص مبارک پر لازماً روانہ کرنے کا انتظام فرمائیں گے - تاکہ ترتیب موازنہ ۱۳۳۶ف میں تعویق نہ ہو -

ف۱۱ - گشتی ہذا میں جو ہدایات دئے گئے ہیں وہ مخصوص بہ موازنہ صرف خاص مبارک مفوضہ دیوانی ہیں - پس موازنہ صرف خاص مبارک مفوضہ دیوانی حسب ہدایات گشتی ہذا مرتب و بروقت روانہ فرمایا جائے فقط



ہدایات حساب

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۷ آذر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
نشان (۱) — نشان مثل (۱۰۲) عام ۱۳۳۴ف

منجانب مولوی سید محمد حسن بلگرامی منعرم صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ
تنسیخ طریقہ مطالبات قوت برقی مندرجہ گشتی دفتر ہذا نمبر ۹ بابت ۱۳۲۵ف

ذریعہ گشتی دفتر ہذا نشان ۹ مورخہ ۱۹ اسفندار ۱۳۲۵ف یہہ ہدایت کیگئی تھی کہ محکمہ قوت برقی سے جملہ دفاتر سرکاری کو جو قوت برقی بہم پہنچائی جاتی ہے اوس کا تصفیہ صیغہ تنقیح سے سالانہ ذریعہ عمل جمع و خرچ ہوا کرے اگر دفتر متعلق بروقت تختہ جات جمع و خرچ پیش نہ کریں تو بتوسط سررشتہ قوت برقی پیش کئے جائیں۔ مگر دیکھا یہ گیا ہے کہ گشتی معولہ صدر میں جو طریقہ بتلایا گیا ہے وہ اطمینان بخش ثابت نہیں ہوا جس کی وجہ سے محکمہ قوت برقی کے حسابات میں کثیر تعداد بقایا کی چلی آرہی ہے۔ سررشتہ قوت برقی سے کیفیت پیش ہونے پر محکمہ فینانس نے ذریعہ مراسلہ نمبر ۴۳۹ مورخہ ۲۰ آگسٹ ۱۹۲۵ء بہ تنسیخ طریقہ تصفیہ مطالبات محکمہ قوت برقی مندرجہ گشتی معولہ صدر حسب ذیل ہدایات منظور کئے ہیں۔

(۱)۔ محکمہ قوت برقی کل دفاتر سرکاری کو جس قدر قوت برقی بہم پہنچائی گئی ہے اوس کا ماہ بماہ ایک بل مرتب کرکے مددگار صدر محاسب سرکار عالی شاخ تنقیح متعلق کے پاس بغرض وصول رقم روانہ کرے گا اور اوس کا ایک ثانی دفتر متعلق پر بھی ارسال کرتا جائیگا۔

(۲)۔ صیغہ تنقیح دفتر ہذا موازنہ میں جس کسی دفتر کے نام جتنی رقم قوت برقی کے لئے شریک ہو اسی رقم کی حد تک بل منظور کرکے سررشتہ قوت برقی کے نام ماہانہ اجازت نامہ جاری کرے گا۔

(۳)۔ مددگار صدر محاسب سرکار عالی صیغہ تنقیح متعلق اس بات کی نگرانی کریں گے کہ جو رقم مختلف دفاتر کے لئے برقی روشنی کے واسطے موازنہ میں منظور ہوئی ہے اس میں کسی قسم کا خرچ محسوب نہ کیا جائے تاوقتیکہ تمام مطالبات محکمہ قوت برقی کا تصفیہ نہ ہو جائے۔

(۴) اگر کسی دفتر کو مطالبات محکمۂ قوت برقی پر کوئی اعتراض ہو تو اوسکو چاہئے کہ وہ سررشتۂ برقی میں تاریخ وصول بل سے ایک ماہ کے اندر پیش کرے۔

(۵) موازنہ میں جس کسی دفتر کے نام جتنی رقم قوت برقی کے لئے شریک کی گئی ہو اوسی رقم کی حد تک محکمۂ قوت برقی اس دفتر کے لئے قوت برقی بہم پہونچاویگا۔ لیکن جس دفتر کے قوت برقی کو بوجہ عدم گنجایش موازنہ رد کنا مقصود ہو یا اوس دفتر کو ایک ماہ کے قبل نوٹس دیگئی ہو تو محکمۂ قوت برقی کو چاہئے کہ اوسکی ایک فہرست وغیرہ محکمۂ فینانس کو روانہ کرے۔

ف ۲۔ گشتی ہذا کے فقرۂ اول کے احکام کی تعمیل میں سہولت کی غرض سے طریقہ مندرجۂ ذیل پر عمل کیا جائے:۔

(۱) محکمۂ قوت برقی کو چاہئے کہ دفتر صدر محاسبی میں ماہواری بل پیش کرتے وقت موازنہ کے صدر مدکے لحاظ سے ان بلس کو علیحدہ علیحدہ کرکے راست دفتر ہذا کے اوس شاخ میں داخل کرے جہاں دفتر صرف کنندۂ قوت برقی کے حسابات کی تنقیح ہوا کرتی ہے۔

(۲) سررشتۂ قوت برقی کو چاہئے کہ ہر ایک بل کی پشت پر دفتر متعلق کے لئے قوت برقی کیواسطے جو موازنہ منظور ہوا ہے اوس کا عمل موازنہ کردے۔

(۳) صیغۂ تنقیح بل کے وصول ہونے پر حسب ضابطہ بعد تنقیح اوس کا اجازت نامہ جاری کرے گا یا اگر ناظم صاحب محکمۂ قوت برقی کی خواہش ہو تو امپیریل بنک آف انڈیا حیدرآباد کے نام احکام جاری کئے جائیں گے کہ اس رقم کو محکمۂ قوت برقی کی حسابات چالو میں جمع کیا جائے اور صیغۂ تنقیح کامل رقم کا خرچ دفتر متعلق کے موازنہ میں لکھیگا۔

(۴) اگر موازنہ میں کسی دفتر کی کوئی رقم قوت برقی کے نام سے صراحتاً شریک نہ کی گئی ہو تو سررشتۂ برقی کو چاہئے کہ دفتر متعلق سے دریافت کرکے بل کی پشت پر عمل موازنہ درج کرے۔

ف ۳۔ ان رقوم کے وصول کے متعلق جو عہدہ داران سرکاری کے بنگلوں پر قوت برقی بہم پہنچائی جانے کی غرض سے واجب الادا ہوتے ہیں ان کے متعلق دفتر ہذا کے صیغۂ تنقیح کو چاہئے کہ سررشتۂ قوت برقی سے جن عہدہ داروں کی تنخواہ سے وضعات کئے جانیکے متعلق جو اطلاع وصول ہو اوس کے مطابق حسب عملدرآمد اونکی تنخواہ سے وضعات کا عمل کرے اور اس رقم کا اجازت نامہ سررشتۂ قوت برقی کے نام جاری کرے

یا امپریل بنک آف انڈیا حیدرآباد کے نام احکام جاری کرے جیسا کہ اوپر صراحت کیگئی ہے۔

صیغہ ہائے تنقیح اضلاع کو بھی چاہئے کہ عہدہ داران اضلاع کی تنخواہ سے کسی ایسی رقم کی وضعات عمل میں آئے تو اوس رقم کو ذریعہ رسیدار سالی خزانہ عامرہ میں سررشتۂ برقی کے نام جمع کرادے۔

سررشتۂ قومسۂ برقی کے کل مطالبات کا تصفیہ بعوض عمل جمع وخرچ آیندہ سے نقد رقم میں کیا جائیگا اور وہ رقمیں مذکرہ صدر کے مندرجہ احکام متعلق مطالبات ڈرک شاپ حسب حال بحال رہیں گے فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — مورخہ ۲۷ آبان سنہ ۱۳۳۵ف

نشان ۳۹ — مشمولہ مثل نمبر ۱۵۸ سنہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

جناب مرزا نصراللہ خاں بیارسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

ترمیم تختہ جات برآیندگی اضافہ تدریجی ٹائیم اسکیل

تختہ برآیندگی اور تختہ اضافہ تدریجی ٹائیم اسکیل کے متعلق یہ لازم کیا جاتا ہے کہ

(۱)۔ بحالت موجودہ ماہانہ برآورد کے ساتھ جس نمونہ پر دو قطعات تختہ برآیندگی صیغہ ہائے تنقیح حسابی پر داخل کئے جاتے ہیں آیندہ برآورد آذر سنہ ۱۳۳۶ف سے ان کے عوض حسب نمونہ مرمہ منسلکہ ہذا ماہانہ برآورد کے ساتھ تختہ جات برآیندگی بالالتزام داخل کئے جائیں گے جس برآورد میں برآیندگی کا عمل درج نہ ہو۔ اس کا متعلقہ تختہ معاصفر دہ بعد دستخط افسر مجاز وصول ہوگا۔

(۲)۔ اسی طرح تدریجی اور ٹائیم اسکیل کے اضافہ جات کے متعلق جس نمونہ پر تختہ برآورد کیساتھ بحالت موجودہ بھیجا جاتا ہے۔ اس کے عوض تختۂ مذکور کا مرمہ نمونہ اس کے ساتھ شائع کیا جاتا ہے۔ آیندہ تختہ اضافہ جات تدریجی وٹائیم اسکیل کے دو قطعات بموجب نمونہ مرمہ بالالتزام مطالبہ کیساتھ منسلک رہا کریں گے۔

توقع ہے کہ جسکے عمل ہونے کے لئے توجہ مبذول اور ضروری ہدایت فرمائی جائیگی اور جو ہدایت ترتیب کے متعلق تختہ جات مرمہ کے ذیل میں دی گئی ہے احتیاط کے ساتھ اسکی متابعت میں تکمیل فرمائی جائے گی فقط

(شکلہ گشتی ۳۹ بابتہ ۱۳۳۵ف) تختہ تصدیقی اجرائی اضافہ جات تدریجی و میعادی دفتر متعلق رآورد ماہ سنہ ۱۳۴۳ف

تصدیق کیجاتی ہے کہ عہدہ داران مندرجہ ذیل کا منظورہ میعادی اضافہ تاریخہاء مندرجہ خانہ (۱۰) سے بلحاظ کارگذاری منظور کیا گیا ہے۔ جن اضافہ جات کی اجرائی اقتداری دفتر ہذا نہیں تھی۔ انکے متعلق وثائق منظوری افسر مجاز بھی اسکے ساتھ منسلک کردئے گئے ہیں اس امر کا کامل اطمینان کر لیا گیا ہے۔ کہ جائداد ہائے مصرحہ پر یہہ اشخاص تاریخ مندرجہ خانہ (۹) سے بعد [illegible] سال تک کارگذار رہے۔ دستخط افسر دفتر

نقار تاریخ منظوری آورد	نام شخص کارگذار مع عہدہ و کلہ	عہدہ جسکے متعلق اضافہ منظور ہوا	صراحت جائداد		شرح اضافہ			تاریخ اجرائی اضافہ مقررہ بالا	تاریخ اجرائی اضافہ حالیہ	اضافہ حالیہ کیلئے کیا ہوئی	ایام تعطیل بوجہ بیمار چلنی		زیادہ رخصت بلا یافت الونس		کیفیت اجرائی اضافہ جات بدستخط محاسب ضلع و بدوگار خزانہ
			شرح ابتدائی	شرح انتہائی	سالانہ	دو سالہ					من ابتدا	لغایتہ	من ابتدا	لغایتہ	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

خانہاء (۱ تا ۱۶) کی بصحت تکمیل کے متعلق افسر متعلقہ کے دستخط تصدیقی ہونگے

دستخط افسر محکمہ

۵۲

تخته برآیندگی متعلقه برآورد ماه ... سنه ۱۳۳۴ ق دفتر ... سلسله گشتی دفتر صدر محاسبی سرکار عالی نشان ۳۵ باجه ... سنه ۱۳۳۵ ف

نشان سلسله برآورد	نام ملازم مستقل صنعت و ملت	سمت	کیفیت دانشت و ادارات	نام و نشان و محل اقامت	نام منصرم مستقل صنعت و ملت	نشان مستقل منصرم	نشان مستقل منصرم	نام برآیندگی	دوره برآیندگی	نشان برآیندگی	تصدیق اجرای خانه (۷)		تصدیق اجرای خانه (۱۴)	
											نشان اسناد	رقم	نشان اسناد	رقم
۱	۲	۳	۴	۵	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷

۵۳

ہدایات برائے ترتیب تختہ برآمدگی

الف۔ خانہائے (۶ و ۱۳) میں مندرجہ ذیل وجوہ سے کسی ایک کا اندراج رہیگا۔

(۱) رخصت خاص (۲) رخصت بیماری (۳) رخصت خانگی (۴) رخصت اقسام دیگر (۵) رخصت غیر معمولی (۶) رخصت متصلہ کی صورت میں یہ تبلایا جائیگا کہ رخصت خاص کس تاریخ ختم ہوئی (۷) معطلی (۸) عارضی تبادلہ (۹) تعیناتی عارضی بر کار خاص (۱۰) جرمانہ (۱۱) غیر حاضری بصورت ایام (۱۲) عدم صدور منظوری ضابطہ افسر مجاز۔

ب۔ ہر سلسلہ انتظام کے تحت جو کسی ملازم کی عدم موجودگی کی وجہ سے قائم ہو دوسرا سلسلہ انتظام بخط فاصل علیحدہ درج ہونا چاہیئے۔

ج۔ کامل سلسلہ انتظام منصرفہ جو کسی ملازم غیر موجود کی وجہ سے عمل میں آئے صرف اونھیں برآوردات کے تختہ جات برآمدگی میں درج کیا جائیگا جنھیں ابتداً برآمدگی کا عمل ہوا ہو جب ایسا میں تسلسل واقع ہو تو تختہ مابعد میں صرف اسی رو درج کرکے حسب تختہ ماہ گذشتہ لکھنا کافی ہوگا جبکہ جہہ برآمدگی وہی ہو جو ماہ گذشتہ میں قائم تھی۔

د۔ خانہ (۵) میں تواریخ حاضری وغیر حاضری کی صراحت قبل دوپہر یا بعد دوپہر کی وضاحت کے ساتھ ہو۔

ہدایات عام

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲)

واقع ۲۶ آذر ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۱۰۱) عام بابتہ ۱۳۳۱ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

تعین میعاد برائے درخواستہائے مرافعہ باجلاس باب حکومت سرکار عالی

ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس نشان ۸۸۵/۸۸۶ صیغہ کلیات مورخہ یکم آبان ۱۳۳۴ف محکمہ عالیہ صدارت عظمیٰ کی جو گشتی ۱۷۰ واقع ۱۹ مہر ۱۳۳۴ف وصول ہوی ہے وہ بغرض اطلاع ذیل میں شایع کیجاتی ہے براہ کرم اوسکی تعمیل میں کامل احتیاط ملحوظ رہے۔

بذریعہ گشتی نشان ۱۵۰ بابتہ ۱۳۳۱ف احکام جاری کئے گئے ہیں کہ بنا راضی تجویز صدر المہام صاحبان علاقہ جو درخواستہائے مرافعہ صدارت عظمیٰ میں پیش ہوں اونکی نسبت بقیام رائے مثل متعلقہ دفتر صدارت عظمیٰ پر روانہ کیجائے۔ گر اوسمیں میعاد کی نسبت کوئی صراحت نہ تھی اور نہ عام طور پر میعاد کی قرار داد کی گئی ہے۔ لہذا اب بمشورت مشیر صاحب قانونی حسب دفعہ (۲۵) دستور العمل باب حکومت عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر حکم صادر فرماتے ہیں کہ ایسی درخواست ہائے مرافعہ ونگرانی و تجویز ثانی جو صدارت عظمیٰ میں پیش ہوں اُن پر کوئی لحاظ نہ ہوگا تا وقتیکہ تاریخ حکم مرافعہ عنہا سے نود یوم کے اندر پیش نہ ہوں فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۳)

واقع ۱۷ فروردی ۱۳۳۵ف
نشان ۱۵۱ عام ۱۳۳۲ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سرکار عالی

مقدمہ

نسبت اخذ ٹکٹ رسیدی۔

بسلسلہ گشتی دفتر ہذا ۱۰۶ مورخہ ۲۲ مہر ۱۳۳۳ف بحوالہ فقرہ ۳۸ ضمن (ب) ضمیمہ مرمہ قانون اسٹامپ ۱۳۰۴ بابتہ ۱۳۳۱ف مطبوعہ جریدہ املامیہ حصہ سوم نمبر (۱۴) مورخہ ۵ اسفندار ۱۳۳۲ف بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس ۲۹ مورخہ ۴ مہر بہمن ۱۳۳۵ف

صورت ہائے ذیل میں رسائد زاید از بیس روپیہ کو ثبت ٹکٹ رسیدی سے مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔

(۱) انعام و وظائف رعایتی۔

(۲) وظائف یوگان سکھان۔

(۳) وظائف و انعامات جو سررشتہ جات سرکار عالی سے عطا ہوتے ہیں مثلاً سررشتہ جات تعلیمات مذہبی و طبابت۔

(۴) وظایف جمعیت بیقاعدہ۔

(۵) ماہواراتِ منصبداران و امتیازیان غیر مشروط الخدمت۔

(۶) اخراجات عیدین۔

پس آیندہ حسبۂ عمل ہو فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۵ سر تیر سنہ ۱۳۳۵ف

نشان (۲۴) — مشمولہ مثل (عام ۱۵۱) بابتہ سنہ ۱۳۳۲ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی } مقدمہ

خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سرکار عالی } نسبت اخذ ٹکٹ رسیدی

بسلسلہ گشتی دفتر ہذا مورخہ ۱۳ ر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف بحوالہ فقرہ ۳۸ ضمن (ب) ضمیمہ مرمہ قانون اسٹامپ ۴ بابتہ سنہ ۱۳۳۱ف بتوثیق مراسلہ محکمہ فینانس ۲۹۰ مورخہ ۵ ر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف صورت ہائے ذیل میں رسایدِ زاید از بیس روپیہ کو ثبت ٹکٹ رسیدی سے مستثنیٰ کیا جاتا ہے۔

(۱) امداد مدارس و کتب خانہ و دیگر انجمن جو سررشتہ ہائے سرکاری سے عطا کیے جاتے ہیں مثلاً سررشتہ تعلیمات مذہبی و طبابت۔

(۲) امداد برائے اغراض مذہبی۔

(۳) معمولی و یومیہ و سالانہ غیر مشروط الخدمت۔

پس آیندہ حسبۂ عمل ہو فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۶)

واقع ۲۶ سر مہر سنہ ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل (۹) بابتہ سنہ ۱۳۳۳ف
صیغہ عام

منجانب ذوالنصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ملک سرکار عالی

مقدمہ

عطائے تنخواہ پیشگی شش (۶) ماہ بغرض حج وزیارت حرمین شریفین بہ منصبداران وظیفہ خواران وغیرہ۔

بسلسلہ گشتی دفتر ہذا نشان (۵) مورخہ ۷ بہمن سنہ ۱۳۳۴ف بمتابعت فرمان خسروی محولہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس نشان ۵۷۷/۵۷۷ صیغہ کلیات مورخہ ۹ مہر سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ حج وزیارت حرمین شریفین کیلئے اگر وظیفہ خوار منصبدار و ماہوار یاب رعایتی جانا چاہیں۔ تو اونکو بھی بمماثل ملازمین سرکاری بشروط ذیل مجوزہ صیغۂ امور مذہبی چھ (۶) ماہ کی پیشگی ماہوار ایصال ہوا کریگی :۔

(۱) منظوری عطائے ماہوار اولاً محکمہ فینانس سے حاصل کیجائیگی۔

(۲) کسی گزیٹیڈ افسر یا محکمہ امور مذہبی کی تصدیق پر نصف ماہوار پیشگی حوالہ ماہوار یاب ہو سکے گی۔

(۳) مابقی نصف ماہوار بمبئی میں اوس افسر امور مذہبی کے معرفت دیجائیگی جو انتظام حجاج کیلئے منجانب سررشتہ امور مذہبی روانہ کیا جاتا ہے۔

(۴) خاص حالات اور کامل اطمینان کی صورتوں میں بہ منظوری صدر محاسب سرکار عالی کامل ماہوار بلدہ میں بھی حوالہ رخصت یاب ہو سکے گی۔

پس حسبہ تعمیل کیجائے فقط

اعلان۔ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۷)

واقع ۲۶ سر مہر سنہ ۱۳۳۵ف
مثل ۹ ہسٹری بابتہ سنہ ۱۳۳۴ف

مقدمہ:۔ انتظام طبع سول و فوجی لسٹس بہ یک مرتبہ بدوران سال۔

بہ توثیق قرارداد صدارت عظمیٰ مندرجہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس نمبر ۱۰۱۰ مورخہ ۳ مہر سنہ ۱۳۳۴ف (بمجریٔ صیغہ حساب) ذریعہ ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ فہرست ہائے درجہ وار عہدہ داران سول و فوجی سال میں دو مرتبہ طبع کرانے کے بجائے صرف ایک مرتبہ ہر آغاز سال پر طبع کرائی جائیں گی فقط

گشتی دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۸)

واقع یکم آبان ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل (۵) بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ عام (ہسٹری)

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان ماتحت سرکار عالی

تبدیل نمونہ جات سول لسٹ اردو و انگریزی قیام یکسانی بجملہ اندراجات آن ہا

مقدمہ

بسلسلہ گشتی محکمہ معتمدی سرکار عالی صیغہ فینانس نشان (۱) مورخہ ۲۶ ر دے ۱۳۳۵ف بتوثیق مراسلات مجریہ محکمہ موصوفہ نشان (۷۵۹/۷۵۹) مورخہ ۲۶ ر تیر ۱۳۳۵ف و نشان (۱۱۰۴) مورخہ ۱۸ ر مہر ۱۳۳۵ف ہذا ہذا اردو و انگریزی سول لسٹس کے مرمہ نمونہ جات بدین توقع منسلک کئے جاتے ہیں کہ مسودات سول لسٹس نمونہ جات محولہ صدر کی ہیڈنگ پر بالالتزام مرتب ہوں۔ اور انکی خانہ پری بھی اوسی نہج پر ہو جو ان مرمہ نمونہ جات میں تمثیلاً تبلائی گئی ہے۔

پس براہ کرم حسبہ عمل فرمایا جائے فقط

(مرمہ نمونہ سیول لسٹ)

۱	۲ نام عہدہ دار	۳ عہدہ	۴ وطن اصلی یا تفصیل تعلق ضلع و صوبہ	۵ تاریخ ولادت	۶ تاریخ تبدیل ملازمت	۷ تاریخ تقرر موجودہ عہدہ	۸ تنخواہ	۹ الاؤنس	۱۰ مقام تعیناتی	۱۱ تاریخ حصول جائیداد بمقام تعیناتی	۱۲ کس امتحان میں کامیاب ہوئے	۱۳ کیفیت
	(۲) معتمدی تعمیرات (الف) شاخ عام											
	نواب امت جنگ بہادر	چیف انجنیر و معتمد	حیدرآباد	۵-۱۲-۱۲۸۴	۱۹-۱۲-۱۳۰۷	۲۹-۹-۱۳۲۹	۱۸۰۰	-	حیدرآباد	۲۹-۹-۱۳۲۹	بی۔اے۔سی۔ائی۔الیف سی۔ایچ۔کوپرس ہل۔ایم ائی۔اے لندن۔	
۲	غلام محمد خان	مددگار	لدھیانہ پنجاب	۰۰-۹-۱۸۹۰ء	۲۵-۵-۱۳۲۴	۱۶-۳-۱۳۳۲	۸۰۰	۱۰۰ ب	"	۱۶-۳-۱۳۳۲	ایم۔اے۔بی۔ایس۔سی انڈنبرا۔اے۔ایم۔ائی سی۔ائی لندن۔	
	(ب) ایپاشی											
۱	نواب علی نواز جنگ بہادر	چیف انجنیر و معتمد	حیدرآباد	۱۱-۸-۱۲۸۶	۴-۱۲-۱۳۰۸	۵-۱۲-۱۳۲۷	۲۰۰۰	۲۰۰ ص ۱۰۰ ھ	حیدرآباد	۵-۱۲-۱۳۲۷	سی۔ای۔کوپرس۔ہل	

فہرست نوعیت وار متعلقہ مراسلات کلیات جریدہ قہر صدر محاسبی سرکاری بابتہ سنہ ۱۳۳۵ ف

نمبر شمار	نمبر مجلد	تاریخ مجلد	خلاصہ مقدمہ	نمبر صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶
			اقتدارات		
۱	۱۲	۱۰/۴ ف	اجرائی تنخواہ وغیرہ متعلقہ لیانڈریکارڈ وگرداوران بربناء وثیقہ منظوری ومشورہ مہتمم صاحب بندوبست	۲۶	
۲	۱۴	۱۷/۵ "	منظوری برآوردات سررشتہ علاج حیوانات خارج المیعاد تابعد یکسال باقتدار نظامت متعلقہ	۲۶	
۳	۱۶	"	تصفیہ اختیار تقرر وتبدل عملہ صیغہ حساب	۲۰۰	
۴	۲۷	۱۷/۶ "	صراحت اقتدارات صدر المہام صاحبان متعلق سلک ستوانی علاقہ لوکلفنڈ	۲۰۰	ہدایات حساب
۵	۳۹	۲۵/۱۰ "	اختیار تقرر وتبدل عملہ صیغہ حساب اضلاع	۳۲	
۶	۵۱	۱۶/۱۲ "	توسیع اقتدارات ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی دربارہ منظوری برآوردات خارج المیعاد زاید از ایکسال۔	۱۰	
۷	۵۴	۲۹/۱۲ "	اقتدار دربارہ صرف کردن رقوم کرایہ مکانات بہ ناظم صاحب سررشتہ تعلیمات	۳۳	صادر
			قواعد ملازمت وایصال ماہ جب		
۸	۲	۷/۱ "	ایصال تنخواہ خوردار بوجہ تعطیل سوم گرمایہ سررشتہ تعلیمات سرکار عالی	۳۵	ہدایات عام

۹	۶	۹/۴ ف	تنسیخ احکام عطائے مدت شستاہ بغرض تصحیح سنہ ولادت۔	۳۵	
۱۰	۲۸	۵/۸ "	لزوم ادخال صداقت نامہ عمر بوقت تقرر ابتدائی اطفال کمسن سررشتہ فوج	۳۶	(فوج)
۱۱	۳۲	۴/۹ "	انتظام تقرر و تحفظ جائدادہائے خالی شدہ برائے طلباء زیر تعلیم بمقامات ہند و انگلینڈ	۳۷	ہدایات عام
۱۲	۳۴	۳۰/۹ "	انتظام جائدادہائے خالی شدہ سررشتہ عدالت تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف	۴۲	
۱۳	۳۵	//	ماموری طلباء وظیفہ یاب تعلیم یورپ بیافت ہماصہ ماہوار ابتدائی۔	۴۳	
۱۴	۴۲	۴/۱۱ "	پابندی احکام نافذہ بوقت تقرر یورپین انگلس	۴۳	
۱۵	۴۳	۹/۱۱ "	اضافہ گریڈ تنخواہ سررشتہ داران دفاتر مہتمان تعلیمات۔	۴۴	
۱۶	۴۶	۲۶/۱۱ "	نگرانی ماموری تخفیف یا تنگاں۔	۴۴	ہدایات عام (فوج)
۱۷	۵۰	۱۶/۱۲ "	تخفیف جائدادہائے پہرہ جات احشام متعینہ قلعہ جات بوجہ لاوارثی وغیرہ موروثی	۴۶	
۱۸	۳۴۲/۳۵	۲۷/۱۰ "	تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف متعلقہ صدر و ماتحت	۴۷	صادر
۱۹	۶۰/۳۴	۱۱/۱۱ "	درخواست سکھاں متعلق ایصال الونس بابت قلت نظم جمعیت۔	۵۲	(فوج)
۲۰	۳۴۲/۳۵	۱۳/۱۱ "	تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف متعلقہ صدر ۱۹۱۰ء انتظام اضلاع۔	۵۹	صادر
۲۱	۳۴۲/۳۵	۱۳/۱۲ "	ایضاً	۶۰	
۲۲	۲۳	۲۳/۱۲ "	اجرائی گریڈ مدرسین بزمانہ ٹریننگ نارمل اسکول	۶۱	
۲۳	۲۴۴	۳۰/۱ //	زمانہ ملازمت ملازمین ادنیٰ علاقہ کرو دگیری خدمت چپراسی گری کے اضافہ جات کیلئے محسوب کیا جاسکتا ہے	۶۲	

۲۴	۱۴۲/۳۴	۲۳/۷ ف	عدم احتساب ملازمت دیافت ہنگامی برائے ایصال اضافہ بہ گریڈ متقدید بدون منظوری محکمہ فینانس۔	۶۲	

رخصت

۲۵	۳۰	۵/۸ "	اصلاح طریقۂ عطائے رخصت اتفاقی متعلقہ اہل سیف۔	۶۳	

وظیفہ

۲۶	۷	۹/۳ "	کارروائی منتقلی وظیفہ خواراں سرکار مالی بعلاقہ سرکار عظمت مدار۔	۶۵	
۲۷	۱۰	۱۰/۴ "	اجرائی وظائف فوجی علاقہ سرکار عظمت مدار بلا لحاظ کسرات پائی۔	۶۶	
۲۸	۱۸	۱۹/۵ "	قواعد ادائی وظائف بہ فوجی وظیفہ خواراں معذور علاقہ سرکار عظمت مدار	۶۶	
۲۹	۴۷	۲۶/۱۱ "	ہدایت دربارۂ ایصال وظائف بہ وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار بلا وقوع تاخیر۔	۷۰	
۳۰	۴۹	۱۶/۱۲ "	تجدید وتنقیح وظیفہ خواراں علاقہ سرکار عظمت مدار از دفتر ہذا وعدم تعلق آں از صدر خزانۂ اضلاع۔	۷۰	

قواعد سفر خرچ

۳۱	۴	۲۴/۲ "	اجرائی بھتہ وکرایہ ریل وغیرہ بلا لزوم پروگرام		

			منظورہ تا بحد نان گزیٹیڈ عہدہ داران	۷۱	
۳۲	۱۹	۲۰/۵ ف	تصفیہ اقتدارات ناظم صاحب کو توالی اضلاع دربارۂ منظوری کرایہ ریل اسپاں عہدہ داران ہاہت	۷۱	(منسوخ)
۳۳	۳۳	۲۶/۹ "	ایضاً " ایضاً	۷۲	
۳۴	۴۴	۱۲/۱۰ "	تخفیف رقم سفر خرچ مندرجہ موازنہ ۱۳۳۴ف		موازنہ
			علاقہ صرفخاص مبارک مفوضہ دیوانی ۱۳۳۴ف	۷۲	
۳۵	۴۸	۲۶/۱۰ "	تصفیہ مصارف دورہ و بھتہ وغیرہ بابتہ ۱۳۳۴ف	۷۳	
۳۶	۲۳۲/۳۵	۱۵/۱۱ "	عدم اجرائی بھتہ مدامی و سفر خرچ سب انسپکٹران انجمن ہائے اتحاد باہمی سرکار عالی ماموہ بعد یکم دے ۱۳۳۱ف۔	۷۳	

قواعد نسبت دراہمہ اقسام

۳۷	۲۱	۳۰/۵ "	استثناء دفاتر خورد اضلاع از لزوم خریدی صدر از اسٹیشنری ڈپو۔	۷۵	
۳۸	۲۲	۳۱/۵ "	خریدی سردس ٹکٹ از خرچہ مدخلہ فریقین۔	۷۵	ہدایات عام
۳۹	۳۱	۱۱/۸ "	جلد بندی رجسٹرات عدالت العالیہ و دیگر عدالتہائے تحت بجائے دارالطبع از بازار	۷۶	
۴۰	۳۶	۳۰/۹ "	ہدایات متعلقہ اخراجات ارسال خزانہ	۷۶	خزانہ
۴۱	۴۰	۲۵/۱۰ "	تصفیہ حسابات کارہائے تعمیر و ترمیم خفیف اقتداری نظماء سررشتہ جات۔	۷۷	ہدایات حساب
۴۲	۴۵	۱۲/۱۱ "	خریدی سردس ٹکٹ از خرچہ مدخلہ فریقین۔	۷۸	
۴۳	۳۴۵/۳۵	۱۳/۱۲ "	منظوری اخراجات تجہیز و تکفین اموات لاوارث	۷۹	
۴۴	۳۵۲/۳۵	"	درخواست خریدی رجسٹرات سالانہ برائے مدارس سرکار عالی	۸۰	

۴۵	۴۴۰/۳۵	۱۲/۱۲ ف ۳۵	تصفیہ رقم علی الحساب اخراجات ارسال اندرون و بیرون ضلع۔	۸۱
			معاشہائے نقدی منصب برسوم معاوضہ یومیہ و معمول وغیرہ	
۴۶	۴۱	۳/۱۱ "	طلب تختہ ملتویات مقدمات وراثت و تنسیخی وغیرہ متعلقہ معاشداران نقدی	۸۳
۴۷	۵۵	۳۰/۱۲ "	تصفیہ ادائی بقایا و رسوم بالحاظ گنجائش ہوا زنہ	۸۴
۴۸	۱۱	۲۳/۱۲ "	منظوری تنخواہ سیت سند صیان۔	۸۴
			خزانہ	
۴۹	۱۱	۱۰/۴ "	ہدایت نسبت ترسیل نمونہ دستخط بخزائن باغراض ادائی رقم رسائیدار سالی۔	۸۷
۵۰	۲۳	۴/۹ "	انتظام کار بزمانہ تعطیلات ماہ صیام	۸۷
۵۱	۲۴	۵/۹ "	انتظام ادائی رقوم اجازت نامجات مجریہ دفتر خانہ از خزانہ عامرہ سرکار عالی بزمانہ تعطیل ماہ صیام۔	۸۸
۵۲	۲۵	۹/۹ "	منتقلی خزانہ از یک مقام بمقام دیگر۔	۸۹
۵۳	۲۶	"	گم گشتگی پنج قطعہ کرنسی نوٹس رقمی صد و از رجسٹری نمبر ۳۵۲ مجریہ ٹپہ خانہ سکندر آباد	۸۹
۵۴	۲۹	۵/۸ "	سالانہ تکمیل و تجدید ضمانت نامجات اضلاع متعلقہ خدمات مشروط الضمانت و تقسیم تحفظ آں بدفاتر متعلق۔	۹۰

ہدایات عام

اقتدارات۔ موازنہ

قواعد ملازمت

ہدایات عام (موقت)

۵۵	۳۷	۶/۱۰ ف ۳۵	امتناع حصول سکہ جات نحاسی اٹھنی کلدار بخزائن	۹۱	
۵۶	۵۲	۲۷/۱۲ "	جواز استعمال بعض نمونہ جات رجسٹرات مندرجہ دستور العمل خزانہ عامرہ۔	۶۱	
			موازنہ		
۵۷	۱	۱/۱ "	منکوری موازنہ لوکلفنڈ سنہ ۳۳ ف و سنہ ۳۴ ف	۹۵	
۵۸	۲۴	۲۳/۱۲ "	نگرانی موازنہ منقسمہ۔	۹۵	
			ہدایات حساب		
۵۹	۳	۲۴/۲ "	وضعات کنٹربیوشن از ماہوار منصب بصورت ملازمت بعلاقہ سرکاری یا غیر سرکاری بالخصوص بصورت منتقلی بعلاقہ غیر۔	۹۷	قواعد طاز۔ معاشہائے نقدی۔ مہت
۶۰	۵	۹/۳ "	طریقہ اجرائی رسید ارسالی متعلقہ رقم جمع وخرچ	۹۸	خزانہ
۶۱	۸	۱۸/۳ "	تنظیم کارہائے تصحیح بہ شاخ فوج دفتر ہذا متعلق بہ تنخواہ و الونس و اخراجات سفر و مصارف صادرہ ہمہ ابواب۔	۹۸	
۶۲	۹	۱۰/۴ "	اجرائی احکام دربارۂ ادائی رقوم اقدار سپرد شدہ۔	۱۱۱	
۶۳	۱۷	۲۱/۵ "	تنظیم کار تصحیح حسابات شاخ لوکلفنڈ	۱۱	
۶۴	۲۰	۳۰/۵ "	لزوم تصحیح متعلقہ برآوردات تنخواہی و سفر خرچ امناء و دیگر عہدہ داران کروڑگیری ملک سرکار عالی۔	۱۱۲	(ترمیم زریعہ مراسلہ ۵۳)
۶۵	۳۸	۹/۱۰ "	ترتیب برآوردات بلکھا حسب نمونہ جدید (ب) جمعیت تعاونی	۱۱۴	

۶۶	۵۳	۲۹/۱۲ ف ۳۵	تنقیح مقدم برآوردات خدمات بالاتر عہدۂ امناد کروڑگیری ملک سرکار عالی از صیغہ حساب۔	۱۱۴	
۶۷	۳۲۸/۳۵	۲/۱۱ ״	طریقہ نشان اندازی اسناد	۱۱۵	(گوشوارہ ۵)
۶۸	۳۶۶	۲۵/۱۲ ״	اجرائی طریقہ قیام رجسٹرات تنقیح مقدم تنخواہ بھتہ صادر وغیرہ بہ صیغہ جات تنقیح اضلاع	۱۱۵	
			ہدایات عام		
۶۹	۱۵	۱۷/۵ ״	اشاعت کتاب "المقتدر" قیمتی ۱۲ ارنی جلد متعلق اختیارات صدر محاسب سرکار عالی۔	۱۲۹	
			متفرق		
۷۰	۱۳	۱۵/۵ ״	انتظام تقسیم تنخواہ ماہ فروردی ۱۳۳۵ ف بوجہ وقوع تعطیلات عام بتواریخ یکم و دوم اردی بہشت ۱۳۳۵ ف از ۲۹ فروردی ۱۳۳۵ ف۔	۱۳۱	

فہرست مراسلات کلیات مجریہ دفتر صدر محاسر کار عالی

بلحاظ نشان سلسلہ

حصۂ اول

نشان اندراج	تاریخ مجاریہ مراسلہ	خلاصہ مقدمہ	نشان صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
۱	یکم آذر	منظوری موازنہ بوکلفنڈ سنہ ۱۳۳۴ف و سنہ ۱۳۳۵ف	۹۵	
۲	۷ مہ "	ایصال بیشگی تنخواہ خوردادبوجہ تعطیل موسم گرما بہ سررشتہ تعلیمات سرکار عالی	۳۵	
۳	۲۴ مہ دے	وضعات کنٹربیوشن از ماہوار منصب بصورت ملازمت بعلاقہ سرکاری یا غیر سرکاری مخصوص بصورت منتقلی بعلاقہ غیر۔	۶۷	
۴	"	اجرائی بھتہ وکرایہ ریل وغیرہ بلا لزوم پروگرام منظورہ تا بحد نان گزیٹیڈ عہدہ داران	۷۱	
۵	۹ مہ بہمن	طریقہ اجرائی رسیدارسالی متعلقہ رقوم مبنی چیک	۶۸	
۶	"	منسخ احکام عطائے مدت شش ماہ بغرض تصحیح سنہ ولادت۔	۳۵	
۷	"	کارروائی منتقلی وظیفہ خواران سرکار عالی بعلاقہ سرکار عظمت مدار	۶۵	

۸	۱۸ر بہمن	تنظیم کار ہائے تنقیح بہ شاخ فوج دفتر ہذا متعلق بہ تنخواہ و الونس و اخراجات سفر و مصارف صادرہ ہمہ ابواب	۹۸	
۹	۱۰ر اسفندار	اجرائی احکام دربارۂ ادائی رقوم اقتداری سررشتہ۔	۱۱۱	
۱۰	〃	اجرائی وظائف فوجی علاقہ سرکار عظمت مدار بلا لحاظ کسرات پائی	۶۶	
۱۱	〃	ہدایت نسبت ترسیل نمونہ دستخط بخزائن باغراض ادائی رقوم رسائدار سالی۔	۸۷	
۱۲	〃	اجرائی تنخواہ وغیرہ متعلقہ عملہ لیانڈر یکارڈ و گرداوال بر بناء وثیقہ منظوری و مشورہ مہتمم صاحب بندوبست۔	۲۵	
۱۳	۱۵ر فروردی	دانتظام تقسیم تنخواہ ماہ فروردی ۱۳۳۵ف	۳۱	
۱۴	۱۷ر 〃	منظوری برآوردات سررشتہ علاج حیوانات خارج المیعاد تا بحد یکسال با اقتدار نظامت متعلقہ۔	۲۶	
۱۵	۱۷ر 〃	اشاعت کتاب "المقتدر" قیمتی ۱۲ فی جلد	۲۹	
۱۶	〃	تصفیہ اختیار تقرر و تبدل عملہ صیغہ حساب	۳	
۱۷	۲۱ر 〃	تنظیم کار تنقیح حسابات شاخ لوکلفنڈ	۱۱۱	
۱۸	۱۹ر 〃	قواعد ادائی وظائف بہ فوجی وظیفہ خواران مندرجہ علاقہ سرکار عظمت مدار	۶۶	
۱۹	۲۰ر فروردی	تصفیہ اقتدارات ناظم صاحب کوتوالی اضلاع دیگر منظوری برآوردات کرایہ ریل اسپان عہدہ داران ماتحت۔	۷۱	
۲۰	۳۰ر 〃	لزوم تنقیح مقدم متعلقہ برآوردات تنخواہی و		

		سفر خرچ امناء و دیگر عہدہ داران کروڑگیری ملک سرکار عالی۔	۱۱۲	
۲۱	۳۰ مہر فروردی	استثناء دفاتر خورد اضلاع از لزوم خریداری صادر از اسٹیشنری ڈپو سرکار عالی	۷۵	
۲۲	۳۱ مہر "	خریدی سروس ٹکٹ از خرچہ مدخلہ فرعین	۷۵	
۲۳	۴ مہر اردی بہشت	انتظام کاربزمانہ تعطیلات ماہ صیام	۸۷	
۲۴	" مہر "	انتظام ادائی رقوم اجازت نامجات مجریہ دفتر ہذا از خزانہ عامرہ سرکار عالی	۸۸	
۲۵	۹ مہر "	منتقل خزانہ از یک مقام بمقام دیگر	۸۹	
۲۶	"	گم گشتگی پنج قطعہ کرنسی نوٹس رقمی مساوی از رجسٹری نمبر (۳۵۴) مجریہ ٹپہ خانہ سکندر آباد۔	۸۹	
۲۷	۱۷ مہر "	صراحت اقتدارات صدر المہام صاحبان متعلقہ سلک سنواتی علاقہ لوکل فنڈ۔	۳۰	
۲۸	۵ مہر تیر	لزوم ادخال صداقت نامہ عمر بوقت تقرر ابتدائی اطفال کمسن بہ سررشتہ فوج۔	۳۶	
۲۹	"	سالانہ تکمیل و تجدید ضمانت نامجات اضلاع متعلقہ خدمات مشروط الضمانت و تقسیم و تحفظ آں بدفاتر متعلق۔	۹۰	
۳۰	"	اصلاح طریقہ عطائے رخصت اتفاقی متعلقہ اہل سیف۔	۶۳	
۳۱	۱۱ مہر "	جلد بندی رجسٹرات عدالت العالیہ و دیگر عدالت ہائے تحت بجائے دارالطبع از بازار۔	۷۶	

۳۲	۸ مرداد	انتظام تقرر و تحفظ جائداد ہائے خالی شدہ برائے طلباء زیر تعلیم بمقامات ہند و انگلینڈ	۳۰
۳۳	۲۶ مر "	تصفیہ اقتدارات صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع سرکار عالی دربار ہنتوری کرایہ ریل اسپاں عہدہ داران ماتحت	۱۰۱
۳۴	۳۰ مر "	انتظام جائداد ہائے خالی شدہ بسر رشتہ عدالت تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف	۳۳
۳۵	"	ماموری طلباء وظیفہ یاب تعلیم یورپ بیافت (سماعہ) ماہوار ابتدائی۔	۴۳
۳۶	"	ہدایات متعلقہ اخراجات ارسال خزانہ	۷۰
۳۷	۶ شہریور	امتناع حصول سکہ جات نکل اشعنی کلدار بجزائر۔	۹۱
۳۸	۹ مر "	ترتیب برآوردات سکہ جات نکل جدید	
۳۹	۲۵ شہریور	خیار تقرر و تبدل عملہ صیغہ حساب اضلاع	۳۳
۴۰	۲۸ مر "	تصفیہ حسابات کارہائے تعمیر و تعمیم تخفیف	
۴۱	۲ مہر	طلب تحفہ ملتویات مقدمات وراثت و تنکحی وغیرہ متعلقہ سنداران نقدی۔	۸۳
۴۲	۴ مر "	پابندی احکام نافذہ بوقت تقرر یورو پین اشخاص۔	۴۳
۴۳	۹ مر "	اضافہ گریڈ تنخواہ سررشتہ داران و فراشہ مہتمان تعلیمات۔	۴۴
۴۴	۱۲ مر "	تخفیف رقم سفر خرچ مندرجہ حوالہ ۳۴ الف علاقہ صرف خاص مبارک مفوضہ دیوانی۔	۷۳

۴۵	۱۲ر مہر	خریدی سروس ٹکٹ از خرچہ مدخلہ فرقین	۸۰
۴۶	۲۶ر "	نگرانی امور تخفیف یا فتگان	۴۴
۴۷	"	ہدایات دربارۂ ایصال وظائف بہ وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار	۷۰
۴۸	"	تصفیہ مصارف دورہ بھتہ وغیرہ باہتمام ۱۳۳۴ف۔	۷۳
۴۹	۱۶ر آبان	تجدید وتنایق وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار۔	۷۰
۵۰	"	تخفیف جائداد ہائے پیرہ جات احتشام متعینۂ قلعہ جات بوجہ لاوارثی وغیرسودی	۴۶
۵۱	"	توسیع اقتدارات ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی دربار منظوری برآوردات خارج المیعاد زاید از ایک سال	۳۳
۵۲	۲۷ر "	جواز استعمال بعض نمونہ جات رجسٹرات مندرجہ دستور العمل خزانہ عامرہ۔	۹۱
۵۳	۲۹ر "	تنقیح مقدم برآوردات خدمات بالاتر از عہدہ امناء کروڑگیری ملک سرکار عالی از صیغہ حساب۔	۱۴
۵۴	"	اقتدار دربارہ صرف کردن رقوم کرایہ مکان بہ ناظم صاحب سررشتہ تعلیمات	۳۳
۵۵	۳۰ر "	تصفیہ ادائی بقایا رسوم بلالحاظ گنجائش موازنہ۔	۸۴

حصہ دوم

۵۶	۱	۳۴۲/۳۵	۲۷/۱۲ ف ۳۵ (کلیات اضلاع سمت	تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف متعلقہ صدر محاسبی۔	۴۵
۵۷	۲	۳۴۸/۳۵	۲/۱۲ "	طریقہ نشان انگاری اسناد	۱۱۵
۵۸	۳	۶۰/۳۴	۱۱/۱۱ "	درخواست سکھاں متعلق اجرائی الونس بمماثلت نظم جمعیت	۵۱
۵۹	۴	۳۴۲/۳۵	۱۳/۱۱ ف ۳۵	تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف متعلقہ صدر مد (ا) انتظام اضلاع	۵۰
۶۰	۵	۳۴۲/۳۵	۱۵/۱۱ ف ۳۵ (اضلاع ناندیڑ)	عدم اجرائی بھتہ مداحی وسفر خرچ سب انسپکٹراں انجمن ہائے اتحاد باہمی سرکار عالی مامور و بعد یکم روے ۱۳۳۱ ف	۷۳
۶۱	۶	۳۴۲/۳۵	۱۳/۱۲ ف ۳۵ (مینہ کلیات اضلاع سمت سلگانہ)	تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف متعلقہ صدر مد (ا) انتظام اضلاع۔	۴۰
۶۲	۷	۳۴۵/۳۵	"	منظوری اخراجات تجہیز و تکفین اموات لاوارث۔	۷۵
۶۳	۸	۳۵۲/۳۵	"	درخواست خریدی رجسٹرات سالانہ برائے مدارس سرکار عالی۔	۸۰
۶۴	۹	۳۴۰/۳۵	"	تصفیہ رقم علی الحساب اخراجات امسال اندرون و بیرون ضلع۔	۸۱
۶۵	۱۰	۲۹/۱۲ ف ۳۵	(مینہ کلیات اضلاع)	منظوری تنخواہ سیت سندھیاں۔	۸۴
۶۶	۱۱	۱۰/۱۱		اجرائی گریڈ مدرسین بزمانہ ٹریننگ نارمل اسکول۔	۶۱
۶۷	۱۲	۲۴	(اضلاع سمت پربھنی)	نگرانی موازنہ منقسمہ۔	۹۵
۶۸	۱۳	۳۶۶	۲۵/۱۲ ف ۳۵ (مینہ کلیات اضلاع)	اجرائی طریقہ قیام رجسٹر تنخواہ متقدم تنخواہ بھتہ وغیرہ بصیغہ جات تنقیح اضلاع	۱۱۵

حصہ سوم

۶۹	(۴)	۱	۱۴۴	۳۰/۱ ۳۵ف (شاخ انتظامی)	زمانہ ملازمت ملازمین ادنیٰ طبقہ گروز گیری خدمت چپراسی گری کے اضافہ جات کے لئے منسوب کیا جا سکتا ہے۔	،،
۷۰	(۸)	۲	۱۴۲/۱۴۴	۲۲/۱ ۳۵ف (شاخ اضلاع سمت مرہٹواڑی)	عدم احتساب ملازمت و یافت ہنگامی برائے ایصال اضافہ گریڈ منتقلہ بدوں منظوری محکمہ فینانس	۶۲

اقتدارات

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۲)

واقع ۱۰ر اسفندار ۱۳۳۵ف
نشانش ۲۸ ۳۵ف اضلاع سمت تلنگانہ
۴۵ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرات لاصدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع صیغہ حسابات اجرائی تنخواہ وغیرہ متعلقہ عملہ لیانڈریکارڈ و گرداوراں

بلحاظ گشتی محکمہ سرکار صیغہ مالگزاری نمبر ۲ مورخہ ۲ر آذر ۱۳۳۵ف براہ کرم عملہ لیانڈریکارڈ کے تقرر تبدل۔ رخصت و اجرائی گریڈ کی حد تک بلا وثیقہ منظوری منظم صاحب بندوبست اور گرداوراں کے تقررات کے متعلق بلا وثیقہ مشورہ دفتر مذکور آیندہ تنخواہ بلحاظ ضوابط سرکار اجرا نہ کیجائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۴)

واقع ۱۰ر فروردی ۱۳۳۵ف
نشانش (۳۵) ۳۵ف
اضلاع سمت تلنگانہ
۴۶ ۳۵ف
عام

منجانب مرزا نصر اللہ خان صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع صیغہ حسابات منظوری برآوردات سررشتہ علاج حیوانات

بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ فوج (شاخ علاج حیوانات) ۲۹۹ مورخہ ۸ر آبان ۱۳۳۵ف عالیجناب نواب صدر المہام بہادر نے منظوری بقایا، تنخواہ دہندہ خارج المیعاد تا بحد ایکسال نیز بوجہ عدم گنجایش موازنہ منتقلی رقوم (بموجب قاعدہ نمبر ۱ سبیل بندی سررشتہ جاری) کے اختیارات بنظر سہولت و تخفیف کار فی الحال ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات کو عطا فرمایا ہے۔ لہذا آیندہ سے برآوردات محولہ بالا و رقوم منتقل شدہ ناظم صاحب موصوف کی منظوری پر اجرا کئے جائیں۔

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۲)

واقع ۱۷ فروردی سنہ ۱۳۲۵ف
نشان بشمل (۲۵) عام صدوم سنہ ۱۳۱ف

منجانب مرزا افخر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقداران صاحبان اضلاع سرکار عالی

مقدمہ

تصفیہ اختیار تقرر و تبدل بہ عملہ صیغہ حساب و خزائن اضلاع منظورہ جانب نواب صدر اعظم بہادر باب حکومت سرکار عالی شایع کی گئی ہیں اوس کے فقرہ (۵) میں محہ تا ادے سے کمتر جائدادوں کے متعلق تقرر وغیرہ کا اقتدار آپ صاحبوں کے تفویض کیا گیا ہے لیکن تقرر و تبادلہ کے صورت میں قابلیت و معیار امتحان کے متعلق قیود و قائم کردہ دفتر ہذا کہ صوابدید پر منحصر کیا گیا ہے لہذا بہ اتباع حکم مذکور تقرر و تبادلہ کے متعلق حسب ذیل قیود و قائم کئے جاتے ہیں:-

(۱) صیغہ حساب و خزانہ کے کسی جائداد پر صرف کسی ایسے شخص کا تقرر ہو سکیگا جو امتحان سررشتہ حساب میں کامیاب ہو اگر کوئی کامیاب شخص دستیاب نہ ہو تو کسی ایسے شخص کا تقرر بھی ہو سکیگا جو صیغہ حساب اور خزانہ کے کام سے کماحقہ واقف ہو جس کی تصدیق مہتمم صاحب صدر خزانہ کو کرنی ہوگی۔

(۲) صیغہ حساب و خزانہ کے امورہ اشخاص کا تبادلہ ایک سررشتہ سے دوسرے سررشتہ میں بلا منظوری دفتر ہذا نہ ہو سکے گا۔ دفتر ہذا سے منظوری صرف اوسی صورت میں دیجائیگی جبکہ اس امر کا یقین ہو جائے کہ صیغہ حساب میں آنے والا شخص سررشتہ حساب کے امتحان میں کامیاب ہے یا صیغہ حساب کے کام سے بخوبی واقف ہے اور اوس کی تصدیق مہتمم صاحب صدر خزانہ نے کی ہے۔

(۳) ایک ضلع سے دوسرے ضلع میں تبادلہ بھی بلا منظوری دفتر ہذا نہ ہو سکے گا۔

امید کیجاتی ہے کہ آیندہ سے حسبہ عمل فرمایا جائیگا۔

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۷)

واقع ۱۰ اردی بہشت سنہ ۱۳۲۵ف
نشانش (۲۳) بابتہ سنہ ۱۳۲۹ف
شاخ خالصہ دیوان) عام

منجانب مرزا افخر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت میر مجلس صاحبان لو کلفنڈ اضلاع سرکار عالی

مقدمہ

حراست اقتدارات صدر ابہام صاحبان متعلق سلک سنواتی علاقہ لو کلفنڈ

بموجب احکام باب حکومت مندرجہ گشتی نشان ۱۲ واقع ۱۰ امرداد ۱۳۲۹ف صدالمہام صاحبان علاقہ کو سلک سنواتی نوکلفنڈ سے پچاس ہزار (۵۰ ہزار) روپیہ تک ایک سال میں منظور کرنے کا اقتدار حاصل تھا لیکن سلک مذکور سے ایک لاکھ یا اوس سے زاید رقم کی منظوری کے لئے فینانس کا مشورہ لازمی قرار دیا گیا تھا۔

اب محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس سے ذریعہ مراسلہ نشان (۱۵۱ تا ۱۵۴) واقع ۲۲ مرد ۱۳۳۵ف حسب الحکم صدارت عظمیٰ حسب ذیل احکام صادر فرمائے گئے ہیں۔

کسی سال سلک نوکلفنڈ سے ایک لاکھ یا اوس سے زاید رقم سے مجموعی طور پر جب استفادہ ہونا ہو تو اس وقت سررشتہ فینانس کی رائے اولاً لینی ہوگی اور جب مجموعی طور پر سلک مذکور کی رقم پچی س ہزار (۵۰ ہزار) روپیہ یا اوس سے کم ہوتی ہو تو صدرالمہام صاحبان علاقہ کی منظوری سے اس کی اجرائی ہو سکے گی لیکن اس طور پر سلک سنواتی نوکلفنڈ سے سررشتہ جات ایک سال کے اندر جو ایک لاکھ روپیہ صرف کر سکتے ہیں اس کے متعلق اس کے حصص کا تعین ہونا ضروری ہے لہذا اس کا تعین حسب ذیل کیا جاتا ہے۔

نوکل سیس کی موجودہ تقسیم حسب ذیل ہے

(۱) تعلیمات ۔ ۳ھ

(۲) طبابت ۔ ۱ھ

(۳) رفاہ عام ۔ ۵ھ

(۴) راستہ پٹی ۔ ۲ھ

اور ہر ایک سررشتہ کی سلک بھی حسابات میں علحدہ ہے لہذا سررشتہ جات سلک سنواتی سے بلا امتزاج سررشتہ فینانس ایک سال میں اسی مناسبت سے رقم صرف کر سکتے ہیں۔ یعنے۔

(۱) تعلیمات کیلئے ایک لاکھ کا $\frac{3}{12}$ حصہ ۔ یعنے ۲۵ ہزار

(۲) طبابت " " $\frac{1}{12}$ " ۔ " ۸۳۳۳ ہزار

(۳) رفاہ عام " " $\frac{5}{12}$ " ۔ " ۴۱۶۶ ہزار

(۴) راستہ پٹی " " $\frac{2}{12}$ " ۔ " ۱۶۶۶ ہزار

جملہ رقم سلک سنواتی لوکلفنڈ جس سے کسی ایک سال میں بلا استزاج فینانس استفادہ ہوسکتا ہے ایک لاکھ ہے۔

ف۲۔ چونکہ صدرالمہام صاحبان علاقہ کی منظوری سے مجموعی طور پر پچاس (۵۰ ہزار) روپیہ یا اوس سے کم رقم کا استفادہ ہوسکتا ہے۔ اس لئے صدرالمہام صاحبان سررشتہ اپنے اقتدار سے سلک سنواتی سے حسب ذیل رقم جاری فرماسکتے ہیں۔

(۱) تعلیمات۔ ۲۵ ہزار

(۲) طبابت۔ ۱۰ ہزار

(۳) رفاہ عام۔ ۱۰ ہزار

(۴) راستہ پٹی۔ ۱۰ ہزار

جملہ ۵۰ ہزار

ف۳۔ سلک سنواتی سے صرف شدنی رقم یک لاکھ یا اوس سے زاید ہونے کی صورت میں یہہ ضروری ہے کہ اوس کے متعلق اولاً سررشتہ فینانس سے رائے حاصل فرمالیجائے اور ثانیاً محکمہ فینانس کو چھہ ماہ قبل از قبل اطلاع دیجائے تاکہ خزانہ سے سربراہی رقم کا انتظام کیا جاسکے۔ پس آیندہ سے حسبہٗ عمل فرمایا جائے۔

اس کی ایک ایک کاپی معتمد صاحبان تعلیمات طبابت و تجارت حرفت صیغہ لوکلفنڈ کی خدمت میں بحوالہ مراسلہ فینانس متذکرۂ بالا اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلۂ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی

نشان (۴۹)

بجانب مرزا نصراللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
بدست اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی

واقع ۲۵ شہریور ۱۳۳۵ف

نشانش (۳۵) صیغہ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

خیار تقرر و تبدل عملہ صیغہ حساب اضلاع

بمد نظر مراسلہ دفتر فینانس نشان ۵۲۶ مورخہ یکیم شہریور ۱۳۳۵ف بتوضیح مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان ۱۰۶ مورخہ ۱۷ فروردی ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ:۔

(۱) اگر دیگر سررشتہ کے اہلکاروں کا صیغہ حساب و خزانہ میں تبادلہ کیا جائے تو چونکہ یہ ماموری جدید کے حامل ہے اس لئے شرائط حساب دانی مندرجہ مراسلہ زیر توضیح کی تکمیل

ہوتی ہے تو دفتر ہذا سے منظوری کی ضرورت نہ ہوگی۔
(۲) اگر سررشتہ حساب و خزانہ کے اہلکاروں کا دیگر سررشتہ جات میں تبادلہ مقصود ہو تو یہہ امر اعلیٰ افسر سررشتہ (صدر محاسب سرکار عالی) کا بالکلیہ اقتداری ہے جن کی منظوری کے بغیر ایسا تبادلہ جائز نہ ہوگا۔
(۳) مراسلہ کلیات دفتر ہذا متذکرۂ صدر میں تقرر و تبادلہ کی صورت میں تصدیق مدوگار خزانہ کا جو لزوم عائد کیا گیا ہے اس سے مقصود یہ ہے کہ ان اختیارات کے استعمال کے قبل نکاہ حساب ضلع مدوگار خزانہ سے بھی رپورٹ حاصل فرمالیا کریں توقع ہے کہ آئندہ حسب توضیح صدر عمل ہوگا فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۱)

واقع ۱۶ر آبان سنہ ۱۳۳۵ف
مشمولہ نقل (۳۵۴) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
شاخ (اضلاع سمت تلنگانہ)
(۴۶) عام سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول متعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی

مقدمہ
توسیع اقتدارات ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی

بہ توضیح مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۱۴) مورخہ ۱۷ر فروری سنہ ۱۳۳۵ف و بوصول مراسلہ محکمہ معتمدی سرکار عالی صیغہ فوج و طبابت نشان (۲۹۱/۲۹۲) مورخہ ۸ر امرداد سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ مصدر نگارش ہے کہ عالیجناب نواب صدر المہام بہادر علاقہ نے بجائے "زائد از شش (۶) ماہ تا بحد ایکسال" کے خارج المیعاد زاید از ایکسال جملہ برآوردات بقایا کے منظور کرنے کا اختیار ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات سرکار عالی کو عطا فرمایا ہے پس حسبہ پابندی ہدایات مندرجۂ مراسلہ کلیات مذکور الصدر بحذف "تا بحد ایکسال" مطالبات پیش شدہ خارج المیعاد زاید از ایکسال کی بعد تصدیق و تنقیح اجرائی فرمائی جائے۔
۲۔ منجملہ ہذا خدمت ناظم صاحب سررشتہ علاج حیوانات ملک سرکار عالی اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۴)

واقع ۲۹ر آبان سنہ ۱۳۳۵ف
مشمولہ نقل (۱۷۲) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
بلدہ ۵۵ دوم

(۱۳۶) عام ۱۳۳۲ف

منجانب عزانصراللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحب اضلاع سرکار عالی (صیغہ تنقیح خرچ)

مقدمہ

اقتدار دربارہ صرف کردن رقوم کرایہ مکان سررشتہ تعلیمات بنظم صاحب تعلیمات

بمہ نظر مراسلہ معتمدی تعلیمات ثبتہ نشان (۵۷۷) مورخہ ۳ر اسفندار ۱۳۳۴ف بہ توثیق مراسلہ معتمدی سرکار عالی سررشتہ فینانس نشان ۱۵۹/۱۶ صیغہ عدالت مورخہ ۶ر دی ۱۳۳۵ف و بہ سلسلہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۴۰۷) مورخہ ۲۵ر آبان ۱۳۳۲ف نگارش ہے کہ دہیات و مواضعات کے اکمنہ مدارس کے متعلق جو تعلقات و اضلاع کے مستقر پر واقع ہوں ناظم صاحب یا مہتمم صاحب تعلیمات کے اس صداقت نامہ کی بناء پر کہ انھوں نے بذات خود مکان کا معائنہ کرلیا ہے اور بلحاظ مکانیت و موقع کرایہ واجبی ہے بحد (۳) ماہانہ تک کرایہ منظور کرنے کا اختیار دیا گیا صداقت نامہ سررشتہ تعمیرات ناظم صاحب تعلیمات کو اندرون گنجائش موازنہ عطا فرمایا گیا ہے بناءً علیہ یہ مراسلہ بہ ترمیم فقرہ (۳) مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۴۰۷) متذکرہ صدر جاری کیا گیا ہے حسبہ منظوری نافذ اور صداقت نامہ پیش ہونے پر عمل ہوگا۔

دستخطی۔ اس کا بخدمت ناظم صاحب تعلیمات ملک سرکار عالی مرسل فقط

قواعد ملازمت

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲)

واقع ۱۰ آذر ماہ الٰہی سنہ ۱۳۲۵ف
نشانش (۸۰) ہج گروپ دوم سنہ ۱۳۲۵ف

منجانب مولوی سید محمد حسن بلگرامی منصرم صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اہل تعلق صاحبان اضلاع (صیغہ حساب) وعہدہ دار صاحبان
سررشتہ تعلیمات سرکار عالی

(۱) باتبہ سنہ ۱۳۲۵ف
متضمن
ایصال تنخواہ پیشگی خورداد
بوجہ تعطیل موسم گرما بہ سررشتہ تعلیمات
سرکار عالی

سلسلۂ کارروائی کے لئے ملاحظہ فرمایئے گشتی دفتر ہذا نشان ۲ مورخہ ۱۲ سنہ ۱۳۲۵ف
اس کے قبل چونکہ سررشتہ تعلیمات میں دو ماہ کی تعطیل موسم گرما ہوتی تھی اور ماہ خورداد و تیر تعطیلات میں ختم ہوتے تھے لہذا شہور مذکور کے متعلق ملازمین سررشتہ تعلیمات کو دو ماہ کی تنخواہ بعنوان پیشگی ایصال ہوتی تھی اب عالیہ فرمان مبارک کی متابعت سے مدارس حوت ماہ تیر میں بند رہیں گے جس کی تنخواہ ماہ امرداد میں واجب الایصال ہوتی ہے اس لئے ماہ مذکور کی تنخواہ حسب مراسلہ فینانس سرکار عالی نشان ۵۹۵/۹۲ صیغہ حساب مورخہ ۱۰ تیر سنہ ۱۳۲۵ف بعنوان پیشگی ایصال نہیں ہوگی صرف ماہ خورداد کی تنخواہ ۱۵ انجور روپے ۱۵ خوردانگ پیشگی تقسیم ہو سکے گی اور گشتی دفتر ہذا نشان ۲۶ مورخہ ۲۱ شہریور سنہ ۱۳۲۳ف سنوی متصور ہوگی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۶)

واقع ۱۰ بہمن سنہ ۱۳۲۵ف
نشانش (۸۴) صیغہ ۱۳۲۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اہل تعلق دار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ حساب)

متضمن
تنسیخ احکام عطائے تنخواہ بغرض تصحیح

بصدور فرمان واجب الاذعان خداوندی مرقومہ ۹ر جمادی الاول ۱۳۴۴ھ گشتی محکمہ فینانس ۱۰۱ مورخہ ۲۰ر امرداد ۱۳۳۴ف (جس کے ذریعہ چھ مہینے کی مدت کا اون عہدہ داران اور ملازمین کو جو کوئی اتفاقی غلطی تاریخ اندراج کارنامہ کی ثابت کر سکتے ہوں اپنے کارنامہ کی مندرجہ تاریخ ولادت کی تصحیح کے لئے ایک آخری موقعہ دیا گیا تھا) کی تنسیخ اب ذریعہ گشتی محکمہ فینانس ۳۰۲ مورخہ ۲۴ر دے ۱۳۳۵ف عمل میں آئی ہے نیز صراحت ہوئی ہے کہ اس گشتی کے نفاذ کے بعد جن اشخاص سررشتہ فوج وعمال کی تاریخ ولادت کی تصحیح کی اجازتیں بتوسط و بلاتوسط سررشتہ فینانس دیگئی ہیں وہ بھی باتباع حکم محکم خسروی منسوخ متصور ہونگی بناءً علیہ توقع کیجاتی ہے کہ حسب صراحت صدر پابندی تمام تعمیل فرمائی جائیگی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسبی سرکار عالی
نشان (۲۸)

واقع ۵ر تیر ۱۳۳۵ف

نشانش ۲۳ بتاریخہ ۱۳۳۵ف شاخ فوج
عام ۵۲ بتاریخہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت ناظم صاحب جمعیت کوتوال صاحب بلدہ صیغہ عرض و احوال تعلقدار صاحب
اضلاع صیغہ فوج بیقاعدہ سرکار عالی

مقدمہ

لزوم ادخال صداقتنامہ عمر بوقت تقرر ابتدائی اطفال ممکن بہ سررشتہ

علاقہ فوج بیقاعدہ میں اکثر ممکن اطفال خدمات جنگی پر مامور کئے جاتے ہیں دراں حالیکہ جمعیت بیقاعدہ کی جملہ خدمات جنگی کیلئے بھی تنخواہ یافتہ اشخاص تعین عمر باغراض مامور ہوتے ہیں فرقہ جات مصرحہ ذیل

نو مامور کی عمروں کا جو تعین حسب صراحت حاشیہ سابق میں پیشگاہ سرکار سے فرمادیا گیا اوس کی رو سے خدمات جنگی پر (۱۸) سال سے اور خدمات باجہ نواز و طبالان و مرفعہ نواز وغیرہ پر (۱۴) سال سے کم عمر کے اشخاص کی ماموری کی صریح ممانعت ہے چونکہ عمل جاری خلاف احکام سرکار اور منافی اغراض تقرر ہے اس لئے محکمہ فینانس سے ذریعہ مراسلہ ۳۰۳ مورخہ ۱۷ر بہمن ۱۳۳۵ف دفتر ہذا میں جو ہدایات موصول ہوئیں اون کا حاصل اطلاعاً و تعمیلاً ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

(۱) (۱۸) سال سے (۵۰) سال تک۔ فرقہ عرب و لاسکی
(۲) (۱۸) سال سے (۳۰) سال تک۔ فرقہ لین مسوار و مولدین و غیرہ
(۳) (۱۴) سال سے (۳۰) سال تک۔ باجہ نواز و طبالان و مرفعہ نواز وغیرہ جو جمعیت کے ہمراہ باجہ نواز کرتے ہیں۔

(۱) بجز اس کے کہ پنشن خانہ میں بطور خاص کمسن اطفال کی ماموری جائز قرار دیگئی ہو اور بجز ایسی جائداد ہائے قدیم و موروثی کے جو مجریہ عہد وزارت نواب مختار الملک مرحوم اولیٰ ہوں اور نیز جنکی اجرائی وراثتاً کم از کم تین پشت سے سلسلہ بسلسلہ ہوتی آرہی ہو جمعیت بیقاعدہ کی کسی خدمت تنگی پر مصرحہ صدر عمر سے کم عمر کے اشخاص یا کمسن اطفال مامور کئے جائیں تو ایسے ملازمین نو مامور کی ماہواری اجرائی ہر گز صیغہ تنقیح سے نہ ہونی چاہیئے۔

(۲) اوس سے پہلے جو نابالغ اور کمسن اشخاص مقرر ہوچکے ہیں اول کو بھی اردی بہشت ۱۳۳۵ف سے ماہوار ایصال ہوسکیگی تا انکہ بحصول رائے سررشتہ فینانس پنشنگاہ سرکار سے تصفیہ کرا کے صیغہ تنقیح کو اس امر سے مطلع نہ فرما دیا جائے کہ جو نابالغ کام نہیں کرسکتے وہ بلا حقوق وراثت آیندہ بھی علی حالہ مامور و کارگذار رکھے جاسکینگے۔

(۳) آئندہ سے ہر ایک کی ماموری کے وقت کسی سرکاری ڈاکٹر کا صداقت نامہ عمر ماہوار کی پہلی برآورد کے ہمراہ اس غرض سے منسلک رہنا لازمی ہوگا کہ جس جس فرقہ یا جماعت کے متعلق ضابطہ یا احکام سررشتہ داری میں جو کچھ بھی عمر کے نسبت قیود ہوں یا آیندہ عاید کیجائیں اُن کی تکمیل و تسلیل کی تنقید قبل اجرائی ماہوار صیغہ تنقیح متعلقہ سے کرلی جایا کرے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۲)

واقع ۲۸ امرداد ۱۳۳۵ف
نشانش (۱۰۰) بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا سرکار عالی
خدمت عہدہ دار صاحبان سررشتہ حسابات سرکار عالی

مقدمہ
انتظام تقرر و تحفظ جائدادہائے خالی شدہ برائے طلبا از تعلیم مقامات ہند و انگلینڈ

بتعمیل فرمان مبارک مصدرہ ۲۸ جمادی الثانی ۱۳۴۳ھ ان طلبا کے لئے جو یورپ و ایشیا میں ضروریات سررشتہ جات ملک سرکار عالی کے مدنظر زیر تعلیم ہیں اور جنکی فہرست تفصیلی منسلک ہذا ہے حسب تصریح مراسلہ فینانس ۳۸۹۹/۳۸۹۶ مورخہ ۱۳ مئی ۱۹۲۶ء سررشتہ جات مصرحہ میں طلبا مذکور کی ماموری کے لئے خالی شدنی خدمات کا تحفظ ضروری ہے لہذا صیغہ جات تنقیح حسابات اضلاع و بلدہ بہ ترتیب رجسٹر سررشتہ وار اس امر کی نگرانی رکھیں کہ تا واپسی طلبا خالیہ خدمات پر کسی کا تقرر مستقلانہ نہ ہو بلکہ مصرمانہ انتظام قابل امضاء ہوگا فقط

فہرست طلبائے وظیفہ یابان تعلیمی ریاست ابد قرار

(وظیفہ یابان تعلیم یوروپ) برائے سررشتۂ عدالت

نمبر شمار	نام	نمبر شمار وظیفہ	مضمون	صراحت سررشتہ جس کیلئے تعلیم دیجارہی ہے	تاریخ واپسی	حرف خیریت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷
۱	مسٹر سید رحمت اللہ	عام	ادب اور قانون	عدالت		۱۹۲۳ء میں واپس آگئے۔
۲	" لیاقت علیخاں	"	قانون	"	واپس آگئے ہیں	
۳	" محمد عبد القیوم خاں	خاص	ادب و قانون	"	اکتوبر ۱۹۲۶ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ کیجائے
۴	" مرزا علی یار خاں	"	انڈین سول سروس	"	مئی ۱۹۲۷ء	ایضاً
۵	" علاؤالدین احمد	"	قانون	"	جنوری ۱۹۲۵ء	۷ فروری ۱۹۲۵ء کو واپس آئے ملاحظہ ہو مراسلہ فینانس ۱۹۳۴ مورخہ ۷ فروری ۱۹۲۵ء
۶	" ایم اے۔ فاروقی	"	بی۔ سی۔ ایل	"	اکتوبر ۱۹۲۷ء	بشرطیکہ مزید توسیع نہ ہو۔
۷	" میر سردار علیخان	"	قانون	"	ابھی معلوم نہیں	

سررشتۂ تعلیمات

۱	مسٹر قادر حسین خاں	خاص	اقتصادیات	نظام کالج	جولائی ۱۹۲۶ء	
۲	" ایم۔ اے۔ حق	"	ڈاکٹر آف فلاسفی	"	ستمبر ۱۹۲۵ء	واپس آگئے ہیں۔
۳	" سید محمد ہادی	"	بی اے (عربی) اقتصادیات	تعلیمات	فروری ۱۹۲۶ء	جلد ۲۲۔ نومبر ۱۹۲۵ء کو

				اورفرنیکل کالج (تعلیم جسمانی)			واپس آگئے۔
۴	مس میری تندی	خاص		فرانس	تعلیمات	اگست ۱۹۲۶ء	
۵	مسٹر اے ایچ یم نظام الدین	"		ڈاکٹر آف فلاسفی فارسی۔	"	اکتوبر ۱۹۲۵ء	۲۳۔ دسمبر ۱۹۲۵ء کو واپس آئے۔ ملاحظہ ہو مراسلہ فینانس ۲۴۷۵ مورخہ ۱۶۔ جنوری ۱۹۲۶ء
۶	" زاہد علی	"		تحقیقات عربی	نظام کالج	اگست ۱۹۲۵ء	۹۔ نومبر ۱۹۲۵ء کو واپس آئے
۷	" میر سیادت علی خاں	عام		تحقیقات قانون اسلام	عثمانیہ یونیورسٹی	ستمبر ۱۹۲۸ء	بشرطیکہ مزید توسیع نہ ہو۔
۸	" سید حسین	عثمانیہ یونیورسٹی اسکالرشپ		کیمسٹری	"	ستمبر ۱۹۲۸ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ کیجائے۔
۹	" ولی الدین	"		اسسٹنٹ ڈاکٹر آف فلاسفی	"	"	"
۱۰	" صلاح الدین	"		"	"	اکتوبر ۱۹۲۸ء	"
۱۱	" محبوب علی طاہر	عام		ایم۔ ای۔ ڈی	تعلیمات	"	"
۱۲	" رضی الدین صدیقی	"		حساب	"	اکتوبر ۱۹۲۹ء	"

وظیفہ یابان تعلیم ایشیائی

۱	مسٹر ظہیر الدین احمد	عام		عربی	تعلیمات	جنوری ۱۹۲۶ء	توسیع کی درخواست دی ہے
۲	" محمد احمد	"		بی۔ اے۔ آنرز حساب	"	اگست ۱۹۲۵ء	ابھی تک آنیکی اطلاع نہیں دی۔
۳	" خواجہ محمد یوسف الدین	"		ادب	"	اکتوبر ۱۹۲۵ء	"
۴	حضور النساء بیگم صاحبہ	"		بی۔ اے۔ بی۔ ٹی	"	جولائی ۱۹۲۶ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ کیجائے
۵	مسٹر محمد عبدالستار	ڈپارٹمنٹل		ترجمہ	دارالترجمہ عثمانیہ یونیورسٹی	جون ۱۹۲۷ء	
۶	" خواجہ قطب الدین فاخری	عام		رنجنیات	عثمانیہ یونیورسٹی	فبروری ۱۹۳۱ء	

بہت سررشتہ فوج وظیفہ یابان تعلیم یورپ

۱	مسٹر محمد عبدالرشید	عام		طبابت	سررشتہ طبابت	اکتوبر ۱۹۲۶ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ ہو

۲	مسٹر اے۔ ایم مقبول علی	عام	طبابت	سررشتہ طبابت	سپٹمبر ۱۹۳۲ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ ہو
۳	بولم پکی وینکٹ ہلا ریڈی	"	ایف۔ آر۔ سی۔ ایس	"	اکتوبر ۱۹۲۹ء	"

وظیفہ یابان تعلیم ایشیائی

۱	مسٹر اے۔ ایس کرشنا سامی	عام	طبابت	سررشتہ طبابت	اگست ۱۹۲۵ء	ابھی نہیں آئے۔
۲	خیر النسا بیگم صاحبہ	"	"	"	سپٹمبر ۱۹۲۶ء	بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ کیجائے
۳	مسٹر میر علی حسین	"	"	"	جون ۱۹۲۶ء	" " "
۴	صالحہ بیگم صاحبہ	خاص	"	"	سپٹمبر ۱۹۳۰ء	" " "
۵	کریم النسا بیگم صاحبہ	"	"	"	۱۹۳۱ء	" " "
۶	مس ویولا رابسن	عام	"	"	۱۹۲۶ء	" " "
۷	" بی سترا بائی	"	"	"	جولائی ۱۹۲۵ء	واپس آگئی ہیں۔
۸	" جانکی بائی وودراج	"	"	"	جون ۱۹۳۱ء	
۹	مسٹر نارمن پی پی شامرٹ	"	"	"	جون ۱۹۲۷ء	
۱۰	احمد عبد الحکیم	"	"	"	جون ۱۹۲۸ء	

سررشتۂ مال (وظیفہ یابان تعلیم یوروپ)

۱	مسٹر سید محمد یونس	خاص	جوریس ڈوئس (اصول قانون)	مال	مئی ۱۹۳۰ء	ملاحظہ ہو مراسلہ مال ۱۴۶۵ مورخہ ۲۱ سپٹمبر ۱۹۱۹ء
۲	" باقر علی مرزا	"	بی۔ ایس سی خصوصیات	جنگلات	اکتوبر ۱۹۲۶ء	
۳	" نوازش علی	"	"	"	اپریل ۱۹۲۶ء	توسیع کیلئے درخواست دی ہے

سررشتۂ تعمیرات (آبپاشی وجنرل برانچ)

۱	مسٹر ایم۔ ایم۔ رضوی	عام	میکانیکل انجینیرنگ	تعمیرات	اکتوبر ۱۹۲۶ء	بشرطیکہ مزید توسیع نہ کیجائے۔
۲	" مصطفےٰ بیگ	خاص	الکٹریک انجینیرنگ	"	نومبر ۱۹۲۶ء	"
۳	" کے۔ ایم۔ نعمت اللہ	عام	میکانیکل انجینیرنگ	"	اکتوبر ۱۹۲۶ء	"
۴	" ایم۔ اے قیام خاں	خاص	"			

۵	مسٹر سید محمد عالم	عام	سول انجینیرنگ	تعمیرات	اکتوبر ۱۹۲۵ء		بشرطیکہ توسیع منظور نہ کیجائے۔
۶	" ضیاء الدین انصاری	"	انجینیرنگ	"	اکتوبر ۱۹۲۹ء		" "
۷	" سید علی رضا	"	"	"	"		" "

وظیفہ یابان تعلیم ایشیائی

۱	مسٹر ہنمنت راؤ	عام	انجینیرنگ	تعمیرات	اکتوبر ۱۹۲۵ء		۱۰ اکتوبر ۱۹۲۵ء کو پیرس آ کر ملاحظہ ہوا۔ مراسلہ شعبہ فینانس ۱۳۲۲ مورخہ ۱۰ اکتوبر ۱۹۲۵ء۔
۲	" ایم۔ اے۔ قدیر	"	"	"	جولائی ۱۹۲۶ء		
۳	" محمد اسد اللہ	"	"	"	جولائی ۱۹۲۵ء		واپس آ گئے ہیں۔
۴	" محمد عثمان	خاص	میکانیکل انجینیرنگ	"	اپریل ۱۹۲۵ء		توسیع کیلئے درخواست دی ہے
۵	" کے۔ یچ اترے	عام	انجینیرنگ	"	جولائی ۱۹۲۶ء		
۶	" محمد فرحت اللہ	خاص	"	"	" ۱۹۲۵ء		
۷	" یچ آر پردھان	"	الکٹرک انجینیرنگ	"	" ۱۹۲۶ء		بشرطیکہ مزید توسیع منظور نہ کیجائے۔
۸	" حامد مرزا	عام	انجینیرنگ	"	" ۱۹۲۹ء		" "
۹	" ٹی۔ ایس مورتی	"	"	"	" ۱۹۲۹ء		" "
۱۰	" محمد اطہر	"	"	"	" ۱۹۲۵ء		" "
۱۱	" نجابت علی	"	"	"	جون ۱۹۲۹ء		" "
۱۲	" مرزا مہدی علی	"	"	"	" ۱۹۲۹ء		" "
۱۳	" نذیر احمد طاہر	"	"	"	ڈسمبر ۱۹۲۵ء		" "

سررشتہ صنعت و حرفت (وظیفہ یابان تعلیم یورپ)

۱	مسٹر مہندر بہادر	عام	زراعت	سررشتہ صنعت و حرفت	جنوری ۱۹۲۵ء		۲۱ فروری ۱۳۳۴ف کو واپس آئے۔ ملاحظہ ہو مراسلہ فینانس ۲۱۶۰ مورخہ

۲	مسٹر اے۔ بی۔ ہیچ۔ خورشید	عام	زراعت	سررشتہ صنعت و حرفت	اگست ۱۹۲۵ء	۲۶ اگست ۱۹۲۵ء کو واپس آنے کا ملاحظہ ہو مراسلہ فینانس ۴۹۰۴ مورخہ ۲۶ اگست ۱۹۲۵ء	
۳	" سید امتیاج الحسن	خاص	ایگریکلچرل کیمسٹری	"	اکتوبر ۱۹۲۶ء		بشرطیکہ توسیع نہ ہو۔
۴	" کرشن سنگھ	"	تحقیقات نگساری	"	" ۱۹۲۶ء	"	"
۵	" کے۔ ین۔ نظام الدین	"	کاغذ سازی	"	" ۱۹۲۶ء	"	"
۶	" بنسی لال ہنگل	"	بی۔ ایس۔ سی تجارت اور اے۔ بی۔ اقتصادیات	"	اپریل ۱۹۲۶ء	"	"
۷	" ایس۔ دل سکھ رام	عام	سپارٹڈ کوئنٹنی	ای۔ سی۔ ایس	جولائی ۱۹۲۹ء	"	"

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۴)

واقع ۳۰ مراد سنہ ۱۳۳۵ ف
نشانش ۹۳ سنہ ۱۳۳۵ ف
نشانش ۱۰۷ سنہ ۱۳۳۵ ف
بلدہ گروپ اول

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سررشتہ عدالت سرکار عالی

انتظام جائداد خالی شدہ بسررشتہ عدالت تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف

انتظام جائداد نظارت عدالت دار القضاء بلدہ کی ضمن میں عالیجناب نواب صدر المہام بہادر سررشتہ فینانس سرکار عالی نے بذریعہ مراسلہ معتمدی فینانس ۹۷۵ صیغہ عدالت مورخہ ۳۰ مراد وی بہشت سنہ ۱۳۳۵ ف مشمولہ مثل نشان ۲۸ عدالت بابتہ سنہ ۱۳۳۵ ف یہ تصفیہ فرمایا ہے کہ تحت تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف جو جائدادیں سررشتہ عدالت کی تخفیف شدنی اور زایدازتقرر ہیں اور جن کی تفصیل موازنہ علاقہ دیوانی بابتہ سنہ ۱۳۳۵ ف کے ضمیمہ الف (۳) میں مندرج ہے اون کی اولین حرحلہ پر تخفیف عمل میں لانی چاہیے۔ اس لحاظ سے اضلاع و بلدہ میں جہاں کہیں بھی جائداد خالی ہو تخفیف کا عمل ہونا چاہیئے۔ البتہ اس پر

عمل پیرائی کی صورت میں یہہ امر پیش نظر رہنا چاہئے کہ جائدادیں مساوی المواجب ہوں مثلاً اگر کمیٹی تخفیف مصارف نے اضلاع کی کسی (ماہ ۵۰) کی جائداد کی تخفیف کی رائے دی ہے تو اگر بلدہ میں کوئی (ماہ ۵۰) کی جائداد خالی ہو تو اضلاع کے (ماہ ۵۰) پانے والے شخص کو بلدہ میں منتقل کرکے تخفیف کا عمل کیا جا سکتا ہے پس ازراہ کرم حسبۂ تعمیل فرمائیجائے۔ تا وقتیکہ کامل تخفیف عمل میں نہ لائیجائے جدید تقررات ناقابل قبول ہونگے۔

مثنی۔ خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان صیغہ ہائے تنقیح حساب سرکار عالی اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۵)

واقع ۳۰ امرداد ۱۳۳۵ف
نشانشل (۱۱۰) ۱۳۳۵ف
عام

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان سررشتہ حساب سرکار عالی

مقدمہ
ماموری طلباء وظیفہ یاب تعلیم یورپ

بتوثیق مثنی مراسلہ محکمہ فینانس ۴۱۸۵ مورخہ ۲۶ تیر ۱۳۳۵ف بمقدمۂ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ کمیٹی عطائے وظائف تعلیم یورپ و ایشیا کے اس رزولیوشن پر کہ بعض طلبائے وظیفہ یاب تعلیم یورپ کو قدیم قواعد کے تحت وظائف دیئے گئے تھے اور جو بعد نفاذ قواعد جدیدہ حیدرآباد واپس آئیں انھیں بھی مرحمہ قواعد متعلق عطائے وظائف تعلیم یورپ کے بموجب ابتدائی تنخواہ یعنے کم از کم (۵۰ماہ) روپیہ ماہانہ پر مامور کیا جائے"

فرمان خداوندی شرف صدور لایا ہے کہ "وہ طلبا جو بغرض تعلیم سابقہ قواعد مجریہ ۱۹۱۰ء کے تحت یورپ روانہ کئے گئے تھے اور جو بعد نفاذ قواعد مرحمہ الگلستان سے واپس آرہے ہیں انکو بھی جبکہ اون کا تقرر ہو جائے تو میں سو پچاس (۱۵۰ماہ) روپیہ تنخواہ ابتدائی ایصال کیجائے" پس توقع کیجاتی ہے کہ زیر بحث طلباء وظیفہ یاب تعلیم یورپ کے عمل تقرر کے وقت حسب صراحت صدر فرمان مبارک خسروی کی تعمیل ملحوظ رہے گی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۲)

واقع ۴ مہر ۱۳۳۵ف
نشانشل (۱۲۵) عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت عہدہ دار صاحبان سررشتہ حساب سرکار عالی

مقدمہ
پابندی احکام نافذہ بوقت تقرر یورپین اشخاص

بوصول مراسلہ محکمہ فینانس نشان ۴۹۳۹ مورخہ ۲۹ جولائی ۱۹۲۶ء معیت نقل مراسلہ محکمہ مستعدی سیاسیات نشان ۳۲۲۲ مورخہ ۵ جولائی ۱۹۲۶ء بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ براہ کرم یوروپین اشخاص کی ماموری میں دفعہ (۳۸) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے مندرجہ شروط وقیود کی تکمیل کی نگرانی سختی کے ساتھ ملحوظ رہے کہ دریں بارہ بعض کارروائیوں میں اس کے خلاف عمل ہونے کی اطلاع ملی ہے جس کا آئندہ سدباب ضروری ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۳)

واقع ۹ مہر ۱۳۳۵ف
نشانشل ۲۱۱ باتبہ ۱۳۳۵ف
بلدہ گریڈ دوم
عام ۱۰۱ باتبہ ۱۳۳۰ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت عہدہ دار صاحبان سررشتہ حساب سرکار عالی

مقدمہ
اضافہ گریڈ تنخواہ سررشتہ داران دفاتر تعلیمات

بمد نظر مراسلہ محکمہ فینانس ۴۹۴ مورخہ ۲۵ بہمن ۱۳۳۵ف و ۱۳۹۱ مورخہ ۴۹۵ ۱۳۹۲ مورخہ ۲۳ امرداد ۱۳۳۵ف (مجریہ صیغہ عدالت) پسلسلہ گشتی دفتر ہذا ۲ مورخہ ۲۴ آذر ۱۳۳۱ف بمطابعت فرمان خسروی مہتمان تعلیمات کے دفاتر کے سررشتہ داران کی تنخواہ (۵۰ تا ۵۰ کے عوض (۵۰ - عام - ۵۰) قرار دیجاتی ہے بشرطیکہ سررشتہ تعلیمات زاید مصارف کی اپنی گنجایش سے سبیل کرے۔ لہذا بہ پابندی شرط متذکرۂ بالا مطالبات پیش ہونے پر اجرائی ہوگی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۶)

واقع ۲۶ مہر ۱۳۳۵ف
نشانشل ۶۳ عام باتبہ ۱۳۳۴ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع مہتمد صاحبان و ناظم صاحبان سررشتہ جات ملک سرکار عالی

مقدمہ
نگرانی ماموری تخفیف یافتگان

بسلسلہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۱۶ مورخہ یکم امرداد ۱۳۳۴ف بہ توثیق منظوری

صدارت عظمیٰ مندرجہ مراسلہ محکمہ فینانس ۵۱۴ مورخہ ۲۰ مہر ۱۳۳۵ف (مجریہ صیغہ کلیات) تخفیف یافتگان یا مورطلب کی فہرست منسلک ہذا ہے جنکی حسب تصریح ذیل تقسیم کیجاتی ہے:-

(۱) نمبر (۱) سے نمبر (۵) تک کے اہلکاروں کی ماموری کی ذمہ داری معتمدی عدالت وکوتوالی اور اُن کے تحتانی سررشتہ جات سے متعلق رہے گی۔

(۲) نمبر (۶) سے نمبر (۹) تک کے تخفیف یافتگان کے تقرر کی ذمہ داری معتمدی مال اور اون سررشتہ جات سے متعلق رہے گی جن کا تعلق معتمدی مال سے ہو۔

(۳) نمبر (۱۰ و ۱۱) اہلکاران سررشتہ صنعت وحرفت کی ماموری کی ذمہ داری معتمدی صنعت وحرفت اور اس کے دفاتر تحتانی سے متعلق رہے گی۔

(۴) نمبر (۱۲) کے ماموری کی ذمہ داری سررشتہ فینانس پر رہے گی۔ اور کسی ماتحت کی جائداد خالی ہونے پر ان کو پہلے موقع دیا جائیگا۔

(۵) نمبر (۱۳) کے ماموری کا تعلق دفاتر معتمدین فینانس وتعیرات فوج سے رہیگا اور انمیں جس کسی دفتر میں پہلے موقع ملے اوس پر انکا تقرر عمل میں آئیگا۔

پس توقع کیجاتی ہے کہ حسب ہدایت عمل آوری ہوگی۔

فہرست تخفیف یافتگان منسلکہ مراسلہ کلیات (۴۶) مورخہ ۲۰ مہر ۱۳۳۵ف مجریہ دفتر ہذا

نمبر شمار	نام تخفیف یافتہ	تنخواہ	کیفیت
	متعلقہ دفتر توسیع مجلس وضع آئین وقوانین		
۱	غلام حسین صاحب	اہلکار	۰۰-۰-۰
۲	کشن راؤ صاحب	"	۰۰-۰-۰
۳	نرنجن پرشاد صاحب		۰۰-۰-۰

۴	یوسف علی صاحب	اخبار	۵۰	
۵	مصرا صاحب		۵۰	
	متعلقہ دفتر صدر المہامی مال (سابق)			
۶	مولوی عبدالسمیع صاحب	پرسنل اسسٹنٹ	۱۵۰ تا ۲۵۰	ماہوار یاب
۷	غلام مصطفےٰ صاحب		۱۵۰	"
۸	پدم شکھ صاحب		۹۰	"
۹	ملازمین دفتر (۵) نفر		مختلف المراتب	"
	متعلقہ سررشتہ صنعت و حرفت			
۱۰	مسٹر ای راما سوامی نائڈو		۱۵۰	ماہوار یاب
۱۱	بل رتنا چاری صاحب		۵۰	"
	متعلقہ دفتر اے۔ ڈی۔ سی			
۱۲	نارائن پرشاد	ٹائپسٹ	۵۰	ماہوار یاب
۱۳	محمد عبدالرحمن خان		۴۰	"

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۰)

واقع ۱۶ آبان ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل (۱۰۸) بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ (فوج صیغہ بقاعدہ)
(۹۲) عام ۱۳۳۵ف

منجانب عزیزانصراللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول متعلقہ اصلاحات اضلاع سرکار عالی (صیغہ حساب)

متعلقہ

تحقیق جائداد باپیرہ جات متعینہ قلعہ جابوجہ لاوارثی وغیرموروثی
محکمہ فینانس سے ذریعہ مراسلہ کشان (۶۱۹) (۶۱۸) واقع ۲۹ مہر ۱۳۳۵ف ذریعہ کمیٹی

تخفیف مصارف تجویز صادر ہوئی ہے کہ پیرہ جات احشام متعینہ قلعہ جات کی لاوارث اور غیر موروثی جائدادیں جیسی جیسی خالی ہوں وہ تخفیف کر دی جائیں۔ پس آئندہ سے پیرہ جات مذکورہ کے منجملہ جو جائدادیں خالی ہوں وہ لاوارث اور غیر موروثی ثابت ہونے پر قابل تخفیف ہونگی براہ کرم حسبہ عمل فرمایا جائے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۴۲/۳۵)

واقع ۲۰ شہریور ۱۳۳۵ف
شمولہ رسید ۳۴۲ بابتہ ۱۳۳۵ف
صیغہ کلیات شائع (اضلاع) سمت تلنگانہ

منجانب عزالنصرالله خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی

مقدمہ
تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف

بذریعہ مراسلات محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر باب حکومت نشان ۵۴۶/۱۳۳۴ و نشان ۶۴۰/۱۳۳۴ مورخہ ۱۵ و ۲۳ امرداد ۱۳۳۵ف جو تجاویز صدر مد (۲۱) محابس کے موازنہ ۱۳۳۴ف و ۱۳۳۴ف کے متعلق منظور فرمائے گئے ہیں ان کی صراحت ضمیمہ منسلکہ مراسلہ ہذا میں کیجاتی ہے حسبہ عمل فرمایا جائے واضح رہے کہ یہ تخفیفات سیلریز کمیشن کے مجوزہ تخفیفات کے علاوہ ہونگے آنا اون صورتو جن کے متعلق ضمیمہ منسلکہ میں صراحت کیگئی ہو دورہ بھتہ کے متعلق ایک خاص کمیٹی بہ تعمیل فرمان خسروی غور کر رہی ہے بارگاہ خسروی سے کمیٹی مذکور کی رپورٹ منظور فرمائے جانیکے بعد اس کے متعلق مناسب احکام اجرا کئے جائیں گے۔

ف۲۔ فقط ہذا بخدمت ناظم صاحب محابس سرکار عالی منقل ضمیمہ محولہ بالا اطلاعاً مرسل ہے تخفیفات جو کمیٹی تخفیف مصارف نے صدر مد (۲۱) محابس کے موازنہ ۱۳۳۴ف و ۱۳۳۴ف میں تجویز کی ہیں

ف۱۔ تجویز یہ ہے کہ صدر محبس اورنگ آباد تخفیف اور اس کے بجائے محبس ضلع قائم کیا جائے

دنیز سب جیل ہائے ہنگولی۔ جالنہ۔ لنگسگور کو برخاست کرکے اون کے بجائے حوالات عدالت قائم کئے جائیں۔ تجاویز بالا کے مدنظر حسب ذیل تخفیفات عمل میں آینگی۔

(الف) نگہداشت قیدیان۔

عہدہ داران۔ (۱) جائداد مہتمم صدر محبس اورنگ آباد مواجبی (۲۵۰-۵۰۰) اور ایک جائداد اسسٹنٹ سرجن صدر محبس اورنگ آباد مواجبی (۲۰۰-۴۰۰) تخفیف ہونگی۔ اور ایک جائداد سب اسسٹنٹ سرجن محبس ضلع کے لئے حسب حال قائم رہیگی۔

(۲) موازنہ صدر محبس بلدہ کے تحت ایک جائداد سیول سرجن کی تنخواہ کی جو گنجائش شریک ہے وہ بھی خارج کر دیجائیگی۔

عملہ۔ بضمن تخفیف محبس اورنگ آباد عملہ وجمعیت و ملازمین کی حسب ذیل جائدادیں تخفیف کر دیجائیں گی۔

داروغہ (۱) (۱۰۰-۱۷۰)

نائب داروغگان (۲) (۶۰-۹۰)

محاسب (۱) (۷۵)

اہلکاران (۳) (۳۰-۶۰)

جمعیت۔ ۲ (۲۵-۳۵) و۴ (۱۸) و۱۰ (۱۷) و۱۱ (۹/۸) و۴ (۱۶) و۱۵ (۱۵)

جملہ (۴۶) تخفیف ہونگے اور مابقی جمعیت حسب صوابدید سررشتہ متعین کیجائیگی۔

ملازمین۔ ملازمین میں ایک آہنگر۔ ایک مشعلچی اور ایک خاکروب برقرار رکھکر بقیہ عملہ اردلی بشمول ملازمین دواخانہ تخفیف کر دیئے جائینگے۔

صادر۔ (۱) صدر مد محابس ذیلی مد نگہداشت قیدیان کی مجموعی گنجائش نوشت و خواند رقمی (۳۴۱۵) بقدر (۶۰۵) تخفیف ہوگی۔

(۲) تعویذی فرنیچر و خیام کی مجموعی گنجائش رقمی (۱۲۰۰) بقدر (۴۰۰) گھٹادیجائیگی۔

(۳) زیدی ٹکٹ کی مجموعی گنجائش (۲۴۲۸) کے متملہ (۲۲۸) گھٹادیجائیگی

باقی (۲۵۰۰) باقی رکھے جائینگے۔
(۴) اخراجات طبع و جلد بندی کی گنجائش بقدر (۱۰) کم کیجائیگی۔
(۵) ڈریس چپراسیاں کی گنجائش سے (۱۰) گھٹائے جائینگے۔
(۶) صرف ٹیلیفون صدر محبس کے اخراجات قائم رکھکر موجودہ گنجائش (۴۰۴۰) کے منجملہ جو رقم فاضل ہو وہ تخفیف کر دیجائیگی۔
اخراجات مختصہ ۔ مجموعی گنجائش موازنہ ۱۳۳۴ف رقمی (۳۶۴۸۵) سے گھٹاکر (۳۲۵۰۰) کر دیجائیگی۔
(ب) دارالصنائع صدر محبس اورنگ آباد

---

(۱) دارالصنائع اورنگ آباد کا کل عملہ و ملازمین باستثناء معلم ہنگامی موجبی (۲) تخفیف کر دیا جائیگا اور چونکہ موچی خانہ صدر محبس ورنگل میں قایم رہیگا لہذا معلم مذکور کو صدر محبس اورنگ آباد سے صدر محبس ورنگل پر منتقل کر دیا جائیگا۔
(۲) دارالصنائع مذکورہ بالا کے تحت گنجائش اشیاد کارخانہ (۱۰۰۰) اور لوازم سررشتہ (۸۰۰) کی بھی کاملاً تخفیف عمل میں آئے گی۔
(ج) تادیب خانہ جالنہ

اس وقت تادیب خانہ جو بمقام جالنہ ہے اوس کو اورنگ آباد پر منتقل کر دیا جائیگا اور جو داروغہ اس وقت نگرانی تادیب خانہ پر مامور ہے اوسی کے زیر نگرانی محبس ضلع اورنگ آباد بھی رہیگا۔
(د) برخاست سب جیل ہنگولی۔ جالنہ و لنگسگور۔

---

(۱) سب جیل ڈویژن ہنگولی۔

سب جیل ڈویژن ہنگولی بالکل تخفیف کر دیا جائیگا۔ اور بجائے اس کے حوالات قایم کیجائیگا۔ اس وقت اس سب جیل پر ایک محرر اور (۴) جوان متعین ہیں آئندہ حوالاتی

نگرانی کے لئے صرف چار جوان متعین رہیں گے اور محرر تخفیف کر دیا جائیگا۔ باخراج گنجائش تنخواہ محرر اس سب جیل کی دیگر جملہ گنجائش مشاہرہ جوانان۔ صادر و ابواب مختصہ وغیرہ سب جیل پربھنی پر منتقل کر دی جائیگی اور مثل دوسرے حوالات عدالت کے حوالات ہنگولی کے برآمدات بھی سب جیل پربھنی سے منظور ہوا کرینگے۔

(۲) سب جیل لنگسگور

اس سب جیل پر دو محرر اور (۵) برقنداز۔ ایک آہنگر۔ ایک خاکروب متعین ہے سب جیل ہذا کو برخاست اور اوس کے بجائے حوالات قائم کرکے دونوں محرر تخفیف کر دیئے جائیں گے اور مابقی جملہ مدات کی رقم سب جیل رائچور میں منتقل کیجائیگی۔ برآمدات وغیرہ کے متعلق حسب طریقہ مندرجہ فقرہ (۱) صدر عمل ہوگا۔

(۳) سب جیل جالنہ

اس سب جیل کو بھی حوالات میں تبدیل کر دیا جائیگا۔ اور موجودہ عملہ واخراجات کے منجملہ صرف ایک محرر کی تخفیف عمل میں آئیگی مابقی جملہ گنجائش وغیرہ محبس اور تنگ آباد سے متعلق کر دیجائیگی اور برآمدات کے متعلق حسب طریقہ مندرجہ فقرہ (۱) صدر عمل ہوگا۔

د۔ تجاویز تخفیفات متذکرہ صدر کی بحث کے منجملہ حسب ذیل اضافہ خرچ منظور کیا گیا ہے۔

(۱) صدر ناظم صاحب محابس کو محابس کے دفتری کام مقدمات کی دریافت اور محابس اضلاع کی تفتیش کے لئے ایک مددگار مہتمم کو توالی ضلع کے گریڈ کا (یعنے ۴۰۰-۱۰-۰) دیا جائیگا۔

(۲) چونکہ موجودہ صیغہ محبس کے لئے ایک زاید مددگار صدر ناظم صاحب کو دیا جانے گا اس لئے یہہ طے کیا گیا ہے کہ سیلریز کمیشن نے تلامت کے عملہ ادنیٰ میں دو چپراسیوں کی تخفیف کی جو رائے دی تھی اون کو تخفیف نہ کیا جائیگا بلکہ وہ حسب حال برقرار رہینگے۔

(۳) اس وقت محابس اضلاع ہیڈ۔ پربھنی۔ ناندیڑ۔ عثمان آباد۔ بیدر۔ رائچور۔ میدک۔ محبوب نگر۔ نلگنڈہ۔ کریم نگر اور عادل آباد۔ ثانی محبس دو محرر کارگذار رہیں۔ جو زیر نگرانی سیول سرجن صاحبان کام کرتے ہیں۔ چونکہ ڈاکٹر صاحبان کو علاوہ اپنے فرائض کے

مجلس کے تفصیلی کام کی جانچ۔ اور تنقیح کیلئے وقت نہیں ملتا اس لئے تجویز کی گئی ہے کہ محابس اضلاع متذکرہ صدر میں منجملہ دو محرران کے ایک محرر کو حسب حال رکھ کر دوسرے محرر مواجبی (۳۰-۲۰) کے بجائے ایک نائب دار وغہ اس طرح جملہ گیارہ نائب دار وغگان حسب اسکیل تنخواہ مقرر کردہ سیلریز کمیشن (۶۰-۹۰) مقرر کئے جائینگے۔

(۴) صدر ۲۱ محابس کے تحت چار ہنگامی معلمین کی جائدادیں شریک موازنہ نہیں اون کو بمشاہرہ (۳۰-۴۰) مستقل کیا جائیگا۔

۳ جمعیت برقندازاں بیرونی پہرہ جات محابس کے متعلق کمیٹی نے حسب ذیل تجاویز کی ہیں۔

(۱) صدر محبس اورنگ آباد جو تخفیف کر دیا جائیگا۔

برجورزو جمعیت حسب تفصیل حاشیہ متعین ہے اوس کو سررشتہ کوتوالی میں ضم کیا جاکر اوس کے منجملہ بموجب تفصیل ذیل جمعیت محابس ضلع اورنگ آباد و نظام آباد پر متعین کیجائے گی۔	جمعدار	(۲)
	جوانان درجہ اول	(۱۲)
	جوانان درجہ دوم	(۲۰)
	بگلر	(۱)

	اورنگ آباد	نظام آباد
جمعدار	(۱)	(۱)
جوانان درجہ اول	(۶)	(۶)
" " دوم	(۱۰)	(۱۰)
بگلر	(۱)	

(۲) سررشتہ کی تجویز یہ تھی کہ صدر محابس در نگل و گلبرگہ کے بیرونی پہرہ کے لئے فوج باقاعدہ کے پہرہ کا انتظام کیا جائے تو محابس کے پہرہ کے لئے رزرو جمعیت کے رکھنے کی ضرورت نہ ہوگی اور ایسی صورت میں حسب تفصیل ذیل جمعیت رزرو تخفیف کیجاسکیگی اور اندرون صدر محابس کا انتظام برقندازاں سررشتہ محابس سے متعلق رہیگا۔

	صدر محبس اورنگ آباد	صدر محبس گلبرگہ
جمعدار	(۲)	(۱)

جوانان	(۳۲)	(۴۰)
دغدار	(۰)	(۲)
بلگر	(۱)	(۰)

محابس کے بیرونی پہرہ کا انتظام فوج باقاعدہ سے نہ ہونے کی صورت میں سررشتہ کی رائے تھی کہ جمعیت پہرہ ہائے محابس کو جمعیت کوتوالی میں شریک کرکے پہروں کا انتظام کوتوالی سے متعلق کیا جائیگا۔ تحریک بالا کے متعلق کمیٹی تخفیف مصارف نے یہ طے کیا ہے کہ اولاً اس مسئلہ کو کمیٹی تنظیم افواج میں پیش کیا جانا مناسب ہوگا تاکہ کمیٹی مذکور اس امر پر غور کرسکے کہ کس حد تک چہاؤنیات کو محابس کے قرب وجوار میں قایم کرنا ممکن ہے تاکہ محابس کے پہرہ جات کا انتظام فوج باقاعدہ کے سپرد کیا جا سکے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۱ مہر ۱۳۳۵ف

نشان (عہ ۳۴)

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ سنا)

مقدمہ
درخواست سکھاں متعلقہ اجرائی الونس

ذریعۂ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس (حسب الحکم عالیجناب صدر المہام بہادر فینانس) نشان ۶۰۹/۶۱۰ مورخہ ۱۶ خورداد ۱۳۳۵ف ایما فرمایا گیا ہے کہ اجلاس باب حکومت سے یہ طے پا چکا ہے کہ جمعیت سکھاں نظم جمعیت کا جزو ہیں اس لئے بارگاہ اقدس والا سے جو رعایت نظم جمعیت کیلئے روا رکھی گئی ہے وہی مراعات جمعیت سکھاں سے بھی اسی تاریخ سے مرعی رکھے جائیں جس تاریخ سے کہ نظم جمعیت نے استفادہ کیا ہے۔ پس براہ کرم بموجب خانہ (۹) تختہ منظورہ (منسلکہ ہذا) خود اسپہ سلحداران علاقہ سکھاں کے الونس کی حسب ضابطہ اجرائی فرمائی جائے۔

ف۲۔ منجانب ہذا خدمت صدر ناظم محاسب کوتوالی اضلاع سرکار عالی معہ ایک قطعہ تختہ الونس خود اسپہ سلحداران علاقہ سکھاں اطلاعاً مرسل ہے۔

تختہ اندازہ موازنہ الونس جنگ یورپ بہ خود اسپہ سلحداران علاقہ سکھاں بمماثل خود اسپہ سلحداران علاقہ
نظم جمعیت فوج بیقاعدہ باتبہ سنہ ۱۳۲۴ف

نمبر شمار سلسلہ	نام معہ ولدیت	عہدہ	تفصیل ماہوار			الونس گرانی اسپ	جو یافت موجودہ	تعین الونس جنگ بخلاف ماہوار	جو یافت بعد الونس جنگ آئندہ ہوگی	ملاحظہ
			ماہوار ذات سلحدار	منجملہ اسپ	جملہ					
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱
۱	لال سنگھ ولد سیوان سنگھ	خود اسپہ سلحدار	رسہ ۶/۲ہ	سہ	رسہ ۶/۲ہ	۰	رسہ ۶/۲ہ	لے	موسہ ۶/۲ہ	
۲	گوپال سنگھ ولد روڑ سنگھ	"	موسہ ۱/۲	سہ	موسہ ۱/۲	۰	موسہ ۱/۲	ہ	رسہ ۱/۲	
۳	گوپال سنگھ ولد گرمکھ سنگھ	"	موسہ ۱/۲	سہ	موسہ ۱/۲	۰	موسہ ۱/۲	ہ	موسہ ۱/۲	
۴	رام سنگھ ولد چندہ سنگھ	"	موسہ ۶/۲ہ	سہ	موسہ ۶/۲ہ	۰	موسہ ۶/۲ہ	لہ	رسہ ۶/۲ہ	
۵	کولا سنگھ ولد مہتاب سنگھ	"	سہ ۶/۱ہ	سہ	سہ ۶/۱ہ	۰	سہ ۶/۱ہ	لہ	موسہ ۶/۱ہ	
۶	جے سنگھ ولد بھاگ سنگھ	"	موسہ ۱/۲	سہ	رسہ ۱/۲	ہ	موسہ ۱/۲	لے	موسہ ۱/۲	

۷	کیرا سنگھ ولد روڑ سنگھ	خود	۱۵/۲			۱۵/۲			۱۵/۲		
۸	کنچن سنگھ ولد چرن سنگھ	"									
۹	منجا سنگھ ولد چندہ سنگھ	"	۸/۲			۸/۲			۸/۲		نقل تختہ مرسلہ میں بجائے منجا سنگھ کے بچندہ سنگھ درج ہوا ہے۔
۱۰	حضورا سنگھ ولد دیا سنگھ	"	۱۲/۶			۱۲/۶			۱۲/۶		اس جائداد کی ماہوار تختہ مرسلہ میں ۱/۲ درج ہے۔
۱۱	سندر سنگھ ولد پرگٹ سنگھ	"	۱/۲			۱/۲			۱/۲		
۱۲	شام سنگھ ولد کشن سنگھ	"	۱/۱۳			۱/۱۳			۱/۱۳		تختہ مرسلہ میں شام سنگھ کی ولدیت حضورا سنگھ درج ہے لیکن از روئے فہرست کشن سنگھ ہونا چاہئے۔

۱۳	سنتوک سنگھ ولد حضورا سنگھ	خود	سپلچدار	۱/۶	۱/۶	۱/۶	۱/۶	۱/۶	۱/۶	۱/۶	
۱۴	جیت سنگھ ولد کشن سنگھ	"	لعہ	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	
۱۵	بشن سنگھ ولد کشن سنگھ	"	لعہ	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	۱/۱۳	
۱۶	دربارہ سنگھ ولد پرسا سنگھ	"	لعہ	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	۱/۱۱/۱۲	
۱۷	مہر سنگھ ولد نت سنگھ	"	لعہ	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	۱/۴	
۱۸	شیر سنگھ ولد کرم سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۱۹	منا سنگھ ولد منگل سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۰	گلاب سنگھ ولد حضورا سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۱	کنگن سنگھ ولد رائے سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۲	اندر سنگھ ولد بھگوان سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۳	دلپت سنگھ ولد نتھا سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۴	نند سنگھ ولد گنپت سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	
۲۵	دیال سنگھ ولد گرمکھ سنگھ	"	لعہ	۱	۱	۱	۱	۱	۱	۱	

۲۶	بھوجنگ سنگھ ولد گرمکھ سنگھ	خود اسپہ سوار	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۵	۱۰۰	۳	۱۰۰	نقل تختہ مرسلہ میں بجائے بھوجنگ سنگھ کے سوکل سنگھ درج ہے۔
۲۷	کرپال سنگھ ولد جواہر سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۲۸	سوتہا سنگھ ولد گرودت سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۲۹	درگا سنگھ ولد بساکہا سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۳۰	گرنجش سنگھ ولد مہر سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	تختہ مرسلہ میں بجائے گرنجش سنگھ کے ترنجن سنگھ درج ہے۔
۳۱	موین سنگھ ولد راجہ سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۳۲	پریم سنگھ ولد گرمکھ سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۳۳	لال سنگھ ولد جیون سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	
۳۴	بیجا سنگھ ولد اندر سنگھ	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	〃	تختہ مرسلہ میں تین سنگھ درج ہوا ہے۔

۳۵	رڈ سنگھ ولد اسیر سنگھ	خود اسپہ سلحدار	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۳۶	پریم سنگھ ولد اوتم سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۳۷	منا سنگھ ولد موہن سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۳۸	رتن سنگھ ولد پرسا سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۳۹	دولت سنگھ ولد رڈ سنگھ	"	لہ	۱۰۰/۵ م	۱۰۰/۵ م	۰	۱۰۰/۵ م	۷	۱۰۷/۵ م	نقص تنخواہ میں یہہ جائداد لو مواجبی (۱۰۰/۳۲) درج ہے بجائے اس کے (۱۰۰/۵ م) ہونا چاہئے۔
۴۰	رتن سنگھ ولد سوہا سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۴۱	نند سنگھ ولد دیوا سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۴۲	بشن سنگھ ولد سندر سنگھ	"	لہ	۱۰۰	۱۰۰	۰	۱۰۰	۷	۱۰۷	
۴۳	پریم سنگھ ولد پرتاب سنگھ	"	۱۰۰/۶/۵ م	۱۰۰	۰	۰	۰	۰	۰/۶/۵ م	مندرجہ حاشیہ چہہ جائدادیں خود اسپہ سلحداروں کی ہیں

لیکن او بهمه صفتی بکمال
و با او بوفیت خدمت خوش
با دیگر با موده اند.

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۲ مہر ۱۳۳۵ف

نشان مجاریہ (۳۴۲/۳۵)

منجانب صدر محاسب سرکار عالی

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی

مقدمہ

تجاویز کمیٹی تخفیف مصارف

ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس حسب انحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر باب حکومت نشان ۳۴۲/۳۵ واقع ۲ مہر ۱۳۳۵ف جو تجاویز صدر مد (۱) انتظام اضلاع کے موازنہ ۱۳۳۴ف کے متعلق منظور فرمائے گئے ہیں اون کی صراحت ضمیمہ منسلکہ مراسلہ ہذا میں کیگئی ہے حسبہ عمل فرمایا جائے واضح رہے کہ یہہ تخفیفات سیلریز کمیشن کے مجوزہ تخفیفات کے علاوہ ہونگے دورۂ بجتہ کے متعلق ایک خاص کمیٹی بہ تعمیل فرمان خسروی غور کر رہی ہے بارگاہ خسروی سے کمیٹی مذکور کی رپورٹ منظور ہونے پر اس کے متعلق متعاقب احکام اجرا کئے جائیں گے۔

ف۔ منجی ہذا بخدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ مالگزاری بحوالۂ بالا اطلاعاً عرض ہے فقط

تخفیفات جو کمیٹی تخفیف مصارف نے صدر مد (۱) انتظام اضلاع کے موازنہ ۱۳۳۴ف میں تجویز کی ہیں۔

(۱) عملہ دفتری۔ ۲۳۲ (۳۰-۶۰) تخفیف کئے جائینگے اور مابقی جائدادوں کی تقسیم سررشتہ مال اپنے صوابدید سے دفاتر اول تعلقداران (مددگاران تعلقدار تحصیلات) میں خود کرلے گا۔

(۲) صادر۔ اس مد کے تحت (۱۰۱۹۷) گھٹائے جائیں گے نقد

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسبی سرکار عالی
نشان (۳۴۲/۳۵)
واقع ۱۲ر آبان ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ـــــ بابتہ ۱۳۳۵ف
صیغہ کلیات شاخ (اضلاع) سمت تنگ

منجانب مرزا نصراللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان صیغہ حساب سرکار عالی
مقدمہ

بسلسلہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۳۴۲) مورخہ ۱۲ر مہر ۱۳۳۵ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ ذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ مالگزاری (۳۰۲۶) مورخہ ۱۹ر مہر ۱۳۳۵ف جائداد ہائے تخفیف شدنی سواجی (۳۰-۶۰) کی ضلعواری تعداد کا تختہ وصول ہوا ہے جس کی نقل منسلکۂ ہذا کیجاتی ہے بموجب تفصیل مندرجہ تختہ مذکور الصدر اولین مرحلہ پر تخفیف عمل میں لانی چاہئے اور نیز یہہ امر بھی پیش نظر رکھنا چاہئے کہ مثلاً اگر ضلع اورنگ آباد میں (۱۵) اہلکاروں کی تخفیف مندرجہ تختہ عمل میں آجائے اور اس کے بعد پھر کوئی جائداد (۳۰-۶۰) ضلع اورنگ آباد میں خالی ہو تو اس پر بھی کوئی تقرر اس وقت تک نہ ہو سکیگا جب تک کہ دفتر ہذا سے اجازت حاصل کر لیجائے اس لئے کہ اگر دوسرے اضلاع میں تخفیف شدنی جائدادیں موجود رہیں تو دفتر ہذا کی نشاندہی کے بعد ان میں سے ایک جائداد بضمن تخفیف ضلع اورنگ آباد میں بتوسط دفتر ممتدی مال منتقل کر دیجائیگی اور اس طرح تخفیف کا اثر تمام اضلاع پر اس وقت تک حاوی رہے گا جب تک کہ جملہ تعداد (۲۳۲) کی تخفیف ہو جائے اور ساتھی ساتھ ہر ضلع کی حد تک مقررہ تعداد کی بھی پابندی ہو گی پس براہ کرم حسب عمل فرمایا جائے اور یہہ امر بطور خاص ملحوظ رہے کہ کامل تخفیف عمل میں آنے تک جدید تقررات قطعاً ناقابل قبول ہونگے۔ فقط ہذا خدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ مالگزاری بحوالۂ بالا اطلاعاً مرسل ہے فقط

علہ ماہوار یاب (۳۰-۶۰)

ضلع	تعلقدار	مددگار	تحصیل	جملہ	علہ قابل تخفیف
اورنگ آباد	۲۲	۲	۱۱	۱	۱۵

بیڑ	۱۵	۳	۵۹	۷۷	۱۲
ناندیڑ	۱۵	۵	۶۱	۸۱	۱۳
پربھنی	۱۸	۶	۷۲	۹۶	۱۶
گلبرگہ	۲۷	۲	۶۳	۹۲	۱۵
رائچور	۲۳	۴	۶۶	۹۳	۱۵
عثمان آباد	۱۷	۴	۲۳	۴۴	۷
بیدر	۱۹	۳	۴۵	۶۷	۱۲
میدک	۲۴	۷	۶۱	۹۲	۱۵
نظام آباد	۲۲	۵	۸۷	۱۱۴	۲۰
محبوب نگر	۲۱	۵	۶۶	۹۲	۱۵
نلگنڈہ	۲۲	۵	۱۰۸	۱۳۵	۲۳
ورنگل	۱۷	۹	۶۸	۹۴	۱۶
کریم نگر	۲۴	۵	۶۲	۹۱	۱۵
عادل آباد	۲۰	۱۴	۱۰۰	۱۳۴	۲۳
میزان	۳۰۶	۸۳	۱۰۰۳	۱۳۹۲	۲۳۲

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۳ ر آبان سنہ ۱۳۳۵ف

نشان مجاریہ (۲۳) صیغہ کلیات شاخ اضلاع — نشانشل ($\frac{۲۳}{۳۵}$) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب صدر محاسب سرکار عالی
بخدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان صیغہ جات اضلاع مالک دسرکار عالی

مقدمہ

اجرائی گریڈ مدرسین بزمانہ ٹرننگ نارمل اسکول

ذریعہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان ($\frac{۴۲۹}{۴۳۰}$) مورخہ ۸ ر فروری سنہ ۱۳۳۰ف مدرسین شریک نارمل اسکول کا وہ زمانہ جو انہوں نے ٹرننگ میں صرف کیا ہو اضافہ گریڈ خدمات تدریجی کے قابل احتساب اور بعد ختم تعلیم بمدت دو سال بصورت واپسی خدمات اُن کے نام دو سال کا گریڈ یک لخت لایق اجرا قرار دیا گیا تھا کیونکہ زمانہ ٹرننگ میں اُس وقت مدرسین زیر تعلیم کو بعنوان وظیفہ یافت مدرسہ سے کم ماہوار دیجایا کرتی تھی اب جبکہ اُن مدارس کی حد تک بزمانہ ٹرننگ سالم ماہوار مدرسہ ایصال کیجارہی ہے تو ایسی صورت میں حسب ضابطہ اضافہ تدریجی بھی ساتھ ساتھ وقت مقررہ پر اجرا ہوتا رہیگا۔ پس مدارس کے مطالبہ پر حسبہ اجرائی کیجاسکتی ہے۔

و ثمنی ہذا بخدمت ناظم صاحب تعلیمات و صدر مہتمم صاحبان تعلیمات و پرنسپال صاحب مدرسہ تعلیم المعلمین تلنگی ورنگل و مرہٹی اورنگ آباد سرکار عالی اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۳۰ ر آذر ۱۳۳۵ف

نشان مجاریہ (۲۴۴) — نشانمثل محکمہ ہذا ۱۴۵ صیغہ (انتظامی) بابتہ ۱۳۳۰ف

منجانب صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحب ضلع عثمان آباد صیغہ مال

مقدمہ

بسلسلہ مراسلہ دفتر ہذا ۱۵۸ واقع ۲۳ ر آذر ۱۳۳۵ف بتوثیق مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس ۲۹ واقع ۷ ر آذر ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ شیخ کالو کا زمانہ ملازمت علاقہ کروڑگیری خدمت چپراسی گری کے اضافہ جات کے لئے محسوب کیا جاسکتا ہے۔

۲ مثنی بخدمت معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ مالگزاری بسلسلہ مراسلہ دفتر ہذا ۱۱۶۳ مورخہ ۱۲ ر تیر ۱۳۳۳ف بغرض اطلاع مرسل ہے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۳ ر خورداد ۱۳۳۵ف

نشان ۱۴۲/۳۴ — مثل بیج زراعت ۱۳۳۴ف

منجانب صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع گلبرگہ بیدر عثمان آباد۔ اورنگ آباد۔ پربھنی۔ میدک۔ محبوب نگر۔ نلگنڈہ بنظام آباد

اجرائی اضافہ بہ احتساب ملازمت ہنگامی ملازمین سررشتہ زراعت۔

براہ کرم حوالہ کارروائی کے لئے ملاحظہ ہو مراسلہ دفتر ہذا مورخہ ۷ ر اسفندار ۱۳۳۵ف منشتہ ۱۴۲/۳۴ مراسلہ مذکور کے ساتھ تخنہ قرارداد تنخواہ عملہ تعمیلی زراعت روانہ کرکے لکھا گیا تھا کہ "ملازمت ہنگامی احتساب گریڈ کیلئے محسوب نہیں کیجاسکتی اور نہ یافت ہنگامی گریڈ منتقلہ میں بحال رکھی جاسکتی ہے تاوقتیکہ سررشتہ زراعت اس کے متعلق محکمہ فینانس سے تصفیہ نہ کرالے کسی ملازم کو گریڈ حالیہ کے ابتدائی تنخواہ سے زائد قابل ایصال نہیں ہے"۔

اب محکمہ فینانس سے ذریعہ مراسلہ ۴۶۵/۴۶۶ مورخہ ۲۰ ر اردی بہشت ۱۳۳۵ف عملہ کندیدگی باد لیات دکاٹن امپریشن کو بطور مستقل تصور کرکے اضافہ گریڈ اور یافت سابقہ بحال رکھنے کی منظوری صادر ہوئی ہے پس براہ کرم عملہ تعمیلی سررشتہ زراعت کی حسب سابق تنخواہ جاری کیجائے۔

مثنی ہذا بخدمت جناب ناظم صاحب سررشتہ زراعت ملک سرکار عالی مرسل و نگارش ہے کہ براہ کرم دفاتر تحت سے اسمواری فہرست بصراحت تاریخ ولادت و تقرر ابتدائی طلب کرکے روانہ فرمائی جائیں تا اجرائی گریڈ کی تمام وقتیں وقت واحد میں رفع ہوجائیں فقط

رخصت

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۵ مہ تیر سنہ ۱۳۳۵ف

نشان مجاریہ (۳۰۰) — شمولہ نمبر ۲۲۴ عام بابتہ سنہ ۱۳۳۴ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں پیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان فوج بقاعدہ و باقاعدہ سرکار عالی — اصلاح طریقہ عطائے رخصت اتفاقی

بمد نظر مراسلہ محکمۂ فنانس نمبر ۲۶۶ مورخہ ۳ مہ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف و بہ تنسیخ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نمبر ۲۱ مورخہ ۲۲ مہ امرداد سنہ ۱۳۳۱ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ مراسلہ اول الذکر کے ذریعہ تصفیہ ہوا ہے کہ مراسلہ آخر الذکر میں جو ہدایات مندرج ہیں۔ وہ سیول (اہل قلم کی) رخصت ہائے اتفاقی سے متعلق ہیں۔ اہل سیف (ملٹری) سے متعلق نہیں ہیں۔ جن سے حسب سابق ملٹری قواعد متعلق رہیں گے پس حسبہ عمل فرمایا جائے فقط

وظیفہ

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۷)

واقع ۹ بہمن ماہ الٰہی ۱۳۳۵ ف
نشانتل (۱۱/۱۴) صیغہ انعام شاخ امانت ۱۳۳۵ ف
(۲۹) عام ۱۳۳۵ ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع (صیغہ خزانہ) و تحصیلدار صاحبان تعلقات
ممالک محروسہ سرکار عالی و مہتمم صاحب خزانہ عامرہ سرکار عالی

مقدمہ
کارروائی متعلق وظیفہ خواران سرکار عالی
متعلقہ سرکار عظمت مدار

جو وظیفہ خواران سرکار عالی بموجب ضابطۂ ملازمت دفعہ (۳۴۳) الف خزائن علاقہ سرکار عظمت مدار سے اپنے وظائف حاصل کرنا چاہتے ہیں اُن کی کارروائیاں مختلف طریقوں سے دفتر ہذا پر پیش ہوتی ہیں آئندہ عمل کو ٹھیک حالت پر لانے کے لئے اور نیز اس غرض سے کہ نامکمل کارروائی دفتر ہذا پر پیش ہونے کی وجہ سے تکمیل کارروائی میں جو تعویق ہوتی ہے اس کا انسداد کیا جائے۔ حسب ذیل ہدایات جاری کئے جاتے ہیں:۔

(۱) آیندہ کے لئے یہ لازم کیا جاتا ہے کہ منتقلی وظیفہ کی درخواست خزانہ متعلقہ کے توسط سے دفتر ہذا پر پیش ہوا کرے اس امر کی اطلاع براہ کرم وظیفہ خواروں کو کر دیجائے کہ منتقلی وظیفہ کی کوئی درخواست راست دفتر ہذا پر روانہ نہ کریں۔

(۲) خزانہ متعلقہ میں منتقلی وظیفہ کی درخواست صرف اُس صورت میں حاصل کرنی چاہئے جبکہ درخواست کے ساتھ وظیفہ خوار اپنا تمغے و شیقہ اور اپنے نشانات ابہام و انگشت ہائے دست چپ کا پرچہ مصدقہ مجسٹریٹ مقامی منسلک کریں۔

(۳) اگر منتقلی صوبہ بنگالہ یا ممالک محمیہ کے کسی خزانہ پر ہو تو وظیفہ خوار کے دستخط کے دو نمونے مصدقہ مجسٹریٹ بھی درخواست منتقلی وظیفہ کے ساتھ منسلک رہنا لازمی ہوگا۔

(۴) درخواست منتقلی وظیفہ میں نام خزانہ بصراحت تعلقہ و ضلع و صوبہ درج ہونا چاہئے اور نیز وظیفہ خوار کی سکونت کی بھی صراحت ہونا چاہئے جہاں اس کو منتقلی وظیفہ کی اطلاع دیجا سکے۔

(۵) عہدہ دار خزانہ امور مندرجہ نمبر (۱ تا ۴) کی نسبت اطمینان حاصل کرنے کے بعد درخواست وظیفہ مع منسلکات اصل وثیقہ موجودہ خزانہ کے ساتھ راست دفتر ہذا پر روانہ فرمائیں۔ توقع کیجاتی ہے کہ عہدہ دار صاحبان خزائن امور مندرجہ صدر کو ملحوظ رکھیں گے اور آئندہ منتقلی وظائف سرکار عالی بعلاقہ سرکار عظمت مدار کی کارروائیاں مکمل حالت میں دفتر ہذا پر پیش ہونگی تا انتظام منتقلی میں غیر ضروری تعویق اور وظیفہ خواروں کی پریشانی کا باعث نہ ہو فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۰)

واقع ۱۰ر اسفندار ۱۳۳۵ف
نشانشل (۳۳/۴) ۱۳۳۵ف شاخ امانت انعام

(۴۸) عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع (صیغہ خزانہ) وتحصیلدار صاحبان تعلقات ومہتمم صاحب خزانہ عامرہ سرکار عالی

مقدمہ
اجرائی وظایف بلالحاظ کسرات پائی

بوصول مراسلہ کنٹرولر آف ملٹری اکونٹس پونا نمبر ۸۲۷۱ ۸ ر ڈسمبر ۱۹۲۵ء گذارش ہے کہ علاقہ سرکار عظمت مدار کے وظیفہ خوار اس فوجی جو سرکار عالی کے خزائن سے اپنے وظائف حاصل کرتے ہیں ان کے وظائف میں اگر آنہ کے کسرات اجرا ہوئے ہوں تو براہ کرم آئندہ کے لئے آنہ کے کسرات کو فرپی آنہ میں بدل دیا جائے یعنی یہ کہ اگر وظیفہ میں چھ پائی یا اس سے زاید شریک ہوں تو اس کو ایک آنہ تصور فرمایا جائے اور چھ پائی سے کم رقم کو نظر انداز فرمایا جائے۔ وثایق مجریہ دفتر ہذا میں بحوالۂ مراسلہ ہذا تبدیلی کا نوٹ فرمالیا جائے اور آئندہ کسی وظیفہ خوار فوجی علاقہ سرکار عظمت مدار کو پائیاں ادا نہ فرمائی جائیں فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۸)

واقع ۱۹ر فروردی ۱۳۳۵ف
نشانشل شاخ امانت (۱۱/۱۵) ۱۳۳۴ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت مہتمم صاحبان خزائن اضلاع وبلدہ سرکار عالی

مقدمہ
خواعد ادائی وظایف فوجی وظیفہ خواران مقدور علاقۂ سرکار عظمت مدار

بوصول مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغۂ فینانس نمبر ۹۱۰ مورخہ ۱۶ آبان ۱۳۴۴ف ترقیم ہے کہ
نقل قواعد متعلقہ ادائی وظائف بہ معذور فوجی وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار معیت مراسلات
فارمعتمدی سیاسیات و رزیڈنسی محکمۂ موصوفہ سے وصول ہوئی ہے اوس کی نقل النقل
و ترجمہ بزبان اردو باینذا روانہ کیجاتی ہے براہ کرم جملہ وظیفہ خواران فوجی آنحزانہ و خزان
صیلات کو اُن سے آگاہ کئے جانے کا انتظام فرمایا جائے فقط

WOUNDED PENSIONERS AND WIDOWS.

The Rules for Pension Payments.

It has recently come to our notice that pensioners are in many cases ignorant of the rules regarding the payment of pension to severely wounded and infirm Indian military pensioners and also female pensioners who are not accustomed to appear in public. The rules are given below and we trust our readers will explain them to anyone affected by them whom they know.

The rules are :—

In the case of severely wounded and infirm Indian military pensioners and female pensioners who are not accustomed to appear in public, personal attendance is not necessary, but payment will be made to a representative under the following conditions :—

In the Punjab and the North-West Frontier Circle where pensions are disbursed by Post-Office, a representative of the pensioner may receive payments on production of :—

(i) The pensioner's pension certificate

(ii) A certificate signed by a responsible Government Officer or by some well-known and trustworthy person that the pensioner is alive. The certificate must bear the impression of the ball of the thumb of the pensioner's left hand taken in the presence of that Officer or person.

(*iii*) A written authority from the pensioner to the representative bearing pensioner's thumb impression together with a specimen of the representative's signature.

In other parts of India and Burma, a life certificate given by a sub-postmaster drawing not less than Rs. 50 per mensem, Tehsildar, a village headman, or the head of a village *panchayat* who is acquainted with the pensioner will be accepted by a pension disbursing officer in lieu of the certificate at (*ii*) above, if he has no reason to doubt the veracity of such a certificate. He will inform the pensioner's representative of any further guarantees which he may require to safeguard the payment being received by the correct person. He will also make independent enquiries once a year to satisfy himself that the pensioner is still alive.

" True copy of copy "

BALAPERSHAD,

SUPERINTENDENT, A. G's. OFFICE,

H. E. H. the Nizam's Govt., Hyderabad-Deccan.

قواعد ایصال وظائف وظیفہ خواران معذور و بیوگاں

حال میں ہمیں معلوم ہوا کہ اکثر وظیفہ خواران اُن قواعد سے محض لاعلم ہیں جو ہندوستانی فوج کے معذور و مجروح وظیفہ خواران اور پردہ نشین خواتین کے ایصال وظائف سے متعلق ہیں۔ قواعد مذکور اس توقع پر درج ذیل کئے جاتے ہیں کہ اگر ہمارے ناظرین کسی ایسے وظیفہ خوار سے واقف ہوں تو اُس کو قواعد مندرجہ ذیل کا مطلب سمجھا دیں گے۔

ہندوستانی فوج کے معذور و مجروح وظیفہ خواروں اور پردہ نشین خواتین کو حصول وظائف کے لئے بذات خود حاضر ہونے کی ضرورت نہیں ہے۔ بلکہ اون لوگوں کے وظائف کی ادائی بشرائط مندرجہ ذیل ان کے مختار کو مل میں آسکے گی۔ پنجاب اور صوبہ سرحدی میں (جہاں وظائف کی تقسیم ٹپہ خانہ سے ہوتی ہے) وظیفہ خوار کے مختار کو ادائی کیجائیگی بشرطیکہ وہ کاغذات مندرجہ ذیل پیش کرے۔

(۱) وظیفہ خوار کے وظیفہ کا صداقت نامہ یعنے "پنشن سارٹیفکٹ"

(۲) کوئی ذمہ دار سرکاری عہدہ دار یا مشہور و معروف اور قابل اعتماد شخص کا مصدقہ حیات نامہ۔ اس صداقت نامہ میں وظیفہ خوار کے بائیں ہاتھ کا نشان ابہام ثبت ہونا چاہئے جو عہدہ دار یا شخص تصدیق کنندہ کے روبرو لیا گیا ہو۔

(۳) وظیفہ خوار کے جانب سے مختار کے حق میں ایک تحریری مختار نامہ مع نشان ابہام وظیفہ خوار و نمونہ دستخط مختار۔ ہندوستان اور برما کے دوسرے حصوں میں حیات نامہ مصدقہ اشخاص مندرجہ ذیل کو عہدہ دار ادا کنندہ وظیفہ بعوض کاغذ نمبر (۲) مصرحہ صدر قبول کریگا بشرطیکہ اُس کے پاس شُبہ کی کوئی وجہ نہ ہو۔ سب پوسٹ ماسٹر جسکی تنخواہ (۵۰) ماہانہ سے کم نہ ہو۔ تحصیلدار قصبہ کا چودھری یا پٹیل۔ یا قصبہ کی پنچایت کا صدر۔ جو وظیفہ خوار سے واقف ہو۔ عہدہ دار ادا کنندہ وظیفہ خوار کے مختار سے کوئی مزید ضمانت نامہ وغیرہ طلب کر سکیگا۔ جو اُس کی دانست میں اس امر کے اطمینان کے لئے ضروری ہو کہ وظیفہ در حقیقت اصل شخص کو ادا ہو رہا ہے علاوہ ازیں سال میں ایک مرتبہ وہ اپنے طور پر بھی تحقیقات کریگا جس سے اوسکو وظیفہ خوار کے حیات کا اطمینان ہو سکے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۷)

واقع ۲۶ مہر ۱۳۳۵ف
مشمولہ نمبر (۳۷/۱۴) شاخ امانت بابتہ ۱۳۳۵ف

(۱۳۲) عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن سرکار عالی

مقدمہ
ہدایات دربارۂ ایصال وظائف بہ وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار

بنظر وصول مراسلہ معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ فینانس نمبر ۴۹۵۵ مورخہ یکم اگست ۱۹۲۶ء بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ سرکار عالی کو اس امر کی اطلاع وصول ہوئی ہے کہ خزائن سرکار عالی سے وظیفہ خواران فوجی علاقہ سرکار عظمت مدار کو اون کے وظائف خزائن سرکار عالی سے بہ تاخیر ادا کئے جاتے ہیں جس کی وجہ سے اُن وظیفہ خواروں کو تکلیف برداشت کرنی پڑتی ہے پس عہدہ داران اضلاع اور مددگاران خزائن کی توجہ اس طرف مبذول کرائی جاتی ہے اور توقع کیجاتی ہے کہ تقسیم وظائف میں خزانوں سے ہر ممکنہ سہولتیں ایصال وظیفہ کے لئے پیدا کیجائینگی۔ اور وظیفہ خواروں سے گیارہ بجے دثایق لے کر ایک بجے تک اسی روز وظیفہ ایصال کر کے کام کو ختم کر دیا جائیگا۔ تاکہ کوئی شکایت پیدا ہی نہ ہو سکے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۹)

واقع ۱۶ آبان ۱۳۳۵ف
مشمولہ نمبر (۱۳۰) بابتہ ۱۳۳۵ف

(شاخ عام)

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن ملک سرکار عالی

مقدمہ
تجدید دثایق وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار

بہ توضیح گشتی دفتر ہذا نشان (۱۴) مورخہ ۳ اردی بہشت ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجۂ عنوان نگارش ہے کہ وظیفہ خواران علاقہ سرکار عظمت مدار منتقلہ بعلاقہ سرکار عالی کے دثایق کی تجدید جلسہ ۲ شکال میں دفتر ہذا سے ہوا کرتی ہے اس کو ضابطۂ ملازمت سیول سرکار عالی کے دفعہ (۳۶۷) سے کوئی تعلق نہیں ہے جس کے تحت دثایق وظائف علاقہ سرکار عالی کی تجدید ہوا کرتی ہے۔

لہذا براہ کرم حسبۂ عمل فرمایا جائے فقط

سفر خرچ

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴)
واقع ۲۴ ر وے ۱۳۳۵ سنہ فصلی
نشان مثل (۳۲) بابتہ ۱۳۳۴ سنہ ف
مقدمہ
منجانب مزانصر اللہ خان بیرسٹر ایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
بخدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اصلاع سرکار عالی (صیغہ خسا)
اجرائی بھتہ و کرایہ ریل وغیرہ۔

بوصول مراسلہ محکمہ فینانس ۸۳۴ مورخہ ۱۱ ر مہر ۱۳۳۴ ف نگارش ہے کہ ہدایات مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۱۱ مورخہ یکم اسفندار ۱۳۳۴ ف مشمولہ مثل ۳۲ عام بابتہ ۱۳۳۴ ف تمام تر عہدہ داروں سے متعلق ہیں اور نان گزیٹیڈ افسروں پر لحاظ پروگرام منظورہ سفر کرنا لازمی نہیں ہے لہذا پابندی ضابطہ اخراجات سفر کی اجرائی میں ازراکرم تامل نہ فرمایا جائے فقط

(+)

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۹)
واقع ۳۰ ر فروردی ۱۳۳۵ سنہ ف
مشمولہ مثل ۴۳ صیغہ عام بابتہ ۱۳۲۹ سنہ ف
مقدمہ
منجانب مزانصر اللہ خان بیرسٹر ایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی
تصفیہ اقتدارات ناظم صاحب کو توالی اضلاع

بہ تنقیح مراسلہ کلیات مجریہ دفتر ہذا ۶۶۱ مورخہ ۸ ر اردی بہشت ۱۳۲۶ ف نگارش ہے کہ وزیہ مراسلہ معتمدی عدالت و کوتوالی امور عامہ (صیغہ کوتوالی) ۵۱۰ مورخہ ۸ ر بہمن ۱۳۳۵ ف اطلاع ملی ہے کہ جناب صدر المہام بہادر متعلقہ نے کرایہ ریل اسپاں کا جو اقتدار ناظم صاحب کوتوالی اضلاع نے طلب کیا تھا اوسے منجملہ دیگر اقتدارات مطلوبہ کے نامنظور فرمایا ہے پس بروئے دفعہ (۴۱۴) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی عہدہ داران کوتوالی اضلاع کے کرایہ ریل اسپان کی برآوردات منظورۂ جناب صدر المہام بہادر علاقہ پیش ہوں تو اوں کی اجرائی بعد تنقیح ضابطہ عمل میں آیا کرے۔

منشی ہذا جواباً خدمت معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ عدالت و کوتوالی امور عامہ

بمراد اطلاع مرسل ہے۔
دفعہ ثالث ہذا بسلسلہ مثنیٰ مراسلہ کلیات مجریہ دفتر ہذا محولہ صدر خدمت صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع سرکار عالی اطلاعاً مرسل ہے۔

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۶ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۳۳) — نشان مثل (۴۳) بابتہ سنہ ۱۳۲۹ف
منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی — مقدمہ عام سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی — تصفیہ اقتدارات صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع

بہ تسلیم مراسلہ کلیات مجریہ دفتر ہذا ۱۹ مورخہ ۳۰ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف و بوصول مثنیٰ مرسلہ معتمدی عدالت کو توالی و امور عاصہ (صیغہ کوتوالی) ۸۰۳ مورخہ ۸ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ عالیجناب نواب صدر المہام بہادر علاقہ نے دفعہ (۴۴۱) ضابطہ ملازمت سیول سرکار عالی کے لحاظ سے کرایہ ریل اسپاہی وغیرہ کے منظور کرنیکا اختیار بحمائت ناظم صاحب سررشتہ تعلیمات صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع کو عطا فرمایا ہے۔ لہذا ازراہ کرم حسبہ بپابندی ہدایات مندرجہ انگشتی دفتر ہذا ۲۰ مورخہ ۷ اسفندارمذی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف مطالبات پیش شدہ کی بعد تصدیق و تنقیح اجرائی فرمائی جائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۲ مہر سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۴۴) — نشان مثل ۵۴ بابتہ سنہ ۱۳۳۲ف
شاخ (لوکلفنڈ) صیغہ مرمتخاص مبارک
۳۲ عام بابتہ سنہ ۱۳۳۴ فصلی
منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی — مقدمہ
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع و ناظم صاحب آبکاری سرکار عالی — تخفیف رقم سنہ ۱۳۳۴ف مندرجہ موازنہ سنہ ۱۳۳۴ف علاقہ مرمتخاص مبارک بمفوضہ دیوانی

بہ سلسلہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۲۲ مورخہ ۲۲ امرداد سنہ ۱۳۳۴ف و بوصول

مراسلہ فینانس نشان (ع ۱۴۹۴/۱۴۹۵) مورخہ ۱۱ر شہریور ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ جملہ سررشتہ جات صرفخاص مبارک مفوضہ دیوانی کی مجموعی گنجایش دورہ و بھتہ مشترکہ موازنہ ۱۳۳۴ف صرفخاص مبارک مفوضہ دیوانی میں بھتہ مداحی و خرچ سواری کی گنجایش کو برقرار رکھنے کے بعد بقیہ گنجایش سفرخرچ سے فیصدی (ع۵) منہا کرکے مابقی رقم بہ پابندی گشتی دفتر ہذا ۲۰ ۱۳۳۵ف علاقہ صرفخاص مبارک مفوضہ دیوانی میں صرف کرنے کی اجازت دی جاتی ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۸)

واقع ۲۶ر مہر ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۳۲ عام بابتہ ۱۳۳۴ف

مقدمہ

منجانب مرزا نصراللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت عہدہ داران صاحبان سررشتہ حساب سرکار عالی
تصفیہ مصارف دورہ و بھتہ وغیرہ بابتہ ۱۳۳۴ف

بہ تنقیح مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۲۴ مورخہ ۶ر شہریور ۱۳۳۴ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ بثابت فرمان خسروی مندرجہ مراسلہ محکمہ فینانس ع ۶۸۴ تا ۶۹۳ مورخہ ۹ر مہر ۱۳۳۵ف (مجریہ صیغہ تخفیف مصارف جبکی مثنیٰ کاپی موسومہ جمیع معتمد صاحبان سرکار عالی ہے) جمیع سررشتہ جات کو اخراجات دورہ و بھتہ و سفرخرچ سال ۱۳۳۴ف کے بابتہ پوری رقم مشترکہ موازنہ ۱۳۳۴ف کی حد تک صرف کرنیکی اجازت بدیں شرط صادر ہوئی ہے کہ سررشتہ جات اپنی گنجایش مشترکہ موازنہ کے منجملہ موزوں بچت کی نشاندہی کریں۔

پس بہ تعمیل فرمان خسروی سررشتہ جات متعلقہ سے موزوں بچت کی نشاندہی ہونے پر حسبہ بعد تنقیح ضابطہ مطالبات پیش شدہ و پیش شدنی کا تصفیہ فرمایا جائے فقط

✤

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (ع ۲۳۲/۳۵)

واقع ۱۵ر مہر ۱۳۳۵ف
مثلوثل (۲۳۲) بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ (اضلاع) ناندیڑ

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ حساب)

عدم اجرائی بھتہ مداری وسفرخرچ سب انسپکٹران انجمن ہائے اتحاد باہمی سرکار عالی

بہ محوائے مراسلہ محکمہ فینانس ۸۳۶/۸۴۳ واقع ۱۳ امرداد ۱۳۴۳ف جن سب انسپکٹران انجمن ہائے اتحادی کا تقرر نفاذ ٹائیم اسکیل کے قبل ہوچکا ہے اور جو بھتہ مداری پارہے تھے انکو بعوض بھتہ مداری کے بھتہ معمولی ایصال ہوسکے گا اور جن سب انسپکٹروں کا تقرر یکم دسمبر ۱۳۴۱ف کے بعد ہوا ہے انکو نہ تو بھتہ مداری دیا جائیگا اور نہ بھتہ معمولی۔ تحت احکام صدر عمل فرمایا جاے اگر اسوقت تک ایسے سب انسپکٹروں کو بھتہ معمولی یا مداری ایصال ہوا ہو تو بازگشت فرمایا جائے۔ اور آئندہ سے برآورد سفرخرچ سب انسپکٹران انجمن ہائے اتحادی مین تاریخ تقرر سب انسپکٹر کی صراحت کے بغیر اخراجات سفر ناقابل ایصال ہونگے۔

مثنیٰ۔ بخدمت جناب ناظم صاحب انجمن ہائے اتحادی ملک سرکار عالی مرسل و نگارش ہے کہ تحت احکام مصرعہ صدر تاریخ تقرر کی صراحت کیلئے ماتحت دفاتر کے نام ہدایت صادر فرمائی جائے فقط

(:::)

صادر

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان مجاریہ (۲۱)

واقع ۳۰ فروری سنہ ۱۳۳۵ف
مسودہ مثل ۳۴ بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

مخاطب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ حساب)

استثناء دفاتر خورد اضلاع از لزوم خریدی صادر از اسٹیشنری ڈپو سرکار عالی

بتوثیق مثنی اگشتی محکمہ فینانس ۲ مورخہ ۲۴ بہمن سنہ ۱۳۳۵ف در ربط ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ جن دفاتر اضلاع کی گنجایش صادر کے منجملہ اشیاء نوشت و خواند کی گنجایش دس (۱۰) روپیہ ماہانہ ایکسو بیس (ماہ ۱۲۰) سالانہ یا اوس سے کم ہو اذکو آیندہ سے اپنے مطلوبہ جات صادر اسٹیشنری اسٹور پر روانہ کرنیکی ضرورت نہیں ہے دفاتر مذکور حسب سابق اسٹیشنری کی خریدی بازار سے کر سکتے ہیں پس براہ کرم دفاتر مذکورہ بالا کی حد تک جن میں مداس اضلاع بھی شامل ہیں مطلوبہ جات اسٹیشنری کی ادائی حسب سابق بپابندی منشا معروضہ صدر بعد تنقیح ضابطہ نقد فرما دیجائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان مجاریہ (۲۲)

واقع ۳۱ فروری سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۴۱ بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

مخاطب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت عہدہ داران صاحبان سررشتہ عدالت اضلاع و اجل تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی (صیغہ حساب)

خریدی سرویس ٹکٹ از خرچہ مدخلہ فریقین

بموجب مراسلہ محکمہ فینانس ۳۳۵/۳۳۶ مجاریہ صیغہ عدالت مورخہ ۷ بہمن سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ سرویس ٹکٹ کا خرچ پابند موازنہ قرار دئے جانے سے ذریعہ مراسلہ مذکور الصدر اس امر کی اجازت دیگئی ہے کہ فریقین جو ٹکٹ ٹپہ داخل کرتے ہیں

ان کے بجائے فریقین سے نقد رقم وصول کر لیجایا کرے اور اس نقد رقم سے اس گنجایش کے علاوہ جو بغرض خریدی سرویس ٹکٹ موازنہ میں شریک ہوتی ہے سرویس ٹکٹ خرید کر اجرائی کار کی جائے ۔ پس پابندی منشاء مصرحہ صدر مطالبات سرویس ٹکٹ کی اجرائی حسب ضابطہ عمل میں آیا کریگی جبکہ ان پر بالاستزام اس امر کی تصدیق درج رہے کہ سرویس ٹکٹ مطلوبہ کی بالکلیہ ضرورت باغراض سرکاری ہے اور انکو تعمیل سمن ہائے فریقین میں صرف نہ کیا جائیگا

ف مثنیٰ ہذا بجواب مراسلہ ۲۰۱۱ مورخہ ۲۱ بہمن ۱۳۳۵ف خدمت معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ عدالت اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۱)

واقع ۱۱ تیر ۱۳۳۵ف
مسول مثل ۱۹ صیغہ متفرق بابتہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۸۶ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب انصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع صیغہ حساب

مقدمہ
جلد بندی رجسٹرات

برنباء تحریک عدالت العالیہ کہ نرخ جلد بندی دارالطبع کے گرانی کی وجہ سے سررشتہ عدالت کی گنجایش موازنہ کافی نہیں ہو رہی ہے ۔ بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ عدالت وکوتوالی وامور عامہ نشان (۲۲۷۹) مورخہ ۲۱ مہر ۱۳۳۴ف حسب الحکم عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر اجازت صادر فرمائی گئی ہے کہ عدالت العالیہ و دیگر عدالت ہائے تحت کے رجسٹرات بابتہ ۱۳۳۵ف کی جلد بندی کا کام بجائے دارالطبع ۔ بازار سے لیا جائے ۔ لہذا صرف ۱۳۳۵ف کی حد تک حسبہ عمل کرنیکی اجازت دیجاتی ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۶)

واقع ۳۰ امرداد ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۴۸۱) بابتہ ۱۳۳۵ف
اصلاع مرہٹواڑی
(۱۱۲) عام ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اولی تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ حساب)

مقدمہ
ہدایات متعلقہ اخراجات ارسال خزانہ

عموماً مطالبہ علی الحساب اخراجات ارسال خزائن کے معاینہ سے ظاہر ہے کہ مطالبہ میں امور ذیل کی صراحت متروک رہتی ہے حالانکہ رقم ارسال شدنی کی تعداد کے لحاظ سے بنڈیاں باربرداری و بدرقہ ہمراہی کا اسکیل موجود ہے۔ لہذا آئندہ سے حسب ذیل صراحت کے ساتھ مطالبہ پیش ہونا چاہیئے۔

(۱) تعداد رقم ارسال شدنی۔
(۲) کس خزانہ سے کس خزانہ پر ارسال ہوگی۔
(۳) تعداد بنڈیاں معہ صراحت مسافت۔
(۴) تعداد بدرقہ معہ اندازہ مصارف پیدل و ریل۔
(۵) متفرق اخراجات جیسے روشنی بمقام درود و لاکہہ دستی وغیرہ بمد نظر اخراجات متذکرۂ صدر مطالبہ علی الحساب نہایت حزم و احتیاط سے کیا جانا چاہیئے جس مطالبہ میں امور متذکرہ کی صراحت نہ ہو صیغہ تنقیح حسابات ضلع سے اجرائے عمل میں آئے گی۔

ف۲ حقیقی حسابات کے پیش ہونے پر یہ بھی بتلایا جائے۔ کہ تحت معاہدہ ریلوے کس قدر ٹکٹ محسوب کئے گئے۔ و نیز عروب و پولیس بدرقہ کے تختہ مقامات حسب ضابطہ مرتب اور منظور ہونیکی صورت میں مہتمم صاحب خزانہ کو یہ تصدیق کرنی چاہیئے کہ علی الحساب مصدر رقم سے انکو اخراجات نہیں دیئے گئے اس لئے ان مطالبہ جات کی نقد ادائی کی گئی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۰)
واقع ۲۸ شہریور سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۳۷) صیغہ متفرق اضلاع سنہ ۱۳۳۵ف
(۱۱۹) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع ناظم صاحبان شعبجات مالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ
تصفیہ حسابات کارہائے تعمیر و ترمیم خفیف اعتباری نظماء سررشتہ جات۔

بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ اخراجات تعمیر و ترمیم خفیف کی نسبت گشتیات مجریہ دفتر ہذا

نشان ۲۹ واقع یکم آبان ۱۳۲۵ف و نشان ۷ مورخہ ۲۱ر اسفندار ۱۳۲۷ف و نشان (۱۲) واقع ۹ر اردی بہشت ۱۳۲۷ف قبل ازیں جاری ہو چکی ہیں جس کی تعمیل کما حقہ نہ ہونے سے حین تنقیح وقت لاحق ہو رہی ہے۔ نظر برآں ہدایات ذیل مکرر جاری کیجاتی ہیں

ف ۲ حسب منشاء گشتی دفتر ہذا نشان (۱۲) مورخہ ۹ر اردی بہشت ۱۳۲۷ف بوقت منظوری رقم اقتداری حسب ضابطہ ۳ قطعہ فارم مرتب کئے جائیں پہلا قطعہ دفتر ہذا پر دوسرا تنقیح حسابات ضلع پر روانہ ہو گا اور تیسرا دفتر متعلق کی مثل میں شریک رہے گا۔ تاکہ رقوم منظورہ کی رجسٹرات آمد و دفتر و دفتر ہذا سے مطابقت ہوتی رہے۔ نیز نگرانی کے لئے بھی سہولت کا باعث ہو۔ جو رقوم منظورہ فارم کے ذریعہ سے حاصل کی جائیں ان کا تصفیہ حسب گشتی مذکور اندرون ۳ ماہ ہونا چاہئے۔ اور فرد حساب پر حوالہ منظوری رقم درج ہونا چاہئے ورنہ اس کی ذمہ داری افسر حاصل کنندہ رقم پر رہے گی حسابات اگر اندرون ۳ ماہ بکمل پیش نہ ہوں تو افسر حاصل کنندہ رقم کے دفتر کی پہلی برآمد و صادر سوائے صماء سے حسب فحوائے گشتی مذکور رقم وضع کیجائیگی تعمیر و ترمیم خفیف زائد از (صماء) کا کام جس سررشتہ کے ذریعہ انجام پائیگا اس کی صراحت بھی ہونی چاہئے۔ نیز (صماء) سے زائد رقم کے لئے وثیقہ محکمہ فینانس ضروری ہو گا۔ حسابات مصدقہ اردو میں معہ شرح تکمیل کار روانہ کئے جائیں۔ نیز ہر ایک سررشتہ سے کارہائے تعمیر و ترمیم خفیف کی نسبت حسب گشتی محولہ بالا ایک فہرست بابتہ ۱۳۲۵ف روانہ فرمائی جائے جس سے معلوم ہو کہ اب تک کسقدر فارم منظورہ جاری کئے گئے۔ دفتر ہذا متوقع ہے کہ سررشتہ جات سے ہدایات بالا کی پوری پابندی فرمائی جائے گی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۲ر مہر ۱۳۳۵ف
نشان (۴۵) — نشان مثل (۴۱) بابتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت عہدہ داران صاحبان سررشتہ عدالت ابلاغ و اضلاع دارالسلطنت تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی
خریدی سرویس ٹکٹ از خرچہ مد خلہ فرقین

دفتر نظامت عدالت ضلع اورنگ آباد کی تحریک پر مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۲۲ مورخہ ۳۱ر فروردی ۱۳۳۵ف کی حسب ذیل توضیح کی جاتی ہے:-

(۱) فریقین مقدمہ سے بجائے ٹکٹ ٹپہ کے جو نقد رقم وصول ہوگی اوس سے دربار خزانہ سرکاری سے سرویس ٹکٹ خرید کر تعمیل سمن ہائے فریقین میں صرف کیا جائے گا اور رسا ید خزانہ دفتر متعلقہ میں محفوظ رہیں گے۔ اور

(۲) جو سرویس ٹکٹ باغراض دیگر علاوہ نمبر (۱) محولہ بالا تا بحد گنجایش موازنہ رقم پیشگی مدامی موجودہ دفتر سے خریدے جائیں گے وہ محض اغراض دفتری میں مستعمل ہونگے تعمیل سمن میں انکا استعمال جائز نہ ہوگا عبارت تصدیقی مندرجہ مراسلہ بکلیات مجریہ دفتر ہذا متذکرہ صدر التزاماً مندرج رہے گی اور اس کی موجودگی میں حسب ضابطہ تنقیح کے بعد ان کے مطلوبہ اجرائی عمل میں آیا کرے گی۔ پس حسب تعمیل فرمائی جائے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان ۳۴۵/۳۵ واقع ۱۳ آبان ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ۳۴۵ بابتہ ۱۳۳۵ف
صیغہ کلیات شاخ (اضلاع سمت تلنگانہ
صدارت

منجانب زاہد اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول متعلقہ ارصاحبان اضلاع سرکار عالی } منظوری اخراجات تجہیز و تکفین اموات لاوارث

(صیغہ حساب)

بوصول مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغہ فینانس نشان ۸۰۹/۸۱ مورخہ ۲۴ فروردی ۱۳۳۵ف اخراجات تجہیز و تکفین اموات لاوارث کیلئے بوجہ گرانی اشیاء شرح سابقہ بالکلیہ ناکافی ہونے سے شرح ذیل کی منظور صادر ہوئی ہے۔

(۱) برائے لاوارث اہل اسلام (۱۰) روپیہ
(۲) برائے برہمنان (۱۰) "
(۳) برائے دیگر اہل ہنود (۷) "

اور سال حال کے لئے مد خوراک قیدیان کی گنجایش سے یکہزار (۱۰۰۰) روپیہ کی منتقلی کی اجازت صادر ہوئی ہے۔ اب صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع نے ذریعہ مراسلہ نشان (۷۹۷۹) مورخہ ۵ مہر ۱۳۳۵ف رقم منتقل کے منجملہ (۷۵۰) روپیہ حسب تفصیل ذیل اضلاع پر تقسیم فرما کر بغرض اجرائی ذریعہ مثنیٰ آپ کو بھی اطلاع دی ہے۔

براہ کرم حسب ضابطہ بعد تصدیق و تنقیح اجرا فرمائی جائے۔

(۱)	مہتمم صاحب کوتوالی ضلع اورنگ آباد	(۵۰)	روپیہ
(۲)	〃 〃 بیڑ	(۵۰)	〃
(۳)	〃 〃 پربھنی	(۵۰)	〃
(۴)	〃 〃 ناندیڑ	(۵۰)	〃
(۵)	〃 〃 گلبرگہ شریف	(۵۰)	〃
(۶)	〃 〃 رائچور	(۵۰)	〃
(۷)	〃 〃 عثمان آباد	(۵۰)	〃
(۸)	〃 〃 بیدر شریف	(۵۰)	〃
(۹)	〃 〃 میدک	(۵۰)	〃
(۱۰)	〃 〃 نظام آباد	(۵۰)	〃
(۱۱)	〃 〃 محبوب نگر	(۵۰)	〃
(۱۲)	〃 〃 نلگنڈہ	(۵۰)	〃
(۱۳)	〃 〃 ورنگل	(۵۰)	〃
(۱۴)	〃 〃 کریم نگر	(۵۰)	〃
(۱۵)	〃 〃 عادل آباد	(۵۰)	〃
	میزان	(۷۵۰)	〃

۲۔ مثنیٰ ہذا جواباً و اطلاعاً خدمت صدر ناظم صاحب کوتوالی اضلاع سرکار عالی مرسل ہے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان ۳۵/۳۵۲

واقع ۱۳ آبان سنہ ۱۳۳۵ف
مشمولہ نشان (۳۵۲) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
صیغہ کلیات شاخ (اضلاع) سمت تلنگانہ

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

بخدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی صیغہ (حساب)

مقدمہ

درخواست خریدی رجسٹرات سالانہ برائے مدارس سرکار عالی

بوصول مراسلہ نظامت تعلیمات سرکار عالی نشان (۱۴۲۴) مورخہ ۲۲ شہریور سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار صیغہ تعلیمات نشان (۱۷۰) واقع ۲۲ آذر سنہ ۱۳۳۵ف عالیجناب صدر المہام بہادر نے مطبوعہ رجسٹرات ازقرار ذیل یعنے۔

(۱) سنہ ۱۳۳۵ف مدارس اضلاع شاہی — منتظم کارخانہ پٹیجرو

(۲) سنہ ۱۳۳۶ف مدارس اضلاع شاہی — سید عبد القادر صاحب

سے خریدنے کی جو منظوری صادر فرمائی ہے اس کی توثیق محکمہ سرکار صیغہ فینانس نے بذریعہ نشان عبد ۱۳۸۹/۱۳۴۹ مورخہ ۲۳ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف فرمائی ہے۔ پس براہ کرم سررشتہ تعلیمات سے مطلوبہ جات رجسٹر مطبوعہ وصول ہوں تو حسب ضابطہ بعد تنقیح اجرائی کیجائے ۲۔ مثنی ہذا جواباً و اطلاع خدمت ناظم صاحب تعلیمات سرکار عالی مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی نشان (۴۴۰/۳۵)

واقع ۱۳ آبان سنہ ۱۳۳۵ف مشعر دخل نشان (۴۴۰) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف صیغہ کلیات شاخ (اضلاع) سمت تلنگانہ

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

بخدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع ملک سرکار عالی

مقدمہ

تصفیہ رقم علی الحساب اخراجات ارسال اندرون و بیرون ضلع

نگارش ہے کہ قبل ازین بذریعہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۳۶) واقع ۳۰ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف حصول رقم علی الحساب اخراجات ارسال کے متعلق بصراحت احکام جاری کئے جاچکے ہیں لیکن اکثر دیکھا جارہا ہے کہ محصلہ رقم علی الحساب کے تصفیہ کے لئے جو حسابات دفتر ہذا پر پیش ہوتے ہیں ان میں مختلف اقسام کے اشیاء کی خریدی کا خرچ محسوب کیا جاتا ہے مثلاً خریدی خریطہ جات۔ خریدی صنادیق وغیرہ۔ حالانکہ ان اشیاء کی خریدی کا تعلق

بلحاظ نوعیت جداگانہ مدات و ابواب سے ہے اس قسم کے غیر متعلقہ مصارف شریک حسابات ہونے سے تصفیہ رقم علی الحساب میں بیجا تعویق اور پیچیدگی ہوا کرتی ہے نظر برآں آیندہ محصلہ رقم علی الحساب ارسال خزانہ کے تصفیہ حسابات میں بجز مقررہ مصارف ارسال کے دیگر غیر متعلق اخراجات محسوب نہ ہوا کریں فقط

معاشہائے نقدی

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۳ مہر ۱۳۳۵ف
نشان (۴۱) — نشان مثل (۱۲۶/۳۵) باتہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی

بمقدمہ: طلب تختہ ملتویات مقدمات وراثت وسکنی وغیرہ متعلقہ معاش داران نقدی۔

مقدمہ مندرجہ عنوان میں بہ تعمیل گشتی محکمہ فینانس نشان (۲۵) باتہ ۱۳۱۶ف ہر ۳ ماہی کے اختتام پر حسب نمونہ منسلکہ یک تختہ مقدمات مرجوعہ و منفصلہ کا دفتر ہذا پر وصول ہونا چاہیے پس براہ کرم بالالتزام اسکی روانگی کا انتظام فرمایا جاوے فقط

(نمونہ) تختہ ملتویات مقدمات معاشداران نقدی متعلقہ دفتر (باتہ ماہی ۱۳ف گشتی محکمہ فینانس نشان ۲۵ باتہ ۱۳۱۶ف)

نوعیت مقدمہ	تعداد مقدمات ماہی گذشتہ	حال مرجوعہ	جملہ	تصفیہ			باقی	اندرون سہ ماہ	اندرون ایک سال	اندرون دو سال	اندرون سہ سال	زائد از سہ سال	جملہ	کیفیت
				گذشتہ	حال	جملہ								
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۵)

واقع ۳۰ آبان ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۲۲ بابتہ ۱۳۳۵ف
امانت
۱۴۵ ۱۳۳۵ف
عام

مقدمہ

منجانب میرزا نصراللہ خان بیرسٹرالاصدر محاسب سرکار عالی خدمت جمیع متعلقداران صاحبان اضلاع ممالک محروسہ سرکار عالی

موازنہ تصفیہ ادائی بقایا رسوم بلالحاظ گنجایش

بتوثیق منظوری محکمہ فینانس مندرجہ مراسلہ نشان (۴۹۲) مورخہ ۱۰ امرداد ۱۳۳۵ف موسومہ معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ مالگزاری گشتی محکمہ فینانس ۱ مورخہ ۲۴ آذر ۱۳۳۳ف کے فقرہ (۵) کی حسب ذیل توضیح کیجاتی ہے۔

فقرہ (۵) گشتی مذکور میں واضح کردیا گیا ہے کہ رسوم کے اخراجات سنہ رواں وبقایا سنہ سابق کی ادائی کے لئے (جسکی بچت حسب قاعدہ سیل بندی نمبر (۷) بحق سرکار رجع ہوگی) بعذر عدم گنجایش موازنہ انکار جائز نہوگا۔ اس کے یہ معنے ہیں کہ بدوران زمانہ قواعد سیل بندی رسوم کی ادائی پابند گنجایش موازنہ نہیں ہے۔ البتہ سنہ ۱۳۳۱ف اور اسکے قبل کے سنین کے بقایا کی نسبت یہ تصفیہ ہے کہ فی مقدمہ الے تک محکمہ ہذا سے اجرائی کی اجازت دیجائے گی۔ اور ایسے بقایا کے لئے جسکی مقدار فی مقدمہ الے سے زاید ہو تو ادائی سے قبل استمزاج سررشتہ فینانس لازم ہے۔

پس اس سے ظاہر ہے کہ سنہ ۱۳۳۲ف اور اس کے بعد کے سنین کا بقایا رسوم پابند گنجایش موازنہ نہیں۔ اور زمانہ مذکور کے بقایا کا تصفیہ بلالحاظ گنجایش موازنہ عہدہ داران مقتدر فرمائیں گے۔ اور اس کے لئے محکمہ ہذا و فینانس سے کسی استمزاج کی ضرورت نہوگی فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱۱) صیغہ کلیات شاخ اضلاع

واقع ۲۳ آبان ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۱۱) بابتہ ۱۳۰۸ف

منجانب صدر محاسب سرکار عالی۔ مقدمہ

بخدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع صیغہ حساب ملک سرکار عالی } نسبت منظوری تنخواہ سیت سندھیان

بذریعہ مراسلہ محکمہ سرکار عالی صیغۂ فینانس نمبر ۸۶۹/۸۷۰ مورخہ ۱۰ آبان ۱۳۳۵ف حسب الحکم عالیجناب نواب صدر المہام بہادر تنخواہ سیت سندھیان کے متعلق یہ تصفیہ فرمایا گیا ہے کہ ازروے قواعد سبیل بندی مدسیت سندھیان نہ قید موازنہ سے آزاد ہے اور نہ اب بحز حکم مافوق انکو آزاد قرار دیا جا سکتا ہے۔ کل علاقہ دیوانی کے لئے سیت سندھیوں کی تعداد اٹھارہ ہزار کی حد تک مقرر کیجائے اور انکو بجائے دو روپیہ کے تین روپیہ ماہوار دیجائے اگر اس سے زیادہ تنخواہ (یعنے ماہانہ للہ) دینی پڑے تو سیت سندھیونکی تعداد میں کمی کرنی ہوگی اس لحاظ سے انتہائی نقدی معاوضہ جو دیا جا سکتا ہے وہ لاکھ ہزار ماہانہ یا ۔۔۔ للہ ہزار سالانہ ہے۔ یہ امر بھی ملحوظ رکھا جائے کہ سیت سندھیونکا معاوضہ صرف نقدی ہی نہیں بلکہ بشکل اراضی بھی دیا جاتا ہے۔ بشکل اراضی جو معاوضہ دیا جاتا ہے اسکی مقدار چار لاکھ چوبیس ہزار اور نقدی معاوضہ بقدر دو لاکھ بیس ہزار ہے جب انعام اراضی کسی وجہ سے ضبط ہو جائے یا اراضی دینے کے لئے باقی نہ رہے اس صورت میں سررشتہ مال کا یہ فریضہ ہونا چاہیئے کہ مناسب تخمینہ جات سالانہ تیار کرے تاکہ منظوری فینانس دفتر ہذا سے اضلاع پر احکام جاری ہو سکیں۔

۲۵ شئی ہذا بخدمت جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغۂ مالگزاری بحوالہ بالا اطلاعاً مرسل ہے فقط

خزانہ

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۰ر اسفندار ۱۳۳۵ف
نشان (۱۱) — نشانشل ۴۷ عام ۱۳۲۳ف
مقدمہ
منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن اضلاع ملک سرکار عالی
ہدایت نسبت ترسیل نمونہ دستخط باغراض ادائی رقم رسید ارسالی

بربناء تحریک خزانہ عامرہ سرکار عالی ذریعہ ہذا ہدایات مندرجہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۱۲ مورخہ ۲۸ر اسفندار ۱۳۳۳ف کی پابندی کی جانب عام طور پر اور اُنکے فقرہ (۷) کی جانب بطور خاص رجوع کیا جاتا ہے کہ دریں ولا اکثر خزائن تحصیلات سے جب کسی عہدہ دار خزانہ کی بوجہ رخصت وغیرہ تبدیلی ہوئی ہے اور اسکے عوض دوسرے عہدہ دار کا تعین ہوتا ہے تو مستقل عہدہ دار کی جانب سے منصرم کار وغیرہ کا نمونہ دستخط وصول نہیں ہوتا ہے۔

پس امید کہ حسبہ بلا فروگذاشت تعمیل کیجائے گی تاکہ خزائن سے ادائی رقم رسید ارسالی کے وقت کسی قسم کا تامل نہوا کرے اور مزید مراسلت وتاخیر کا سدباب ہو فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۴ر اردی بہشت ۱۳۳۵ف
نشان (۲۳) — نشانشل ۲۱ بابتہ ۱۳۳۵ف
ثلاث (تالیف) نقدیات
نشانشل (۷۷) عام بابتہ ۱۳۳۵ف
مقدمہ
منجانب مرزا نصراللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن اضلاع وخزانہ عامرہ سرکار عالی
انتظام کار بزمانہ تعطیلات ماہ صیام

چونکہ امسال بھی ماہ صیام میں عام تعطیل ہونے کے متعلق حکم جہاں پناہی بذریعہ فرمان مبارک مندرجہ جریدہ غیر معمولی ۷ مزینہ ۲۹ر فروردی ۱۳۳۵ف شرف صدور پایا ہے جسکا آغاز ۱۲ر اردی بہشت ۱۳۳۵ف کو ہوگا۔ اس لئے زمانہ تعطیلات میں انتظام راد وستد خزانہ کیلئے بمتابعت احکام سابق مندرجہ مراسلات کلیات دفتر ہذا نشان (۱۹) مورخہ ۲۲ر اردی بہشت ۱۳۳۳ف ونشان (۱۳) مورخہ ۱۷ر اردی بہشت ۱۳۳۴ف ہدایات ذیل ملحوظ رہیں۔

(۱) بمنظوری تعلقدار صاحب ضلع خزانہ مقامی حالات وصوابدید کے مدنظر ایام تعطیلات میں ارسال ورقمی راد وستد کیلئے خزانہ کے اوقات کا تعین کرکے اس کا اعلان مکان خزانہ پر آویزان کیا جائے گا۔

(۲) باغرافی حفاظت خزاین عہدہ دار صاحبان خزائن وقتاً فوقتاً مکان خزانہ کی نگرانی کرتے رہینگے۔
(۳) زمانہ تعطیلات میں جملہ سررشتہ جات کی جانب سے ارسال شدہ رقم خزانہ میں جمع کرائی جائے گی اور حسب ضابطہ بعد پرکھاوٹی وغیرہ مدات متعلقہ میں جمع و شریک سلک ہوگی نیز روزانہ ماہواری مساب دگوشوارہ بروقت مرتب اور تاریخ مقررہ پر روانہ کیا جائیگا۔
(۴) ٹکٹ ٹپہ و کاغذ مختوم و کاغذ دستاویزی فروخت ہوں گے۔
(۵) تعطیلات میں عام طور پر خزائن سے رقوم کی اجرائی نہ ہوگی۔ مگر
(الف) سررشتہ ٹپہ کو منی آرڈر وغیرہ کے لئے اور
(ب) سررشتہ تعمیرات و آبپاشی کو کارہائے تعمیرات کیلئے بربنا رواج بکار پردانگم رقوم اجرا ہوں گے۔
(ج) رسوم عدالت وطلبانہ اور رقوم امانتی متعلقہ محکمہ جات عدالت و سررشتہ انجمن ہائے اتحاد باہمی کے رقوم اجرائی کیا یا کریگی۔
(د) منافع داران حصص ریلوے کے رقوم کی ادائی بھی ہوگی۔
(ھ) غیر معمولی مطلوبوں کی ادائی بربنا اجازت نامہ خزانہ سے ہوسکیگی۔
(۶) عام طور پر بعاوضہ نقد سکہ عثمانیہ مراوی سکہ خرد و سکہ فوطاس خزانہ سے دئے جائینگے
(۷) وصولات قسط ربیع کا زمانہ غرہ خورداد المصدہ سے شروع ہوتا ہے۔ اس لئے زمانہ تعطیلات میں وصول قسط کا انتظام فرمایا جائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۴) مجاریہ
جناب میرزا نصراللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان موقوعہ بلدہ۔

واقع ۱۲ اردی بہشت ۱۳۳۵ف
نشانسل ۱۳۳۵ باتہ ۱۳۳۵ف

مقدمہ
انتظام ادائی رقوم اجازت نامجات بمجریہ دفتر ہذا از خزانہ عامرہ سرکار عالی

چونکہ تعطیلات ماہ صیام المبارک ۱۳۳۵ف کا آغاز ۱۲ اردی بہشت ۱۳۳۵ف سے ہوگا اور حسب گشتی دفتر ہذا نشان (۱۷)، ۴۰ مرقر دروی ۱۳۳۵ف، مراردی بہشت ۱۳۳۵ف سے اجازت نامجات کی اجرائی ہوگی لیکن چونکہ حصول اجازت نامجات اور اسکی رقم خزانہ عامرہ سے برداشت کرکے تقسیم تنخواہ کیلئے اس قدر وقت باقی نہ رہیگا کہ کل ملازمین سرکار عالی موقوعہ بلدہ کی تقسیم ۱۲ اردی بہشت ۱۳۳۵ف تک عمل میں آسکے اسلئے دفتر ہذا کی تحریک پر بنظر رفع تکالیف صائمین تحت نشان فرمان خسروی

محکمہ فینانس سے حسب حکم عالیجناب نواب صدرالمہام بہادر فینانس یہ اجازت صادر ہوئی ہے کہ تقسیم ادائی رقم اجازت نامجات مجربہ (دفتر ہذا کیلئے دفتر خزانہ عامرہ سرکار عالی ۱۲-۱۳-۱۴ اردی بہشت کو گمارا ہے لہذا اجازت نامجات مجربہ دفتر ہذا کی ادائی خزانہ عامرہ سرکار عالی سے تاریخ ہائے مذکور میں بھی عمل میں آئیگی۔ اور براہ کرم چسپاں آمد نفر کو ہدایت فرمائی جائے کہ وہ (۱۲ تا ۱۴ اردی بہشت ۱۳۳۵ف کو بھی دفتر ہذا میں حاضر ہو کر اجازت نامجات حاصل کرلیں۔

انتباہ مخفی مباد کہ ان ایام میں کوئی جدید مطلوبہ جات یا منتخبہ جات قبول نہیں کیے جائینگے البتہ جو منتخب برآوردات وغیرہ اس کے قبل لئے جاچکے ہیں محض انہیں کے متعلق اجازت نامجات کی اجرائی عمل میں آئیگی فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۰۹)

واقع ۹ اردی بہشت ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل ۷۵ بابتہ ۱۳۳۵ف انتظامی
۷۹ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

بجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹر ایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع (صیغہ حساب)

مقدمہ
منتقلی خزانہ از یک مقام بمقام دیگر

مراسلہ نمبر سرکار صیغہ فینانس نشان (۴۶۰) مورخہ ۱۵ فروردی ۱۳۳۵ف کی توثیق سے ہدایات ذیل بغرض تعمیل نافذ کیجاتی ہے۔

(۱) بوجہ اشاعت مرض طاعون خزانہ کی منتقلی کی تحریک صرف غیر معمولی اور ناگزیر صورتوں میں ہونی چاہئے

(۲) اگر تحت نشان فقرہ (۱) خزانہ کی منتقلی کی ضرورت داعی ہو تو عہدہ دار خزانہ کو چاہئے کہ قبل منتقلی خزانہ اول تعلقہ ار صاحب ضلع کا تحریری حکم حاصل کرے۔

(۳) منتقلی خزانہ کی اجازت اس وقت دیجائیگی جبکہ مقام منتقلہ پر خزانہ کی حفاظت کے لئے اول تعلقدار صاحب ضلع نے پہرہ وغیرہ کا کافی انتظام فرمایا ہو۔

(۴) بصورت منتقلی خزانہ بقدر ضرورت اور اندرون حد ضمانت رقم رکھکر بقیہ رقم قریب کے خزانہ میں منتقلی کردی جائے یا خزانہ مستقر ضلع میں۔

(۵) اگر رقم بیرون ضلع روانہ کرنا ہو تو بصورت امکان ذریعہ پیام برقی صدر محاسب سرکار عالی سے اجازت حاصل فرمائی جائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۰۷)

واقع ۱۹ اردی بہشت ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۱۵ بابتہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۷۸ عام بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب میرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ داران صاحبان خزائن ممالک محروسہ سرکار عالی

مقدمہ میں گم گشتگی پنج قطعہ کرنسی نوٹس رقمی (۵۰۰) از رجسٹری نمبر (۳۵۴) مجریہ ٹپہ خانہ سکندر آباد کی

ذریعہ ہذا اطلاع دیجاتی ہے کہ کرنسی نوٹس سرکار عالی رقمی فی (۱۰۰) سو روپیہ کے پانچ قطعہ جنکے نمبرات حراحت حاشیہ میں درج ہے ٹپہ خانہ سکندر آباد اور ٹپہ خانہ اجنٹہ ضلع اورنگ آباد کے مابین اثنار روانگی بذریعہ رجسٹری بیمہ شدہ میں گم ہوگئے ہیں لہذا نگارش ہے کہ ان کرنسی نوٹوں کے منجملہ اگر کوئی نوٹ کسی کیجانب سے خزانہ میں بغرض تبادلہ ادائی مطالبہ سرکار میں پیش ہو تو پیش کنندہ نوٹ کا نام معہ ولدیت وسکونت وغیرہ واضح اور صحیح طور پر حاصل کرکے ناظم صاحب ٹپہ خانہ جات ملک سرکار عالی و دفتر ہذا کو فی الفور اطلاع دیجائے۔

(۱) ۰-T۵۲۴۷-P رقمی (۱۰۰ مار)
(۲) ۳۳-T۳۵۹۳-P رقمی (۱۰۰ مار)
(۳) ۳۴-T۳۵۹۳-P رقمی (۱۰۰ مار)
(۴) ۳۵-T۳۵۹۳-P رقمی (۱۰۰ مار)
(۵) ۳۶-T۳۵۹۳-P رقمی (۱۰۰ مار)

ف یہ نوٹ حسب ضابطہ وتحت ہدایات مندرجہ گشتی دفتر ہذا نشان (۴) ۱۳۳۹ف خزانہ میں اگر مطالبہ سرکاری کی ادائی یا تبادلہ کی غرض سے پیش ہوں تو حسب فقرہ (۱) ان کے قبول کئے جانے سے انکار نہ کیا جائیگا لیکن خزانہ سے مکرر جاری نہ کئے جائیں اور تا تصفیہ اس خزانہ میں جہاں پیش ہوے ہوں باحتیاط محفوظ رکھے جائیں فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
واقعہ ۵ تیر ۱۳۳۵ف
نشان مجاریہ (۲۹)
نشان نشل (۹۴) ۱۳۳۳ف

منجانب میرزا نصر اللہ خان بیرسٹراٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع (صیغہ حساب)

مقدمہ

سالانہ تکمیل وتجدید ضمانتہائے متعلقہ خدمات مشروط الضمانت

بہ توضیح گشتیات نمبر ۱۰ مورخہ ۲۱ بہمن ۱۳۳۴ف و نمبر ۱۰ مورخہ ۱۷ اسفندار ۱۳۳۵ف مجریہ دفتر ہذا برعنا تحریک اول تعلقدار صاحب ضلع نظام آباد ذریعہ ہذا ایما کیا جاتا ہے کہ جو اب تک بہ طریقہ کسی ترمیم وتبدیلی کیساتھ بھی رہا ہو کہ جملہ تحصیلدار صاحبان پیشکاران نقدی نویسان و فوطہ داران تحصیلات کے ضمانت نامجات عہد خزانہ ضلع میں محفوظ رکھے جاتے ہوں تو آئندہ سے بہ لحاظ سہولت کاروبار اغراض سالانہ تکمیل وتجدید پابندی احکام ذیل

(۱) تحصیلدار صاحبان کے ضمانت نامجات صدر خزانہ ضلع میں ہی رہنے چاہئیں۔ البتہ

(۲) پیشکاران و فوطہ داران وغیرہ کے ضمانت نامجات تحصیلات متعلقہ کے خزانوں پر منتقل کردیے جاسکتے ہیں بشرطیکہ انکی کافی حفاظت کا انتظام رہے۔

پس جبہ تعمیل فرمائی جائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۷)

واقع ۶ شہریور سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۱۲۱/دعام) سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لاصدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن ملک سرکار عالی

مقدمہ
ترویج سکہ جات کلدار

بوصول مراسلہ دفتر خزانہ عامرہ سرکار عالی ۲۱۶۵ مورخہ ۲۲ امرداد سنہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ دفتر مذکور الصدر کو بتوسط امپیریل بنک آف انڈیا حیدرآباد اطلاع ملی ہے کہ بروئے مراسلہ ڈپٹی کنٹرولر کرنسی علاقہ بمبئی نمبر ۴۷/۲۵ (ریسورس) مورخہ ۲۵ نومبر ۱۹۲۵ء سکہ جات نکل اٹھنی مندرجہ فقرہ ۱۹۱/۲۵ دستور العمل خزانہ عامرہ سرکار عالی کی اجرائی اب مسدود ہو چکی ہے اور یہ سکے اب کرنسی آفیسوں میں ہی لیگل ٹنڈر ہیں۔ بنابراں ذریعہ ہذا ہدایت دیجاتی ہے کہ یہ سکہ جات خزائن سرکاری میں قطعاً قبول نہ کئے جائیں اور جو رسالی رقوم خزانہ عامرہ پر روانہ ہوں انمیں یہ سکہ جات جو اسوقت تک داخل ہو چکے ہیں شامل نہ کئے جائیں بلکہ اسبارہ میں جداگانہ بترسیل فہرت سکہ جات مذکور بہ تعین تعداد و قیمت دفتر ہذا سے تفصیلی ہدایت حاصل فرمائی جائے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۲)

مورخہ ۲۷ آبان سنہ ۱۳۳۵ف
مشمولہ مثل عام ۱۵۸/۳۵ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیارسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ خزانہ)

مقدمہ
جواز استعمال بعض نمونہ جات رجسٹرات مندرجہ دستور العمل خزانہ عامرہ

خزاین اضلاع میں اسوقت رجسٹرات کے مختلف نمونہ جات رائج ہیں۔ اور خزانہ عامرہ کے نمونہ جات سے بھی انکی مطابقت نہیں ہوتی حالانکہ جہانتک اتحاد عمل کا تعلق ہے۔ خزائن اضلاع میں بھی بہ تبدیل لفظی وہی نمونہ جات استعمال ہونے چاہئیں۔ جو دستور العمل خزانہ عامرہ منظورہ سرکار کے بموجب خزانہ عامرہ میں رائج ہیں بناءً علیہ نمونہ جات مندرجہ حاشیہ خزائن اضلاع میں بھی جاری کئے جاتے ہیں سنہ ۱۳۳۶ف سے ان نمونہ جات کے بموجب خزائن اضلاع میں

(نمبر (۲ تا ۹) نمبر (۱۱ تا ۱۶) نمبر (۲۰ و ۲۱) نمبر (۳۲۰ و ۳۲۶))

رجسٹرات قائم اور عمل فرمایا جائے گا۔ بقیہ دوسرے نمونہ جات کے نفاذ کے متعلق متعاقب غور کیا جائیگا۔

۲۔ نمونہ نمبر (۴۰) رقوم کھاتہ روبکار پروانگی متعلقہ سررشتہ تعمیرات کے لئے بھی اس لفظی تبدیل کے ساتھ استعمال کیا جائے گا کہ جہاں اُس میں لفظ چالان لکھا ہے۔ اس کے بجائے لفظ روبکار پروانگی لکھدیا جائے۔

نمبر (۳۴ تا ۴۰)	نمبر (۴۶ تا ۴۸)
،، (۵۴)	،، (۵۶ تا ۷۰) الف
،، (۷۲ تا ۷۴)	
،، (۸۳ تا ۸۸)	نمبر (۹۰ تا ۹۲)
،، (۹۴)	نمبر (۹۶ تا ۱۰۰)

۳۔ نمونہ نمبر (۵۶) پیشنامہ سکہ جات بصورت سے متعلق ہے۔ لیکن خزانہ ضلع میں ضرورت کے وقت پانچ صرافوں کا جمع ہونا دشوار ہو تو اس امر کی اجازت رہے گی کہ صرافاں موجودہ خزانہ ہی سے پیشنامہ کرالیا جائے۔

۴۔ خزانہ عامرہ میں رجسٹر نمبر (۷۲) کے علاوہ رجسٹر نمبر (۸۱) اُن ماہواریوں کے لئے رکھا گیا ہے۔ جو حیات نامہ پیش کرنے سے مستثنیٰ ہیں۔ لیکن تخفیف کار کے مدنظر اضلاع میں اسی غرض کے تحت علٰحدہ رجسٹر رکھنے کی ضرورت نہیں۔ بلکہ رجسٹر نمبر (۷۲) میں نشان مثل خزانہ اور حوالہ حکم سرکار متعلق استثناء کا داخلہ لازماً لیا جائیگا۔

۵۔ خزانہ عامرہ میں رقوم جمع کے لئے نمونہ نمبر (۲۲) قائم ہے اس کے معاوضہ میں اضلاع کے حالات کے مدنظر خزائن اضلاع کے لئے نمونہ ذیل تجویز کیا جاتا ہے۔ یہ رجسٹر مددگار خزانہ ضلع کے پاس رہے گا۔ اور وہ اپنے قلم سے اس کی تکمیل وقتاً فوقتاً کیا کریں گے۔

۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
تاریخ اندراج	نشان چالان فرستندہ رقم	نشان سلسلہ ماہانہ	نام ارسال کنندہ	رقم مجموعی مندرجہ چالان	تعداد رسال شدہ بموجب چالان	جملہ تعداد مجموعی جمع	صراحت سکہ قطعہ نیا یا کلدار	نشان صفحہ کردی	کیفیت

۶۔ اسوقت خزانہ عامرہ میں جو رجسٹر کھتادنی ضمانت نامجات بموجب نمونہ نمبر (۹) رکھا گیا ہے۔ وہ ناکافی ہے اور اضلاع میں بھی مختلف نمونہ جات رائج ہیں اس لئے بعد مشورہ خزائن اضلاع ایک جدید نمونہ رجسٹر ضمانت نامہ جات وضع کیا جاتا ہے جو جملہ خزائن اضلاع میں رائج ہوگا جس کا نمونہ اس کے ساتھ شایع کیا گیا ہے۔ اس رجسٹر میں ہر ضمانت نامہ کے لئے ایک ایک صفحہ چھوڑ دیا جائے گا تاکہ سالانہ تصدیق کا عمل بآسانی ہو سکے

۷۔ نمونہ نمبر (۵۹ الف) مندرجہ دستور العمل خزانہ عامرہ اردو طبع اور خزائن اضلاع میں نافذ ہوگا۔

۸۔ نمونہ نمبر (۶۹) کے بموجب خزائن اضلاع میں بلحاظ نوعیت علٰحدہ علٰحدہ رجسٹر رکھے جا سکتے ہیں یا ایک ہی رجسٹر میں ہر نوعیت کے لئے چند اوراق بلحاظ ضرورت چھوڑے جا سکتے ہیں۔

۹۔ خزائن اضلاع میں اس وقت سیاہ روزانہ کردی نقدی فوطہ دار کے مختلف نمونہ جات رائج ہیں آیندہ تمام اضلاع میں نمونہ ذیل استعمال کیا جائے۔

تاریخ	حوالہ نشان اسناد	تفصیل ابواب جمع یا خرچ	رقم جمع	رقم خرچ	بقایا
۱	۲	۳	۴	۵	۶

۱	نشان سلسلہ
۲	تاریخ کھتاونی بصراحت ماہ و سنہ مع نشان مثل
۳	نام مع ولدیت
۴	عہدہ بصراحت تنخواہ (مستقل یا منصرم)
۵	رقم ضمانت جو خدمت کے لئے مشروط ہے۔
۶	نام ضامن مع ولدیت
۷	مقام سکونتی ضامن
۸	صراحت جائداد منقولہ
۹	مالیت جائداد منقولہ
۱۰	نشان و تاریخ رجسٹری بصراحت نام دفتر رجسٹری
۱۱	جائداد غیر منقولہ مندرجہ ضمانت کس مقام پر اور کس ضلع میں ہے
۱۲	جائداد منقولہ کس خزانہ میں داخل ہوئی ہے۔
۱۳	نام و عہدہ افسر قبول کنندہ ضمانت بموجب کشتی نشان ۱۸ تا بہ سنہ ۱۸ مجریہ محکمہ فینانس
۱۴	واقعہ تصدیق و تکمیل و تجدید سالانہ بموجب کشتی نشان ۱۸ سنہ ۱۸ مجریہ فرمہ صدر محاسبی
۱۵	ضمانت نامہ مکمل ہے یا نہیں
۱۶	دستخط خزانہ دار و مہتمم خزانہ
۱۷	واقعہ منتقلی ضمانت نامہ بصراحت نشان مراسلہ و نام دفتر مستقل الیہ
۱۸	تفصیل جائداد واگزاشت شدہ یا نقد رقم واپس شدہ بتصریح تاریخ واپسی۔
۱۹	ضمانت نامہ بجا بموجب کشتی نمبر ۱۸ سنہ ۱۸ بحوالہ صدر خود ملازم اور ضامن نے عدم بکدورتی کا اقرار نامہ لکھدیا ہے یا نہیں
۲۰	دستخط خزانہ دار و مہتمم خزانہ بصراحت تاریخ
۲۱	کیفیت

ملازمی کی علاحدگی کے بعد کسی وقت ضمانت کا واگزاشت کیا جانا یا ضبط کیا جانا یا جائداد کی قرقی

دفتر .....

بابت ضمانت نامہ جات

موازنہ

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۱)

واقع یکم آذر سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۴) سنہ ۱۳۳۴ف شاخ موازنہ صیغہ لوکلفنڈ
(۲) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مولوی سید محمد محسن بلگرامی منصرم صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان لوکلفنڈ سرکار عالی
منظوری موازنہ لوکلفنڈ سنہ ۱۳۳۴ف
مقدمہ سنہ ۱۳۳۵ف

ذریعہ مراسلہ معتمدی صنعت و حرفت سرکار عالی صیغہ لوکلفنڈ نشان ۴۶۸
مورخہ ۲۴ر آبان سنہ ۱۳۳۵ف ایما ہوا ہے کہ موازنہ سنہ ۱۳۳۴ف پیشگاہ باب حکومت سے منظور ہو چکا ہے اور یہ بھی قرار دیا گیا ہے کہ سنہ ۱۳۳۴ف کے عداد سنہ ۱۳۳۵ف سے متعلق رہیں گے۔ بوجہ ختم سال سنہ ۱۳۳۴ف کسی مد میں بوجہ عدم منظوری موازنہ صرفہ نہیں ہوا ہے تو اوس مد کی رقم سلک میں شامل ہوگی سنہ ۱۳۳۵ف میں بشرط ضرورت باظہار وجوہ معقول گنجایش مذکور سے منظوری حاصل کیجا سکتی ہے اجرائے گریڈ و دگر امور کے متعلق سنہ ۱۳۳۵ف میں جسقدر مصارف ہوں اوس کے متعلق سنہ ۱۳۳۲ف و سنہ ۱۳۳۳ف میں جو عمل ہوا ہے وہی عمل کیا جائے فقط

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان مجاریہ (۲۴) شاخ اضلاع سمت مرہٹہ ڈی

واقع ۲۳ر آبان سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۲۴) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب صدر محاسب سرکار عالی
بخدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی صیغہ خساب
نگرانی موازنہ منقسمہ
مقدمہ

گشتی دفتر ہذا نشان (۹) مورخہ ۱۴ر بہمن سنہ ۱۳۳۳ف کے تحت منقسمہ موازنہ جات

کی صیغہ ہائے تنقیح اضلاع پر بروقت وصول ہونیکی کامل نگرانی ہونی چاہیئے جن دفاتر سے۔
منقسمہ موازنہ جات وصول نہ ہوں اُن کے متعلق صیغہ تنقیح پر احکام گنتی صدر کی پابندی
لازمی گردانی جاتی ہے۔ چونکہ قیام شاخ اضلاع سے اصول تنقیح بجائے مدار کے
ضلع وار قرار پایا ہے۔ اِس لئے دفتر ہذا سے سررشتہ کے متعلق ضلع وار موازنہ منقسمہ
کی نگرانی ہوا کرے گی اور دفتر تنقیح حسابات اضلاع کا فرض ہوگا کہ وہ ہر دفتر کی گنجایش
مندرجہ موازنہ منقسمہ دفتر دار کی نگرانی کرے جسکی ذمہ داری کلیتاً صیغہ ہائے تنقیح حساب
اضلاع پر ہوگی فقط

ہدایات حساب

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۴ ردے ۱۳۳۵ف
نشان (۳) — نشانشل ۲/۲ تنقیح منصب شاخ امانت و مبارکہ ۱۳۳۵ان
(۹) ۱۳۳۵ان

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرات لاصدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت اہل تعلقدار صاحبان اضلاع (بصیغہ خزانہ) و مہتمم صاحب خزانہ عامرہ سرکار عالی } وضعات کنٹربیوشن از ماہوار منصب بصورت ملازمت بعلاقہ سرکاری یا غیر سرکاری

بمقدمہ مندرجہ عنوان نگارش ہے کہ عام قواعد کے تحت منصبداروں سے بصورت ملازمت بعلاقہ سرکاری یا غیر سرکاری بطریق ذیل کنٹربیوشن وضع و جمع ہوا کرتا ہے:۔

(۱) بصورت ملازمت بعلاقہ سرکاری تر اور دفتر متعلقہ سے جس میں منصبدار مامورہ کی تنخواہ خدمت شریک رہا کرتی ہے۔

(۲) بصورت ملازمت بعلاقہ غیر سرکاری تنخواہ منصب سے۔ مگر درینولا ایک کارروائی کے ضمن میں جس میں منصبدار صاحب کا تعلق مستقل طور پر ملازمت علاقہ سرکاری سے ہے لیکن بوجہ منتقلی بعلاقہ غیر سرکاری علاقہ سرکاری سے انہیں کوئی حصہ تنخواہ نہیں ملتا ہے معلوم ہوا کہ کنٹربیوشن منصب کی رقم ماہانہ یہ بطور خود خزانہ شاہی میں جمع کیا کرتے ہیں اور خزانہ متعلقہ میں جہاں سے انہیں ماہوار منصب ملا کرتی ہے کنٹربیوشن کی وضعات نہیں ہوا کرتی ادائی کنٹربیوشن اون کے صوابدید پر چھوڑ دیا کا یہ نتیجہ ہوا کہ کثیر بقایا واطلب رہ گیا بناءً علیہ تحت طریقہ نمبر (۲) متذکرہ صدر ذریعہ ہذا لازم کیا جاتا ہے کہ بصورت منتقلی بعلاقہ غیر ملازمین سرکاری کو قطعاً اس کا موقع نہ دیا جائے کہ منصب کا کنٹربیوشن راست اونکی جانب سے خزانہ شاہی میں جمع ہو بلکہ اسے آغاز زمانہ منتقلی سے اوس کے اختتام تک ماہوار منصب سے وضع و جمع کیا جایا کرے جس کی نگرانی بروے اندراجات رسائد پیش کردہ منصبدار صاحبان بوقت تقسیم دفتر خزانہ پر بآسانی ہو سکتی ہے۔ پس توقع کیجاتی ہے کہ ازراہ کرم حسب صراحت صدر تعمیل فرمائی جائے گی

اس کی ایک ایک کاپی ۔ خدمت معتمد صاحب کمیٹی اسٹیٹ راجہ راجمان راجہ شیودراج دھرم ونت آنجہانی (بصیغہ سررشتہ منصب) و خدمت راجہ دھرم کرن صاحب سررشتہ دار منصبداران ۔ اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵)

واقع ۹ ہر بہمن ۱۳۳۵ف
نشانی شل (۹) نقدیات ۱۳۳۴ف
(۸) بابتہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹر ایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع عہدہ دار صاحبان خزائن اضلاع و خزانہ عامرہ سرکار عالی

مقدمہ
طریقہ اجرائی رسیدارسالی متعلقہ رقوم جمع و خرچ

رقوم پن مقطعہ و آبکاری وغیرہ جو ایک خزانہ ضلع کے بابتہ ہونے پر دیگر خزائن ضلع یا خزانہ عامرہ میں جمع ہوتے ہیں ۔ ان کے متعلق ذریعہ مراسلہ دفتر ہذا نشان ۱۷۰ تا نشان ۱۸۰ مورخہ ۱۸ ماہ دے ۱۳۳۴ف موسومہ جملہ مہتمم صاحبان خزائن اضلاع یہ ہدایت دیگئی تھی کہ ایسی جمع و خرچی رقوم کے بابتہ رسیدارسالی جاری کرنیکی ضرورت نہیں ہے بلکہ سہ ماہ پرت چالان کے ذریعہ جمع و خرچی عمل کیا جائے ۔ مراسلہ دفتر ہذا مذکور کے اجرائی کے بعد اکثر اضلاع کے استفسارات سے معلوم ہوا کہ ہدایات دفتر ہذا کے بموجب صحیح عمل نہیں ہو رہا ہے اس لئے بہ منسوخی احکام سابقہ مندرجہ مراسلہ ۱۷۰ تا ۱۸۰ مورخہ ۱۸ ماہ دے ۱۳۳۴ف ہدایت دیجاتی ہے کہ دیگر رقوم کی طرح ان جمع و خرچی رقوم کے بابتہ بھی رسیدارسالی جاری ہوا کرے تا رسیدارسالی کے عام احکام مندرجہ دستور العمل خزانہ عامرہ کے تحت عمل ہو فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۸)

واقع ۱۸ ہر بہمن ۱۳۳۵ف
نشانی شل (۲۰) بیقاعدہ شاخ فوج بابتہ ۱۳۳۵ف
عام ۵ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا افراللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

بخدمت جمیع عہدہ دار صاحبان علاقہ جات فوج باقاعدہ وبیقاعدہ
داخل تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی

مقدمہ

تنظیم کارہائے تنقیح شاخ فوج دفتر ہذا متعلق بہ تنخواہ والاؤنس واخراجات سفر ومقدار صادر ہمہ ابواب

اس وقت تک ابواب مندرجۂ مقدمہ عنوان کے نسبت مطالبات مختلف نمونوں اور تقطیع پر تنقیح واجرائی کی غرض سے منجانب دفاتر فوج داخل کئے جاتے تھے۔ اب تحت منظوری جناب نواب صدرالمہام بہادر صیغہ فینانس مندرجہ مراسلہ محکمۂ فینانس نشان ۹۵۵ مورخہ ۱۰ مہر ۱۳۳۴ف دفتر ہذا کے دیگر شاخوں کے ساتھ شاخ فوج کی بھی تنظیم عمل میں آئی اور اس کا نفاذ مطالبات ماہ اسفندار ۱۳۳۵ف سے لازم قرار دیا گیا ہے۔ بنابرآں ماہ مذکور سے مختلف فوج کے مطالبات بپابندی ہدایات مصرحہ ذیل مرتب ہوکر دفتر ہذا کی شاخ فوج میں بغرض تنقیح واجرائی داخل ہونگا بطور خاص انتظام فرمائی جائے ورنہ وہ شاخ مذکور سے بلا اجرائی مسترد ہوجایا کریں گے جس کی ذمہ داری دفاتر متعلق پر رہے گی فقط

(۱) ذیلیہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۱۳ مورخہ ۱۰ فروردی ۱۳۳۳ف برآورد کا جو نمونہ بصراحت تقطیع شایع کردیا گیا ہے۔ اس کے بموجب علاقہ فوج باقاعدہ کے ہر کمیشنڈ افسر اور عہدہ دار طبابت فوجی (سرجن و اسسٹنٹ سرجن) کی تنخواہ ہی برآورد علحدہ علحدہ پیش ہونی لازمی ہے جس پر حسب تصفیہ مندرجہ مراسلہ محکمۂ فینانس ۴۲۸ مورخہ ۲ فروردی ۱۳۳۴ف افسر مرتب کنندہ برآورد کے عہدہ دار بالا کے دستخط تصدیقی کا بھی ثبت رہنا ضروری ہے اور جس کے بغیر کسی افسر کی برآورد صیغہ تنقیح میں قبول نہ ہوسکے گی۔ اب رہا یہ امر کہ کس افسر کا عہدہ دار بالا کون ہوسکے گا۔ اس کا کمانڈر صاحب افواج باقاعدہ حسب مناسب تصفیہ فرماکر اس سے دفتر ہذا کو مہربانی سے اوسط ماہ اسفندار ۱۳۳۵ف تک مطلع فرمادیں گے

(۲) گزیٹیڈ افسران محکمۂ نظم ومہتمم باروت خانہ کے برآوردات ماہواری حسب عمل جاریہ دفتر ہذا کی گشتی ۲ مورخہ ۲۹ آذر ۱۳۳۳ف ومراسلہ کلیات ۱۱۳

مورخہ ۱۳ ماہ دے ۱۳۳۱ف کے ہدایات مندرجہ کے بموجب نمونہ و تقطیع مقررہ پر مرتب و داخل ہوا کریں۔

(۳) علاقہ جات فوج باقاعدہ و بیقاعدہ کے جمیع اہلکاروں اور دواخانہ نظم جمعیت کے جملہ ملازمین و عملہ جات باروت خانہ و دارالصنائع و دالنٹر کور اور خدمتیوں (مثلاً دفعدار و چپراسی و رول کش) اور ملازمین متعینہ بنگلہ ملٹری اڈوائیزر کی برآوردات ماہواری رجمنٹ یا علاقہ دفتر دار (جیسی کہ صورت ہو) بموجب نمونہ و تقطیع برآورد تنخواہ عملہ مشتہرہ بذریعہ گشتی ع ۲ مورخہ ۲۹ ماہ آذر ۱۳۳۰ف و بموجب ہدایات مندرجہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ع ۱۱۳ مورخہ ۱۳ ماہ اردی بہشت ۱۳۳۱ف مرتب اور داخل ہوا کریں۔

(۴) سب کمیشنڈ افسران و دیگر ملازمین جنگی و غیر جنگی (کیمپ فالوئیرز) علاقہ فوج باقاعدہ و سب اسسٹنٹ سرجن و دیگر ملازمین دواخانہ جات فوج باقاعدہ کی برآوردات بموجب نمونہ (الف) منسلکہ ہذا اور ملازمین جمعیت بیقاعدہ کی برآوردات ماہواری بموجب نمونہ (ب) منسلکہ ہذا مرتب و داخل ہوا کریں۔ تقطیع و ترتیب و تکمیل کے متعلق ضروری ہدایات نمونہ جات منسلکہ پر درج کر دیگئی ہیں۔

(۵) رسالہ جات باقاعدہ سے فی الوقت بذریعہ برآورد راسی رجمنٹل وضعات کا جو مطالبہ کیا جاتا ہے وہ تاریخ نفاذ تجاویز سرکاری سلحداری سے موقوف ہو کر مدات متعلقہ کی گنجایش کے تحت ضابطہ نافذہ ہر باب کی مقررہ رقم کا علیحدہ علیحدہ مطالبہ پیش ہونے پر اس کی اجرائی بعد تنقیح ضابطہ عمل میں آیا کرے گی۔ اسی طرح سرکاری سلحداری کی تجاویز منظورہ میں ہر رسالہ کے لئے جس قدر سقہ و سائیس اور موچی مقرر کئے گئے ہیں انکی تنخواہ کا مطالبہ حسب اسکیل مقررہ بموجب ہدایات مندرجہ فقرہ (۴) مراسلہ ہذا بذریعہ برآورد رجمنٹ پیش ہونے پر بعد تنقیح ضابطہ اس کی اجرائی ہوا کرے گی۔ البتہ رسالہ پرنس باڈی گارڈ کی حد تک مقررہ رجمنٹل وضعات کا مطالبہ کیا جا سکے گا۔ جہاں طریقہ سلحداری حسب سابق جاری رکھا گیا ہے۔ جمعیت بیقاعدہ کے اسپان مسقوط کی ماہوار خوراک کا مطالبہ بھی حسب عملدرآمد جاریہ بذریعہ برآورد مرتبہ محکمہ نظم ۱۱ ماہ فروردی ۱۳۳۵ف تک کیا جا سکے گا جس کے بعد اسپان مسقوط کی ماہوار کی اجرائی موقوف ہو کر بصورت

استادگی اسپ ماہوار خوراک کا مطالبہ آوردہ جات کی معمولی مقررہ برآوردات کے ذریعہ ہوا کرے گا۔

(۶) جملہ برآوردات کے ساتھ بپابندی تمام تختہ جات برآیندگی و بازیافت و وضعات بیمہ فنڈ و وضعات کنٹربیوشن و دیگر ضروری کاغذات بھی (مثلاً حاضری وصول و تختہ اجرائی و منہائی و تختہ رخصت و نقول احکام متعلقہ تقرر و ترقی و تنزل اور رجمنٹل آرڈرز وغیرہ) حسب حال التزاماً باغراض تنقیح منسلک رہا کریں۔ تختہ جات برآیندگی و بازیافت وضعات چندہ بیمہ فنڈ کے نمونہ جات اور ادنکی تقطیع کے پیمانہ جات ذریعہ گشتی دفتر ہذا ۲ مورخہ ۲۹ آذر ۱۳۰۳ف شایع کر دیگئے ہیں جو جملہ ملازمین فوج سے بھی متعلق رہیں گے۔ دیگر کاغذات کے نمونہ جات وہی ہونگے جو فی الوقت رائج ہیں۔ چونکہ آیندہ اجرائی بقایا وغیرہ کا بالکلیہ انحصار تختہ جات برآیندگی و بازیافت پر رکھا گیا ہے۔ اس لئے ہر دو تختہ جات مذکور کو کامل طور سے بصحت تمام مرتب اور برآوردِ متعلقہ کے ساتھ التزاماً داخل کرنا افسر متعلقہ یا دفتر مطالبہ کنندہ ماہوار کا خاص فریضہ ہوگا۔ ملازمین فوج بیقاعدہ کی صورت میں وضعات ضابطانہ کا عمل التزاماً تختہ برآیندگی میں ظاہر کیا جانا ضروری ہے تا آیندہ تحت قواعد وضع شدہ رقم ضابطانہ کی واپسی تختہ مذکور کے مندرجہ رقم سے تصدیق کرنے کے بعد کی جاسکے۔ بہرحال اگر تختہ جات مذکور برآورد متعلقہ کے ساتھ ناقص و نامکمل حالت میں داخل کئے جائیں گے تو آیندہ بقایائے ماہوار و ضابطانہ وغیرہ کے مطالبات پیش ہونے پر بوجہ عدم تصدیق ادنکی اجرائی دفتر ہذا سے نہ ہوسکے گی جس کا ذمہ دار اور جوابدہ خود افسر یا دفتر متعلقہ رہے گا۔

(۷) علاقہ فوج کے بعتہ وصادر کی جملہ برآوردات و مطلوبہ جات بھی بپابندی تمام حسب ہدایات مندرجہ و بموجب نمونہ جات منسلکہ گشتیات ۱۱ دفتر ہذا سورخہ یکم اردی بہشت ۱۳۰۲ف و ۲۶ مورخہ ۱۱ خورداد ۱۳۰۲ف مرتب و داخل ہونا لازمی ہیں۔ جیسا کہ سابق میں ذریعہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۲۳ مورخہ ۲۷ اردی بہشت ۱۳۰۲ف ایما کیا جاچکا ہے

(۸) علاقہ جات فوج کی بعض برآوردیں ہر ماہ کی ۱۰ اور بعض میں ۱۵ تاریخ تک کے

عملیات درج کر کے پورے ماہ کی تنخواہ کا مطالبہ کیا جاتا ہے اور عموماً برآوردات کو ۲۵ ہر تاریخ پر یا اس کے بعد بغرض اجرائی داخل کیا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے خواہی نخواہی تفتیش و اجرائی برآوردات میں تاخیر ہوتی ہے فی الوقت منتخبہ جات ماہوار اور مطلوبہ جات مصارف بھتہ وصادر کے داخل کرنے کی خاص خاص تاریخیں مقرر ہیں۔ مگر ملازمین اور دفاتر افواج کی سہولت کے مدنظر شاخ فوج کی حد تک بخلاف احکام مندرجہ گشتی دفتر ہذا ع ۳۹ مورخہ ۱۲ ہر شہریور سنہ ۱۳۳۲ف بطور خاص حسب ذیل انتظام منظور کیا جاتا ہے:۔

(الف) جملہ دفاتر فوج سے برآوردات تنخواہی ہر ماہ کی ۱۵ ہر تاریخ تک کے عملیات درج کر کے اونکو بعد ترتیب و تکمیل معہ منسلکات ضروری ۲۰ ہر تاریخ تک دفتر ہذا میں داخل کیا جا سکے گا۔

(ب) منتخبہ جات منہائی ماہوار ہر ماہ کی ۳ ہر اور ۱۸ ہر تاریخوں کے مابین اور برآوردات و مطلوبہ جات مصارف بھتہ وصادر تعطیلات کے سوا ہر وقت بلا تعین تاریخ بغرض اجرائی داخل ہو سکیں گے۔

(۹) ترتیب و تکمیل برآوردات کے نسبت جو احکام دفتر ہذا سے ذریعہ گشتیات و مراسلات کلیات مصرحہ حاشیہ اجرا کئے گئے ہیں وہ تا بحد تعلق برآوردات علاقہ جات فوج باقاعدہ وجمعیت بیقاعدہ سے بھی متعلق رہیں گے

(۱) گشتی ع ۵ مورخہ ۲۰ ہر بہمن سنہ ۱۳۳۰ف
(۲) مراسلہ کلیات ع ۸۸۳ مورخہ ۴ ہر بہمن سنہ ۱۳۳۰ف
(۳) مراسلہ کلیات ع ۱۱۳ مورخہ ۱۳ ہر دے سنہ ۱۳۳۱ف
(۴) گشتی ع ۷ مورخہ ۶ ہر بہمن سنہ ۱۳۳۳ف

لہذا حسب منشا ہدایات مندرجہ گشتیات و مراسلات مصرحہ حاشیہ عمل ہوا کرے فقط

نوٹ۔ گیرندۂ اجہات زنامہ برآوردہندا کے کسی تغلب و تصرف کی ذمہ داری مطلقاً سرکار عالی پر عائد نہ ہوگی۔

نشان بلد ( ) نشان سلسلہ اسناد وصیغہ تنقیح متعلقہ گوشوارہ ماہ سنہ ۱۳ ف

رقم منظورہ کا عمل جمع و خرچ جو دفتر صدر محاسبی یا صیغہ تنقیح میں کیا جائیگا

صفحہ بہ	دفتر بہ	البواب	روپیہ	آنہ	پائی
		خرچ			
		میزان			
		جمع			
		میزان جمع			
		تمہ نقد ادا شدنی			

عمل تنقیح مقدم

نشان و تاریخ منتخب منہائی

رقم مطلوبہ دفتر ( )

رقم معترضہ تنقیح ( )

رقم منظورہ تنقیح ( )

وجوہ تفصیلی رقوم معترضہ

تنقیح ساز محاسب ضلع عہدہ دار ضلع مجاز

منتظم مددگار صدر محاسب سرکار عالی

عمل تنقیح موخر

شرح منظوری تنقیح مقدم

مبلغ بمثانیہ نقد ادا کئے جامس فقط

سکہ کلدار

المرقوم ماہ سنہ ۱۳ ف

نشان و تاریخ تختہ اعتراض

رقم منظورہ ضلع

رقم معترضہ ضلع

رقم منظورہ تنقیح موخر

وجوہ تفصیلی رقوم معترضہ

تنقیح ساز محاسب ضلع عہدہ دار مجاز منظوری منتظم مددگار صدر محاسب سرکار عالی

منتظم تنقیح ساز

رقم منظور ہندسوں اور لفظوں میں صاف طور پر باحتیاط لکھنا چاہیئے۔

(الف) نمونہ برآوردِ تنخواہ سب کمیسنڈ افسران و دیگر ملازمین جنگی و غیر جنگی علاقہ افواج

نشان سلسلہ	نام مع ولدیت	عہدہ	شرح تقرر			مقررہ طلب		
			تنخواہ	اضافہ الاؤنس ملازمت (جیسی کہ صورت ہو)	جملہ	تنخواہ	اضافہ الاؤنس ملازمت (جیسی کہ صورت ہو)	زرِ نشان الاؤنس
						برآمدگی بموجب تختہ برآمدگی		
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰
۱	میزان ملازمین جنگی	۰	ماہ	روپیہ	ماہوار	روپیہ	مار	۰	صفر
۲	میزان ملازمین غیر جنگی	۰	روپیہ	۰	روپیہ	۰	روپیہ	۰	۰
۳	جملہ میزان	۰	ماہ روپیہ	روپیہ	ماہوار	روپیہ	ماہ روپیہ	۰	صفر
۴	بازیافت بموجب تختہ دریافت	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰
۵	تتمہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰

نوٹ۔ جب برآوردیں اور اوراق منسلک ہوں تو ہر صفحہ کے آغاز پر "میزان پیش آوردہ" اور ختم پر "میزان صفحہ" درج ہونی چاہیئے۔

باقاعده سرکار عالی بابته ماه سنه ۱۳

			جمع شدنی					کیفیت
دیگر الوصولی	جمله	وضعیات جریمانه غیر حاضری یا تاخیر (عینی کا صورت ہو)	واجب الوصول	بقایا جات	بابت قسط	منصب	دیگر وضعیات	جمله	نقد وا شتمنی	
۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱
۰	ماصوله	۰	ماصوله	عال	۰	عله	۰	عله	ریله	
۰	عله	۰	عله	۰	۰	۰	۰	۰	عله	
۰	ماعله	۰	ماعله	عله	۰	عله	۰	عله	ریله	
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	عله	استثنائی اونس صوتہ دایمی بابتہ ماہ ۱۳۳۵ سنہ
۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	۰	عله	
									اصه	

مبلغ اصه ہفتاد روپیہ کہ عنایت منظور جس کا اجازت نامہ براہ کرم روانہ فرمایا جائے فقط
المرقوم ۱۰ استمبر ۱۳۳۵ سنہ
دستخط افسر

عمل جھوٹی تقریر جو دفتر متعلق کو ہر برآورد پر نبلانا چاہیے۔

تصدیق کیجاتی ہے کہ

(۱) جن ملازمین کی ماہوار گذشتہ ماہ میں خزانہ سرکاری سے وصول کی گئی وہ بجز اُن ملازمین کے جنکی تفصیل تختہ ہا زیافت مسلکہ میں موجود ہے اور اُنکی جملہ رقم محصلہ شہور سابق ادا نہ ہوئیکے باعث برآورد ہذا میں محرا دیگئی۔ مستحقین کو تقسیم کردیگئی اور فاضل الوصول پر یا بندہ رقوم کے منتخا حاصل کرلئے گئے نیز برآورد ہذا پر ازروئے قاعدہ زایدازبست روپیہ کے متعلق رسید ملکٹ ثبت کی گئی ہیں۔

(۲) رجسٹر ہذا کا کوئی ملازم کسی کارخاص پر کسی دوسری جگہ بلا منظوری عہدہ دار مجاز متعین یا بلا حصول رخصت غیر حاضر نہ تھا۔ جن ملازمین کے نام پر ڈفالسٹر ہوا دئگا اور ان جملہ تغیرات جو ان کی ملازمت میں ہوئے نیز رخصت وغیرہ کا داخلہ تمام وکمال شیٹ رول یا رجسٹر ملازمان (جیسی صورت ہو) میں کیا گیا۔ علی ہذا اُنکی تنزلی اور بحالی وغیرہ کا عمل بھی تمام وکمال ضابطہ نافذہ برآورد ہذا میں کیا گیا جسکی صورت صحت کا میں ذمہ دار ہوں۔

(۳) رجسٹر ہذا کے جن ملازمین پر حسب ہدایت فنڈ آرڈر کے قواعد لازمی تھی ان کی اور نیز اُن بیمہ شدہ اشخاص کی تنخواہ سے جن کو مستقل طور سے اضافہ جات ملتے ہیں۔ نسبتہً مزید چندہ حسب اصل مقررہ وضع کیا گیا اور اسکے بابت اُنکی باضابطہ درخواستیں بھی مطبوعہ نمونوں پر مرتب کرکے داخل کردی گئیں۔ علی ہذا ملازمین ماہوار یا خاص منصب وغیرہ سے حسب ضابطہ کنٹرہیوشن وضع کرلیا گیا۔

آلمرقوم ماہ سنہ ء

عہدہ دار مجاز

ہدایات (۱) دفتر متعلق کو برآورد ہذا کے ساتھ ذیل کے شواہد ضرور منسلک کرنی چاہیں۔

(الف) تختہ برآیندگی
(ب) تختہ بازیافت
(ج) تختہ بیمہ فنڈ
(د) تختہ وضعیات کنٹرہیوشن
(ھ) تختہ وصول باقی قضیہ

(۲) برآورد تنخواہ ماہانہ میں کوئی برآیندگی شریک نہونی چاہیے۔ برآیندگی کے متعلق رجسٹر یا دفتر متعلق سے صیغہ تنقیح میں علحدہ برآورد ۳ سے ۸ ابتاریخ تک پیش ہوا کرے۔

(۳) ملازمین جنکی میزان دینے کے بعد ملازمین غیر جنکی کے اسماء بتائے جائیں اور نئی تنخواہوں کی علحدہ علحدہ میزانیں وتکمیر آخر پر صدر میزان جوڑنی چاہیئے۔

(۴) جو ملازمین کو مختلف نوعیت کے الاونس ملا کرتے ہیں۔ اُنکے اسماء کے ماتحت الاونس کی کمیوں کی تعداد برآورد کے خانہ (۱۹) میں بتلا کر حسب ہدایت حاشیہ تفصیل کر دیجایا کرے

(۵) برآورد ہذا کی تقطیع (۱۲½ × ۱۶½) پانچ ہونگی جو جنبے نہ ہذا کے ہمراہ دفتر داری اور مضبوط کاغذ پر مرتب ہوا کرے

(۶) بموجب تفصیل ذیل :-

الونس فرہبڑی	الونس فرسری
صو	صا
الونس ساوتری	**الونس آرمر**
عہ	عہ
الونس مددگار	
آرمر	
صو	

نوٹ۔ گیرندہ اجازت نامہ آور دہندہ کے کسی تغلب و تصرف کی ذمہ داری مطلقاً سرکار عالی پر عائد نہ ہوگی۔

نشان بلہ ( ) نشان سلسلہ اسناد صیغہ تنقیح ( ) متعلقہ گوشوارہ سنہ

مقام ٹکٹ رقم منظور کا عمل جمع و خرچ ہو کر مندرجہ بالا سرکار عالی یا صیغہ تنقیح میں کیا جائیگا عمل تنقیح مقدم

صدر	ذیلی	ابواب	ریزرو	ضلع	ٹکٹ
		میزان خرچ			
		جمع			
		میزان جمع			
		تتمہ تعداد اشدنی			

نشان و تاریخ منتخبہ بنہائی ( )

رقم مطلوبہ دفتر ( )

رقم معترضہ تنقیح ( )

رقم منظورہ صیغہ تنقیح ( )

وجوہ تفصیل رقم معترضہ

تنقیح ساز منتظم مددگار صدر محاسب سرکار عالی

محاسب ضلع عہدہ دار ضلع مجاز

عمل تنقیح موخر

نشان و تاریخ اعتراض

رقم منظورہ ضلع

رقم معترضہ ضلع

رقم منظورہ تنقیح موخر

وجوہ تفصیل رقم معترضہ

مشرح منظوری تنقیح مقدم

مبلغ عثمانیہ نقد ادا کئے جائیں فقط

کلدار

تنقیح ساز منتظم عہدہ دار مجاز منظوری

رقم منظور مبلغ بسوا اور نظر و نیں صاف طور پر باحتیاط تمام لکھنا چاہیئے

مددگار صدر محاسب سرکار عالی

(ب) نمونہ برآورد تنخواہ ملازمین فوج بیقاعدہ سرکار عالی متعلقہ آوردہ

نشان سلسلہ	نام مع ولدیت	عہدہ	شرح تقرر	بر آئندہ وبموجب تنخواہ برآئندگی	ماہوار	دیگر الونس	جملہ	وضعات جزا و غیرحاضری وغیرہ کی صورت میں	واجب وصول	جمع: منصب	جمع: ڈرائیس
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲
	میزان ملازمین										
	میزان ملازمین غیر جنگی										
	جملہ میزان										
	بازیافت بموجب تنخواہ بازیافت										
	تتمہ										

نوٹ۔ جب برآوردیں اور اوراق منسلک ہوں ہر صفحہ کے آغاز پر "میزان پیش آوردہ" اور ختم پر "میزان صفحہ" درج ہونی چاہئے

بابتہ ماہ ..... سنہ ..... ف

شدنی			کیفیت
دیگر دستبات	جمع	نقد ادشدنی	
۱۳	۱۴	۱۵	۱۶

مبلغ ( ) ..... سکہ عثمانیہ منظور جس کا اجازت نامہ آبراہ کرم اجرا فرمایا جاوے۔ المرقوم ..... ماہ ..... سنہ ۱۳۳۲ ف

دستخط صاحب آدرہ جو مجاز دستخط ہو۔

دستخط محاسب محکمہ نظم

دستخط تصدیقی ناظم محکمہ نظم جمعیت سرکاری

تصدیق کیجاتی ہے کہ

(۱) جملہ ملازمین کی ماہوار ماہ گذشتہ خزانہ سرکار عالی سے وصول کیگئی وہ بجز ان ملازمین کے جن کی تفصیل علیحدہ بیان میں مندرج ہے اور جنکی جملہ رقم مصدقہ شہود سابق ادا نہ ہونیکے باعث برآورد ہذا میں مجرا دیگئی ہے مستحقین کو تقسیم کر دیگئی۔ اور قبض و وصول پر دستخط ثبت کرلئے گئے نیز برآورد ہذا پر از روئے قواعد زائد از بست پیسہ کے متعلق رسید ٹکٹ ثبت کیا گیا۔

(۲) برآورد ہذا میں جتنخواہ شریک کیگئی وہ از روئے کاغذات واستحقاق واجب الایصال ہے اور کوئی رخصت خلاف ستہ العمل منظور نہیں کیگئی۔ اور جن ملازمین سے منصب وخطابات و ڈریس وغیرکی وصولیابی لازمی تھی اون سب کا عمل برآورد ہذا میں کیا گیا۔ تاریخ المرقوم ..... ماہ ..... سنہ ۱۳ ف دستخط صاحب آورد (جو مجاز دستخط ہو)

دستخط محاسب محکمہ زیلم — دستخط تصدیق ناظم محکمہ زیلم بحیثیت سرکار عالی

عمل جھڑتی تقرر جودفتر متعلق کو ہر برآورد پر بتلانا چاہئے

یاد (۱) اگر تقرر منظور میں علاوہ ماہوار وقتی کے ماہوار اسپ یا فیل یا پالکی یا میانہ یا دیگر لوازمات شامل اور منظور کار ہو تو اس صورت میں خانہ (۴) میں مجموعہ رقم بتلا کر اسکے ذیل میں حسب حاشیہ تفصیل درج کر دینی چاہئے۔

(۲) اگر برآورد میں کسی سلحداری کا ماہوار شریک کیجائے اور سلحدار خود اسپ ہونوا نیکا نام خانہ (۲) میں بتلا کر خانہ (۳) میں اسکے خود اسپ ہونیکی صراحت کر دیجائے۔ لیکن اگر وہ غیر خود اسپ ہو تو اس کے بارگیر کا نام خانہ (۲) میں بتلا کر خانہ (۳) میں یہ صراحت کر دینی لازمی ہے کہ سلحداری فلاں شخص کی ہے نیز ہر دو صورتوں میں یعنے یہ کہ سلحداری خود اسپ ہے یا غیر خود اسپ خانہ (۴) کا اندراج حسب تفصیل حاشیہ ہوگا۔

(۳) اگر ایک ہی ملازم کو علاوہ ماہوار کے کچھ الاؤنس بھی برحکام سرکار ملتا ہو تو کل الاؤنسوں کو ایک علیحدہ خانہ (۷) میں حسب صراحت حاشیہ بتایا جائے۔

(۴) برآورد دیگر شرائط ضرورت محنتہ جات حاشیہ بعد تکمیل و تصدیق متعلقہ رہا کریں ورنہ برآورد واپس کر دی جایا کرے گی۔

(۵) برآورد تنخواہ ماہانہ میں کوئی برآیندگی شریک نہونی چاہئے برآیندگی کے متعلق علیحدہ برآورد صیغہ تنقیح میں ۳ سے ۸ ماہ تاریخ تک پیش ہوا کرے۔

(۶) ملازمین جنکی میزان ہوچکے بعد ملازمین فہرجگی کے اسمار بتائے جائیں اور اونکی تنخواہوں کی علیحدہ علیحدہ میزانیں دے کر آخر پر صدر میزان جوڑی جائے۔

(۷) برآورد ہذا کی تقطیع (۱۳ ½ × ۱۶ ½) انچہ ہوگی جو حسب نہ ذیل لکھے ہوئے (۱) میرے رو بکاری اور مضبوط کاغذ پر مرتب ہوا کرے۔

(۸) اگر کسی جائداد کی ماہوار سے بمنظوری سررشتہ فینانس کسی کو شکمی ماہوار ایصال کیجاتی ہے بحوالہ حکم فینانس اس کے نسبت نام تا بدار اصد ماہوار شکمی کی صراحت جائداد متعلقہ کے لحاظ خانہ کیفیت میں کر دینی ضرور ہے۔

نمبر ۱ (سلام) بموجب تفصیل ذیل :-

ماہوار ذات	ماہوار اسپ	ماہوار فیل یا میانہ	ماہوار پالکی
صلہ	صلہ	صلہ	صلہ

نمبر ۲ (للعہ) بہ تفصیل ذیل :-

ماہوار بارگیر بجہت سلحداری	ماہوار خود اسپ سوار
صلہ	صلہ

نمبر ۳ (للعہ) بہ تفصیل ذیل :-

مد وضع	الونس جنگ	الونس ہنگامی
صلہ	صلہ	صلہ

نمبر ۴ (الف) جائداد ہائے موضع طلب

(ب) تختہ برآیندگی

(ج) تختہ بازیافت

(د) تختہ بیمہ فنڈ

(ہ) " وضعات کنشر ہوش

(و) " وصول باقی قرضہ

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۱۰ر اسفندار سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۹) — نشان مثل (۸۰۳) ۱۳۳۵ف اضلاع سمت تلنگانہ: (۳۹) سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع صیغہ حسب
مقدمہ
اجرائی احکام دربارہ ادائی رقوم اقتداری سررشتہ

چند کارروائیوں کے ضمن میں ظاہر ہوا کہ رقوم بقایا تنخواہ وغیرہ۔ رقوم منتقلہ اور رقوم اقتداری سررشتہ کے نسبت باوصف موجودگی منظوری عہدہ داران مجاز بعض دفاتر اضلاع صیغہ حساب کو دفتر ہذا کے اجازتی احکام کا انتظار رہتا ہے۔ اس خصوص میں قبل ازیں بذریعہ مراسلہ ۵۷۲ مورخہ ۶ر مہر ۱۳۲۹ف عام تصفیہ کردیا گیا تھا کہ ایسے بقایا رقوم کے نسبت آیندہ دفتر ہذا سے اجازتی احکام اجرا نہ ہوں گے۔ نیز رقوم منتقلہ کے نسبت گشتی ۲۵ بابتہ سنہ ۱۳۲۶ف کے نفاذ کے بعد دفتر ہذا کی اجازت مرتفع ہوچکی تھی۔ علی ہذا رقوم اقتداری کے متعلق گشتی مذکور میں اقتداری رقوم کی منتقلی و اجرائی کا طریقہ بتلادیا گیا تھا جس سے دفتر ہذا کی اجازت کی ضرورت مرتفع ہوچکی ان احکام کے نظر کرتے براہ کرم ہر سہ اشکال بالا کے متعلق حسب احکام محولہ عمل کیا جائے۔

اس کی ایک ایک کاپی خدمت ناظم صاحبان جملہ سررشتہ جات سرکار عالی صدر ناظم صاحبان سررشتہ مالگزاری و بخدمت معتمد صاحب مجلس عالیہ عدالت مرسل و نگارش ہے کہ براہ کرم رقوم زیر بحث کی منظوری کی اطلاع بذریعہ مثنے صیغہ حساب ضلع کے نام بھی بپابندی روانہ فرمائی جائے کہ اجرائی میں تاخیر نہ ہو۔ فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۱ر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۱۷) — نشان مثل (۵) عام بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت بیر مجلس صاحبان لوکلفنڈ اضلاع سرکار عالی
مقدمہ
تنظیم کار تنقیح حسابات شاخ لوکلفنڈ

چونکہ دفتر ہذا کی شاخ لوکلفنڈ کا کام پرانے طریق پر تاحال جاری ہے جس کی وجہ سے

نگرانی گنجایش و تنقیح برآوردات میں دقتیں واقع ہوتی ہیں لہذا دفتر ہذا کے شاخ تنقیح لوکلفنڈ کی تنظیم کر دیگئی ہے اور آیندہ سے موقوف تنقیح و نگرانی گنجایش کے لئے یہ تصفیہ کیا گیا ہے کہ علاقہ لوکلفنڈ میں بھی وہی طریقہ اختیار کیا جائے جو علاقہ شاہی میں مرعی ہے۔

لہذا ماہ فروری ۱۳۳۵ف سے برآوردات تنخواہی وصادر وغیرہ مثل علاقہ شاہی لوکلفنڈ میں بھی علیحدہ علیحدہ مرتب اور بموجب احکام مندرجہ گشتی دفتر ہذا نشان (۲)، واقع ۲۹ر آذر ۱۳۳۰ف برآوردات تنخواہی صادر و بھتہ وغیرہ تقطیع و نمونہ جات منسلکہ گشتی مذکور کے بموجب مرتب و داخل ہوا کریں پس براہ کرم ماہ مذکور سے حسبہ عمل فرمایا جائے اگر اوس کے خلاف برآوردات حسب نمونہ پیش نہ ہوں یا اون کے ہمراہ حسب احکام تختہ جات برآیندگی و بازیافت منسلک نہ رہیں گے تو صیغہ ہائے تنقیح سے بلا اجرائی مسترد کر دیے جائیں گے اور تعویق کی ذمہ داری دفتر متعلق پر رہے گی مہتمم صاحبان صدر خزائن اضلاع بطور خاص اس کی نگرانی کے ذمہ دار گردانے جاتے ہیں امید ہے کہ تعمیل میں کما حقہ نگرانی فرمائی جائے گی۔

ف۲ مثنے ہذا مہتمم صاحبان لوکلفنڈ و صدر مہتمم صاحبان تعلیمات اسمات و ناظم صاحبان طبابت کیخدمت میں اطلاعاً و تعمیلاً مرسل و ترقیم ہے کہ ماتحت دفاتر پر بھی حسبہ عمل کرنیکی ہدایت فرمائی جائے۔

ف۳ مثلث جناب معتمد صاحبان تجارت و حرفت و فوج و عدالت و کوتوالی امور عامہ سرکار عالی و صدر ناظم صاحبان اسمات کی خدمت میں اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۲۰) مجاریہ

واقع ۳۰ر فروری ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۳۱ بابتہ ۱۳۳۵ف
شاخ (تدویں) صیغہ عام

مخاطب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت اول اقتدار صاحبان اصلاح ملک سرکار عالی (صوبہ سخا)

مقابل

بارہ تنقیح مقدم متعلقہ برآوردات تنخواہی و سفر خرچ امناء و دیگر عہدہ داران کروڑگیری ملک سرکار عالی

حسب احکام مندرجہ ہدایت حسابی فصل (۱۶)، ابتک علاوہ آمد یہ تھا کہ امناء و دیگر عہدہ داران

کروڑگیری تنخواہ و سفرخرچ کے رقوم آمدنی کروڑگیری میں سے حاصل کر کے چالان کے ساتھ اسناد ات وثیقتاً منسلک کرتے تھے۔ چونکہ اس سے حسابی نقطہ نظر سے اکثر انتظامات میں دقتیں پیش آرہی تھیں اور حسابات میں پیچیدگی اس لئے عالیجناب نواب صدر المہام بہادر فینانس نے بہ اتفاق رائے عالیجناب نواب اصدر المہام بہادر مال نے یہ مراسلہ محکمہ فینانس نمبر ۱۴۱ مورخہ ۱۲ اردی بہشت ۱۳۳۵ف حکم صادر فرمایا ہے کہ۔ آیندہ سے امناء کروڑگیری اور اوس سے بالاتر خدمات کے عہدہ داران کروڑگیری خزاین اضلاع سے تنخواہ و سفرخرچ حاصل کرنے کے قبل اون کے براوردات تنخواہ و سفرخرچ کی تنقیح مقدم بالالتزام دفتر صدر محاسبی یا دفتر مہتمم خزانہ ضلع سے کیجایا کرے۔ پس آیندہ سے حسبہ عمل فرمایا جائے۔ اور کوئی رقم تنخواہ و سفرخرچ بلا تنقیح مقدم حاصل نہ کیجائے۔

ف ۲ اس کا ایک ایک مثنےٰ بخدمات جمیع مہتمم صاحبان کروڑگیری ملک سرکار عالی اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے۔

ف ۳ مثلث خدمت معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ مالگزاری اطلاعاً مرسل ہے فقط

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۸)

واقع ۹ ر شہریور ۱۳۳۵ف
نشان مثل ۲۳۸ بابتہ ۱۳۳۵ف
تلنگانہ اضلاع
(۵) ۱۳۳۵ف
حصہ نہم شاخ عام
مقدمہ

منجانب مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی
خدمت جمیع اول تعلقداران صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ خزانہ)

ترتیب برآوردات سکہان حسب نمونہ جدید (ب) جمعیت بیقاعدہ۔

جمعیت سکہان کی برآوردات اب تک مثل نمونہ برآوردات جمعیت بیقاعدہ مرتب ہوا کرتی تھیں۔ لیکن بذریعہ مراسلہ کلیات مجریہ دفتر ہذا نمبر ۸ مورخہ ۱۸ ر بہمن ۱۳۳۵ف جمعیت بیقاعدہ کی برآوردات کا نمونہ جدید (ب) جاری کیا گیا ہے۔ جب کہ جمعیت سکہان نظم جمعیت کا جزو ہے تو ایسی حالت میں نمونہ مذکور جمعیت سکہان سے

مراسلہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲ر مہر ۱۳۳۵ف

نشان (~~۳۲۵~~) — مشمولہ شمل (۳۲۸) بابتہ ۱۳۳۵ف

کلیات شاخ (اضلاع) سمت تلنگانہ

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (طریقہ نشان اندازی اسناد مالی)

بوصول رپورٹ تنقیح جناب معتمد صاحب سرکار عالی صیغہ فینانس موقوعہ ۱۳۳۵ف بمقدمہ صدر نگارش ہے کہ بدوران سال نشان اسناد گوشوارہ ہر سررشتہ کا علی التسلسل قایم رہتا ہے اور بلحاظ سلسلہ اندراجات گوشوارہ اسناد کے نشانات درج نہیں ہوتے یہ طریقہ اُس وقت کسی قدر مفید تھا جب کہ دفتر ہذا کی تقسیم کار سررشتہ وار تھی لیکن جب کہ اب قدیم طریقہ تنقیح ضلع وار رائج کیا گیا ہے تو یہ طریقہ نشان اندازی اسناد موجب پیچیدگی ہے اور اس کا ترک کیا جانا مناسب ہے پس حسب سابق عمل فرمایا جائے تقا

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — واقع ۲۵ر آبان ۱۳۳۵ف

نشان (۳۶۶)

منجانب مرزا نصر اللہ خان بیرسٹرایٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

مقدمہ

خدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (اجرائی طریقہ قیام رجسٹرات تنقیح صیغہ جات تنقیح اضلاع۔ طریقہ تنقیح و اجرائی رقوم کے موثر نگرانی کے لئے اون رجسٹروں کا نفاذ صیغہ ہائے تنقیح اضلاع میں بھی ضروری پایا جاتا ہے۔ جو بحالت موجودہ محکمہ صدر محاسب سرکار عالی

بھی متعلق رہے گا۔
لہذا آئندہ سے برآوردات سکہاں نمونہ جدید پر مرتب و پیش ہونے پر حسب ضابطہ اجرا کی جائیں۔
مثنے ہذا بخدمت صدر ناظم صاحب کو توالی اضلاع صیغہ سکہاں مرسل و نگاش ہیکہ براہ کرم نمونہ جدید پر برآوردات مرتب کرنے دفاتر تحت کے نام احکام اجرا فرمائے جائیں۔

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان ۵۳

واقع ۲۹ آبان سنہ ۱۳۳۵ف
نشانی ۴ سنہ ۱۳۳۵ف

کروڑگیری
۳۱ سنہ ۱۳۳۵ف
عام
مقدمہ

منجانب مرزا نصراللہ خاں بیرسٹرلا صدر محاسب سرکار عالی

خدمت جمیع اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی (صیغہ خزانہ)

تنقیح مقدم برآوردات مہتمان و امناء کروڑگیری سرکار عالی۔

بنظر وصول مراسلہ محکمہ فینانس نشان (۹۰۷) مورخہ ۱۲ مہر سنہ ۱۳۳۵ف بہ ترمیم احکام مندرجہ مراسلہ کلیات محکمہ ہذا نشان (۲۰) مورخہ ۳۰ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف نگارش ہے کہ آئندہ سے عہدۂ امین کروڑگیری سے جو خدمات بالاتر ہیں صرف اون کی حد تک تنقیح مقدم کا تعلق دفتر ہذا سے یا محاسبی ضلع سے جیسی کہ صورت ہو رہے گا اور امناء کروڑگیری کی برآوردات کی تنقیح کا تعلق حسب سابق محصولخانجات ہی سے رہے گا۔
مثنے خدمت جمیع مہتمم صاحبان محصولخانہ جات کروڑگیری ممالک محروسہ سرکار عالی اطلاعاً و تعمیلاً مرسل ہے۔
مثلث خدمت ناظم صاحب کروڑگیری بہ ہمیں غرض اطلاعاً مرسل ہے فقط

میں رائج ہیں ۔ لہذا حسب ذیل ہدایت دیجاتی ہے :۔

(۱) رجسٹرہائے تنقیح گزٹیڈ۔ افسران و عملہ و بجتہ و صادر موصولہ اسناد نمونہ جات مقررہ کے موافق (جنکا ایک نمونہ اطلاعاً بانداملک ہے) صدر دفتر سے صیغہ ہائے حساب اضلاع پر ختم اسفندار ۱۳۳۶ف سے پہلے بھیجدئے جائیں گے جہاں تحت احکام نافذہ اس کی تکمیل اس طریق پر کرلیجائے گی کہ برآوردات اردی بہشت ۱۳۳۶ف کی تنقیح و اجرائی ان رجسٹرات تنقیح سے ہوسکے اور برآوردات اجراشدہ کی اجرائی کا واخلہ ان میں لیا جاسکے۔

(۲) رجسٹرہائے مذکور کے اندراجات کی تکمیل تا بحد تعلق دفاتر متعلق کے برآوردات آبان ۱۳۳۵ف و اردی بہشت ۱۳۳۶ف سے کیجائے گی۔ اور باغراض تکمیل رجسٹر اگر مزید داخلہ احکام کے اندراج کی ضرورت ہو تو کارروائی متعلق و موازنہ کے اندراجات سے مدد لیجائے گی۔

(۳) بموجب ہدایات مندرجہ قواعد تختہ اعتراض رجسٹر اعتراض صیغہ ہائے تنقیح ضلع میں اوسی طرح اور اوسی نمونہ کے موافق قائم کیا جائے گا۔ جس طرح صیغہ ہائے تنقیح محکمہ صدر محاسب سرکار عالی میں قائم ہے۔ اور اوس کے اندراجات کی تکمیل اوسی قواعد کے تحت ہوا کرے گی جو ہدایت محولہ بالا میں بصراحت مرقوم ہیں۔

(۴) بضمن تنقیح برآوردات جو رقوم قابل اعتراض متصور ہوں اون کے متعلق منتخب منہائی بصراحت اعتراض جاری ہوگا۔ اور ایسی منہا شدہ رقم آیندہ صرف اوسی صورت میں قابل اجرا متصور ہوگی۔ جبکہ اصل منتخب منہائی بدرج جواب صیغہ تنقیح پر مسترد ہو۔ اور جواب ادا شدہ کے مدنظر منہا شدہ رقم کی اجرائی تحت احکام و ضوابط نافذہ لازم آئے۔ بصورت منظوری شرح منظوری اور ادائی رقم اصل منتخب منہائی پر درج ہوگی جو صورت زیر بحث میں وثیقہ خرچ متصور ہوگا۔ اور جو گوشوارہ ماہانہ کے ساتھ دفتر ہذا پر بھی جائے گا۔

(۵) برآوردات پر جو شرح منظوری درج ہوگی اوس پر نشان دہی قایم کیا جائیگا۔ جو موصولہ اسناد کا نشان ہوگا۔ اور اس کے محاذ تاریخ اجرا درج کیجائیگی۔

(۶) سلسلہ نشان اسناد متعلقہ گوشوارہ اور نشان اجازت ادائی رقم مندرجہ برآورد منظورہ حسب طریقہ ذیل درج ہوگا۔ نشان سلسلہ گوشوارہ ماہانہ / نشان اجازت نامہ تا آئندہ ضرورت پر بحوالہ نشان مذکور اسناد متعلقہ بہ سہولت برآمد ہوسکے۔

(۷) رجسٹرات موصولہ مراسلات واسناد و رجسٹر مجاریہ اسی غرض کے تحت کو مراسلات اور برآوردات کے ہر وقت تصفیہ کی نگرانی ہوسکے۔

تحت آفس آرڈر ۳۱ مورخہ ۲۲ر اسفندار ۱۳۲۴ف و ۱۸ مورخہ ۱۷ر تیر ۱۳۲۶ف قائم کئے جائیں گے۔ اور اون کے متعلقہ گوشوارہ جات تحت ہدایت آفس آرڈر مذکور اوقات مقررہ پر مرتب کئے جائیں گے۔

(۸) بحالت موجودہ صیغہ ہائے تنقیح حسابات ضلع میں جو دو قطعہ برآوردات پیش ہوتے ہیں۔ یہہ طریقہ جدید رجسٹر ہائے مذکور کے نفاذ کے چھ مہینے بعد موقوف کیا جاسکے گا۔ البتہ اوس وقت تک ایک مہر تیار کرالیجائے گی۔ جس کے یہہ الفاظ ہوں گے (مثنےٰ برآورد ناقابل اجرا) اور اصل برآورد کے منظوری کے بعد مثنےٰ برآورد پر مہر مذکور ثبت کردیجائے گی جس سے اوس کے مکرر منظور ہونے کا احتمال نہ رہے۔

(۹) رجسٹر ہائے تنقیح متعلق میں تا بحد ملازمین درجہ ادنیٰ (جنکی تفصیل تحت گشتی دفتر ہذا نشان (۷) مورخہ ۶ر بہمن ۱۳۲۳ف برآورد ماہواری میں باستثناء برآورد آبان نہیں رہتی ہے) فہرست مندرجہ رجسٹر میں نفری تعداد کے مقابل بہ تفریق مدارج نفری تعداد اور رقم درج رہیں گی۔ اور سررشتہ کو توالی کے لئے جس کی برآوردات اسم واری تفصیل کیساتھ داخل ہوتی ہیں۔ رجسٹر میں بہ تفریق مدارج تعداد نفری اور رقم درج کیجائیگی۔

(۱۰) جمعیت کے متعلق تحت ہدایات مندرجہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا نشان (۸) مورخہ ۱۸ر بہمن ۱۳۲۵ف و مطبوعہ آفس آرڈر ۲۶ ۱۳۲۵ف عمل کیا جائیگا۔

(۱۱) تنظیم سررشتہ غیر سرکاری لوکلفنڈ سے بھی متعلق رہیگی۔ مگر اندراج تفصیلی برآوردات کے متعلق جو عمل بحالت موجودہ تحت احکام قایم ہے وہ قایم رہیگا جسکے تفصیلی ہدایات ذریعہ مراسلہ کلیات دفتر ہذا ۱۷ مورخہ ۱۲ر فروردی ۱۳۲۵ف و آفس آرڈر ۴۸ مورخہ ۱۸ر خورداد ۱۳۲۵ف جاری ہوئے ہیں۔

نام

تاریخ ولادت

تاریخ تکمیل پچیس سال

جسٹر تصحیح گزیٹیڈ افسران ممالک محروسہ سرکار عالی

سررشتہ

تاریخ ابتدائے ملازمت

نشان تصحیح

داخلہ حکم سرکار بابت اجرائی تنخواہ و الونس وغیرہ				صراحت یافت ماہانہ وضعات	صراحت تاریخ جب سے رقم واجب الادا ہے
احکام سرکار		حوالہ حکم سرکار عالی یا حوالہ نشان سیل	حوالہ رقم خانہ	خلاصہ احکام	
نشان	تاریخ				
				تنخواہ الونس منصبی پرسنل الونس ٹوکل الونس موٹر کار الونس کرایہ مکان میزان وضعات بیمہ فنڈ منصب کنٹری بیوشن قرضہ بسرقی قرضہ موٹر قرضہ مکان دیگر میزان نقد ادا شدنی	

۱۱۱

تنخواہ
الاؤنس منصبی
کنجل الاؤنس
ٹکل الاؤنس
موقوفی الاؤنس
کرایہ مکان
میزان
رضات
پیشکش
منصب
کنڈو موشن
تنزلہ برقی
تنزلہ موثر
[illegible]
[illegible]
میزان
نقد از شعلی

تنخواه
اون منصری
پنسل اون
نوکل افسس
موزنگار افسس
کرایکان
میزان
وضعات
بیرقند
منصب
کنکر دیوبین
قرضه بریق
قرضه مورد
قرضه کان
دیگر
میزان
نقد اداشتنی

صراحت تاریخ اجرائی برآوردات — بابته ماه

صراحت سنه	آذر	دی	بهمن	اسفندار	فروردی	اردیبهشت	خرداد	تیر	امرداد	شهریور	مهر	آبان
بابته سنه ۱۳۳۱ ف												
بابته سنه ۱۳۳۲ ف												
بابته سنه ۱۳۳۳ ف												
بابته سنه ۱۳۳۴ ف												
بابته سنه ۱۳۳۵ ف												
بابته سنه ۱۳۳۶ ف												

تفصیل اعتراض							خلاصه کیفیت اجرائی غیر معمولی شکست ایام بحساب شرح مختلف
نشان اسناد	مادهٔ مطالبه	رقم مورد تصفیه	حوالهٔ کارروائی	صراحت تصفیه	تاریخ تصفیه یا تاریخ بازیافت	خلاصه کارروائی	

	حوالہ حکم	رخصت	
	نوعیت رخصت بحوالہ دفعہ ضابطہ ملازمت سرکار عالی		
	مدت رخصت منظورہ		
	مدت عدم حاضری		
	عہدہ و مستقر	تقرر	
	محسوب شدنی	تجویز	
	محصلہ		
	دستخط گزیٹیڈ عہدہ دار		
	تاریخ	جس تاریخ کو اجازہ	لیا گیا
	قبل ظہر یا بعد		
	تاریخ		دیا گیا
	قبل ظہر یا بعد		
	دستخط گزیٹیڈ عہدہ دار		
	نشان و تاریخ مراسلہ		
	کیفیت		

طلب رخصت بتقرر و تبادلہ

رجسٹر اجرائی تنخواہ عملہ دفتر

حوالہ حکم سرکار	آذر	دے	بہمن	اسفندار	فروردی	اردی بہشت
	حوالہ اسناد	حوالہ اسناد	حوالہ اسناد	حوالہ اسناد	حوالہ اسناد	حوالہ اسناد
	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ	روپیہ
	آنہ	آنہ	آنہ	آنہ	آنہ	آنہ
	پائی	پائی	پائی	پائی	پائی	پائی
سنہ						
سنہ						

نوٹ ۔۔۔ اسی طریق تا ختم حال یعنے ماہ آبان سنہ

تعطیل برآمدگی تنخواہ عملہ دفتر

آذر		دے		بہمن		اسفندار		فروردی		اردی بہشت	
نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد	نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد	نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد	نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد	نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد	نام صوبہ جات کہ برآمدہ	رقم اجرا شدہ موجوالاستاد
۳	۱۳ان										
۳	۱۳ان										

* ابسی طرح تا ختم سال یعنے اہ آبان

فہرست تفصیل عملہ ملازمین دفتر

نام معہ ولدیت	تاریخ ولادت	تشریح تنخواہ ابتدائی و انتہائی	پائے موجودہ	وضعات: منصب	وضعات: بیمہ	وضعات: متفرق	تتمہ	سند اضافہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

رجسٹر الونس بھتہ — گنجایش موازنہ

تاریخ اجرائی	نشان اسناد و صداہ	نام دفتر یا عہدہ دار	تاریخ ایک سفر	بھتہ	باربرداری	میزان افزون	وسط تاریخ منظوری	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

نمونه رجسٹر صادر

صادر نوشت و خواند منتقل از بهشت			طبع جلد بندی			معارف روشنی		
نشان اسناد	رقم	افزون	اسناد	رقم	افزون	نشان اسناد	رقم	افزون
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹

نمونه رجسٹر موصولہ برآوردات واجرائی اجازت دفتر تعلقداری ضلع صیغہ حساب بابتہ ۱۳۳۶ف

تاریخ موصولہ	نشان موصولہ	نوعیت کاروبار جس سے متعلق دفتر	صراحت شہور	رقم تخمینہ جو برآوردہ مطلوبہ	دستخط مہتمم ساز	داخلہ اجرائی		کیفیت
						تاریخ اجرائی	رقم منظورہ	تاریخ واپسی
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰

ہدایات عام

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵)
منجانب مرزا اضر اللہ خان بیرسٹراٹ لا صدر محاسب سرکار عالی

واقعہ ۱۰ خورداد فردوی ۱۳۳۵ف
نشان منشل (۶۷) صیغہ عام ۱۳۳۵ف

بخدمت اول تعلقدار صاحبان اضلاع سرکار عالی صیغہ جات

تحریک فریدی "المقتدر" مولفہ مولوی محمد عبداللہ صاحب منتظم دفتر صدر محاسبی سرکار عالی شاخ فوج۔

مولوی محمد عبداللہ صاحب منتظم شاخ فوج دفتر ہذا نے اقتدارات صدر محاسب سرکار عالی کے نافذہ احکام نہایت بہمن ۱۳۳۵ف کا خلاصہ ایک رسالہ کی صورت میں "دالاحکام مدون کرکے "المقتدر" کے نام سے طبع و شایع کیا ہے جس کی قیمت فی جلد بارہ آنہ ہے یہ مجموعہ مفید کارآمد ہے لہذا حسب ضرورت اس کے نسخے گنجائش صادر معمولی سے خریدے جا سکتے ہیں فقط

متفرق

مراسلہ کلیات دفتر صدر محاسب سرکار عالی — موجہ ۱۵ سر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف
نشان (۱۳) — نشان مثل ۲۶ شاخ تدوین یاتہ ۱۳۲۵ف

منجانب مولوی مرزا نصر اللہ خاں بیرسٹرایٹ للصدر محاسب سرکار عالی } بقدمہ
بخدمت شرافت جمیع عہدہ دار صاحبان دفاتر موقوعہ بلدہ سرکار عالی } انتظام تقسیم تنخواہ ماہ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف

چونکہ (۲۵ تا ۲۸) ماہ حال اور پھر (۱-۲) اردی بہشت کو تعطیلات عام واقع ہیں جس سے بروقت اجرائی و تقسیم تنخواہ میں دقت ہوگی۔ اس لئے حسب اجازت نواب صدر المہام بہادر فینانس توقع کیجاتی ہے کہ کل برآوردات تنخواہی بجائے ۲۵ر تاریخ کے ماہ حال میں ۲۰ر تاریخ سے داخل ہوں گے۔ تاکہ بعد تنقیح ضابطہ تاریخ ۲۹ر فروردی سنہ ۱۳۳۵ف سے اجازت نامجات کی تقسیم عمل میں آئے فقط

فہرست مضامین نوعیت وار متعلقہ آفس آرڈر رجسٹریہ دفتر صدر محاسب سرکاری بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف

اندراج سلسلہ	نشان عبارت	خلاصہ مقدمہ	نشان صفحہ	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
		اقتدارت		
۱	۵	بجائے صدارت عظمی کے صحت سنہ ولادت کی کارروائی کا تعلق سررشتہ فینانس سے رہے گا۔	۲۷	
		قواعد ملازمت		
۲	۱۵	تحت دفعہ ۱۰۸ ض۔م۔س ملازمین قدیم اسکیل میں رہ سکینگے الونس گرانی بوجہ مسدودی پرسنل الونس کی شکل میں ایصال نہ ہوگا۔	۲۹	
۳	۱۸	تنسیخ کشتی فینانس نمبر ۲۱ بابتہ سنہ روان در بارہ تصحیح سنہ ولادت و اصلاح عمل مندرجہ سیول لسٹ و سوانح ملازمت تابحد تواریخ تصحیح شدہ۔	۳۰	
۴	۲۱	توضیح نوٹ قایم شدہ تحت دفعہ ۱۰۶ ضابطہ ملازمت سیول بدین معنی کہ اس میں گزیٹیڈ اور نان گزیٹیڈ کی تفریق نہیں ہے	۳۱	
۵	۲۲	ہدایات در بارہ نگرانی عمل تخفیف بدین تاکید کہ جائداد ہائے تخفیف خالی ہونے پر پُر نہ ہونے پائیں۔	۳۲	
۶	۲۵	کوئی لاوارث و خارج المیعاد سلمداری بجز ورثا بنیچگاہ کسی دوسرے کے نام بلامنظوری اقدس واعلے اجرا یا خرید		

		دفروخت ہوی ہے تو بصراحت نام سلحدار اور پابندی فہرست پیش ہو کر اجرائی تنخواہ وغیرہ کے نسبت تجویز مناسب حاصل کیجائے۔ اور آرڈر شاخ جو اسبارہ مین ہوا ہے منسوخ متصور ہو۔	۳۲
۷	۲۷	بروے ترمیم۔ ض۔ م س مہتمان خزانین اضلاع و صدر نشظمان دفتر ہذا کی جائدادین آخر درجہ کی گزیٹیڈ خدمات مین لہذا بشمول الونس تا بحد (ماہ) ان جائدادونکی ابتدا میں تنخوا ہین بحالت انتظامات عارضی قابل ایصال ہین اور مددگاران سررشتہ فینانس کے عارضی انتظامات بقیام جائدادہائے صدر نشظمی مواجی (ماہ) کے ماہین اور اسطرح پر مددگاران و صدر نشظمان صدر محاسبی کے عارضی انتظامات مین نصرمون کی اصل تنخواہ (ماہ) ایصال ہوسکتی ہے۔	۳۳
۸	۳۸	گشتیات مجریہ دفتر ہذا ۳۳ سنہ ف و ۳۴ سنہ ف و ۳۵ سنہ ف نہ صرف زمانہ آیندہ کیلئے ہین بلکہ تاریخ نفاذ ٹایم اسکیل تک اسکا استقدامی اثر بغرض قرارداد اضافہ تدریجی ہے اور آرڈر (ماہ) سنہ ف کے مقابلہ مین یہ صورت بطور استثنا طے ہوی ہے۔	۳۴
۹	۶۱	جن معاملات مین کسی خاص تاریخ منظوری کی صراحت	
۱۰	۶۵	نہ ہو تاریخ اجرائی حکم سے اجرائی اضافہ ہوا کرے۔ کامیابان ٹریننگ اسکول جائدادہائے جمعداری سب انسپکٹری وغیرہ پر مامور ہوں جنکے لئے سررشتہ نے اونکو تعلیم دلایا ہے تو مزید تعلیمی کامیابی کا مطالبہ غیر ضروری ہے۔ البتہ جائدادا ہلکاری کیلئے کامیابی میاٹرک کا صداقت نامہ ضروری ہے۔	۳۴ ۳۵

رخصت

۱۱	۴	درخواست ہائے رخصت اتفاقی عہدہ داران اولاً بغرض اندراج کیفیت استحقاق شاخ انتظامی میں روانہ ہوا کرے۔	۳۰

وظیفہ

۱۲	۲۰	متوفی ملازمین درجہ ادنےٰ کی بیوگان کی عمر بموجب پچپن سال کے پینتالیس سال سے کم ہو تو وہ وظیفہ یا انعام پاسکتی ہیں۔	۴۹

قواعد سفر خرچ

۱۳	۶۶	ترجمہ فہرست کرایہ ریل مختلف لائنیز مع ضروری ہدایات قواعد نسبت صادر ہمہ اقسام	۵۰
۱۴	۷	یورپ کی کمپنیوں پر فرمائشات کا سربراہی سامان مطلوبہ کیلئے بواسطہ فینانس کیا جانا لازمی نہیں ہے البتہ رقمی ادائیات کیلئے اور غیر معمولی خرچ کے واسطے تحت ضابطہ نافذہ کارروائی ہونا ضروری ہے	۵۱
۱۵	۱۹	طریقہ ادائی گرانٹ پنڈی ہائر کالج بقدر (اعشے) سالانہ کلدار	۵۰
۱۶	۲۳	تعین ایام برائے سربراہی سامان صادر از شاخ انتظامی یعنی شنبہ کے دن مطلوبہ جات لئے جائینگے اور شنبہ کے دن اجرائی عمل میں آئیگی۔	۵۲
۱۷	۲۴	بلا توسط صیغہ صادر کوئی شئے نہ خریدی جائے۔	۵۲
۱۸	۳۴	علاقہ کنچہ جات صرف خاص مبارک سے سربراہ شدہ	

		کاہ بعلاقہ جات فوج کی نسبت نقد رقم ادا نہوگی بلکہ اسکا جمع خرچ ہوگا۔	۵۲
۱۹	۴۴	فیصدی ۵ سے اخراجات نگرانی کی باتہ اسٹیشنری ڈپو کو منافع دے جائے کا قرار دادہوا ہے پس جو یہہ رقم شریک مطلوبہ ہوتو اسکی اجرائی حسب ضابطہ ہوا کرے اور زر منافع بمد ارسال بنام ارسال محکمہ صادر جمع ہوا کرے	۵۳
۲۰	۶۷	اسٹیشنری ڈپو سے صادر شاہی یا سالانہ طلب ہوا کرے اور بشمول دفاتر تحت نظام اور معتمدی کے دفاتر سے صادر کی خریداری ہو تو موجب سہولت دفعاتہ	۵۴
۲۱	۱۱	**خزانہ** روزانہ کاروبار کیلئے خزانہ عامرہ میں کلدار سلک کسی وقت ایک لاکھ روپیہ سے کم نہ رہے اور بصورت امکان کمی توقیر سلک کی کارروائی ہو۔	۵۵
۲۲	۱۷	**موازنہ** سررشتہ جات تجارتی کی واجب الادا تنخواہون کی نسبت بہی عدم گنجائش موازنہ کا عذر نہین کیا جاسکتا۔	۵۷
۲۳	۴۵	اجازت تصرف نصف گنجائش بھتہ مشترکہ موازنہ	۵۷
۲۴	۶۳	تخفیفات شمول وخروج مین جو ترتیب موازنہ کے وقت مرتب ہون وجوہ کمی وبیشی واضح اور مدلل بحوالہ مراسلات واحکام سرکار درج ہوا کرین۔	۵۸
۲۵	۱۶ پیشی	بغرض نگرانی گنجائش مثل رجسٹر صادر رجسٹر بھتہ مین خانہ الفزون قایم کیا جائے	۵۸
		ہدایات حساب	
۲۶	۶	بچت بحق سررشتہ جات برآمد شدہ سنین ۳۲ ف	

		نہایہ ۳۴ ف کے منجملہ نصف بحق سرکار شتہ جات قابل اجتماع ہوگی اور منظوریات کی تحت اجرائی اس سے متجاوز نہ ہوسکیگی اور بقیہ نصف رقم بحق سرکار جمع ہوگی	۵۹
۲۷	۱۲	پرامیسری نوٹوں کی تجدید یا تبدیل خزانہ وغیرہ کی کارروائی مین مالکان نوٹس کی اصالتاً حاضری لازمی نہیں ہے بشرطیکہ آرندہ نوٹ کے متعلق شبہ نہ ہو اور بروئے قواعد کفالت نامجات مقررہ منونہ جات کے مطابق مالکان نوٹس سے رسید حاصل کیجایا کرے	۵۹
۲۸	۳۵	طلبی تختہ رقوم علے الحساب اداشدہ (جنکا تصفیہ عرصہ سے نہین ہوا ہے) برنمونہ مجوزہ۔	۶۰
۲۹	۵۲	ہدایت دربارہ عمل حسابی متعلق رقومات وصول شدہ از وظیفہ خواران ومنصبداران وغیرہ بذریعہ خزانہ عامرہ برنہاء مطالبات محکمہ برقی روشنی	۶۰
۳۰	۷۱	ہدایات دربارہ پابندی احکام مندرجہ کشتی نشان ۳۹/۳۴ مراسلہ اکلیات ۵۲ بابتہ سنہ روان مجریہ دفتر ہذا تا بحد بکمیل وتنقیح تخمینجات برآیندگی درجسٹرات تنقیح مقدم وغیرہ	۶۳

ہدایات عام

۳۱	۱	تعلق تنقیح مقدم تا بحد موازنہ منقسمہ ارشاخ اضلاع ونفاذ طریقہ ترتیب حاضری بندلغرض ترتیب برآورد	۶۵
۳۲	۸	اضافہ بعض خانہ ہائے تختہ کارگزاری ماہانہ	۶۶
۳۳	۹	تعین ایام لغرض دادوستد پاسن بکس بنک بلاواسطہ صیغہ صدر موصولہ انگریزی بصیغہ ہائے متعلقہ	۶۶
۳۴	۱۰	سال مین ایک مرتبہ موجودات دارالضرب کی تنقیح بہفتہ اول ماہ امرداد بذریعہ عہدہ وار منتخب کے ہو	

		جسکا تعین ختم خود اوپر ہوا کرے اور عام ابواب تنقیح کی تصریح۔	۶۷
۳۵	۲۶	تنظیم کار شاخ فوج	۷۰
۳۶	۲۸	ہدایات دربارہ ترتیب سوانح ملازمت دسول دملٹری سٹس۔	۷۵
۳۷	۲۹	اجازت بغرض شرکت اولڈ بائز نینجاہ سالہ جوبلی مسلم یونیورسٹی علیگڈہ	۷۷
۳۸	۳۰	اشاعت نمونہ تختہ کارگزاری ماہانہ روانہ شدنی بمحکمہ فینانس معہ ہدایات ضروری کیفیت ترتیب تختہ مذکور دتحفظ اسناد۔	۷۷
۳۹	۳۱	توضیح آرڈر ۲۹ بابتہ سنہ روان بتصریح مراعات مزید۔	۸۰
۴۰	۳۲	قرار داد حاضری فراشان بہ شاخ انتظامی دانتظام صفائی دفتر بتوسط آن۔	۸۰
۴۱	۳۶	جو تخمینجات اور اہم اطلاعین محکمہ ہا فوق یا دیگر دفاتر پر باوقات مختلف روانہ ہوا کرتی ہین اونکا صدر تختہ سالانہ (۱۵ر آذر) تک شاخ عام مین روانہ ہوا کرے اور اسکی ایک کاپی افسر شاخ کے اجلاس پر آویزاں رہے	۸۱
۴۲	۳۹	سابقہ خارجے محافظی سے دصول ہونے پر اندرون سہ یوم امثلہ واپس ہوں اور آیندہ جو امثلہ محافظی سے لیجائیں بغور فراغ کار تحت آرڈر نافذہ انکی واپسی ہو۔	۸۵
۴۳	۴۰	انتظام حصول جرائد اعلامیہ از دار الطبع سرکار عالی	
		وتقسیم آن بہ جملہ شاخ وصیغہ ہائے دفتر ہذا۔	۸۵

۴۴	۴۲	ہدایت دربارہ داد وستد کتب از کتب خانہ دفتر ہذا	۸۶
۴۵	۴۳	جملہ رجسٹری شدہ کاغذات خواہ از قسم لفافہ ہون یا بھینگی ہر شاخ اور صیغہ کے منتظم صاحب بعد دستخط لیا کرین اور صیغہ پیشی مین اس نوع کے کاغذات منتظم صاحب صیغہ پیشی اپنی دستخط سے حاصل کرین۔	۸۶
۴۶	۴۷	انتظام کار بزمانہ تعطیلات ماہ صیام	۸۶
۴۷	۴۸	تنظیم کار شاخ لوکلفنڈ	۸۶
۴۸	۴۹	اشاعت فہرست اتلاف کاغذات بیکار شاخ تنقیح دارالضرب۔	۹۲
۴۹	۵۰	انتظام دربارہ تدوین ضابطہ حساب ودستور العمل صدر محاسبی۔	۹۵
۵۰	۵۱	توضیح فقرہ (۲) صفحہ (۱۹) پر رپورٹ تنقیح مقامی جناب نواب معتمد صاحب فینانس بمطابقت رپورٹ مرتبہ بزبان انگریزی۔	۹۶
۵۱	۵۳	لزوم شرکت امتحان صیغہ حساب وتصریح نتیجہ عدم شرکت	۹۶
۵۲	۵۵	بسلسلہ آرڈر ۳۱ بابتہ ۳۳ف) تصریح اتلاف کاغذات بیکار۔	۹۷
۵۳	۵۶	تعین مدت سہ ماہ برائے ترتیب مسودات متعلق تدوین ضابطہ حساب وغیرہ۔	۹۷
۵۴	۵۷	تعین اوقات ملاقات صدر محاسب سرکار عالی برمکان	۹۷
۵۵	۵۸	اشاعت نمونہ تختہ کارگزاری ماہانہ خزانین اضلاع	۹۸
۵۶	۵۹	〃 〃 ڈاری امیدواران ولزوم انسلاک معیت تختہ خصت اہل عملہ بصورت تقرر منصرم فظی	۱۰۰
۵۷	۶۰	ہدایات دربارہ ادخال امثلہ سنین مافیہ بصدر محا	

		بہ تکمیل فہرست و ترتیب اڑاوا شلبند بصحت تمام و فہرست اشلہ غیر موجود وغیرہ۔	۱۰۱
۵۸	۶۴	ہدایات دربارہ ترتیب و فراہمی مواد برائے طبع سول و ملٹری لسٹ	۱۰۱
(۲) ماہانہ ہر مہینہ کی (۲۰) تاریخ کو صیغہ اور شاخ ہائے متعلق سے حاضری بند صیغہ ترتیب برآورد بین ذریعہ داد و ستد بھیجا جایا کرے گا جنکے مندرجہ اعمال کے تحت برآورد میں صیغہ ترتیب برآورد سے عمل ہونا لازم آئے گا اور صیغہ ترتیب برآورد اس کا ذمہ دار رہیگا کہ خلاف عمل مندرجہ حاضری بند برآورد میں عمل نہ ہونے پائے۔

(۳) ترتیب حاضری بند کے وقت صیغہ ترتیب کنندہ پر لازم ہوگا کہ رجسٹر حاضری پر سے اوسکے مندرجہ اعمال کی متابعت میں حاضری بند کو مرتب کرے اور اوس میں اون تمام اعمال کو درج کرے جو گزشتہ مہینے کی (۱۹) تاریخ سے ماہ رواں کی (۲۰) تاریخ تک درج رجسٹر حاضری ہوئے ہیں۔ جس کا مسودہ صیغہ مرتب کنندہ میں رہیگا اور بیضہ داد و ستد کے ذریعہ صیغہ ترتیب برآورد میں بھیجا جائے گا۔ موجودہ طریقہ کہ رجسٹر حاضری صیغہ ترتیب برآورد میں بھیجا جاتا ہے برخاست کر دیا جاتا ہے کہ مقصود اس سے حاصل نہیں ہو رہا ہے امید کہ ترسیل و ترتیب حاضری بند کا طریقہ باغراض حاضری موثر ثابت ہوگا حاضری بند کا نمونہ درج ذیل کیا جاتا ہے۔

نشان سلسلہ	اسماء	حاضرات گزشتہ ماہ	تفصیل تعلقہ حاضری حاضر	رخصت تعطیل وغیرہ	تفصیل دیر حاضری تعداد دیر حاضری	تعداد اوقات	جملہ	تعداد غیر حاضری بابت انتظامی	باقی	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱

نمونہ مذکور کو صیغہ انتظامی سے طبع کر دیا جائیگا اور جیسے یکم دے سنہ ۱۳۳۵ فصلی سے عمل درآمد ہوگا اور جس میں ماہ گزشتہ یعنی آذر کے رجسٹر حاضری کے مدنظر اندراج ہوں گے۔

واضح رہے کہ جو اصحاب دیر حاضری کے عادی ہیں اون کے ساتھ یہ رعایت کہ دیر حاضری کو رخصت اتفاقی میں محسوب کیا جائے لازماً ملحوظ نہ رکھی جائے گی اور افسر شاخ کے صوابدید پر اسکا تصفیہ منحصر رہیگا فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۳ ر دے ۱۳۳۵ف سنہ

نشان (۸)

سلسلہ کے لئے آفس آرڈر دفتر ہذا نشان ۳۷ مورخہ ۱۵ ار دی بہشت ۱۳۳۴ف سنہ معائنہ کیا جائے۔

بوصول مراسلہ محکمۂ فینانس نشان (۱۵۰۱) مورخہ ۲۴ مہر ۱۳۳۴ف اطلاع دیجاتی ہے کہ موجودہ نمونہ صدر تختہ کارگزاری ماہانہ کے خانہ (۵) "تعداد اعتراضات تصفیہ شدہ" سے پہلے حسب صراحت مندرجہ ذیل اور دو خانوں کا اضافہ ہوگا۔

(۱) تعداد اعتراضات جاری شدہ۔

(۲) تعداد اعتراضات تصفیہ شدنی۔

لہذا ماہ دے ۱۳۳۵ف سنہ کے ذیلی تختہ جات کارگزاری تاریخ معینہ تک شیخ تمدوین میں بہ عمل اضافہ ہر دو خانہ ہائے مذکور الصدر مکمل حالت میں ضروری اندراجات کے بعد روانہ کئے جائیں اور اسی طور پر آئندہ ماہانہ ذیلی تختہ جات کارگزاری بالا فروگزاشت نمونہ مجوزہ حالیہ مرتب وارسال ہوا کریں فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۱۳ ر دے ۱۳۳۵ف سنہ

نشان (۹)

ہر دو شنبہ کو یا بصورت تعطل اوس کے مابعد کے دفتر کے روز تمام پاس بکس بیانکہائے متعلقہ پر بغرض تکمیل اندراجات روانہ کئے جائیں گے۔ اور وہاں سے چہار شنبہ کے دن تک واپس نہ آئیں تو بیانک متعلقہ کو یاد دہی کی جائے۔

ف صیغہ صدر موصولہ (انگریزی) پاس بکس وصول نہ کرے گا بلکہ ان کو صیغہ ہائے متعلقہ میں بغرض وصول راست روانہ کروئے گا فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی واقع ۱۸ مرد ماہ الٰہی ۱۳۳۵ف

نشان (۱۰)

ذریعہ مراسلہ محکمۂ فینانس نشان مورخہ ۲۷ جولائی ۱۹۲۵ء ایما کیا گیا ہے کہ دفتر ہذا سے ایک عہدہ دار کا تعین دارالضرب کے طلاء و نقرہ وغیرہ کی کہنڈیون (Bullion) اور سکہ کی سلکون کی تنقیح کے لئے سال میں کم از کم ایک مرتبہ ہو اور اسکی رپورٹ بعد اختتام تنقیح سررشتہ فینانس پر ارسال ہو جبکہ سالانہ موازنہ کا حصہ اول محکمہ موصوف پر دفتر ہذا سے پیش ہوا کرتا ہے۔

نیز من بعد ذریعہ مثنی مراسلہ ۵۰۳۴/۵۰۳۵ مورخہ ۳۱ اگست ۱۹۲۵ء موسومہ منٹ ماسٹر مراسلہ نشان ۸۱۹ مورخہ ۱۶ نومبر ۱۹۲۵ء محکمۂ موصوفہ سے صراحت ہوئی ہے کہ دارالضرب کے سلکون کی جانچ سالانہ ماہ امرداد کے ہفتہ اول میں آئے اور اسوجہ سے کہ سکہ جات کا ذخیرہ اسوقت گران قدر موجود ہے سلکون کی جانچ عام طور سے اس مرتبہ بتاریخ ۱۵ جنوری ۱۹۲۶ء بھی عمل میں آئے اور نقرہ کی کہنڈیون (Bullion) کی جانچ کی نسبت بتلایا گیا ہے کہ دس فیصدی نقرہ کی لاعین بمقابلہ چیک ہائے بیانک جانچے جائیں۔ اسی طرح اقراری Standardised نقرہ کو کاملاً وزن کرالیا جائے بلحاظ اوسکے مختلف نمونہ جات کے جن پر وہ منقسم و موجود ہے۔ اور طلاء کی کہنڈیان (Bullion) و اقراری (Standardised) طلاء وغیرہ کا بھی کاملاً وزن کر لیا جائے۔ اور روپئے جو خزانوں وغیرہ میں موجود ہوں اون کی جانچ اوس عمل کے مطابق ہو جو موجودات خزانہ عامرہ کی جانچ کی نسبت رائج ہے۔ لہذا متابعت احکام مندرجہ صدر حسب صراحت ذیل ہدایات تنقیح کنندہ عہدہ دار کی رہنمائی کے لئے اجرا کئے جاتے ہیں کہ جب کبھی کسی ایسے عہدہ دار کا تعین سلک دارالضرب کی تنقیح کے لئے عمل میں آئے تو ان کے موجب بلا فروگذاشت عمل ہو۔

(۱) شاخ تدوین صیغہ عام سے ہر فصلی ماہ خورداد کے ختم پر مجھ سے حکم حاصل کیا جائے گا کہ عہدہ داران دفتر ہذا و دفاتر تحت سے کس عہدہ دار کا تعین بسال مذکور اس غرض کے لئے ضرور ہے۔

(۲) اس کے بعد میرے حاصل کردہ حکم کی اطلاع ایسے مقررہ شدہ عہدہ دار کو بعجلت ممکنہ دیجائیگی اور اس سے منٹ ماسٹر کو بہ تعین تاریخ آغاز تنقیح بہفتہ اول ماہ امرداد

مطلع کر دیا جائیگا کہ تاریخ مذکور تک وہ اپنے ہاں تنقیح کی غرض سے ضروری انتظامات کو عمل میں لاسکیں۔

(۳) عہدہ دار تنقیح کنندہ جس کا انتخاب بروئے نمبر (۱) عمل میں آئیگا مجاز ہونگے کار تنقیح کی انجام دہی میں اپنے شاخ کے بعض منتخب اہلکاروں سے کام لیں جنکا انتخاب وہ اپنے صوابدید سے کرسکیں گے۔

(۴) تنقیح ختم ہونیکے بعد رپورٹ نمونہ نسلکہ ہذا پر بدستخط عہدہ دار تنقیح کنندہ پیش ہوگی

(۵) تنقیح کے وقت تمام طلا و نقرہ کی سلک بشمول ان کنڈیون (Bullion) کے جو دارالضرب میں موجود ہیں وزن کیجائے گی۔

(۶) تمام سکہ طلا کی سلک بھی وزن کیجائے گی۔

(۷) سکہ نقرہ۔ تانبا و نکل کی سلکیں جو تھیلیوں میں بہ صراحت نوعیت و تعداد سکہ موجود رہینگی اون کی کاملاً موجودگی کا اطمینان تھیلیوں کے نمبر کے شمار کرلینے سے ہوسکیگا۔ چند تھیلیاں مثلاً پانچ فیصدی سرسری طور پر منتخب کیجاسکتی ہیں اور اونکی موجودات کو خالی کراکے جداگانہ شمار کرایا جاسکتا ہے اور اوس کا نتیجہ درج رپورٹ کیا جاسکتا ہے کوئی ایسی تھیلی جس میں ایک جزو سکہ کے اوس نوعیت و تعداد کا موجود ہو جس کی اوپر صراحت ہے تو اوسے خالی کرکے شمار کرایا جاسکتا ہے۔

(۸) تانبا۔ ٹن۔ جس و زنک کا سہ پیش اور نکل کے موجودات بشمول کنڈیون (Bullion) کے وزن کرائے جائیں۔

(۹) کتابی سلکیں ..... (Book Balances) جیسا کہ دارالضرب کے رجسٹرات حسابی میں مندرج ہوں رپورٹ میں تلائے جائیں اور جو سلکیں حقیقی طور پر بعد جانچ عہدہ دار تنقیح کنندہ نے پائے ہوں اون کا بھی ذکر نمونہ نسلکہ ہذا کے خانہائے متعلق میں لازمی طور پر ہو کہ ہر دو کا تفاوت (بشرطیکہ کچھ ہو) معلوم ہوسکے۔

(۱۰) کوئی ایسی دہات جس کی نوعیت کا ذکر نمونہ نسلکہ ہذا میں نہ ہو تو حین تنقیح بشرط ضرورت اوس کا اضافہ نمونہ مذکور میں کیا جاسکتا ہے۔

(۱۱) کسی دہات کے متعلق کوئی کیفیت عہدہ دار تنقیح کنندہ اپنی رپورٹ میں بیان کرنا چاہے تو اوسے بیان کرسکتا ہے

(۱۲) عام طور پر طلا و روپیوں کی جانچ و وزن کرنے کے نسبت جو ہدایات محکمۂ فینانس سے حسب صراحت صدر ہوے ہیں اون کا حین تنقیح بپابندی تمام لحاظ رکھنا نہایت اہم و ضروری ہے۔

(۱۳) بالاخر چونکہ بماہ جنوری ۱۹۲۶ء سنہ ہی موجودات دارالضرب کی تنقیح عمل میں آئیگی اسواسطے صیغہ عامہ پر واجب کیا جاتا ہے کہ بفور اجرائی آنس آرڈر ہذا علیحدہ مجھ سے اصرار میں حکم حاصل کیا جاے کہ کس عہدہ دار کے تفویض اس برتنہ یہ کام کیا جائیگا اور واضح رہے کہ اس کیلئے جو طریقہ عمل دی رہیگا جو ذیل میں بیان کیا گیا ہے یعنی

نمونہ فارم تنقیح مسلکہ آفس آرڈر نشان در بارۂ اجرائی ہدایات برائے تنقیح موجودات دارالضرب

نشان سلسلہ	صراحت نوعیت		باقی بموجب رجسٹرات خزانہ دارالضرب				مقدار منتخب کردہ برائے تنقیح				مقدار جو تنقیح میں پائی گئی				تفاوت		
			روپیہ	مہر	اشرفی	وزن فی عدد	روپیہ	مہر	اشرفی	وزن فی عدد	روپیہ	مہر	اشرفی	وزن فی عدد	بیشی	کمی	
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸

۱ طلاء

خالص طلاء

۲ اسٹانڈرڈ طلاء

۳ 〃 〃

۴ (Alloy) برنے طلا یعنے امیزش طلاء

۵ کامل اشرفیاں

۶ نصف اشرفیاں

۷ ربع اشرفیاں

۸ (۱/۸) اشرفیاں

نقرہ

۹ خالص شدہ سلاخ دار نقرہ

۱۰	Standard Recoveries	یعنے اسٹانڈرڈ وصولات
۱۱	بیچ۔ یس و ناقص یم یس روپئے	
۱۲	اسٹانڈرڈ نقرہ	
۱۳	عثمانیہ سکہ روپیے	
۱۴	اٹھنیان	
۱۵	پاؤلیان	
۱۶	دوانیان	

نکل

۱۷	ایک انیان
۱۸	ریزہ (سیسل) کانسہ پیتل وغیرہ وخراب شدہ سکہ جات وغیرہ
۱۹	ریزہ ہائے (سیسل) مس وغیرہ
۲۰	ٹن
۲۱	زنک یعنے جس
۲۲	چھ پائیان
۲۳	دو پائیان
۲۴	ایک پائیان
۲۵	اسٹانڈرڈ نکل
۲۶	فاسفر کاپر
۲۷	الومنیم برانز

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۱۱ ربہمن ماہ الہی ۱۳۳۵ف

نشان (۲۶)

آفس آرڈر نمبر ۶۱ مورخہ ۵ شعبان ۱۳۴۴ف کے فقرہ (۱۷) میں یہ ظاہر کردیا گیا تھا کہ

تحت قواعد صیغہ ہائے تنظیم شدہ شاخ فوج کی بھی تنظیم قریب ترزمانہ میں ہوجانی چاہئے
بنا بران شاخ مذکور کی تنظیم کار کے نسبت ضروری ہدایات ذیل میں شایع کیجاتی ہیں
(۱) شاخ فوج میں تنظیم کا نفاذ مطالبات ماہ اسفندار ۱۳۳۵ف سے ہوگا
(۲) بروئے تنظیم شاخ مذکورہ کے موجودہ صیغون کو شکست کر کے حسب قاعدہ
صیغہ اول
" دوم
" سوم
تین صیغہ قایم کئے جاتے ہیں اور اس شاخ کے عملہ کی تعداد بتمول تنظیمین (۲۰) مقرر کیجاتی ہے
جس میں سے چھ ماہ کے تجربہ کے بعد ایک اہلکار کے کم کر دینے کے مسئلہ پر غور ہو سکیگا۔
(۳) شاخ فوج میں حسب ذیل خدمتیان متعین و مامور رہیں گے۔

(الف) اجلاس مددگار (۲) چپراسیان۔ (بمثل اجلاس مددگار صاحبان صیغہ ہائے تنقیح تنظیم شدہ)
(ب) اجلاس تنظیمین (۲) چپراسیان۔
(ج) صیغہ اول و صیغہ دوم (۱) چپراسی۔
(د) صیغہ سوم (۱) چپراسی جس سے موصولہ و مجاریہ نویس کے کاغذات کی بہی حمل و نقل متعلق رہیگی۔

(۴) شاخ فوج کے عملہ کی اسم واری تفصیل اور کار ہائے مفوضہ کی تصریح نیز ہر صیغہ کے مقررہ اہلکاروں کی تعداد ذیل میں درج کی جاتی ہے جس میں حسب ضرورت کم و بیش حسب صوابدید مددگار شاخ ہو سکے گی۔

صیغہ اول

(۱) عبدالقادر صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنجیہ جات تنخواہ ہی افسران اسٹاف باقاعدہ و عملہ ڈیوزن آفس واسٹرنگ بیانڈ و پائنیر و افسران و عملہ طبابت فوجی باقاعدہ، شفاخانہ نظم و عملہ جات، السٹیر کو و دارالضایع و عملہ باروت خانہ۔
(۲) کشن راؤ صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنجیہ جات تنخواہ ہی افسران و عملہ نظم جمعیت و عملہ جات فوج باقاعدہ و عملہ نظامی محکمہ نظم و عملہ جات شتر فوج باقاعدہ۔ و بیقاعدہ و افسران و ملازمین جمعیت نظام محبوب فوج باقاعدہ۔
(۳) تلجارام صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنجیہ جات تنخواہ ہی افسران و ملازمین پلٹن اول، دوم، سوم، چہارم
(۴) سید ابوالحسن صاحب تنقیح ساز۔ جو تنقیح برآوردات و تنجیہ جات تنخواہ ہی افسران و ملازمین پلٹن قلعہ کے علاوہ مصارف

بہتہ وصادر کی تنقیح کا کام بھی تنقیح ساز متعلقہ کے مددگار کی معیت سے انجام دیا کرینگے۔
(۵) تنہا الدین صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح افراجات بہتہ دورہ باربرداری وغیرہ اور مصارف ہمہ ابواب متعلقہ صدر مد (۱۹) جمعیت باقاعدہ وبیقاعدہ۔
(۶) شیر افگن خانصاحب تنقیح ساز۔ محافظ دفتر جنکے تعویض محافظی کے علاوہ بیضہ نویسی واجرائی مراسلت جواب طلب وداد وستد امثلہ واسنادات وغیرہ وترتیب وتہمد گشت چکٹ بک احکام کا کام رہیگا۔
(۷) سید امیر الدین صاحب مددگار منظم۔ تنقیح شدہ اسنادات کی نظر ثانی اور دوران تنقیح ونظر ثانی میں جوامور تصفیہ طلب نظر آئیں ان کے نسبت کیفیت نویسی ونگرانی کار ہائے محافظ دفتر صیغہ متعلقہ۔

صیغہ دوم

(۸) محی الدین احمد صاحب قریشی تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات وتجزیہ جات تنخواہی افسران وملازمین فرسٹ وسکنڈ لانسر حیدرآباد امپیریل سرویس ٹروپس وملازمین فوج باقاعدہ متعلقہ تہرڈ اسکواڈرن باقاعدہ وعملہ سپیلیزشن اسٹور وعملہ بکلہ لسری اڈویژن
(۹) سید اظہار الحق صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات وتجزیہ جات تنخواہی افسران ودیگر ملازمین تہرڈ لانسرز وگولکنڈہ لانسرز ورسالہ جوشن ورسالہ پرنس باڈی گارڈ۔
(۱۰) سید وزیر علیصاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات وتجزیہ جات تنخواہی افسران وملازمین توپخانہ باقاعدہ وتوپخانہ قلعہ وتنقیح برآوردات وبیت وحق سلحداری وغیرہ متعلقہ سلحداران وماہوار بارگیران وخوراک اسپان علاقہ نظم راسی (الف)
(۱۱) میر حمزہ خانصاحب محافظ دفتر۔ بمامثل فرائض محافظ دفتر۔ صیغہ اول
(۱۲) ولی الدین صاحب مددگار منظم۔ " " مددگار منظم۔ صیغہ اول
(۱۳) محمد عبد اللہ صاحب منظم۔ جن کے تعویض صیغہ اول ودوم کے گزیٹیڈ وکمیشنڈ افسران کی جملہ برآوردات تنخواہی کی اور دیگر برآوردات کی صورت میں بلحاظ شرح مقررہ تنقیحی نگرانی اور نیز ہر دو صیغہ جات کی جملہ مراسلت رہیگی۔

صیغہ سوم

(۱۴) محمد عبدالرحمن صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنخیہ جات تنخواہی عروب متعلقہ کوتوالی بلدہ و عروب اردوہ جات شمشیر نواز جنگ و سیف نواز جنگ و اقربازیان زیر دریافت و بارگیران و سند میان۔ و برق اندازان و متفرق۔

(۱۵) یوسف الدین صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنخیہ جات تنخواہی فرقہ عروب دیگر اردوجات محکمہ نظم

(۱۶) محمد عبیداللہ صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح برآوردات و تنخیہ جات تنخواہی راٹھور و ملازمین لین محکمہ نظم۔

(۱۷) محمد رضا صاحب تنقیح ساز۔ کل تنقیح موخر کا کام تفویض رہیگا۔

(۱۸) امیرالدین صاحب محافظ دفتر۔ محافظ دفتر اں صیغہ اول و دوم کے مماثل فرائض ہونگے۔

(۱۹) سید محمد فاروق حسینی صاحب مجایہ و موصولہ نویس۔ جو شاخ کے مجایہ و موصولہ کے بموجب نگہداشت و تقسیم سامان صادر و وغیرہ وغیرہ کا دیگر کل متفرق کام منظم صیغہ سوم کی راست نگرانی میں انجام دینگے

(۲۰) محبوب علی صاحب منظم۔ جنکے تفویض صیغہ سوم کے جملہ برآوردات تنقیح شدہ کی نظر ثانی و جمیع مراسلت صیغہ نیز مجایہ موصولہ نویس شاخ کے کام کی نگرانی رہیگی۔

(۲۱) بضمن تنظیم تنقیحی ذمہ داریاں اور فرائض ذریعہ آفس آرڈرس۔ بابتہ ۳۲۶ و ۶۱ بابتہ ۱۳۲۷ف تنقیح ساز مددگار منظم و نیز منظم صیغہ ہائے منظم شدہ پر عائد کی گئی ہیں وہی ذمہ داریاں فرائض بعد نفاذ تنظیم شاخ فوج کے عمل سے بھی متعلق رہیں گے۔

(۲۲) تاریخ نفاذ تنظیم سے شاخ فوج کے موجودہ رجسٹر ابواری بند کردیے جائیں گے اور بجائے ان کے ہر صیغہ میں گزیٹیڈ و کمیشنڈ افسران کے لئے اور دیگر ملازمین کے لئے جدا جدا رجسٹر تنقیح ماہوار قایم کئے جائیں گے۔ اسی طرح مصارف بہتہ و صادر کیلئے علیحدہ علیحدہ رجسٹر صیغہ اول میں اور رجسٹر تصفیہ اعتراضات صیغہ سوم میں رجسٹر ہائے تنقیح ماہوار کے سوا رکھے جائیں گے۔ ان رجسٹروں کے علاوہ اور جسقدر بھی رجسٹروں کا قیام سخت قواعد صیغہ ہائے منظم شدہ ضروری ہو وہ حسب ضرورت ہر صیغہ میں جدا جدا رکھے جائینگے جنکی ترتیب و تکمیل کی نگرانی بالکلیہ مددگار منظم سے متعلق رہیگی۔

(۲۳) رجسٹر ہائے تنقیح ماہوار کی فہرست ہائے اسکیل تقرر (فلائی لیف) کی ترتیب

وتکمیل نہایت حزم واحتیاط اور صحت کے ساتھ برآوردات آبان ۱۳۳۴ف سے ہر تنقیح ساز متعلقہ اس طور پر کرے گا کہ ہر جائداد اور شخص مامور کا نام بصراحت ماہوار وضروری کیفیت متعلقہ تخفیف وغیرہ ظاہر ہو سکے ان جملہ مرتبہ فہرست ہائے اسکیل کی تنقیح وتصدیق قبل نفاذ تنظیم (بمقابلہ موازنہ ۱۳۳۵ف واحکام تقرر ودیگر وثائق کے) مددگاران منتظم اول منتظم کو بطور خاص کر کے ہر مرتبہ فہرست اسکیل پر اپنی اپنی دستخط تصدیق ثبت کر دینی لازم ہے اور ہر آئندہ ہر تغیر وتبدل کا بروقت داخلہ فہرست مذکورہ میں لیا جانے کی نسبت کافی نگرانی رکھنا ان کا خاص فریضہ ہے مددگار صاحب شاخ فوج سے توقع ہے کہ براہ کرم وہ بھی اپنے زیر تنقیح علاقہ جات کی بابتہ جہڑتی اسکیل کے متعلق کامل اطمینان کر لیں بمدنظر تسہیل وتخفیف کار شاخ فوج کی حد تک اس عمل کو منظور کیا جاتا ہے۔ کہ فوج باقاعدہ میں سن کمیشنڈ افسران ودیگر ذیلی ملازمین جنگی وغیر جنگی کے متعلق اور جمعیت بیقاعدہ میں زمرۂ عروب ذیل چاؤش اور زمرۂ دیگر فرقہ جات صوبہ دار اور اسکے مماثل تنخواہ یاب ملازمین کے نسبت فہرست اسکیل تقرریں اسم واری تفصیل درج نہ ہوگی بلکہ فہرست مذکورہ میں صرف ہر درجہ کی تعداد نفری مع شرح ماہوار کا مجملی داخلہ علیحدہ علیحدہ درج کر لینا کافی ہوگا جس میں بلحاظ منظوریات مصدرہ وبموجب عملیات مندرجہ برآوردات ضروری تغیر وتبدل وقتاً فوقتاً کرنا پڑے گا۔

اس ضمن میں یہ جتا دینا نہایت ہی ضروری ہے کہ ان ملازمین کی تنخواہ والونس کی تفصیلی تنقیح چونکہ حسب حال جاری رہیگی اس لئے ان کے متعلق بروئے منظوریات مصدرہ وعملیات برآوردات وغیرہ پر اجرائی ومنہائی وبرآیندگی وترقی وتنزل وغیرہ کا مکمل اور مفصل اسم واری مدخلہ تنخواہ جات برآیندگی وتنخواہ جات بازیافت میں رہنے کی نسبت نگرانی رکھنی ضروری ہے تا بلا احتیاج اسناد مطالبہ پیش ہونے پر فوری اس کی تنقیح واجرائی بمقابلہ داخلہ جات تنخواہ جات مذکور ہو جا سکے۔

(۸) تنخواہ جات برآیندگی وبازیافت کا بصورت فوج باقاعدہ رجمنٹ داری اور بصورت جمعیت بیقاعدہ آوردہ داری اور دیگر صورتوں میں دفتر واری مہذب اور مسلسل نیز مکمل حالت میں ایک جگہ محفوظ رکھنا تنقیح ساز متعلقہ کا اہم ترین فریضہ ہے جسکی تکمیل کی نگرانی مددگاران منتظم دیگر منتظم صاحبان بروقت کرتے رہیں گے۔

(۹) شاخ فوج کی امثلہ کی ترتیب وتہذیب اور نیز محافظی کا انتظام بھی بالکلیہ آئی اصول پر رہیگا۔ جو آنش آرڈر ۶۱ سنہ ۱۳۳۴ف کے فقرہ (۱۱) میں مفصلاً بیان کر دیا گیا ہے فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۱۲ ربہمن ۱۳۳۵ف
نشان (۲۸)

ترتیب لسٹ ہائے سیول وملٹری وتخفہ جات سہ ماہی وسوانح ملازمت عہدہ داران سیول سرکار عالی کے نسبت فکسٹ شاخ تنقیح گزٹ کے بعد سے اس وقت تک جس قدر آفس آرڈرز وہدایات وقتاً فوقتاً جاری کئے گئے ہیں اونپر صیغہ ہائے تنقیح سے کماحقہ تعمیل نہین ہوی۔ جس کا نتیجہ یہہ ہوا کہ تقریباً ہر دفعہ ہر قسم کے مواد متذکرہ صدر کے بروقت عدم وصولی کی شکایت رہا کی اور یہہ عمل محکمۂ فینانس سرکار عالی کے مراسلت کی زحمت کا باعث ہوا ان وجوہ کے نظر کرتے اور نیز حالیہ تنظیم جدید کے لحاظ سے مزید ضروری مفصل ہدایات درج ذیل کئے جاتے ہیں اور توقع کیجاتی ہے کہ گزیٹیڈ عہدہ دار صاحبان شاخہائے متعلق ان کی پوری پوری پابندی کی جانب خاص توجہ مبذول رکھین گے۔ اور تنظیمن متعلقہ اس کے بموجب تعمیل کے لئے بالذات ذمہ دار رہیں گے۔

(۱) سوانح ملازمت

ف۲ آفس آرڈر نمبر ۴۰ واقع ۲۳ شہریور ۱۳۳۲ف کے فقرات نمبر (۱) تا (۶) جو اس کام سے مختص کئے گئے ہیں وہ حسب حال قائم رہیں گے بجز فقرہ نمبر (۴) جس کی ترمیم حسب ذیل کی جاتی ہے

حسب منشاء مراسلہ فینانس نمبر ۲۶۴م ۱۰ اسفندار ۱۳۳۴ف مشمولہ مثل دفتر ہذا ۱۱ صیغہ میزی باتہ ۱۳۳۳ف سوانح ملازمت میں گزیٹیڈ افسران کے اسماء کا اندراج اور اسکی ترتیب آئندہ سے مثل سیول لسٹ سررشتہ واری ہوا کرے گی۔ لہذا اب حروف تہجی کا لحاظ قیام سلسلہ اسماء میں باقی نہ رکھا جائے البتہ صیغہ عام میں جو صدر فہرست کتاب مرتب ہوگی وہ حسب حال حروف تہجی کے لحاظ سے مرتب ہوکر ہر نام کے محاذی متعلقہ نمبر صفحہ لکھا جائے گا۔"

(۲) سیول وملٹری لسٹ

ف۳۔ (۱) آئندہ سے حسب منشاء مراسلہ محکمۂ فینانس نمبر ۱۰۶ مورخہ مہر آبان ۱۳۳۴ف

سیول دیلیوری لسٹ بجائے سال میں دو مرتبہ کے یک مرتبہ طبع ہوا کرے گی
(۲) بلحاظ تنظیم جدید و بوجہ انضمام صیغہ ہائے تنقیح بہ شاخہائے اضلاع و بلدہ آفس
آرڈرز مصدرہ سابقہ میں تا بحد سیول لسٹ اس

قدر ترمیم کی جاتی ہے کہ مسودات سیول لسٹ عہدہ داران زیر تنقیح شاخہائے اضلاع و بلدہ جو قبل تنظیم جدید صیغہ ہائے متفرقہ ضم شدہ سے وصول ہوتے تھے۔ اب آئندہ شاخہائے مذکورہ تحت آفس آرڈرز سابقہ نمبر ۳۲ مورخہ ۳۲ء ۳۶ سنہ ۱۳۴۲ف مرتب ہو کر صیغہ عام میں وصول ہوا کریں گے بنظر سہولت کار صیغہ عام سے ۲/۱ اردو و ۲/۱ انگریزی سیول لسٹ کی مطبوعہ جلدین شکست کر کے شاخ اضلاع میں بتاریخ ۲۴ آبان سنہ متعلق روانہ کر دئے جائیں گے۔ شاخ مذکور پر لازم گردانا جاتا ہے کہ عہدہ داران متعینہ اضلاع کی حد تک مندرجہ عملیات وغیرہ کی حسب ضرورت صحت یا اوس میں اضافہ کر کے اور اردو و انگریزی فارمس کو باہمی مقابلہ و تطبیق کی تصدیق و اطمینان کے بعد ۵ آذر سنہ متعلق تک چار دن قطعات شاخ بلدہ کے متعلقہ صیغہ اول و دوم میں بغرض واحد روانہ کر دے اور اس کے ساتھی تاریخ روانگی سے صیغہ عام کو مطلع کر دے۔

(۳) شاخ بلدہ کے صیغہ ہائے اول و دوم کا فریضہ ہوگا کہ تاریخ وصول یعنے ۵ آذر ہی سے ترتیب مسودہ کا کام شاخ اضلاع سے وصول شدہ مطبوعہ فارمس پر شروع کر دیں۔ اور عہدہ داران متعینہ بلدہ کے حد تک مسودات کی کامل تکمیل کر کے ۱۵ آذر کو صرف ایک ایک اردو و انگریزی حصہ مسودات دفاتر معتمدین متعلقہ پر بغرض نظر ثانی بہ تعین مدت یک ہفتہ روانہ کر دے۔ اس کے بعد ۲۲ آذر سنہ متعلق تک مسودات مرسلہ کے واپسی انتظار کر کے۔ اگر مسودات مرسلہ بتاریخ مذکور پر واپس وصول ہو چکے ہوں۔ تو جملہ مسودات بعد تطبیق و مقابلہ باہمی بلحاظ نظر ثانی دفاتر معتمدین متعلقہ یکے بعد دیگرے از شاخہائے بلدہ (ہر دو گروپ) و اضلاع۔ اور اگر مسودات مرسلہ واپس وصول نہ ہوئے ہوں تو جو مسودات دفتر ہذا میں رکھ لئے گئے تھے وہی بمعہ صیغہ عام پر ۲۵ آذر سنہ متعلق تک روانہ کر دئے جائیں۔ جس کے بعد صیغہ عام حسب ہدایات مندرجہ آفس آرڈرز محولہ صدر عمل کرنے کا ذمہ دار رہے گا۔

(۴) آفس آرڈرز نمبر ۲۷ واقع ۲۱ اردی بہشت سنہ ۱۳۴۳ف و نشان نمبر ۴۰ واقع ۲ آبان سنہ ۱۳۴۳ف کے

مندرجہ ہدایات متعلق انسداد اغلاط املاء و انشاء و بے ربطی مضامین کے نسبت گزیٹڈ عہدہ دار صاحبان شاخہائے متعلق سے توقع کی جاتی ہے کہ مسودات پیش شدہ پر اپنے اپنے دستخط ثبت کرنے کے قبل اس امر کا اطمینان کر لیں گے کہ آفس آرڈرز مذکور کی پابندی پوری پوری ملحوظ رکھی گئی ہے

(۳) تنخواہ ماہی ماہواری یابان (الاؤنس) وزایدازان

۴۔ بمتابعت آفس آرڈر نمبر ۴۶ باتبہ ۱۳۲۷ف مورخہ ۲۰ واقع ۲۳ شہریور ۱۳۳۲ف شاخہائے بلدہ و اضلاع و دیگر شاخہائے تعلیم سے ذیل تنخواہ جات عہدہ داران متعلقہ حسب عمل درآمد ہر سہ ماہ کے ختم پر ماہ مابعد کے ہفتہ اول کے ختم سے پہلے صیغہ عام میں وصول ہو جانی چاہئیں۔ تاکہ صیغہ عام سے اکمل صدر تنخواہ بعد ترتیب و تبیض محکمہ فینانس سرکار عالی پر ماہ مذکور کے ہفتہ سوم کے ختم سے پہلے روانہ ہو سکے فقط

آرڈر نمبر ۲۹ مورخہ ۱۷ بہمن ۱۳۳۵ف

بتوثیق شئی مراسلہ محکمہ فینانس نمبر ۱۴۳ مورخہ ۱۲ بہمن ۱۳۳۵ف اطلاع دیجاتی ہے کہ مسلم یونیورسٹی علیگڈھ کی پچاس سالہ جوبلی میں کالج کے ایسے اولڈ بائز جو یہاں سرکاری ملازم ہیں اون کو شرکت کی اجازت دینے کی نسبت بملاحظہ معروضہ صدر الصدور صاحب امور مذہبی مورخہ ۲۵ جمادی الاول ۱۳۴۴ھ پیشگاہ خسروی سے یہہ حکم محکم شرف صدور لایا ہے کہ:-

"جو جو لوگ اس میں شریک ہونا چاہیں شریک ہو سکتے ہیں مگر اون کی غیر حاضری رخصت میں محسوب ہوگی اور منجانب سرکار اون کو کسی قسم کا بھتہ وغیرہ نہ ملے گا"

پس جنبہ تعمیل و نگرانی کیجائے فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی واقع ۱۹ بہمن ۱۳۳۵ف

نشان د: ۴۰۳

بسلسلہ آفس آرڈر نمبر ۳۰ مورخہ ۱۲ دے ۱۳۳۵ف بمد نظر تنظیم شاخہائے اضلاع و بلدہ و شکست

صیغہ (س) بحالت موجودہ تختہ کارگزاری یا ہانہ کا خانہ (۳) "واپسی اسناد" بہ صیغہ (س) حذف کیا جاتا ہے اور آئندہ تحفظ اسناد کے متعلق تجویز کی جاتی ہے کہ ایک سال کے اسناد کا ذخیرہ مہذب صورت میں جملہ شاخ وصیغہ ہائے تنقیح میں رہے اور بعد مرور مدت مذکورہ بحصول رسید یہ صدر محافظی میں داخل کئے جائیں اس ضمن میں ماہانہ تختہ کارگزاری کا نمونہ بہ تنسیخ نمونہ سابقہ ضروری کمی وبیشی کے ساتھ ہذا منسلک کیا جاتا ہے۔ اور اس کی نسبت ہدایات ذیل نافذ کئے جاتے ہیں۔ چاہیئے کہ ان جملہ امور کی پابندی وتعمیل نہایت حزم واحتیاط سے ہو۔

(۱) بلحاظ موجودہ کارگزاری شاخ ہائے تنقیح چونکہ تنسیخ گوشوارہ بغور وصول آنمانہ ہو جاتی ہے اس لئے بموجب فقرہ (۵۰) فصل سوم دستور العمل شاخ اضلاع ترتیب تختہ کارگزاری کی تاریخ بجائے ۲۵ کے ۱۵ مقرر کی جاتی ہے جس سے واجب ہوگا کہ من ابتدا ۱۵ تا ۱۴ ماہ فصلی ماہ بعد تک کی کارگزاری کا اندراج اس تختہ میں رہے اور بجائے ۲۶ کے (جو بروئے آفس آرڈر ۴ مورخہ ۲۶ آذر ۱۳۳۰ف مقرر تھی) ۱۶ تاریخ کو بہ صیغہ عام میں روانہ ہو جایا کرے صدر تختہ کارگزاری ختم ماہ متعلق سے پہلے میرے ملاحظہ میں پیش ہوگا۔ اور میری منظوری کے بعد صاف ہو کر یکم ماہ مابعد تک محکمہ فینانس پر روانہ ہو جائے گا۔

(۲) تختہ مصرحہ صدر کے خانہائے (۴ تا ۹) کا اندراج نہایت احتیاط کے ساتھ ہو۔ اور جو تعداد ۱۲ کے خانہ (۸) میں بتلائی جائے وہ ماہ مابعد کے خانہ (۴) میں جو بقایا / تعداد اعتراضات جاری شدہ سابقہ کا ہے مطابقت کے ساتھ بلا کسی اختلاف کے موجود رہے اور اسی طور سے ماہ بماہ تختجات میں اندراجات باہمی مطابقت کے ساتھ مکمل جانچ کے بعد ہوا کریں۔ اور جو اعداد ان خانوں میں درج رہیں اون میں کوئی تفرقہ حسابی قطعاً نہ رہے اور یہ تمام تر اعداد مندرجہ رجسٹرات متعرض فیہ۔ وتصفیہ طلب موجودہ شاخہائے تنقیح سے مطابق رہیں تا صدر تختہ کی ترتیب صحیح مواد کی موجودگی میں بلا وقت عمل میں آسکے اور بالاخر اسکی محکمہ فینانس پر روانگی مقررہ تاریخ پر عمل میں آسکے۔

(۳) نمونہ منسلکہ ہذا کے بموجب ماہ روان سے ہی صدر تختہ کارگزاری مرتب ہو کر مقررہ تاریخ پر محکمہ فینانس پر روانہ ہوگا اس واسطے جملہ شاخہائے تنقیح دفتر ہذا سے ذیلی تختجات کارگزاری اسی نمونہ پر بمتابعت ہدایات مندرجہ صدر صرف اس ماہ کی حد تک ۲۵ کو مرتب ہو کر ۲۶ تاریخ کو صیغہ عام میں روانہ ہو سکیں گے مگر آئندہ ماہ بماہ انکی ترتیب وترسیل مقررہ تواریخ مندرجہ فقرہ (۱) آفس آرڈر ہذا پر عمل میں آئیگی۔

نمونه تخته کارگزاری ماهانه

نسلکه آرد ۳۰ مورخه ۱۹ ار بهمن سنه ۱۳۳۵ ان

۱ شماره	۲ شماره	۳ کار لتوبه	کیفیت نسبت اجرائی و تصفیه اعتراضات						۱۰ نام منظم	۱۱ نام مددگار	۱۲ کیفیت
			تعداد اعتراضات جاری شده حاضر و غائب			۷ تعداد اعتراضات تصفیه شده	۸ تعداد اعتراضات تصفیه نشده	۹ رقم جمع وجرح شده			
			۴ بقایاء	۵ حال	۶ جمله						

۷۹

آرڈر نمبر ۳۱ واقع ۲۰ بہمن ۱۳۳۵ف

بسلسلہ آفس آرڈر نمبر ۲۹ واقع ۱۷ بہمن ۱۳۳۵ف بتوثیق مثنیٰ مراسلہ محکمہ فینانس نمبر ۱۴۸/۴۹ واقع ۱۴ بہمن ۱۳۳۵ف اطلاع دیجاتی ہے کہ پیشگاہ خسروی سے ذریعہ فرمان واجب الاذعان مرقومہ ۲۹ جمادی الاول ۱۳۴۴ھ یہ حکم عطوفت شیم شرف صدور لایا ہے کہ "علیگڈھ کالج کے اولڈ طلبا جو یہاں سرکاری ملازم ہیں اون میں سے جو جوبلی کی تقریب میں جانا چاہتے ہیں اون کو اسکی اجازت بشروط ذیل دیجاتی ہے۔

(۱) جس رخصت کا اونکو از روئے ضابطہ حق ہو وہی رخصت وہ لیکر جاسکتے ہیں اسکے سوا اون کو کسی قسم کی کوئی رخصت نہیں دیجاسکتی۔

(۲) رخصت جس کا اون کو حق ہو اپنے بالادست افسر سے لیکر جاسکتے ہیں بامید منظوری صدر افسر منظور کنندہ یہہ رعایت فقط تنگی وقت کے لحاظ سے کیجاتی ہے۔

(۳) علیگڈھ کو جانے آنے کیلئے کسی کو کوئی سفر خرچ یا بھتہ سرکار سے لینے کا کوئی حق نہوگا"

پس حسب تعمیل دنگرانی کی جائے۔

ق۔ اسکی ایک ایک کاپی دفاتر تحت پر بھیجدی جائے۔

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۲۴ بہمن ۱۳۳۵ف

نشان (۳۲)

دفتر ہذا میں صفائی کا انتظام اچھا نہیں ہے اور بالآخر یہہ تجویز مناسب خیال کیگئی ہے کہ فرش کل شاخوں سے اٹھالئے جائیں۔ اور اونکی تعیناتی شاخ انتظامی میں کی جائے منظم صاحب شاخ انتظامی بذریعہ جمعدار چپراسیان نگرانی کرینگے کہ کل شاخون کی صفائی اچھی طرح پر روزانہ ہوا کرے اور اس کے لئے حسب ذیل عمل ہوگا۔

(۱) از روئے تقرر فراشوں کی سات جائدادیں ہیں بلحاظ قربت و دوست مکانیت شخصی تعین صفائی کے لئے اس آفس آرڈر سے خاتمہ پر کردیا گیا ہے۔ ہر ایک فراش پر اوس کے متعلقہ حصہ مکانیت کی صفائی لازم آئیگی۔

(۲) اگر کسی فراش کو رخصت کی ضرورت ہو تو ایک دن پہلے اوسکو اپنی رخصت صیغہ انتظامی سے منظور کرانی چاہیے جو فراش اس ہدایت پر عمل نہ کرے گا غیر حاضری کا عمل کیا جائے گا۔ اور

اس کے سوا اوس کے متعلقہ حصۂ مکانیت کی صفائی ذریعہ مزدور کرائی جائیگی۔ جس کا صرفہ اوس کے تنخواہ سے وضع اور ایصال ہوگا۔

(۳) جس حصہ مکانیت کی صفائی جس روز نہ ہوا فسر شاخ مہربانی سے صیغہ انتظامی کو اوسی روز مطلع فرمائیں جہاں سے بلا تعویق بحث فقرہ (۲) صفائی کا انتظام ہوگا۔ اگر صیغہ انتظامی کو مطلع کرنے کے بعد بھی صفائی کا انتظام نہ ہو تو افسر شاخ اوس سے مجھے مطلع فرمائیں گے تا ضروری تجویز ہو سکے۔

(۴) جمعدار اور دفعدار (عبدالقادر دفعدار) پر لازم ہوگا کہ روزانہ ہر شاخ میں خود جاکر صفائی سے متعلق اطمینان حاصل کریں اور افسر شاخ کے اجلاس پر حاضر ہو کر ضروری اطلاعات حاصل کر کے منتظم صاحب۔ انتظامی کو روزانہ صفائی کے متعلق رپورٹ کیا کریں۔

۱	شاخ عام۔ تصفیہ مقدمات۔ دورہ	بدرالدین	فراش
۲	فوج۔ لوکلفنڈ۔ کورٹ آف وارڈز صفائی۔ صرف خاص مبارک	تراب علی	״
۳	ٹپہ۔ انتظامی۔ نور محل	شیخ احمد	״
۴	تالیف موازنہ دہیمہ	عبدالرحمن	״
۵	امانت و بلدہ ہرودوگرو پس	تیالو	״
۶	شاخ اضلاع	ایشوری	״
۷	پنشنی۔ وصیغہ ہائے انگریزی وغیرہ	زسلو ولد لمیا	״
		(۷) جملہ	

آفس ارڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۳۶)

مورخہ ۲۸ بہمن سنہ ۱۳۳۵ف

یہ امر قرین احتیاط معلوم ہوتا ہے کہ جو تنخواہات حسابی و دیگر نوعیت کی جملہ اہم اطلاعین سالتمام میں بادقات معینہ مختلف شاخہائے صیغہ دوفاتر تحت سے محکمۂ فینانس پر یا دیگر دفاتر معتمدین و نظماء پر بالواسطہ یا بلاواسطہ کسی شاخ دفتر ہذا کے روانہ کرنے کی غرض سے مرتب

کیجاتی ہیں ان کا یکجائی طور پر ایک فہرست میں اندراج ہو اور یہہ فہرست افسر شاخ کے اجلاس پر اویزان رہے اور اس کی ایک ایک کاپی صیغہ عام میں روانہ ہو کر صدر فہرست میرے ملاحظہ اور اجلاس پر رکھے جانیکے لئے صیغہ مذکور سے مرتب و پیش ہو سکے تا اس کی نگرانی کا کافی موقع رہے کہ جملہ ابواب مندرجہ فہرست مذکور کی تکمیل و ترسیل بروقت بلا وقوع شکایت ہوا کرتی ہے۔ پس ذریعہ ہذا ہدایت دی جاتی ہے کہ۔

(۱) حسب صراحت بپابندی تمام تعمیل ہو اور فہرست کار ہائے موقتی متعلقہ صیغہ عام منسلکہ ہذا کے بموجب ہر گزیٹیڈ افسر کے اجلاس پر کار ہائے مفوضہ کی مدت تک فہرست آویزان رہے اور بحالت موجودہ اس کی ایک ایک کاپی باغراض مندرجہ صدر ۱۵ مارچ وردی سفر روان تک صیغہ عام میں روانہ کر دی جائے۔

(۲) اس کے بعد ہر سال کے ختم پر ۱۵ آذر تک ایسی فہرستیں ضروری کمی و بیشی کے ساتھ جنکی اطلاع دفاتر متعلق سے اس اثنا میں ملے اور جنکو شاخ اپنی صوابدید کے لحاظ سے باظہار وجوہ میرے علم و اطلاع میں لانا پسند کرے صیغہ عام میں روانہ ہوا کریں مگر بصورت اخیر تا وقتیکہ قطعی حکم صادر نہ ہو جائے کسی کمی و بیشی کی نسبت شاخ اپنی صوابدید پر ہرگز ایسا عمل نہ کرے جس سے دفاتر متعلق کو شکایت کی گنجایش ملے فقط

فہرست کار ہائے موقتی متعلقہ شاخ تدوین صیغہ عام

نشان سلسلہ	نوعیت کار	کس زمانہ میں انجام پاتا ہے	کس محکمہ کو اطلاع یا جنس یا کس بابت مواد ارسال کیا جاتا ہے	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵
	ترتیب تختہ ہا ہدایات الصدر و زیادازاں	ہر سہ ماہی کے ختم پر اسکے ماہ تا بعد کے ہفتہ اول میں شاخہائے متعلقہ سے ذیلی تختہ جات وصول ہو کر صدر تختہ مرتب	صدر تختہ بردے کیفیت مندرجہ خانہ ۳ مرتب ہونیکے بعد محکمہ فینانس پر روانہ ہوتا ہے۔	

		ہوتا ہے اور اسکی روانگی ماہ بکو کے ہفتہ سوم کے اختتام سے پہلے عمل میں آتی ہے (بروئے آفس آرڈر ۲۷ سنہ ۱۳۳۵ف)	
۲	ترتیب تختہ رقوم خارج شدہ اقتداری و تنزیلی۔	ہر سال کے ختم پر سالگرہ کی یا تبہ ذیل تنخواہ شاہاں متعلقہ سے ۱۵ آذر تک وصول ہوکر صدر تختہ ۳۰ آذر تک مرتب ہوکر اسکی روانگی یکم دے کو عمل میں آتی ہے۔	صدر تختہ بروئے کیفیت مندرجہ خانہ (۳) مرتب ہونیکے بعد محکمہ فینانس پر روانہ ہوتا ہے
۳	ترتیب تختہ جات ماہانہ تنقیح موجودات خزانہ عامرہ۔	تنقیح کنندہ عہدہ دار کی جانب سے رپورٹ تنقیح تنخواہ ذیلی ہر اول ماہ کے ماہ مابعد کے ہفتہ اول میں وصول ہوتی ہے جسکے ہفتہ آخر میں موجودات خزانہ کی تنقیح بالعموم ہوتی ہے اور بفور وصول ایک ہفتہ کے عرصہ میں اسکی روانگی عمل میں آتی ہے۔	ایضاً ذریعہ نتیجہ گزیٹڈ عہدہ دار صاحب ماہانہ تنقیح عمل میں آتی ہے
۴	تنخواہ کارگزاری ماہانہ جملہ شاہاں تنقیح و دفاتر تحت موقوعہ بلدہ و اضلاع۔	ماہ مابعد کے ۱۶ سے ۲۵ تاریخ تک ذیلی تنخواہ کے وصول ہونے پر صدر تختہ جات شاہاں تنقیح و خزاین اضلاع جداگانہ مرتب کئے جاکر ایک ہفتہ کے عرصہ میں انکی روانگی عمل میں آتی ہے۔	ایضاً ماہانہ اس نوعیت کے دو قطعہ تنخواہ محکمہ فینانس پر روانہ ہوا کرتے ہیں مگر ماہ اردی بہشت تا ماہ آبان میں اسکے تین قطعات محکمہ موصوف پر روانہ ہوتے ہیں اگر اقطعہ ان کا بمنزلہ تختہ

			کارگزاری شمشاہی متصور ہوجائے جسکے ذریعہ تنخواہ ایام حاضری عہدہ داران وغیرہ بھی روانہ کرتا ہے۔
ترتیب سول و ملٹری لسٹ بزبان انگریزی وارد و۔	سال میں ایک مرتبہ اس طور پر کہ ختم سال کے بعد اختتام ماہ آذر سے پہلے ذیلی مسودات ریویو شدہ دفاتر معتمدین متعلقہ شاخہائے تنقیح سے حاصل کرکے اونکو مسلسل ترتیب دیکر یکم دے دار الطبع پر بغرض طبع روانہ کیا جاتا ہے جہاں سے یکم بہمن تک ان کے طبع ہوجانیکی توقع کیجاتی ہے (بروے آفس آرڈر نمبر ۲۷ بابتہ سنہ ۱۳۳۵ ف)	ہر نوع کی ہر زبان کی کاپی یا پروف کامل تصحیح کرنے کے بعد وقتاً فوقتاً اختتام کار طبع محکمہ فینانس کو اطلاع دیجاتی ہے۔	بروے مراسلہ انگریزی محکمہ فینانس نمبر ۲۴۲۲ مورخہ ۵ جولائی ۱۹۲۳ء مشمولہ مثل نمبر ۳ ہمراہی ۱۳۳۲ ف۔
ترتیب سوانح ملازمت	ہر دو سال میں ایک بار حسب صراحت صدر۔	ایضاً	
ترتیب نسخہ جات تنقیح موجودات سرشتہ دار الضرب۔	سال میں ایک مرتبہ اس طور پر کہ ہفتہ دوم ماہ امرداد میں عہدہ دار تنقیح کنندہ کے پاس سے رپورٹ و مسول ہونے پر ہفتہ سوم کے اختتام سے پہلے ضروری مواد کار روانہ کیا جاتا۔	حسب کیفیت مندرجہ فقرہ (۳) محکمہ فینانس پر ضروری مواد کار ارسال کیا جانا لازم ہے۔	بموجب آفس آرڈر نمبر ۲۷ سنہ ۱۳۳۵ ف ہر سال ماہ خورداد کے ختم پر تنقیح کنندہ عہدہ دار کا انتخاب ہوگا اور اس سے عہدہ دار مذکور کو اور منٹ ماسٹر کو بہ تعین تاریخ آغاز تنقیح بہ ہفتہ اول ماہ امرداد اطلاع دیجائیگی۔

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۲۴ ر اسفندار سنہ ۱۳۳۵ف

نشان (۳۹)

صدر محافظی کے تہذیب کا کام آغاز کر دیا گیا ہے۔ بضمن تہذیب اکثر خارجہ ایسے برآمد ہوئے ہیں جنکی امثلہ شاخہائے متعلق میں طلب تو کرلی گئی ہیں لیکن اسوقت تک واپس نہیں کی گئی ہیں۔ لہذا واپسی امثلہ کے متعلق صدر محافظی سے تحریر وصول ہونے کے بعد سہ یوم عرصہ میں امثلہ واپس کرکے خارجہ حاصل کرلینا چاہیئے۔ اسکے خلاف عمل ہونیکی صورت میں منتظم صاحبان شاخ جواب دہ ہونگے۔

ف۲۔ آئندہ کے واسطے اس کا خیال فرمایا جائے کہ جو مثل بذریعہ خارجہ طلب کی جائے تحت آفس آرڈر نمبر ۱۴۱ مورخہ ۲۹ ر خورداد سنہ ۱۳۲۸ف اوسکی واپسی بعد فراغ کارروائی کردی جائے فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی مورخہ ۷ ر اسفندار سنہ ۱۳۳۵ف

نشان (۴۰)

دفتر صدر محاسبی میں گیارہ جریدہ اعلامیہ سرکار عالی وصول ہوتے ہیں اور قیام شاخ اضلاع اور شاخ بلدہ کی وجہ سے جرایدکی تقسیم پر نظر ثانی کی ضرورت محسوس ہے لہذا آئندہ سے جرایدکی تقسیم تصریح ذیل کے تحت عمل میں آئے گی۔

(۱) اجلاس صدر محاسب سرکار عالی ایک (۵) شاخ امانت ایک (۹) شاخ دورہ ایک
(۲) شاخ اضلاع ایک (۶) شاخ تالیف موازنہ ایک (۱۰) شاخ تصفیہ متفرقات ایک
(۳) شاخ بلدہ جزو اول ایک (۷) شاخ لوکلفنڈ وغیرہ ایک (۱۱) شاخ بیمہ ایک
(۴) شاخ بلدہ جزو دوم ایک (۸) شاخ فوج ایک

ف۲۔ جرایدہ مہذب اور مسلسل رکھے جائینگے اور وقتاً پران کی جلد بنائی جائے گی۔

ف۳۔ موصولہ جریدہ بالالتزام افسر شاخ کے ملاحظہ میں پیش ہوگا اور اوس پر اوسکے ملاحظہ کے دستخط حاصل کئے جاویں گے اور شاخ میں انتظام فرمایا جائے گا۔ کہ جرایدکے متعلق احکام نظم اور نسخہ تنقیح سازبھی لازماً دیکھا کریں اور اوس سے واقف رہیں۔

ف۴۔ اس آفس آرڈر کی ایک کاپی مہتمم صاحب دارالطبع سرکار عالی کی خدمت میں اس غرض سے بھیجی جائے کہ آئندہ سے حسب تصریح صدر تقسیم جرایدکا انتظام فرمایا جائے۔ اور دارالطبع کے

فہرست تقسیم میں جملہ اندراج فرمایا جائے اور تقسیم کنندہ کو ضروری ہدایات فرمائی جائیں فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی — مورخہ ۱۸ ر اسفندار ۱۳۳۵ف

نشان (۴۲)

کتب خانہ دفتر ہذا کی کتب کے داد و ستد کے لئے ذریعہ ہذا ہدایات ذیل نافذ کئے جاتے ہیں۔

(۱) جس دن شاخ تدوین میں کسی کتاب کے لئے مطالبہ پیش ہوگا اوس کے دوسرے دن اول وقت اوسکی سپرداہی عمل میں آئے گی۔

(۲) جب نمبر (۱) کتاب حاصل کرنے کے بعد اوسکی واپسی اندرون ایک ماہ ہوجانی چاہیے۔

(۳) شاخ تدوین پر لازم ہوگا کہ کتب سپرداہ شدہ کی بروقت واپسی کی نگرانی کرے۔ فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی — مورخہ ۲۵ ر آفندار ۱۳۳۵ف

نشان (۴۳)

ذریعہ ہذا ہدایت دیجاتی ہے کہ جملہ رجسٹری شدہ کاغذات خواہ از قسم لفافہ ہوں یا بہنگی۔

(۱) ہر شاخ اور صیغہ کے متنظم صاحب بعد دستخط کے لیا کریں۔

(۲) صیغہ پیشی میں جو کاغذات اس نوع کے وصول ہوں انہیں متنظم صاحب صیغہ پیشی اپنی دستخط سے حاصل کریں۔ فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی — مورخہ ۴ ر اردی بہشت ۱۳۳۵ف

نشان (۴۷)

مقدمہ

انتظام کار زمانہ تعطیلات ماہ صیام

۱۲ ر اردی بہشت ماہ الہی ۱۳۳۵ف سے ماہ صیام کی تعطیل شروع ہوگی۔ مجھے اپنے لائق مددگار صاحبان سے توقع ہے کہ امور ذیل کی جانب توجہ مبذول رہیگی۔ اور ضروری تجاویز عمل میں لائی جائینگی۔

(۱) شاخ تنقیح پیہ و تنی آرڈر سے باغراض داد و ستد تنی آرڈر اجرائی روزکار پروانجی وغیرہ سے متعلق

مثل سالگزشتہ اس سال بھی ضروری انتظام پر قبل از اغاز تعطیلات توجہ کی جائیگی۔

(۴) باغراض اجتماع رقم وغیرہ خزانہ سرکاری کا عمل زمانہ تعطیلات میں جس طور پر مثل عمل زمانہ تعطیلات ماہ صیام بابتہ سنین ماضیہ رہے گا۔ اوس کے متعلق علیحدہ ہدایات ذریعہ مراسلہ کلیات موسومہ عہدہ داران خزانہ اجرا کئے گئے ہیں۔

(۴) مددگار صاحبان کے بنگلہ کا پتہ ہر شاخ سے پیشی میں بہم پہونچایا جائیگا۔ اور زمانہ تعطیل میں کوئی گزٹیڈ افسر اپنا مستقر بغیر تحریری اجازت کے ترک نہ فرمائیں گے۔ خاص کر صیغہ صرفخاص مبارک سے متعلق اس طرح انتظام رہے گا کہ وقت ضرورت فوراً حاضری عمل میں آسکے۔ صیغہ صرفخاص مبارک کے عملہ متعینہ شاخ و دارنہ شاخ الیعف سے بھی یہی ہدایت متعلق رہیگی۔

(۴) دوسرے تمام اہلکاروں کا پتہ بقید نام اہلکار و محلہ سکونت و نمبر مکان یا ایسا مشہور پتہ جس سے یہ سہولت طلبی ہو سکے مددگار صاحبان متعلق کے پاس حسب سنین گزشتہ لکھا رہے گا۔ اور احتیاطاً اوسکی کاپی شاخ انتظامی میں بھیجدی جائیگی۔

(۵) زمانہ تعطیلات میں نقد اجرائی کی غرض سے ایسی حالت میں کہ خاص حکم کے بناء پر نقد اجرائی لازم آجائے مددگار صاحب متعلق بنک آرڈر کے فارم اور رجسٹر وغیرہ کا انتظام رکھیں گے تا زمانہ تعطیل میں بہ اشکال خاص ذریعہ بنک ادائی میں سہولت حاصل رہے۔

(۶) منتظم صاحب پیشی و دفتر انتظامی اپنے مکان میں یہہ انتظام رکھیں گے کہ فوراً وقت پر حاضر ہو سکیں۔ اور ضروری احکام وغیرہ کی اطلاع اون کو وقت پر ہو سکے باری باری سے میرے بنگلہ پر سیکل سواروں کی حاضری کا انتظام رہے تا ضروری کاموں کے اجرائی میں تعویق نہ ہو۔ اور زمانہ تعطیل میں وقت بوقت خود بھی نگرانی کریں اور ضروری اطلاعات حاصل کرتے رہیں۔

(۷) زمانہ تعطیل میں موصولہ سیکل سوار کے ذریعہ حاصل کیا جایا کرے گا۔ اور صیغہ انتظامی سے عامل صاحب ٹپہ خانہ کچہری کو لکھا جائے گا۔ کہ روزانہ اس دفتر کا سیکل سوار اتنے بجے لفافوں کے لینے کے لئے ٹپہ خانہ آیا کرے گا۔ اور موصولہ نویس کی حاضری کا یہی انتظام رہیگا۔ بہر حال بمشورہ اس حصہ کے متعلق بھی ضروری انتظام کیا جائے گا۔

(۸) آخر میں اصحاب عملہ سے بھی میں متوقع ہوں کہ اپنے فرائض اور رسالت کار اور ملتوبات نظر رکھکر اون تجاویز کے نفاذ میں سہولت پیدا کرین گے۔ اور اون پر عمل کرین گے جو باغراض تقلیل ملتوبات و اجرائی کار افسر شاخ یا صیغہ کی جانب سے اختیار کی جائیگی۔ جن سے قوی امید ہے کہ اپنی

ذمہ داری عائد شدہ کو محسوس فرمائیں گے فقط

آفس آرڈر متعلق بہ تنظیم شاخ لوکلفنڈ مجیرہ دفتر صدر محاسب سرکار عالی واقع ۱۸ خورداد ۱۳۳۵ف

نشان (۴۸)

چونکہ دفتر ہذا کے تمام صیغہ ہائے تنقیح کی کم و بیش تنظیم ہو چکی ہے اور تنقیح کا کام جدید اصول پر چلایا جا رہا ہے لہذا باتباع بچوز مندرجہ آفس آرڈر نشان ۱۱۲۴ مورخہ ۵ مہر آبان ۱۳۳۴ شاخ لوکلفنڈ کی تنظیم کار سے متعلق حسب ذیل ضروری تجاویز نافذ کئے جاتے ہیں:۔

(۱) شاخ لوکلفنڈ میں تنظیم کا آغاز مطالبات ماہ فروردی سنہ ۱۳۳۵ف سے ہوگا۔

(۲) شاخ مذکور میں حسب مندرجہ حاشیہ (۳) تین صیغہ قایم کئے جاتے ہیں ہر صیغہ تلنگانہ اور ہر سہ صیغہ جات کے عملہ کی تعداد بشمول منتظم ۱۴ مقرر کیجاتی ہے۔ صیغہ مرہٹواری

صیغہ کلیات

(۳) شاخ مذکور میں آئندہ سے حسب ذیل خاتمان تعین و مامور رہینگے۔

(۱) اجلاس مددگار۔ (۲) چپراسیان مامل اجلاس مددگار صاحبان صیغہ ہائے تنقیح تنظیم شدہ

(۲) اجلاس منتظم۔ (۱) چپراسی

(۳) صیغہ ہائے تلنگانہ مرہٹواری و کلیات (۳) اسم

(۴) شاخ لوکلفنڈ کے عملہ کی اہم داری تشکیل اور کار ہائے منفوضہ کی تقسیم و نیز ہر صیغہ کے مقررہ اہلکاروں کی تعداد درج ذیل کیجاتی ہے جس میں حسب ضرورت کم و بیش مددگار صاحب متعلقہ کی صوابدید سے ہو سکے گی۔

صیغہ مرہٹواری ۱

(۱) محمد عبدالستار صاحب نائب منتظم تنقیح شدہ گوشوارہ جات اسٹامپ کی نظرثانی اور دوران تنقیح و نظرثانی پر جو امور تصفیہ طلب برآمد ہوں ان کے نسبت کیفیت نویسی۔ بروقت تنقیح ختم اور نخہ جات اعتراض کے اجرائی کی نگرانی و نیز نخہ جات اعتراض تصفیہ کی تمام تر ذمہ داری انپر ہوگی اسکی علاوہ عام نگرانی متعلق بہ وصول گوشوارہ و تہذیب اسناد وغیرہ ادیں سے متعلق رہیگی۔

باقر زین العابدین صاحب تنقیح ساز۔ گوشوارہ جات اورنگ آباد برھنی کی تنقیح موخر اپنے متعلقہ اضلاع کی حوالہ اصلت

تختہ جات اغراض کی بروقت اجرائی و تسہیل انسار دیکی تہدید ہوا و گوشوارہ جات کو
مکمل اور مہذب رکھنے و اجرائی مراسلت جوابطلب کے ذمہ دار ہونگے

(۳) حکیم سید عبداللہ صاحب تنقیح ساز۔ گوشوارہ جات پیڑونا یا برگی تنقیح موخرہ و دیگر فرایض ماتحل نمبر (۲)
(۴) سید حسین صاحب تنقیح ساز۔ گوشوارہ جات کاگہ دشیلان آباد
(۵) امیر علی صاحب تنقیح ساز۔ گوشوارہ جات سیدرہ و راپکور

صیغہ تلنگانہ ۲

(۶) محمد اقبال حسین صاحب نائب منظم۔ ماتحل فرایض نمبر (۱)
(۷) احمد شریف صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح موخر گوشوارہ جات بیدک نظام آباد۔ محبوبنگر و دیگر فرایض ماتحل نمبر (۲)
(۸) ریڈی لمبا صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح موخر گوشوارہ جات کریمنگر و عادل آباد۔ ورنگل و دیگر فرایض ماتحل نمبر (۲)
(۹) محمد حیات صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح موخر گوشوارہ جات نلگنڈہ و ورنگل و دیگر فرایض ماتحل نمبر (۲)

صیغہ تنقیح مقدم و کلیات ۳

(۱۰) جوگیشور ناتھ صاحب منظم کلیات۔ تنقیح مقدم و ترتیب چالان و کھتاونی کردی و کھاتہ جات آمانتی و جھڑتی سلک وغیرہ کی بروقت تکمیل کی عام نگرانی۔ اسٹامپ کلیات کا تصفیہ نرخ نامی و تعلیم صادر و دیگر متفرق کام جسکا تعلق کسی صیغہ سے نہ کیا جاسکتا ہو۔

(۱۱) سید عمر صاحب تنقیح ساز۔ تنقیح مقدم جملہ دفاتر بلدہ ترتیب چالان و کھتاونی کردی و کھاتہ جات آمانتی و جھڑتی سلک خزانہ عامرہ۔ و چک نویسی مراسلات متعلق بہ تنقیح مقدم۔

(۱۲) محمد عبدالمجید خلف صاحب موصولہ نویس و محافظ دفتر۔ صدر موصولہ سے موصولہ حاصل اور بعد مکتاونی تنقیح ساز صاحبین متعلقہ کو بانداز و تحط حوالہ کرنا ترتیب و تہذیب سب دواد و ستد امشتباری تختہ جات کارگزاری ہفتہ واری ترتیب و نگہداشت چلکٹ بک انکے ذمہ ہوگا اسکے علاوہ موصولہ برادر دات تنقیح مقدم اور ترتیب تختہ کارگزاری روزانہ متعلق بہ موصولہ انکے فرایض میں داخل ہوگا۔

(۱۳) محمد حسین صاحب خوشنویس و بیضہ نویس۔ علاوہ مجاریہ نویسی کے تبیض کا کام بھی انسے متعلق رہیگا۔
(۱۴) مولوی خورشید حسین صاحب منظم صیغہ تنقیح مقدم و کلیات منظم صیغہ کے زیر نگرانی بیگار پنشاخ کاغذ کی

ناکی عام ذمہ داری اسکے متعلق ہوگی نگرانی وصول کوشوارہ جات
بروقت ختم تنقیح واجرائی تختہ جات وتصفیہ اعتراضات وغیرہ کے یہہ
اسیطرح ذمہ دار ہوگی بسطرح کہ نائب منتظم صاحبین ذمہ دار کردانے گئی ہیں
اسکے علاوہ جملہ برادرات تعمیرات جومدات آسپٹی ورفاہ عام سے متعلق ہیں
انکی نظرثانی اور صیغہ جات تنکانہ وہرمٹواری کے ماہانہ ایک ایک گوشوارہ کا
پریویو پیش جملہ حراسات شاخ لوکلفنڈ انکے تفویض ہوگی

(۵) بضمن تنظیم جو تنقیحی ذمہ داریاں اور فرائض ڈیوٹی آفیسر ان آرڈر نشان (۱۰) باتبہ ۱۳۳۶ف نشان (۲۶) باتبہ ۱۳۳۴ف تنقیح ساز مدوگار منتظم وغیرہ منتظم صیغہ ہائے تنظیم شدہ پر عاید کی گئی ہیں وہی ذمہ داریاں وفرائض بعد نفاذ تنظیم شاخ لوکلفنڈ کے عملہ سے بھی متعلق رہینگی۔

(۶) آغاز سال حال یعنی ۱۳۳۵ف سے شاخ لوکلفنڈ کی موجودہ رجسٹر ابواری بند کردئے جائینگے، اور عملہ اون کے ہر صیغہ میں رجسٹرات تنقیح ماہوار عمال وگزیٹیڈ افسران ورجسٹرات ہفتہ وصادر وغیرہ مثل صیغہ ہائے تنظیم شدہ کے قیام کئے جائینگے ان رجسٹروں کے علاوہ اور جسقدر بھی رجسٹر ونکا قیام تحت قواعد صیغہ ہائے تنظیم شدہ ضروری ہو وہ حسب ضرورت ہر صیغہ میں علیحدہ علیحدہ رکھے جائینگے جنکی ترتیب وتکمیل کی نگرانی بالعلیہ مدوگار منتظم سے متعلق رہیگی

(۷) رجسٹر تنقیح امہوار کی فہرست ہائے اسکیل تقرر ملائی ہیف کی ترتیب وتکمیل نہایت غور واحتیاط کے ساتھ برورود ماہ بہمن ۱۳۳۵ف سے ہر تنقیح ساز متعلقہ اس طور پر کرے گا کہ ہر جائداد اور شخص یا مور کا نام بصراحت گریڈ وتنخواہ ویافت موجودہ وغیرہ ظاہر ہوسکے اب جملہ مرتبہ فہرست ہائے اسکیل کی تنقیح وتصدیق بمقابلہ موازنہ سنہ ۱۳۳۴ف احکام تقرر ودیگر وثائق کے مدوگار منتظم صاحبان ومنتظم صاحب کو بطور خاص کرکے ہر مرتبہ فہرست اسکیل پر اپنی اپنی دستخط تصدیق ثبت کردینی چاہئے اور نیز آئندہ ہر تغیر وتبدل کا بروقت داخلہ فہرست مذکور میں لئے جانیکے نسبت کافی نگرانی رکھنا انکا خاص فریضہ ہوگا۔ مدوگار صاحب شاخ لوکلفنڈ سے توقع ہے کہ براہ کرم وہ بھی اپنے پاس تنقیح علاقہ جات کی باتبہ جہرتی اسکیل کے متعلق کامل اطمینان کرلیں۔ فہرست کو اپیل سے تھی کہ نیکی ممانعت کیجاتی ہے بلکہ انکو رجسٹر تنقیح میں اس طرح چسپاں کرنا چاہئیے کہ اون کے نکلنے کا امکان کم رہے۔

(۸) رجسٹر تنقیح بہ نمونہ موجودہ ضلع وار ہوگا۔

(۹) تختہ جات برآئندگی اور بازیافت کا دفتر ضلع وار کی تہذیب ومسلسل ونیز تکمیل حالت میں ایک جگہ محفوظ رکھنا تنقیح ساز متعلقہ کا اہم ترین فریضہ ہے جسکی تکمیل کی نگرانی مدوگاران منتظم ونیز منتظم صاحب بروقت کرتے رہینگے۔

(۱۰) فی الوقت شاخ لوکلفنڈ میں ہر ہر کارروائی کی جدا جدا امثلہ مرتب ہوتی ہیں جسکے کام میں اضافہ اور امثلہ کی تعداد میں بلاضرورت زیادتی ہوگئی ہے آیندہ سے امثلہ کی ترتیب و تہذیب و نیز محافظی کا انتظام بھی بالکلیہ انہی اصول پر رہیگا جو آفس آرڈر نشان (۲۱) ۱۳۳۴ف کے فقرہ (۱۱) میں مفصلا بیان کیا گیا ہے۔ سالحال کے متعلق جسقدر امثلہ ابتک سابقہ طریقہ پر جدا جدا مرتب ہوچکی ہیں وہ نوعیت ہائے قایم کردہ فقرہ (۱۱) آفس آرڈر نمبر ۲۱ بابتہ ۱۳۳۴ف کے مطابق ضم ہوجائینگی۔

(۱۱) گوشوارہ جات لوکلفنڈ کے وصول ہونے پر طریق عمل وہی اختیار کیا جائیگا جو دستور العمل شاخ اضلاع کے فصل دوم کے فقرات (۱) و (۲) میں بتلایا گیا ہے۔ اور جسکا گزاری محولہ فقرہ (۲) اسمات تلنگانہ و مرہٹواری کے لئے علیحدہ علیحدہ کئے جائینگے۔

(۱۲) شاخ لوکلفنڈ میں فی الوقت کردی وکھانہ جات حسابات، اماتی خزانہ عامرہ کا کام ۱۳۲۹ف سے ملتوی ہے ملتویہ کام کی تکمیل کے لئے عارضی طور پر صرف دو ماہ کے لئے سید بشیر الدین صاحب [illegible] مقرر کئے جاتے ہیں جو اسکام کی تکمیل بہ نگرانی سید عمر صاحب تنقیح ساز و نائب منتظم صاحب دفتر منتظم صاحب کرینگے

(۱۳) کردی وکھانہ جات سالحال کے تکمیل کی ذمہ داری تنقیح ساز صاحب متعلقہ پر رہیگی اور سالحال کے متعلق انکا فریضہ ہوگا کہ اندرون مدت ایک ماہ ملتویہ کام کی تکمیل کرکے رپورٹ پیش کریں۔

(۱۴) کردی اماتی خزانہ عامرہ رکھنے کی غایت یہ ہے کہ ایک تو کھاتہ جات کی تکمیل میں مدد ملیگی اور دوسرے صیغہ لوکلفنڈ کو یا بک خزانہ عامرہ کی تنقیح کا ذریعہ بہم پہنچ سکے پس آیندہ سے جب جب بذریعہ میالان رقم جمع خزانہ کیجائے اوسکا اندراج اولاً کردی میں کیا جائے اور اسطرح جب جب خزانہ کے نام چک اجرا ہوں انکو بھی درج کردی کردیا جائے تاکہ روزآنہ کردی کی تکمیل ہوتی رہے اور ماہانہ اسکی تکمیل کی ضرورت باقی نہ رہے۔ اسکی نگرانی کے لئے یہ لازم کیا جاتا ہے کہ جب جب چالانات و چک ہائے خزانہ عامرہ منتظم مددگار صاحب کے پاس بغرض دستخط پیش ہوں اسوقت یہ ضروری ہوگا کہ کردی بھی ساتھ ہی ساتھ پیش اور ہر ایک اندراج کے محاذی دستخط ثبت کیجائے۔

(۱۵) گشتی فینانس نشان (۱۱) واقع ۲۳ اسفندار ۱۳۳۵ف کے فقرہ (۵) (ب) کی تعمیل میں صیغہ لوکلفنڈ کے تمام چک بک مددگار صاحب کے پاس قلمدان میں محفوظ رہینگی اور جن امور کی تکمیل گشتی مذکور میں لازمی کی گئی ہے اسکی تکمیل کیجائے گی۔

(۱۶) سلاف سنوائی کی گنجایش کی نگرانی کے لئے فی الوقت کوئی رجسٹر نہیں ہے لہذا آیندہ ہر ضلع کیلئے علاحدہ علاحدہ ایک ایک رجسٹر سلاف سنوائی کی گنجایش کی نگرانی کیلئے رکھا جائیگا اور جسمیں منظور شدہ اس گنجائش

وقتاً فوقتاً صادر ہوتی جائیں اسکا داخلہ بالالتزام رجسٹر میں لیا جائیگا اور اس پر منتظم کے دستخط ہر داخلہ کے محاذی ثبت رہینگے۔ اسیطرح ہر ضلع کے لئے رجسٹر علی الحساب بھی قایم ہوگا ہر دو رجسٹرات کا نمونہ وہی ہوگا جو علاقہ شاہی میں نگرانی گنجائش محفوظ و علی الحساب کے لئے قایم ہے اگر ضرورت سمجھی جائے تو ان نمونہ جات میں کسی قدر ترمیم بھی کیجاسکتی ہے داخل لینے کے وقت احکام فینانس مندرجہ مراسلہ نشان ۱۵۱ تا ۱۵۴ واقع ۲۲ ردے سنہ ۱۳۳۵ف شمولہ مثل نشان (۲۹) کلیات نوکلفنڈ بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف متعلق اقدارات صدر المہام صاحبان علاقہ پیش نظر رہینگے۔

(۱۷) فی الوقت شاخ نوکلفنڈ میں ایک روکش متعین ہے اس سے شاخ تصفیہ مقدمات میں بھی کام لیا جاتا ہے چونکہ صیغہ جات غیر سرکاری میں کام کی زیادتی اور دہان خود ایک روکش کی ضرورت ہے لہذا اس روکش سے تمام صیغہ جات غیر سرکاری کا کام لیا جائے گا اور شاخ فوج میں جو روکش متعین ہے وہ علاوہ شاخ فوج کے شاخ تصفیہ مقدمات میں بھی کام انجام دے گا فقط

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۴۹)

مورخہ ۱۸ ار خورداد سنہ ۱۳۳۵ف
نشان مثل (۳۷) بابتہ سنہ ۱۳۳۵ف
شاخ (تدوین) صیغہ عام

بسلسلہ آفس آرڈر نشان (۳۱) مورخہ ۱۶ تیر سنہ ۱۳۳۳ف بموجب مراسلہ محکمہ فینانس نشان (۲۲۷) صیغہ کلیات مورخہ ۹ اردی بہشت سنہ ۱۳۳۵ف فہرست اتلاف کاغذات بیکار شاخ تنقیح دارالضرب منظورۂ عالیجناب نواب صدر اعظم بہادر کو اسکے ساتھ تعمیلاً شائع کیا جاتا ہے جسپر بہ پابندی مدت مقررہ بذمہ داری مددگار صاحب شاخ مذکور الصدر وقتاً فوقتاً عمل ہوتا رہیگا۔

ف۲۔ جو کاغذات تاریخی یا دوسرے حیثیت سے اہم اور ہمیشہ رہنے کے قابل ہیں وہ تلف نہ ہونگے بلکہ نہایت احتیاط کے ساتھ محفوظ رہیں گے فقط

فہرست رجسٹرات و کاغذات تلف شدنی

متعلقہ شاخ تنقیح دارالضرب دفتر صدر محاسب سرکار عالی

نمبر سلسلہ	صراحت کاغذات	مدت بعد جسکے کاغذات تلف ہونگے	کیفیت
۱	۲	۳	۴
۱	رجسٹر حاضری	۲ سال	
	" سوسولہ و مجارئہ	۱۵ "	
۲	" منظوریات	مدامی	
۴	فایل بک داخلہ جات احکام و گشتیات وغیرہ	مدامی	
۵	رجسٹر و متلبند امثلہ	مدامی	
۶	پٹہ بہی	۲ سال	
۷	رجسٹر تقسیم صادر	۳ "	
۸	آفس آرڈر بک	مدامی	
۹	امسلہ و مراسلات	احکام سرکار	دوامًا محفوظ رہینگے اور ایسے کاغذات جنکی حفاظت بیان احکام سے متعلق ضروری پائی جاوے اور جو بہی دوامًا محفوظ رکھا جائیگا۔ باقی جملہ کاغذات جنکا بلحاظ تصفیہ کارروائی متدائرہ آئندہ رکھنا غیر ضروری متصور ہو وہ امسلہ سے علیحدہ کرکے جلائینگے اور بذمہ داری افسر شاخ مخصوص منظوری صدر محاسب مناسب کاریالی تلف ہونگے۔
۱۰	رجسٹر تنقیح گزیٹیڈ افسران	۱۸ سال	
۱۱	" علاوہ تنخواہ جات برآیندگی	۹ "	
۱۲	" اعتراضات تصفیہ معہ تنخواہ جات اعتراضات	۷ "	نوٹ بغیر تصفیہ شدہ رقوم کا داخلہ جاوید رجسٹر میں لیا جائیگا
۱۳	برادر دات تنخواہ عمال گزیٹیڈ افسران	۱۵ "	
۱۴	اسنادات صادر	۳ "	
۱۵	اسنادات سفر خرچ	۳ "	

۱۶	رجسٹر موصولہ اسنادات	۳ سال
۱۷	گوشوارہ جاماہانہ وسالانہ مع حسابات واسنادات	دواماً محفوظ
۱۸	اسلیہ رخصت	(۱) سال
۱۹	رجسٹر تنقیح گنجایش موازنہ	(۲) ״
۲۰	״ اجرائی مطالبات	(۳) ״
۲۱	״ بنک آرڈر	(۵) ״
۲۲	״ کھتاونی اجازت ناجات	(۵) ״
۲۳	״ بلین (خریدی چاندی وسونا وغیرہ)	دواماً محفوظ
۲۴	״ سکہ جات اجرا شدہ	״ ״
۲۵	״ سکہ جات واپس شدہ	״ ״
۲۶	״ ڈپریسیشن نقار	״ ״
۲۷	״ چالان	(۳) سال
۲۸	״ بابواری	دواماً محفوظ
۲۹	تحتجات جمعہ چرچ	(۳) سال
۳۰	تحتجات وضعات بیمہ فنار	(۱۰) ״
۳۱	تحتجات بنک	(۳) ״
۳۲	رجسٹر اسٹاک بیالنس	(۵) ״
۳۳	انڈکس رجسٹر آف فائلس	مدامی
۳۴	رجسٹر سروس ٹکٹ	(۱) سال
۳۵	״ نقدی کردی	(۳۵) ״
۳۶	״ مطلوبہ جات صادر شاخ	(۵) ״
۳۷	״ رخصت اتفاقی	(۱) ״
۳۸	״ قبض الوصول	(۳۵) ״
۳۹	״ پرچہ استفسار	(۳) ״

آفس آرڈر دفتر صدر محاسب سرکار عالی
نشان (۵۰)

مورخہ ۲۱ خورداد ۱۳۳۵ف
نشانی (۸۶) بانتہ ۱۳۳۴ف

شاخ (تدوین) صیغہ عام

تدوین ضابطہ حساب (سیول اکونٹ کوڈ) اور دستور العمل دفتر صدر محاسبی آفس میانول پر غور کیا گیا اور تدوین ضوابط مذکور کے لئے ہدایات ذیل نافذ کیجاتی ہیں۔

(۱) ضابطہ حساب کی تدوین مواد ذیل پر سے عمل میں آئیگی۔

(۱) موجودہ عمل
(۲) موجودہ احکام
(۳) سیول اکونٹ کوڈ برٹس انڈیا۔

(۲) ہمارے ہاں موجودہ احکام حسب ذیل صورتوں میں موجود ہیں۔

(۱) ہدایات حسابی
(۲) دستور العمل شاخ اضلاع۔
(۳) دستور العمل شاخ امانت
(۴) گشتیات فینانس
(۵) گشتیات محاسبی
(۶) آفس آرڈر جسکا بڑا حصہ اسی غرض کے تحت جاری کیا گیا ہے کہ آئندہ تدوین ضوابط کے وقت اونمین یہہ شامل ہوگا۔
(۷) فصل شمول و خروج
(۸) فصل تصفیہ اعتراضات
(۹) نمونہ جات برآورد۔ تنخواہی۔ بھتہ وصادر
(۱۰) دستور العمل خزانہ عامرہ
(۱۱) ضابطہ سکہ قرطاس
(۱۲) دستور العمل شاخ تصفیہ مقدمات

احکام مذکورہ میں از نمبر (۵) تا نمبر (۱۲) بڑی حد تک مکمل صورت میں ہیں۔

(۳) ترتیب ضابطہ حساب کے لئے یہہ مناسب خیال کیا گیا ہے کہ ہر شاخ سے حلقہ وار ترتیب کے

پیش کیا جائے اور عہدہ دار شاخ متعلقہ سے توقع کی گئی ہے کہ اس اہم اور ضروری کام کو جہانتک جلد ہو سکے مکمل صورت میں مرتب کر کے صیغہ عام میں روانہ فرمائینگے۔ اور ان امور میں جو کچھ ضروری ذیلی ہدایات مطلوب ہوں اونکے نسبت وقتاً فوقتاً کیفیت پیش کر کے مجھسے احکام حاصل کئے جائینگے۔

(۴) صیغہ عام کا عملہ اس ہال میں اپنی نشست رکھیگا۔ جہاں صیغہ انگریزی کا کام کرتا ہے سررشتہ عملہ صیغہ عام وصیغہ انگریزی سے یہہ کام بھی لیا جائے گا اور جب ہنگامی مزید تقرر عملہ وصادر وغیرہ کی ضرورت ہوگی تو حسب ضابطہ اسکی منظوری حاصل کیجائے گی۔

